تبارک الذی جعل فی السماء بروجا وجعل فیہا سراجا وقمرا منیرا
GOLDEN YEARS
72
سال مسلسل اشاعت
زنجانی جنتری
2019ء
®
aienaeqismat@gmail.com
روحانی ماہنامہ
آئینہ قسمت
لاہور
آسمانی کونسل پاکستان پر مہربان
2019
(3)
پاکستان
(3)
نئے پاکستان کا نیا جھنڈا
تیسری عالمگیر جنگ کا خطرہ؟
786
(3)
از افادیات
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی
چیف ایڈیٹر روحانی ماہنامہ آئینہ قسمت
ASTROLOGY FOR ALL
https://youtu.be/w2MMvyCM4Eg

جلد نمبر 71 جنوری 2019 شمارہ نمبر 10

چیف ایڈیٹر
شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

ایڈیٹر
شہزادہ سید مصوّر علی زنجانی

سب ایڈیٹر
شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی

گروپ ایڈیٹر
شہزادہ سید محمد علی زنجانی

قیمت فی شمارہ 300 روپے
سالانہ چندہ 750 روپے
لائف ممبر شپ 12000 روپے
بیرونِ ممالک
لائف ممبر شپ 1000 ڈالر
For 12 Years

بیرون ممالک سالانہ چندہ
مڈل ایسٹ، انڈیا، کویت، سری لنکا
7000 روپے
یورپ، فار ایسٹ
8000 روپے
امریکہ، کینیڈا، آسٹریلیا
9000 روپے

بیرونِ ملک نمائندگان
علامہ صمصام الدین (شکاگو)
فیض احمد (نیویارک)
ارشد محمود ناز (لندن)
فیصل عرفان (دبئی)

ہیڈ آفس
کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ II، لاہور
فون: 35872277, 042-35752277 فیکس: 042-35755253
موبائل: 0300-9483758
Email:aienaeqismat@gmail.com
www.Zanjani jantri.com

کراچی آفس کاشانہ زنجانی آرام باغ روڈ کراچی 74200 فون: 021-32217544

راولپنڈی آفس کاشانہ زنجانی A-19 جی ٹی روڈ (جہلم روڈ)، بالمقابل گالف کلب / آرمی ہاؤس، عقب پی ایس او پٹرول پمپ، راولپنڈی
Ph: 051-5581756 - Cell # 0300-4135822

سید انتظار حسین زنجانی ایڈیٹر / پبلشر نے حیدری پریس ریلوے روڈ لاہور سے چھپوا کر کاشانہ زنجانی D-125 گلبرگ 2 لاہور سے شائع کیا

حمد

امین عاصم

ذرّے ذرّے میں پنہاں ہے اک کائنات
ذرّے ذرّے میں موجود ہے تیری ذات
تو خدائے محمدؐ نہیں بے ثبات
تجھ پہ قربان سب موت ہو یا حیات
یہ پہاڑوں کے پتھر، یہ پیڑوں کے پات
سب ہی بیان کر رہے ہیں تیری صفات
تیری جلوہ گری ہے میں دیکھوں جدھر
دیر و کشمیر و کاغان ہو یا سوات
خوب صورت پرندے جو گاتے ہیں گیت
سچ تو یہ ہے ادا کر رہے ہیں صلوٰۃ
بہتا راوی کہ ہو جھیل سیف الملوک
تیرے مظہر ہیں سب نیل ہو یا فرات
حمدِ باری تعالیٰ میں مشغول ہیں
یہ زباں اور یہ آنکھیں، یہ دل اور یہ ہات

نعت

علامہ محمد اقبالؒ

لوح بھی تو قلم بھی، تیرا وجود الکتاب
گنبدِ آبگینہ رنگ تیرے محیط میں حباب

عالمِ آب و خاک میں تیرے ظہور سے فروغ
ذرہِ ریگ کو دیا تو نے طلوعِ آفتاب

شوکتِ سنجر و سلیم تیرے جلال کی نمود
فقرِ جنیدؒ و بایزیدؒ تیرا جمالِ بے ثبات

شوق اگر نہ ہو ترا میری نماز کا امام
میرا قیام بھی حجاب میرا سجود بھی حجاب

تیری نگاہِ ناز سے دونوں مراد پا گئے
عقل غیاب و جستجو، عشق حضور و اضطراب

غدیرِ خم ہے چمن میں چلی ہوائے علیؑ
پئے وہی ہو جسے نشۂ ولائے علیؑ
نفس نفس ہے مری زیست کا فدائے علیؑ
وہ زندگی ہی نہیں جو نہ ہو برائے علیؑ
خدا کے گھر میں ولادت، خدا کے گھر میں وصال
وہ ابتدائے علیؑ ہے، یہ انتہائے علیؑ

ضمیر ان کے جامِ جہاں نما کی طرح
دماغ رکھتے ہیں جمشید کا گدائے علیؑ
جو آشنائے پیمبر، وہ آشنائے امام
جو آشنائے محمدؐ وہ آشنائے علیؑ
یہ کہہ کہ اس نے عطا کی مجھے بہشت عروج
یہ تیرا حق ہے کہ تو ہے مدح سرائے علیؑ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے نئے پاکستان کی شروعات کا سال

786 = 3 | پاکستان = 3 | 2019ء = 3

(شاہ زنجانی)

آسمانی کونسل پاکستان پر مہربان ہے

زائچہ پاکستان اپنے تعمیر و ترقی کے دور میں	مہادشا قمر 5 ستمبر 2015ء تا 4 ستمبر 2025ء جاری۔ دس سالہ شاندار تعمیر و ترقی کا دور پاکستان

زنجانی جنتری کی سابقہ اہم پیش گوئیاں:

☆ 2015ء کی پیش گوئی تعمیر و ترقی وطن اور دہشت گردی کے خلاف مارشل لاء۔ **درستگی** (پاک چائنہ راہداری اور ضرب عضب)

☆ 2016ء کی پیش گوئی خاتمہ دہشت گردی کا تسلسل اور کرپشن کے احتساب کا سال۔ **درستگی** (ضرب عضب جاری، کرپشن و پانامہ لیگ)

☆ 2017ء کی پیش گوئی نئی عالمی لیڈر شپ، مسلم امہ اور پاکستان سے سیاست دان نہیں بلکہ لیڈر اُبھرے۔ سیاست دان کی نظر اگلے الیکشن اور لیڈر کی نظر اگلی نسلوں کی فلاح پر ہوتی ہے۔ مزید درستگی کا 31 دسمبر 2017ء تک انتظار رہے گا۔ **درستگی** (2017ء میں 35 سال سے ملک پر حکمرانی کرنے والے سیاست دان وزیر اعظم میاں محمد نواز شریف کی نااہلی سے 2017ء میں نئی لیڈر شپ کا آغاز ہو چکا ہے۔

☆ 2018ء نور مصطفٰے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وعلی مرتضٰیؑ کا مفرد نمبر 2 سال ہذا 2018ء کا نمبر ہے اور یہی نمبر زائچہ پاکستان میں مہادشا قمر کا بھی نمبر ہے۔ قوم اپنے لیڈر کا روشن چہرہ 2018ء میں ہی دیکھ سکے گی۔) (**درستگی** وزیر اعظم عمران احمد خان نیازی)

☆ 2019ء **آسمانی کونسل پاکستان پر مہربان ہوگی انشاء العزیز** (2019ء میں درستگی کا انتظار رہیگا)

1973ء کے آئین کے بعد 2019/2018ء پاکستان کی تاریخ میں ایک غیر معمولی مثبت آئینی تبدیلیوں کا سال ثابت ہوگا

قارئین زنجانی جنتری کی دلچسپی کے لئے عرض ہے کہ عمران خان کے ہاتھ میں وزیر اعظم بننے کی لائن نہیں ہے۔ انہیں حکومت کہاں سے ملی اور کب تک چلے گی۔ یوٹیوب پر پیش گوئی ملاحظہ فرمائیں۔ قرآن پاک کی ہر سورۃ (ماسوائے سورہ احزاب) کا سرنامہ کلام بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ جس کے مفرد نمبر 3 بنتے ہیں۔ یہ نمبر سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب نمبر 3 کلی طور سے خیر و برکت روحانیات اور دولت کا نمبر ہے۔ وطن عزیز پاکستان کا مفرد نمبر بھی 3 ہے یوں سال 2019ء کا مفرد نمبر بھی حسن اتفاق سے 3 ہی بنتا ہے۔ تین مرتبہ تین برکاتی نمبر کا کلی ہونا علم الاعداد کی معجزہ نمائی ہے۔ ستارہ مشتری کا یہ نمبر مذہب اور قانون کا بھی منسوبی نمبر ہے 2019ء میں بھی عدلیہ تحریک انصاف کی حکومت میں عوام کو سستا فوری انصاف دلانے میں مستقبل قریب میں بلدیاتی نظام کے نفاذ سے کوشاں رہیں۔ 3 کو 3 مرتبہ جمع کریں تو 9 بنتا ہے۔ یہ نمبر ستارہ مریخ آسمانی افواج کے کمانڈر انچیف اور زمین پر ہمارے پاک افواج کا عسکری نمبر 9 ہے۔ 2019ء میں بھی پس پردہ ہماری افواج عدلیہ اور حکومت کے ساتھ کھڑی رہینگی۔ 22 کروڑ پاکستانی جو سبھی کے سبھی عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں یقین کامل ہے کہ بارالٰہیہ صدقہ ارض مدینہ پاک کے صدقہ میں پاکستان کو مدینہ جیسی ریاست بنانے میں پاکستانی قوم پر رحم فرمائے گا۔

نسبت "شجرہ طیبہ" زنجانیہ	"حضرت سیّد میراں حسین زنجانی پیر بھائی داتا گنج بخش" شجرہ خاندان زنجانیہ شائع ہو چکا ہے۔ اولیاء خاندانِ زنجانیہ سے عقیدت رکھنے والے بہن بھائی اِسے ہدیہ لنگر -/500 روپے بمعہ پتہ بھیج کر طلب کر سکتے ہیں۔ جبکہ شجرہ ہذا کی PDF فائل 0300-4135822, 0300-9483758 سے بلا ہدیہ مفت طلب کریں۔

مہمان کی تکریم کرو اگرچہ ظاہراً حقیر ہو، اپنے والد اور استاد کی عزت کے لئے کھڑا ہو جا اگرچہ تو بادشاہ ہے (حضرت علیؑ)

مصدقہ: ادارہ شیعہ مجلس علمائے پاکستان

شجرہ طیبہ معصومین علیہم السلام

مصدقہ: آقا لمت مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ کراروی، پشاور

اسمائے معصومین	مشہور لقب	کنیت	اُمہات	تعدادِ اولاد	تاریخ و ماہ و سن ولادت	جائے ولادت	تاریخ وفات	مدت حیات	بادشاہ وقت	سبب شہادت	جائے دفن
پیغمبر اسلام حضرت محمدؐ	مصطفیٰؐ	ابو القاسمؐ	حضرت آمنہؑ بنت وہب	فاطمہ، ہرا، طیب طاہر، قاسم و ابراہیم	۱۷ ربیع الاول ۱ عام الفیل	شب ابی طالب (مکہ معظمہ)	۲۸ صفر ۱۱ھ	۶۳ سال	و۔ نوشیرواں عادل ش۔ ہرقل بادشاہ قیصر روم	زہر۔ یہودیہ بمقام خیبر	مدینہ طیبہ
اُمّ الائمہ جناب فاطمہؑ	زہراء	ام الحسین سیدۃ النساء	حضرت خدیجۃ الکبریٰ	حسن و حسینؑ، زینبؑ، ام کلثوم و اسقاط محسن	۲۰ جمادی الثانیہ ۴۵ عام الفیل	مکہ معظمہ	۳ جمادی الثانیہ ۱۱ھ	۱۸ سال ۹ ماہ ۱۵ یوم	و۔ یزدجرد ش۔ حضرت ابوبکر	افتادن درد پہلو شکستن	جنت البقیع (مدینہ)
ابو الائمہ حضرت علیؑ	امیر المومنین	ابو الحسن ابو تراب	حضرت فاطمہؑ بنت اسد	۱۱ پسر ۱۶ دختران	۱۳ رجب ۳۰ عام الفیل یوم جمعہ	درمیان خانہ کعبہ	۲۱ رمضان ۴۰ھ	۶۳ سال	و۔ شہریار ش۔ معاویہ	ضرب عبدالرحمٰن ابن ملجم سازش امیر شام بمقام مسجد کوفہ	نجف اشرف (عراق)
حضرت امام حسنؑ	مجتبیٰ	ابو محمدؐ	حضرت فاطمہ زہراؑ	۸ پسر ۷ دختران	۱۵ رمضان ۳ھ	مدینہ منورہ	۲۸ صفر ۵۰ھ	۴۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ معاویہ	زہر دادن جعدہ بنت اشعث ہمشیر [illegible] امیر معاویہ	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام حسینؑ	سید الشہداء	ابو عبداللہ	حضرت فاطمہ زہراؑ	۶ پسر ۴ دختران	۳ شعبان ۴ھ (بنا بر مشہور)	مدینہ منورہ	۱۰ محرم ۶۱ھ	۵۷ سال	و۔ یزدجرد ش۔ یزید	زخمہائے بیشمار بمقام کربلا از خنجر شمر لعین	کربلائے معلیٰ (عراق)
حضرت امام علیؑ	زین العابدین	ابو محمدؐ	حضرت شہر بانو بنت یزدجرد بادشاہ ایران	۱۱ پسر ۴ دختران	۱۵ جمادی الاول ۳۸ھ	مدینہ منورہ	۲۵ محرم ۹۵ھ	۵۷ سال	و۔ بادشاہ دین و دنیا امیر المومنین حضرت علیؑ ش۔ ولید	زہر دادن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام محمدؐ	باقر	ابو جعفر	فاطمہ بنت امام حسن	۵ پسر ۲ دختران	یکم رجب ۵۷ھ	مدینہ منورہ	۷ ذی الحجہ ۱۱۴ھ	۵۷ سال	و۔ معاویہ ش۔ ہشام	زہر ابراہیم بن ولید بن عبدالملک	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام جعفرؑ	صادق	ابو عبداللہ ابو اسمٰعیل	ام فروہ بنت قاسم بن محمد ابن ابی	۷ پسر ۳ دختران	۱۷ ربیع الاول ۸۳ھ	مدینہ منورہ	۱۵ شوال ۱۴۸ھ	۶۵ سال	و۔ عبدالملک بن مروان ش۔ منصور	زہر منصور دوانقی	جنت البقیع (مدینہ)
حضرت امام موسیٰؑ	کاظم	ابو الحسن ابو ابراہیم	حمیدہ خاتون	۱۹ پسر ۱۸ دختران	۷ صفر ۱۲۸ھ	ابواء (مابین مکہ و مدینہ)	۲۵ رجب ۱۸۳ھ	۵۵ سال	و۔ مروان الحمار ش۔ ہارون رشید	زہر ہارون رشید عباسی بذریعہ سندی ابن شاہک	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	رضا	ابو الحسن	ام البنین	امام محمد تقی فقط	۱۱ ذی قعدہ ۱۴۸ھ	مدینہ منورہ	۲۳ ذی قعدہ ۲۰۳ھ	۵۵ سال	و۔ منصور دوانقی ش۔ مامون رشید	زہر مامون رشید	مشہد مقدس (خراسان)
حضرت امام محمدؐ	تقی	ابو جعفر	خیزران خاتون (ریحانہ)	۲ پسر ۲ دختران	۱۰ رجب ۱۹۵ھ	مدینہ منورہ	۲۹ ذی قعدہ ۲۲۰ھ	۲۵ سال ۳ ماہ ۱۲ یوم	و۔ محمد الامین عباسی ش۔ معتصم باللہ	زہر معتصم باللہ بذریعہ ام الفضل بنت مامون رشید	کاظمین (عراق)
حضرت امام علیؑ	نقی	ابو الحسن	سمانہ خاتون	۵ فرزند	۵ رجب ۲۱۴ھ	حوالی مدینہ منورہ	۳ رجب ۲۵۴ھ	۴۰ سال	و۔ مامون رشید ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام حسنؑ	عسکری	ابو محمدؐ	حدیثہ خاتون	حضرت صاحب الامر	۱۰ ربیع الثانی ۲۳۲ھ	مدینہ منورہ	۸ ربیع الاول ۲۶۰ء	۲۸ سال ۲ ماہ	و۔ جرائق اللہ ش۔ معتمد باللہ	زہر معتمد باللہ	سر من رائے (عراق)
حضرت امام محمدؐ	مہدی الحجۃ القائم صاحب الزمان	ابو القاسم	نرجس خاتون	العلم عنداللہ	۱۵ شعبان ۲۵۶ھ	سر من رائے عراق	بحکم خدا زندہ ہیں	ماشاءاللہ	و۔ معتمد باللہ	بحکم خدا زندہ ہیں	جائے غیبت سر من رائے

نوٹ: بادشاہ وقت کے خانہ میں "و" سے ولادت اور "ش" سے شہادت مراد ہے۔ (شاہ زنجانی)

The Washington Times

AMBASSADOR FOR PEACE

AMBASSADOR FOR PEACE

Universal Peace Federation

Pir Syed Intizar Hussain Zanjani

پیر سید انتظار حسین زنجانی کیلئے اعزاز

AQ TV یوٹیوب کے چند مقبول پروگرام

https://youtu.be/GfYu-OHfdRg

شاہ زنجانی کی پیشگوئی

13:19

https://youtu.be/ekKR9gp6sF4

https://youtu.be/vgxAtiBn3Nc

https://youtu.be/1SM7qMzWjN0

https://youtu.be/U4iDTc9bwr8

https://youtu.be/I9eWwPffWIY

https://youtu.be/kDqYINd-WTA

https://youtu.be/w2MMvyCM4Eg

عرس منجم اعظم الحاج شاہ زنجانی رحمۃ اللہ علیہ

از تحریر: شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی

جشن میلاد النبی ﷺ کے زیر سایہ 10 ربیع الاول/ بمطابق 11 نومبر بروز اتوار 2018ء بانی ادارہ آئینہ قسمت کا 46واں عرس بمقام درگاہ شاہ زنجانی بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ شاد باغ لاہور کے علاوہ کاشانۂ زنجانی D-125، گلبرگ II میں محفل میلاد کی صورت میں منایا گیا۔

ہر سال کی طرح اس مرتبہ بھی 10 ربیع الول/ بمطابق 11 نومبر بروز اتوار 2018ء نماز ظہر کے بعد محفل میلاد النبی ﷺ کا آغاز شہزادہ سیّد محسن علی زنجانی نے تلاوتِ کلام پاک سے محفل کا آغاز کیا۔ اس کے بعد یکے بعد دیگرے ثناء خوانوں علامہ محمد وقاص عطاری قادری، علامہ شاہد علی قادری، محترم جناب محمد کوثر علی قادری، محترم جناب عثمان عبید قادری، محترم جناب زم زم رضا قادری، محترم جناب حافظ احمد رضا قادری، محترم جناب محمد ناصر علی قادری نے محفل میں جوش و ولولہ روحانی سماع باندھ دیا۔ محفل کے اختتام پر محترم جناب قبلہ علامہ محمد عمیر قادری دامت برکاتھم العالیہ نے خصوصی خطاب سے محفل کو رونق بخشی اور محفل میلاد النبیؐ اور عرس شاہ زنجانی کو رونق بخشنے کیلئے جن مہمانانِ گرامی نے خصوصی شرکت فرمائی۔ پیر سیّد چن پیر قادری صاحب (سجادہ نشین میاں میر لاہور)، محترم جناب جمیل بدر صاحب (برادر مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، جناب محمد یونس صاحب (بھماں جھگیاں)، جسٹس رانا زاہد محمود صاحب (سابق جج لاہور ہائی کورٹ، موجودہ جج الیکشن ٹربیونل پنجاب)، محترم جناب ذوالفقار علی بدر صاحب (صاحبزادہ مرحوم جہانگیر بدر صاحب)، محترم جناب غلام محمد علی حسن گجر صاحب (وائس چیئرمین گجر برادری)، صاحبزادہ پیر سیّد ظہور شاہ کاظمی (سجادہ نشین حضرت صابر شاہ ولی وحضرت ناصر شاہ ولی)، میاں محمد اکرم صاحب (ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ)، خواجہ ندیم سعید صاحب (چیئرمین وال سٹی UC)، علامہ محمد اشفاق عطاری قادری صاحب، جناب سیّد ریاض علی شاہ گیلانی صاحب، محمد شہزاد بٹ صاحب (چیئرمین مصالحتی عدالت وال سٹی)، محمد فیصل بٹ (چیئرمین کینال پارک بازار)، علامہ عبدالقیوم قادری صاحب، چوہدری محمد خرم ریاض گجر صاحب (چیئرمین گجر یوتھ ایسوسی ایشن)، جناب سیّد شاہد علی قادری نقشبندی صاحب (کینال پارک)، مفتی محمد ساجد عطاری قادری صاحب، پیر سیّد ریاض علی شاہ صاحب (شاد باغ)، الحاج محمد خالد محمود صاحب (خلیفہ مرتضیٰ علی حسینی عثمان آباد انڈیا)، معین الحق علوی صاحب، جناب سیّد اشتیاق حسین بخاری صاحب، محترم جناب حاجی انور صاحب (شادمانی ہال)، جناب سیّد عاصم بخاری صاحب (اداکار)، جناب سیّد اویس شاہ بخاری صاحب، محمد حبیب خان (سابق چیئرمین کینارل پارک بازار)، جناب سیّد شجاعت ہاشمی صاحب، جناب سیّد ریحان شاہ بخاری صاحب، محمد ذیشان طیب صاحب (مسٹر لاہور، فٹنس ماڈل پاکستان)، محترم جناب عبدالعزیز صاحب، جناب ڈاکٹر نوازش علی صاحب، علامہ وقار علی قادری صاحب، محترم جناب جمال بدر صاحب، قاری محمد عارف صاحب نے شرکت کی۔ 4 بجے سبھی حاضرین محفل درود شریف کا وِرد کرتے ہوئے درگاہ چنوں شاہ سے درگاہ شاہ زنجانی کی طرف چادر پوشی کے لیے روانہ ہوئے۔ درود وسلام کے ورد میں سجادہ نشین سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی کے ہمراہ سینکڑوں زائرین کے ساتھ چادر پوشی کی۔

مصائب اور
انبساط غم اور خوشی انسان کے مقدر میں ہے
کسی کو زیادہ اور کسی کو کم۔ درحقیقت اس دنیا میں آسائش کے محل
بھی ہیں اور مصیبتوں کی جھونپڑیاں بھی قہقہوں کی سمندر بھی ہے اور آنسوؤں کا سرچشمہ
بھی۔ انسان کبھی آرام کے جھولے میں جھولتا ہے تو کبھی گردشِ ایام کے کوڑے سہتا ہے۔

سکون محال ہے قدرت کے کارخانے میں
ثبات ایک تغیر کو ہے زمانے میں

آفت و بلا درست، تکلیف اور دکھ بجا، لیکن خداوند تعالیٰ سبحانہ نے اس کے اثر کو زائل کرنے کے لیے اپنے کلام بلاغت نظام میں اوصاف پنہاں رکھے ہیں۔ مشکل سے مشکل اور مصائب بھی اس کالم پاک کے آگے دم نہیں مار سکتے، چنانچہ ماہر فلکیات و عامل عملیات و تعویذات قبلہ منجم اعظم شاہ زنجانی صاحب نے نوروز 21 مارچ کی ساعت بابرکت میں کلام مجید سے لوح مصطفائی تیار کی ہے۔ آج سے پہلے حضور کا یہ فیض حقہ خاص تک تھا، اب آپ نے اس فیض سے روحانی سے عوام کو بھی مستفیض فرمایا ہے۔ لوحِ مصطفائی پاس رکھ کر ہر ضرورت مند اپنے دلی مقصد میں کامیابی حاصل کرسکتا ہے۔

☆ بے اولاد کے ہاں اولاد ہوگی ☆ دشمن مغلوب ہونگے ☆ افسران بالا مہربان ہونگے ☆ ہر شخص آپکا احترام کریگا ☆ قرضہ ادا ہونے کے سامان غیب سے پیدا ہونگے ☆ مقدمات میں کامیابی ہو گی ☆ حسب منشاء ملازمت ملے گی ☆ بحکم خدا قرضہ وصول ہوسکے گا ☆ کاروبار میں کشادگی ہوگی ☆ امتحان میں کامیاب ہوگی ☆ مایوس مریضوں کو شفاء منجانب اللہ ہوگی ☆ شادی خانہ آبادی میں رکاوٹ دور ہوگی ☆ جائیداد حسب منشاء فروخت ہوسکے گی ☆ محبوب کو آپ سے والہانہ محبت ہوگی۔ غرضیکہ لوح مصطفائی ﷺ پاس رکھنے سے آپ کی جملہ شکایات دور ہونگی۔

پس لوحِ مصطفائی کیا ہے؟ قرآن مجید کا زندہ جاوید معجزہ ہے۔ جو آپ کے دلی جائز مقاصد ہوں وہ تفصیل سے لکھیے اور ساتھ ہی والدین کے نام بھی تحریر فرمائیے لوحِ مصطفائی آپ کو عمر بھر کام دے گی۔

ہدیہ 751 روپے۔ نوٹ: ایک وقت میں صرف 2 مقاصد لکھیں۔

خاندان زنجانیہ عالیہ کے بے مثال روحانی تحائف

نقش اسم اعظم	حصولِ خیر و برکت کے لیے پاس رکھنے کے لیے اس سے بڑھ کر کوئی نعمت نہیں	ہدیہ -/500 روپے
نقش نادِ علیؑ	نادِ علیؑ کا وِرد دشمن کو زیر کرتا ہے اور اسکا نقش دشمن کے ہر وار کو بے اثر کرکے حرزِ جاں بن جاتا ہے، گویا یہ ایک خاص تحفہ ہے	ہدیہ -/500 روپے
نقش تنظیم	بازاری اور پیشہ ور محبوبہ کی ناپاک محبت سے آزاد کرکے انسان کو تباہی و بربادی سے بچالیتا ہے	ہدیہ -/500 روپے
نقش انقلاب عظیم	تبادلہ حسب منشاء کرانے کے لیے اس سے بڑھ کر اور کوئی روحانہ تحفہ نہیں ہے	ہدیہ -/500 روپے
نقش یوسفؑ	گھر سے مفرور اور آوارہ لڑکوں کو واپس بلانے کے لیے شاہ زنجانی کا بے نظیر روحانی تحفہ	ہدیہ -/500 روپے
نقش محافظ	یہ نقش پاس رکھنے سے حمل ضائع نہیں ہوتا اور بچہ صحیح سالم پیدا ہو کر زندہ رہتا ہے	ہدیہ -/500 روپے
نقش ولادت	دردِ ولادت میں کمی کرکے بچے کی پیدائش کو بے آسان بنا دیتا ہے	ہدیہ -/500 روپے

مینیجر شعبہ روحانیات آئینہ قسمت
کاشانہ زنجانی، D-125، گلبرگ 2، (نزد مین مارکیٹ)، لاہور
بیرونِ ملک کے لیے ہر نقش کا ہدیہ 10 پونڈ ہے
فون لاہور: 042-35752277 - 35872277
فون کراچی: 021 - 32217544
0300 - 9483758

توشہ اصحاب کہف

کی پر نور ہستیوں کی فضیلت اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے کلام پاک میں سورہ کہف کو نازل فرمایا۔ بزرگان دین نے توشہ اصحاب کو بڑا متبرک اور سریع الاثر مانا ہے۔ جو انسان مصیبت میں ان کی نظر دیتا ہے اللہ تعالیٰ بہت جلد اس کی مصیبت کو اِن ہستیوں کے صدقے دور فرما دیتا ہے۔ جناب شاہ زنجانی اپنے زیرِ نگرانی ہر ماہ باقاعدگی سے توشہ اصحاب کی نظر دیتے ہیں۔ ضرورت مند اور معتقد حضرات اس میں شریک ہو کر اپنی مصیبتوں کو دور فرما سکتے ہیں۔ لیکن ناجائز اور خلاف شرع مقصد نہ ہو ورنہ بجائے فائدہ کے نقصان پہنچ سکتا ہے۔ ہدیہ ایک مقصد کے لئے صرف تین صد روپے ہے۔ آپ اپنے مقاصد کے اعتبار سے شریک ہو سکتے ہیں۔ ایک' دو یا تین۔ زیادہ نہیں۔ توشہ کی تاریخ ہر قمری ماہ کی نوچندی جمعرات مقرر ہے۔ مقررہ تاریخ کا خاص خیال رکھیں ورنہ آپ کا توشہ اگلے ماہ دیا جائے گا۔

روحانی مشاورت

خوشی و غمی سے مرقع اور روحانی و جسمانی مسائل سے بھرپور زندگی کا طویل راستہ ماہرانہ رائے کے بغیر دشوار تر ہوتا ہے۔ کسی بھی قسم کی ماہرانہ رائے کیلئے علمِ نجوم اور دیگر علومِ مخفیہ سے رجوع کریں۔ جن کا تمام الہامی کتب میں بڑی اہمیت کے ساتھ ذکر آیا ہے۔ زمین سے فلکیاتی رابطے کے تحت کائناتی شعاعیں قوانین فطرت کے تحت شب و روز اپنے فرائض انجام دے رہی ہیں جن سے ہم ہر لحہ متاثر ہوتے ہیں۔ مصروفیات زندگی مثلاً ذاتی مسائل' مال و اسباب' عزیز و اقارب' گھریلو مسائل' معاملات عشق و محبت' غیر متوقع آمدن' انعام وغیرہ' صحت و قرض کے مسائل' شادی اور شراکت' وراثت اور حادثات' سفر و روحانیات' ترقی و روزگار' خواہشات' خفیہ امور' مبارک نگینہ اور دیگر فی زمانہ مسائل غرض ہر طرح کی دنیاوی روحانی مشکلات کے حل کیلئے پیدائشی زائچہ و وقتی زائچہ سے منجم و عامل شاہ زنجانی کی وسیع تر خاندانی روحانی خدمات سے بالمشافہ یا بذریعہ خط فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

عطر تسخیر محبوب

آپ عطر حنا یا خس کی ایک شیشی ماشہ دو ماشہ کی لے لیں۔ جس کی خوشبو نہایت تیز ہو اس شیشی کو اپنے سامنے رکھیں۔ طہارت جسم ولباس اور باوضو ہو کر اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ یہ آیت پڑھ کر اس شیشی پر دم کرلیں۔ **واللّٰہ المستعان علی ما تصفون** یہ عمل چاند دیکھنے پر جو پہلا جمعہ آئے جمعہ کی نماز پڑھ کر شروع کریں اور ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر عصر کی نماز پڑھ لیں۔ پس عطر تسخیر محبوب تیار ہے۔ اِسکے بعد عروج ماہ تک عمل تنجیم کرنا بھی ضروری ہے۔ آپ جس مجلس اور جس شخص کے پاس یہ عطر لگا کر جائینگے اور اس عطر کی خوشبو آئے گی تو بے ساختہ اور والہانہ طور سے آپکی عزت و اخوت کریگا۔ اگر کوئی شخص یہ عطر خود تیار نہیں کر سکے تو ایک ماشہ عطر کی شیشی شعبہ روحانیات ادارہ آئینہ قسمت لاہور یا کراچی سے طلب کریں۔

اپنا نام مع والدہ ضرور لکھیں

ہدیہ پانچ صد روپے

لوح امساک

پامسٹری کے شائقین بھی ذاتی طور پر مل کر لطیف محمد اسرار علم سے فیض یاب ہو سکتے ہیں۔

چاند و سورج گرہن کے اوقات کی تیار کردہ یہ لوح میرے خاندانِ عالیہ زنجانیہ میں کئی پشتوں سے مجرب چلی آ رہی ہے۔ اس لوح کو بڑی محنت اور احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ چاند گرہن یا سورج گرہن کے وقت زیرِ ناف پانی میں کھڑے ہو کر سیسہ (جس سے بندوق کے چھرے بنتے ہیں) پرکندہ کریں۔ سیسہ کا مربع حسب ضرورت پہلے سے بنوا لیا جائے۔ اس تختی کو اپنی کمر (گردوں) پر باندھ لیں۔ اس سے ایسی قوت باہ پیدا ہوگی۔ جو مقوی سے مقوی ادویات سے بھی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اگر کوئی یہ لوح خود تیار نہ کر سکے تو ہمارے شعبہ روحانیات سے حاصل کرے۔ ہدیہ لوح مبلغ پانچ صد روپے ہے۔ گزشتہ سال جو الوح گرہنوں کے اوقات میں تیار کی گئی تھیں ان میں سے صرف چند الوح باقی رہ گئی

٣٦٤	٣٥٨	٣٦٦
٣٦٥	٣٦٣	٣٦٠
٣٥٩	٣٦٧	٣٦٢

طلسماتی دھاگہ

چھوٹے بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کیلئے خاندانِ زنجانیہ عالیہ کا صدیوں سے مجرب چلا آ رہا ہے۔ ایسے والدین جو اپنے بچوں کو نظر لگ جانے سے پریشان رہتے ہیں۔ ان کے لئے اکسیر نعمت ہے۔ اس دھاگے کو جو آئینہ قسمت کے دفتر سے مفت مل سکتا ہے بچوں (7 سال تک کی عمر) کے گلے میں ڈالنے سے بچے نظر بد سے محفوظ رہیں

جو کوئی یہ جانتے ہوئے سوال کرے کہ میں نقصان اور نفع پہچانے والا ہوں میں اس کی دعا کو قبول کروں گا۔ حدیث قدسی

2019ء کا اسمِ اعظم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

از تحریر: شہزادہ سیّد محسن علی شاہ زنجانی

2019ء کی مناسبت سے قارئین کو 19 حروف پر مشتمل وہ بابرکت آیت ھدیہ ھے۔ جس کے پڑھنے سے ھر انسان کی سانسیں بابرکت ھو جاتی ھیں۔ اور یھی اس سال کا اسمِ اعظم ھے۔

فضائل: بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ سوائے سورہ برأت (توبہ) ہر سورہ کا جزو ہے۔ بسم اللہ کے بیشمار فضائل ہیں ہم یہاں صرف ایک حدیثِ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیان کرتے ہیں جو تمام فضائل پر حاوی ہے۔

حدیث: ''کُلُّ اَمْرٍ ذِیْ بَالٍ لَمْ یُبْدَ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ فَھُوَ اَقْطَعُ وَ اَبْتَرُ''۔ یعنی جس کام کا آغاز بسم اللہ سے نہ کیا جائے گا وہ نہ تو پورا ہوگا اور نہ پریشانی کا دُور کرنے والا۔ بسم اللہ پڑھ کر کام کرنے میں اللہ کی رحمت و برکت شامل رہتی ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ آیہ مبارکہ انہی الفاظ کے ساتھ انبیائے سابقین پر نازل ہو چکی تھی۔ جناب سلیمان علیہ السلام نے جو خط بلقیس کو لکھا تھا اس کا سرنامہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تھا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم میں کُل 19 حروف ھیں جن کے اندر پورا قرآن سمویا ھوا ھے۔

امیر المومنین حضرت علی علیہ السلام کے الفاظ میں سنیئے۔ ''جو کچھ تمام قرآن میں ہے وہ سورہ فاتحہ میں ہے اور جو سورہ فاتحہ میں ہے وہ بسم اللہ میں ہے اور جو بسم اللہ میں ہے وہ سب بائے بسم اللہ میں ہے اور جو بائے بسم اللہ میں ہے وہ اس نقطہ میں ہے جو 'ب' کے نیچے ہے اور میں وہی نقطہ ہوں جو اس 'ب' کے نیچے ہے۔''

حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے کہ ''انا مدینۃ العلم و علیٌ بابہُ'' میں علم کا شہر ہوں علی علیہ السلام اس کا دروازہ ہے۔ ایک دوسری حدیث ہے۔ انا مدینہ الحکمت و علیٌ بابہُ' میں حکمت دانائی کا شہر ہوں علی علیہ السلام اس کا دروازہ ہے۔ کیا خوبصورت معارفت والی احادیث ہیں۔ جو بھی عاشق رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے اسے عشق کی معراج پانے کے لئے باب العلم علیہ السلام سے ہی گذرنا پڑے گا۔ المختصر جو بہن بھائی 2019ء میں عزت برکت، روحانیت الغرض کسی بھی دنیاوی روحانی اُلجھن کی سُلجھن چاہتے ہیں۔

وہ 786 مرتبہ روزانہ اس بابرکت اسمِ اعظم کا ورد پورا سال بلاناغہ (خواتین بغیر کسی شرعی عذر کے) پڑھنا اور دُعائیں کرنا معمول بنالیں تو سال 2019ء آپکی زندگی کی شروعات یا زندگی کا بہترین سال ثابت ہوگا۔

تفسیر کبیر وغیرہ میں ہے کہ ''بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' میں 19 حروف ہیں اور دوزخ پر عذاب کے فرشتے بھی اُنیس ہیں۔ اُمید ہے کہ اس کے ایک حرف کی برکت سے ایک ایک فرشتے کا عذاب دور ہوجائے گا۔ دوسری خوبی یہ ہے کہ دن رات میں چوبیس گھنٹے ہیں جن میں سے پانچ گھنٹے پانچ نمازوں نے گھیر لئے اور اُنیس گھنٹوں کے لئے'' بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' کے اُنیس حروف عطا فرمائے گئے جو'' بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ'' کا ورد کرتا ہے انشاء اللہ اس کا ہر گھنٹہ عبادت میں شمار ہوگا اور ہر وقت کے گناہ معاف ہوں گے۔ (تفسیر نعیمی)

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن

اے ابراہیمؑ! میرے بندوں کا معاملہ میرے اور میرے بندوں کے درمیان چھوڑ دو میں ان پر ان سے زیادہ مہربان ہوں۔ حدیث قدسی

فالنامہ چہاردہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام

از انتخاب: شہزادہ سید محمد علی زنجانی، لاہور

میرے دادا بزرگوار حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی کو 1952ء میں حج بیت اللہ کی سعادت نصیب ہوئی اور مجھے 14-2013 میں اور ہر دو حج کا وقفہ 62 سال جو سرکار دو عالمؐ کی دنیاوی زندگی کے اعداد ہیں۔ آج ہم 1440ھ میں ہیں۔ آج اگر کسی کو کسی سے محبت ہو جائے تو وہ اپنے محبوب کو سب دنیا کی نظروں سے چھپاتا پھرتا ہے۔ یہ اللہ کا کتنا بڑا احسان ہے کہ اس نے ہماری ہدایت کے لئے اپنا محبوب بھیجا۔ زنجانی جنتری 2019ء کی تیاری کرتے ہوئے مجھے امام زمانہؑ کی نسبت سے فالنامہ چہاردہ معصومینؑ اپنے دادا کی بیاض سے ملا اسے مومنین کے لئے من وعن پیش خدمت ہے۔ زنجانی جنتری 1955ء میں شائع شدہ فالنامہ سبعہ مقدسہ نہایت مقبول خاص و عام ہوا دادا بزرگوار فرماتے ہیں الحمدللہ علیٰ ذالک یہ فالنامہ مجھے دورانِ زیارات کربلائے معلیٰ و نجف، اشرف شہر مقدس کے ایک اہل اللہ بزرگ نے تفویض فرمایا تھا۔ اسی طرح زیارت سر من رائے کے دوران میں ایک شخصیت نے جو میرے خیال اور اعتقاد کے مطابق کوئی بزرگ مامور من اللہ تھے اس خادم و محب آل عباؑ زنجانی کو سطور الزیل فالنامہ یہ کہہ کر عنایت فرمایا کہ یہ خاص عطیہ حضور سیدنا مہدی آخری زمان حجۃ اللہ فی العالمین عجل اللہ فرجہ کا ہے۔ چنانچہ اس عطیہ حضرت حجۃ عجل اللہ فرجہ کو مومنین ارض اللہ کے استفادہ کی خاطر بزبان اردو شائع کیا جاتا ہے اس کی صحت کی شرط صرف حب محمدؐ وآل محمدؐ ہے کیونکہ فیض اسی کا حصہ ہے جس کا دل نور ایمان سے منور ہے غیر کو اگر بہرہ نہیں ملتا تو اس میں فیضان الٰہیہ کا کچھ قصور نہیں

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

قواعد فالنامہ

سب سے پہلے اوّل آخر چہاردہ بار محمدؐ وآلِ محمدؐ پر درود بھیجتے ہوئے ۲ بار سورہ الحمد۔ ۳ بار سورہ اخلاص۔ ۳ بار سورہ کوثر۔ ۳ بار سورہ عصر۔ ۳ بار سورہ قدر پڑھے اور جدول ذیل میں اپنا سوال تلاش کرے۔

جدول سوالات

نمبر	سوال
۱	میری مراد پوری ہوگی یا نہیں؟
۲	میری مالی حالت کی کیفیات کیا ہیں؟
۳	مجھے علم حاصل ہوگا یا نہیں؟
۴	مجھے گھر کا سکھ نصیب ہوگا یا نہیں؟
۵	میرے ہاں اولاد ہوگی یا نہیں؟
۶	مریض کو صحت ہوگی یا نہیں؟
۷	میری ازدواجی زندگی کی کیفیات کیا ہیں؟
۸	میرا قرض ادا ہوگا یا نہیں؟
۹	میرے سفر کی کیفیات کیا ہیں؟
۱۰	میرے روزگار کی کیفیات کیا ہیں؟
۱۱	جو کام کرنے لگا ہوں اسمیں نفع ہوگا یا نقصان؟
۱۲	کیا مجھے مہم درپیش میں غلبہ ہوگا یا شکست؟

دائرہ فالنامہ چہاردہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام

دائرہ فالنامہ چہاردہ معصومین علیہم الصلوٰۃ والسلام

نوروز عالم افروز سنہ 2019

شہزادہ سیّد انتظار حسین شاہ زنجانی

2019 بادشاہ سال قمر ہونے سے دنیا بھر میں عام لوگوں اور نسوانی حقوق کے لیے آواز بلند کی جائے

بفضل تعالیٰ عزوجل بہ طفیل حضور پُر نور سیّد النشور حضرت محمد مصطفیٰ بتصدیق امام المشارق والمغارب امیر المؤمنین حضرت علی علیہ السلام بین نوروز عالم افروز 21 مارچ 2019ء بروز جمعرات 03 بجکر 00 منٹ قبل طلوع آفتاب اسلام آباد پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم جبکہ لندن (انگلینڈ) 20 مارچ 22 بجکر 00 منٹ شب اور نیویارک، واشنگٹن ڈی سی (امریکہ) 20 مارچ 17 بجکر 00 منٹ شام ہوگا۔ مولائے کائنات امیر المؤمنین علی ابن ابو طالب علیہ السلام امام المشارق والمغارب ہوگا۔ آپکی شان اور آپکے القاب سے تو اللہ اور اسکے رسولؐ ہم سے زیادہ واقف ہیں۔ فرمان رسولؐ ہے کہ اللہ کو مجھ سے اور علیؑ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور مجھے علیؑ اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا اور علیؑ کو مجھ سے اور اللہ سے زیادہ کوئی نہیں جانتا تو پھر ہماری کیا مجال ہم تو وہی بیان کریں گے جو ہم نے سنا اور پڑھا۔ نظام شمسی نجانے کب سے گردش میں ہے۔ ستارے گردش میں اُلٹے سیدھے چلتے ہیں۔ ماسوائے بادشاہ فلک شمس اور مادر فلک قمر جو ہمیشہ سیدھے چلتے ہیں۔ شمس کی توانائی ہر شے کو چندھیا دیتی ہے۔ کائنات میں یہ شان صرف اور صرف مولائے کائنات کی ہے کہ انہوں نے گردش کرتے سورج کو اپنی قضاء نماز کو واجب نماز کرنے کی ادائیگی کے لیے واپس بلایا، رسولؐ نے معجزہ شق القمر کر کے دکھایا۔ اسی سبب ہم مولا علیؑ کو امام المشارق والمغارب کے لقب سے بھی یاد کرتے ہیں۔

نوٹ: چونکہ نوروز کا وقت پاکستان سٹینڈرڈ ٹائم تحویل آفتاب کے مطابق ہے لہٰذا اس کا اطلاق ہر شہر اور قصبہ پر یکساں ہوگا۔ مقامی وقت کو جمع یا نفی کرنے کی ضرورت نہیں۔ مبارک و مستجاب وقت سے مومنین یکساں استفادہ فرمائیں۔ بیرون ملک رہنے والے بہن بھائی نوروز کا پاکستانی وقت 21 مارچ 2019ء بوقت 03 بجکر 00 منٹ سے 5 گھنٹے نفی کر لیں تو 20 مارچ 22 بجکر 00 منٹ گرین وچ کا وقت نکل آئے گا۔ اس وقت گرین وچ سے اپنے ملک کا معیاری وقت جمع یا نفی کر لینے سے آپکو اپنے ہاں کا نوروز کا وقت مل جائے گا۔

قدیم زمانہ سے منجمین میں رواج چلا آ رہا ہے کہ جب شمس برج حمل میں صفر درجہ صفر دقیقہ پر داخل ہوتا ہے تو منجمین اس وقت کو نہایت متبرک اور معتبر جانتے تھے اور جانتے ہیں۔ کیونکہ شمسی سال کی ابتداء اس وقت ہوئی تھی اور مہینوں کے نام بھی ان ہی بارہ بروج سے متعلق و منسوب تھے۔ متقدمین اس وقت خاص کے تحت زائچہ کشید کر کے دنیا میں یا خاص خاص ملکوں میں ایک سال کے اندر وقوع پذیر ہونے والے اچھے برے واقعات کا اظہار کرتے ہیں۔ زائچہ نوروز نہایت اہم ہوتا ہے۔ تاہم ہم نے چاروں نوروز کے (اسلام آباد) پاکستان کا زائچہ کشید کیا ہے لہٰذا ہم اپنے ملک کا احوال بیان کریں گے۔ یہ زائچے سبھی اوتاد کہلاتے ہیں یعنی زائچہ سال نوروز اوتاد اول **حمل** سے شروع ہوگا۔ دوم اوتاد تحویل شمس در **سرطان**، سوم اوتاد تحویل شمس در **میزان**، چہارم اوتاد تحویل شمس در **جدی** جب یہ چاروں زائچے درست بن جاتے ہیں تو 3،3 ماہ کی سیاسی و موسموں کے احکامات صحیح ترین اخذ کئے جا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ زائچہ اول بادشاہ سال کے درجہ کے مساوی زائچہ دوم وزیر سال زائچہ سوم سپہ سالار جبکہ زائچہ چہارم مشیر سال کہلاتا ہے۔ یہ تو اصلی نوروز ہے۔ جو قدیم یونانیوں کے اصول کے تحت ہوتا ہے۔ اہل ہند

نوروز یکم چیت کو کہتے ہیں۔ یہ قمری ہوتا ہے اور اس کے تحت نوروز کی سواری اور ان کے ادھیکار (وزیر سپہ سالار وغیرہ) مقرر کرتے ہیں۔ اب یونانی نوروز کو بھی ہندوستان کی تمام جنتریاں جگہ دے رہی ہیں۔ جو محض نئی اختراع ہے اس اختراع کو ابھی سو برس بھی نہیں ہوئے مگر یہ صرف ہندوؤں کے اصول کے تحت ہے۔ ورنہ دنیا کے کسی خطہ میں بھی عجیب وغریب سواری رنگ برنگ دیو مالائی احوال کا وجود نہیں صرف سیدھے سادھے مسلمان اس کو فرد اعظم تصور کرنے لگے ہیں۔

نوروز مختلف ممالک میں

نوروز ایران، قفقاز، وسطی ایشیا اور دنیا میں مختلف فارسی ثقافت کے لوگ اس کو مناتے ہیں۔ ایران، عراق، جارجی، افغانستان، آذر بائیجان، پاکستان (گلگت بلتستان) اور انڈیا میں عام تعطیل ہوتی ہے۔

30 مارچ 2009 میں کینیڈین پارلیمنٹ کے باضابطہ بل منظور کیا جس میں نوروز کو سرکاری کیلنڈر میں شامل کیا گیا۔

البانیہ میں سلطان نوروز کو بیکشا فرقہ کی طرف سے صوفیانہ طور پر منایا جاتا ہے اور اس دن کو حضرت علیؑ کی پیدائش کا دن سمجھا جاتا ہے۔

کردش لوگ عراق اور ترکی میں اس دن کو مناتے ہیں۔ پاکستان میں بلتستان میں منایا جاتا ہے۔ انڈیا میں پارسی لوگ اس دن کو مناتے ہیں۔ جنوبی کیلی فورنیا کے لوگ سمندر کے ساحلوں پر اس دن کو مناتے ہیں۔ 15 مارچ 2010ء کو 384 ووٹوں سے اس دن کو ثقافتی دن تسلیم کیا گیا۔

فنظر نظرۃ فی النجوم ہ فقال انی سقیم ہ

ترجمہ: پھر ابراہیم نے ستاروں پر ایک بار نظر ڈالی۔ پھر کہا میں بیمار ہونے والا ہوں۔

فضیلت عید نوروز

حضرت مجلین خانیسؒ جو حضرت امام جعفر صادقؑ کے خاص صحابی تھے۔ وہ کہتے ہیں میں نوروز کے دن حضرت کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ حضرت نے فرمایا:

(1) یہ وہ دن ہے کہ خداوند عالم نے بندوں کی روحوں سے اقرار لیا کہ وہ اُس کو وحدہ لاشریک اور کسی کو اس کی عبادت میں شریک کا رنہ دے۔

(2) یہ پہلا وہ دن ہے جس میں سورج نے اپنی پہلی کرن زمین پر ڈالی۔

(3) اسی دن حضرت نوحؑ کی کشتی نے طوفان کے بعد کوہ جودی پر قرار پکڑا۔

(4) اسی دن خداوند عالم نے اُن چند ہزار آدمیوں کو زندہ فرمایا جو طاعون کے خوف سے بھاگے تھے اور خدا نے اُن سب کو موت دے دی۔ ایک مدت کے بعد جب ان کی ہڈیاں رہ گئیں تو ایک رسول کا وہاں سے گزر ہوا۔ انہوں نے خداوند عالم سے سوال کیا۔ پالنے والے مجھے دکھا دے کہ تو کس طرح بوسیدہ ہڈیوں کو زندہ کرتا ہے، خدا کی طرف سے وحی نازل ہوئی کہ تم ان ہڈیوں پر پانی چھڑکو، تو انہوں نے اُن پر پانی چھڑکا تو باقدرت خدا وہ سب زندہ ہوگئے۔ اسی وجہ سے سنت ہے کہ مومنین ایک دوسرے پر پانی چھڑکیں یا خود اپنے اوپر پانی ڈالیں۔ جو لوگ زندہ ہوئے وہ 30 ہزار تھے اور وہ رسول حضرت حضقیلؑ تھے۔

(5) اسی دن حضرت علیؑ نے دوشِ مبارک رسول خداؐ پر چڑھ کر خانہ کعبہ میں بت شکنی کی۔

(6) نوروز کا دن ہی عید غدیر کا دن تھا۔

(7) نوروز کے ہی دن حضرت امیر المؤمنینؑ کو خلافت ملی۔

(8) نوروز کے ہی دن امیر المؤمنینؑ نے خارجیوں کے خلاف جنگ نہروان میں فتح حاصل کی۔

(9) انشاءاللہ اسی روز امام مہدیؑ کا ظہور ہوگا۔

(10) اسی روز باقی سارے امامؑ دنیا کی طرف رجعت کریں گے۔

(11) امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ نوروز کا دن ہمارے اور ہمارے چاہنے والوں کا دن ہے۔

احکامات نوروز عالم افروز

(1) بادشاہ سال	مشتری	21 مارچ 2019
(2) وزیر اعظم سال	زہرہ	21 جون 2019
(3) سپہ سالار سال	قمر	23 ستمبر 2019
(4) مشیر سال	شمس	22 دسمبر 2019

کسی چیز کے لالچ میں اس کے پیچھے دوڑنا اور اسی طرح وہ چیز چاہنا جو ذلیل وخوار کردے بری بات ہے (امام محمد باقرؑ)

نوروز عالم افروز 2019ء آسمانی کونسل میں سالانہ اہم بڑا دربار ہر سال 20 یا 21 مارچ کو سج جاتا ہے۔ گزشتہ سال بھی 20 مارچ اور اس سال بھی 20 مارچ 2019ء کو آسمانی کونسل میں ستاروں کی انجمن کا سالانہ اجتماع ہوگا۔ جس کے نتیجہ میں پوری دنیا کے فیصلے آسمانی کونسل پر ہوں گے۔ پوری ارض کا مالک وخالق وہی بلند واعلیٰ ذات ہے۔ جو ارض وسماء کا مالک وخالق ہے۔ تاہم دنیا بھر کے حالات جاننے کے لیے UNO کے ممبران ممالک جو غالباً 209 ہیں، عالمی منجم حضرات کسی بھی ملک کے حالات جاننے کے لیے بوقت نوروز اس ملک کے دارالخلافہ کا زائچہ بنا کر اس ملک کے بارے میں سالانہ نجومی یا تنجیمی پیش گوئیاں کرتے ہیں۔ علم نجوم زندگی کے ہر شعبہ میں لطیف وروحانی معلومات سے آگاہی دیتا ہے۔ اسی سبب (ناسا فلکیاتی) ریسرچ کے مطابق علم نجوم ایک سائنسی علم کا درجہ رکھتا ہے۔ یہ علم غیب نہیں ہے بلکہ سائنسی علم ہے۔ دنیا بھر کے سیاسی لوگ حکمرانوں کے علاوہ عام افراد بھی اس علم سے ہر سال بھرپور استفادہ کرتے ہوئے افراد ہر شعبہ زندگی میں دکھائی دیتے ہیں۔ بادشاہ سال قمر ہونے سے پوری دنیا میں نسوانی حقوق، حقوق نسواں، بچوں کے حقوق (چائلڈ لیبر) کے علاوہ عام انسان کے حالات زندگی سنوارنے جیسے اقدامات کے لیے اکثر ممالک میں سوشل رفاہی اداروں کے علاوہ بلدیاتی نظام کی مضبوطی عوامی فطرت کے مطابق حکومتیں مسائل کے حل کے لیے کوشاں رہیں۔ بچوں کے لیے خالص دودھ کے معیار کے علاوہ خورد ونوش، مضر صحت مشروبات پر عوامی شعور بیدار کیا جائے۔ کھانے پینے کی انڈسٹری، فرنیچر کے کارخانوں کے علاوہ اعلیٰ معیار کے سمندری جہازوں کی تیاری اور سمندری نقل وحمل میں اضافہ پاکستان کی گوادر پورٹ پر تجارتی سرگرمیوں میں اچانک اضافہ ملکی ترقی کا باعث بنے۔

زائچہ اوّل نوروز:۔ طالع برج جدی سیاسی نجوم میں پہلا گھر پوری قوم کی عمومی حالات کا مظہر یہاں ستارہ زحل راہو کیتو اور پلوٹو نحس طالع کے درجات سے ناظر ہیں۔ ستارہ زحل پہلے دوسرے مشترکہ گھروں کا حاکم 30 سال بعد کسی زائچہ نوروز میں طلوع ہوا ہے۔ یہ ستارہ عدل وسیاست اور عروج وزوال پر حکمران ہونے کے علاوہ زراعت، کان کنی، آئل، پیٹرولیم انڈسٹری سیاست میں مزاحمت اور ممانعت بڑی عمر کے سیاست دانوں سے متعلقہ انکی زندگی بھر کی سیاست احتساب جیسے فضائل واثرات ظاہر کرتا ہے۔ 2018/2019ء وطن عزیز پاکستان میں سیاسی حکومت کی تبدیلی نے حکومت کو سیاسی داخلی خارجی چیلنجز کا سامنا رہے۔ کرپشن زدہ سیاست دانوں کی تطہیر اور دفاع وطن ملکی تعمیر وترقی کیلئے پوری قوم ملکر تعمیری کردار ادا کرے اور ماضی کی کوتاہیوں غلطیوں کا ممکنہ ہر شعبہ زندگی کے افراد ازالہ کی کوشش میں اپنا حصہ ڈالیں۔ ادھر آٹھویں ملکی وراثت کا حاکم شمس وتد ارض میں بوقت نوروز داخل ہوا ہے۔ یہ ارض وطن کو سیراب کرنے کیلئے آبی ڈیموں کے ذخائر بنانے میں معاون ثابت ہو۔ دیگر اہم ستارہ مشتری بارہویں نحس گھر کا حاکم ہوک اپنے ہی گھر میں ملک دشمن سازشوں کو ڈھیل دے رہا ہے۔ مذہبی سیاسی قوتیں حکومت وقت کو سیاسی لحاظ سے سخت آزمائش میں مبتلا کریں اپوزیشن کی حکومت پر سخت تنقید حکومت کو عدم استحکام کا شکار بنانے کیلئے سبھی سیاسی حربے استعمال کریں۔ ستارہ مشتری کا 8,6,4 گھروں کو ناظر رہنے سے ملکی تعمیرات زراعت تمام ملکی سروسز اداروں کی بہتری تنظیم نو نئے قیمتی معدنیات ذخائر آئل گولڈ کاپر جیپسم جواہرات کی دریافت اوران سے استفعادہ کرسکیں۔

زائچہ نوروز عالم افروز 1 — 23 جدی 24 — بحساب یونانی

21 مارچ 2019ء اسلام آباد صبح 03 بجکر صفر منٹ

زائچہ نوروز عالم افروز 2 — 33 جدی 24 — بحساب یونانی

12, 11 — قمر 19.2 — 10 — پلوٹو 22.25 — مشتری 18.5 — 9, 8
نیپچون 18.43 — 1 — زحل 18.30 — کیتو 17.40 — 7
2 — 4 — 6
یورانس 5.34 — شمس 0.0 — راہو 17.40 — عطارد 24.59
3 — زہرہ 15.21 — مریخ 23.26 — 5

21 جون 2019ء اسلام آباد 20 بجکر 55 منٹ

زائچہ دوم نوروز:۔ بدستور طالع برج جدی حاکم زحل ہمراہ کیتو مقابل مریخ راہو عطارد اور شمس کا مقابل ہونا دسویں کے حاکم زہرہ کا چھٹے نحس گھر اور مشتری بدستور بارہویں قیام ملکی سیاسی حالات میں الٹ پلٹ اور حکومت وقت کے انقلابی اقدامات کو ظاہر کرتا ہے مذہبی سیاسی حلقہ میں اس کی سخت ممانعت ومخاصمت کا اشارہ ہے۔ عطارد مریخ راہو ساتویں قرانات طالع کے درجات اور طالع میں بیٹھے زحل کیتو کی آسمانی کونسل پر ستاروں کی جنگ پوری قوم پر اثرات مرتب کرے ملک میں جنگی ایمرجنسی نفاذ ہوسکتی ہے۔ گوناں گوں حالات کے سبب ملک میں مہنگائی کے طوفان کا اندیشہ ڈالر کے مقابلے میں ملکی کرنسی میں گروٹ ہوسکتی ہے۔ جسے بعد از ملکی تعمیری ایمرجنسی کا نام دیا جائے حیران ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائیگی جو بھی ہو دُعا ہے کہ وطن عزیز پاکستان کے لئے اچھا ثابت ہو۔ **2019ء** تھینک کے قیام کی اشد ضرورت کو پُر کیا جائے گا۔

زائچہ نوروز عالم افروز **3** — 21 قوس 26 — بحساب یونانی

10 پلوٹو 20.39R — کیتو 14.25 — زحل 13.55 — 11 — 9 مشتری 17.11 — 8 — 7 عطارد 14.51 زہرہ 10.55 شمس 0.0 — 12 نیپچون 16.57R — 6 مریخ 23.1 — 1 — 3 — 5 — 2 یورانس 5.55R — 4 راہو 14.25 قمر 15.11

23 ستمبر 2019ء اسلام آباد 12 بجکر 51 منٹ

زائچہ سوم نوروز:۔ طالع برج قوس حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری کا اپنے ہی گھر ہونا پوری پاکستانی قوم کے لئے سعد ثمرات قوم میں ایک نیا ہمت وحوصلہ پیدا ہو۔ ملکی دفاع داخلی خارجی سطح پر مضبوط ہو۔ ملکی قیادت میں باشعور دانشور ہنرمند تجربہ کاری نیک دیانت دار افراد کی شمولیت اوران کے عملی اقدامات سے ملکی تعمیری پہیہ خصوصاً ملکی میں بند کارخانے چلنے افراط زر میں ٹھہراؤ ملکی کرنسی میں قدرے مضبوطی آئے آٹھویں اپنے ہی گھر کا حاکم قمر ہمراہ راس ہو۔ مقابل زحل کیتو ہونے سے ملک سے لوٹی گئی دولت کی بتدریج واپسی کے تسلسل سے قوم میں خوشی کی لہر گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر اسکا اپنا حاکم زہرہ دسویں کے حاکم عطارد سے قران کئے ہوئے جبکہ عدلیہ کا حاکم شمس بھی یہاں داخل ہوا ہے۔ پارلیمنٹ یا مشترکہ ایوان سینٹ میں ملک کے مستقبل کے بارے میں منصوبہ جات خوشحالی کے منصوبے پیش ہوں اوران پر فوری عمل کیلئے سیاسی لیڈران کا اتفاق رائے ملکی ترقی خوشحالی کیلئے قوم لیڈران سے خوشگوار توقعات وابستہ کرے جو ممکنہ پوری بھی ہوں۔

زائچہ نوروز عالم افروز **4** — 54 دلو 02 — بحساب یونانی

22 دسمبر 2019ء اسلام آباد 09 بجکر 21 منٹ

زائچہ چہارم نوروز:۔ طالع برج دلو حاکم ستارہ زحل نحس بارہویں گھر ہمراہ ساتویں کا شمس اور دوسرے گیارہویں کے حاکم مشتری کا بھی بارہویں ہونے سے جبکہ راہو چھٹے کیتو بارہویں رہنے سے چھٹے کے حاکم قمر درعقرب کا دسویں اور آٹھویں کے حاکم عطارد کا گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر ہونے سے پورا زائچہ ہی ملک دشمن غیر ملکی سازشوں کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ موجودہ حکومت کو اپنی ساکھ اپنا اقدار اپنا بھرم قائم رکھنا آسان نہ ہوگا۔ پورے زائچہ میں عدلیہ کا حاکم زہرہ طالع اور تیسرے دسویں کا مشترکہ حاکم مریخ کا دسویں اپنے ہی گھر میں مضبوط ہونا افواج پاکستان کی اندرون اور بیرون ملک سازشوں دفاع کرے نہ صرف ملکی سرحدوں پر عسکری نقل وحمل میں اضافہ ارباب اختیار **2018/2019ء** کی نئے سیاسی دور حکومت کے ابتداء میں دفاع وطن کے لئے تھنک ٹینک بنالیں اور **2019ء** میں آئے سبھی خطرات کا مقابلہ کیا جا سکتا ہے۔ پاکستانی حکمرانوں قوم اور

زائچہ دوم نوروز:۔ بدستور طالع برج جدی حاکم زحل ہمراہ کیتو مقابل مریخ راہو عطارد اور شمس کا مقابل ہونا دسویں کے حاکم زہرہ کا چھٹے نحس گھر اور مشتری بدستور بارہویں قیام ملکی سیاسی حالات میں الٹ پلٹ اور حکومت وقت کے انقلابی اقدامات کو ظاہر کرتا ہے مذہبی سیاسی حلقہ میں اس کی سخت ممانعت ومخاصمت کا اشارہ ہے۔ عطارد مریخ راہو ساتویں قرانات طالع کے درجات اور طالع میں بیٹھے زحل کیتو کی آسمانی کونسل پر ستاروں کی جنگ پوری قوم پر اثرات مرتب کرے ملک میں جنگی ایمرجنسی نفاذ ہوسکتی ہے۔ گوناں گوں حالات کے سبب ملک میں مہنگائی کے طوفان کا اندیشہ ڈالر کے مقابلے میں ملکی کرنسی میں گروٹ ہوسکتی ہے۔ جسے بعد از ملکی تعمیری ایمرجنسی کا نام دیا جائے حیران ہوں کہ دنیا کیا سے کیا ہو جائیگی جو بھی ہو دُعا ہے کہ وطن عزیز پاکستان کے لئے اچھا ثابت ہو۔ **2019ء** تھینک کے قیام کی اشد ضرورت کو پُر کیا جائے گا۔

زائچہ نوروز عالم افروز **3**   21 قوس 26   بحساب یونانی

23 ستمبر 2019ء اسلام آباد 12 بجکر 51 منٹ

زائچہ سوم نوروز:۔ طالع برج قوس حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری کا اپنے ہی گھر ہونا پوری پاکستانی قوم کے لئے سعد ثمرات قوم میں ایک نیا ہمت وحوصلہ پیدا ہو۔ ملکی دفاع داخلی خارجی سطح پر مضبوط ہو۔ ملکی قیادت میں باشعور دانشور ہنرمند تجربہ کاری نیک دیانت دار افراد کی شمولیت اوران کے عملی اقدامات سے ملکی کا تعمیری پہیہ خصوصاً ملکی میں بند کارخانے چلنے افراط زر میں ٹھہراؤ ملکی کرنسی میں قدرے مضبوطی آئے آٹھویں اپنے ہی گھر کا حاکم قمر ہمراہ راس ہو۔ مقابل زحل کیتو ہونے سے ملک سے لوٹی گئی دولت کی بتدریج واپسی کے تسلسل سے قوم میں خوشی کی لہر گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر اسکا اپنا حاکم زہرہ دسویں کے حاکم عطارد سے قران کئے ہوئے جبکہ عدلیہ کا حاکم شمس بھی یہاں داخل ہوا ہے۔ پارلیمنٹ یا مشترکہ ایوان سینٹ میں ملک کے مستقبل کے بارے میں منصوبہ جات خوشحالی کے منصوبے پیش ہوں اوران پر فوری عمل کیلئے سیاسی لیڈران کا اتفاق رائے ملکی ترقی خوشحالی کیلئے قوم لیڈران سے خوشگوار توقعات وابستہ کرے جو ممکنہ پوری بھی ہوں۔

زائچہ نوروز عالم افروز **4**   54 دلو 02   بحساب یونانی

22 دسمبر 2019ء اسلام آباد 09 بجکر 21 منٹ

زائچہ چہارم نوروز:۔ طالع برج دلو حاکم ستارہ زحل نحس بارہویں گھر ہمراہ ساتویں کا شمس اور دوسرے گیارہویں کے حاکم مشتری کا بھی بارہویں ہونے سے جبکہ راہو چھٹے کیتو بارہویں و ہنے سے چھٹے کے حاکم قمر در عقرب کا دسویں اور آٹھویں کے حاکم عطارد کا گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر ہونے سے پورا زائچہ ہی ملک دشمن غیر ملکی سازشوں کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ موجودہ حکومت کو اپنی ساکھ اپنا اقتدار اپنا بھرم قائم رکھنا آسان نہ ہوگا۔ پورے زائچہ میں عدلیہ کا حاکم زہرہ طالع اور تیسرے دسویں کا مشترکہ حاکم مریخ کا دسویں اپنے ہی گھر میں مضبوط ہونا افواج پاکستان کی اندرون اور بیرون ملک سازشوں دفاع کرے نہ صرف ملکی سرحدوں پر عسکری نقل وحمل میں اضافہ ارباب اختیار **2018/2019ء** کی نئے سیاسی دور حکومت کے ابتداء میں دفاع وطن کے لئے تھنک ٹینک بنالیں اور **2019ء** میں آئے سبھی خطرات کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ پاکستانی حکمرانوں قوم اور

الیکٹرانک یونٹ میڈیا کے دوستوں کو عاجزانہ مشورہ ہے۔

اعمال نوروز: تحویل آفتاب کا وقت نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے۔ یہ اجابت و دعا کا وقت ہے مومنین مقررہ وقت سے پہلے پاک و پاکیزہ صاف ستھرے ہو کر لباس مطہر زیب تن کریں اور ایک صاف کمرے میں فرش پر پاک و پاکیزہ کپڑا بچھائیں اور خوشبویات مثل لوبان، اگربتی، عنبر و صندل وغیرہ لگائیں۔ پھر ایک دسترخوان پر سرخ و سپید و سبز اور سیاہ رنگ کی مٹھائی رکھیں۔ اس پر نذر حضرت امیر المومنینؑ دیں بعد ازاں ایک کٹورے یا پیالے میں پانی بھر کر اس میں گلاب کا سرخ پھول چھوڑ دیں اور بوقت تحویل آفتاب اس پر نظر رکھیں۔ تحویل آفتاب کے وقت ساکن پھول میں خود بخود حرکت پیدا ہوگی۔ بس یہ وقت دعاؤں کے مستجاب ہونے کا ہے اس وقت یہ دعا کم از کم 46 مرتبہ پڑھیں۔

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○ يَامُفَتِّحَ الۡاَبۡوَابِ وَيَامُسَبِّبَ الۡاَسۡبَابِ وَيَامُقَلِّبَ
اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے کھولنے والے دروازوں کے اور اے پیدا کرنیوالے اسباب کے اور اے پھیرنیوالے
الۡقُلُوۡبِ وَالۡاَبۡصَارِ وَيَاغِيَاثَ الۡمُسۡتَغِيۡثِيۡنَ وَيَادَلِيۡلَ الۡمُتَحَيِّرِيۡنَ وَيَامُفَرِّحَ
دلوں کے اور نگاہوں کے اور اے فریاد سننے والے فریاد والوں کی اور اے راہ بتانے والے حیرانوں کے اور اے فرحت
الۡمَحۡزُوۡنِيۡنَ اَغِثۡنِيۡ اَغِثۡنِيۡ تَوَكَّلۡتُ عَلَيۡكَ يَارَبِّيۡ وَفَوَّضۡتُ اِلَيۡكَ
دینے والے غمگینوں کے میری فریاد سُن میری فریاد سُن بھروسہ کیا میں نے تجھ پر اے میرے رب اور میں نے تیرے سپرد کیا
اَمۡرِيۡ يَارَبِّ يَارَبِّ يَااَللّٰهُ يَابَاسِطُ يَارَزَّاقُ يَافَتَّاحُ يَاكَرِيۡمُ
اپنا کام اے پروردگار اے پروردگار اے اللہ اے خوشحال کرنیوالے اے رزّاق اے کھولنے والے اے سخی

اس دعا کے اول و آخر گیارہ گیارہ دفعہ درود شریف پڑھیں بعد ادائیگی دعا اپنے مقاصد و حاجات کے مطابق پڑھیں۔

اعمال دیگر: مومنین کو چاہئے کہ نوروز کے دن بعد نماز ظہرین 4 رکعت نماز نفل اس طرح ادا کریں۔ اول یہ نیت کریں کہ دو رکعت نماز پڑھتا ہوں قربتہ الی اللہ، اللہ اکبر۔ اول رکعت میں بعد سورۂ حمد دس مرتبہ سورہ انا انزلنا اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ سورہ قل یا ایھا الکفرون اور بعد سلام ختم کرے اور پھر 2 رکعت کی نیت کر کے نماز شروع کریں۔ اول رکعت میں سورۂ فاتحہ 10 مرتبہ قل ھو اللہ احد اور دوسری رکعت میں بعد سورۂ فاتحہ دس دس مرتبہ سورۂ قل اعوذ برب الناس اور قل اعوذ برب الفلق پڑھیں اور بعد سلام ختم کریں اور دعا کریں اور سجدے میں جائیں اور یہ دعا پڑھیں۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ آلِ مُحَمَّدٍ الۡاَوۡصِيَاءِ الۡمَرۡضِيِّيۡنَ وَ عَلٰى جَمِيۡعِ اَنۡبِيَائِكَ وَرُسُلِكَ بِاَفۡضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكۡ عَلَيۡهِمۡ بِاَفۡضَلِ بَرَكَاتِكَ وَ صَلِّ عَلٰى اَزۡوَاجِهِمۡ وَ اَجۡسَادِهِمۡ اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَ بَارِكۡ لَنَا فِيۡ يَوۡمِنَا هٰذَا الَّذِيۡ فَضَّلۡتَهٗ وَ كَرَّمۡتَهٗ وَ شَرَّفۡتَهٗ وَ عَظَّمۡتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ لِيۡ فِيۡمَا اَنۡعَمۡتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَا اَشۡكُرَ اَحَدًا غَيۡرَكَ وَ وَسِّعۡ عَلَيَّ فِيۡ رِزۡقِيۡ يَا ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ اَللّٰهُمَّ مَاغَابَ عَنِّيۡ فَلَا يَغِيۡبَنَّ عَنِّيۡ عَوۡنُكَ وَ حِفۡظُكَ وَ مَا فَقَدۡتُّ مِنۡ شَيۡءٍ فَلَا تُفۡقِدۡنِيۡ عَوۡنَكَ عَلَيۡهِ حَتّٰى لَا اَتَكَلَّفَ مَالَا اَحۡتَاجُ اِلَيۡهِ يَا ذُوالۡجَلَالِ وَالۡاِكۡرَامِ ○

سات سلام: مشہور ہے کہ جو شخص یہ سات سلام نوروز کے دن مشک و زعفران سے کسی چینی کے برتن پر لکھ کر اس کو گلاب کے عرق میں دھوئے اور اس میں سے پیئے تو آئندہ سال تک کوئی رنج و درد اس کو نہ ستائے گا اگر زہریلا جانور کاٹے تو اس پر اثر نہ ہوگا۔

۱:۔ سَلَامٌ عَلٰى نُوۡحٍ فِي الۡعٰلَمِيۡنَ۔
۲:۔ سَلَامٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِيۡمٍ۔
۳:۔ سَلَامٌ عَلٰى اِبۡرٰهِيۡمَ۔
۴:۔ سَلَامٌ عَلٰى مُوۡسٰى وَهٰرُوۡنَ۔
۵:۔ سَلَامٌ عَلٰى اٰلِ يَاسِيۡنَ۔
۶:۔ سَلَامٌ عَلَيۡكُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡهَا خٰلِدِيۡنَ۔
۷:۔ سَلَامٌ هِيَ حَتّٰى مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ۔

نوروز کے دن جس وقت آفتاب برج حمل میں داخل ہوتا ہے اس وقت مولا مشکل کشا سے رجوع کیجئے کیسی ہی مشکل ہو وقت تحویل مولا کی نذر دے کر ان کے وسیلہ سے دعا کیجئے۔ انشاء اللہ حاجت پوری کرے گا کتنے ہی بے اولاد مرد اور بانجھ عورتوں کو اس عمل سے اللہ نے اولاد عطا فرمائی۔

نوروز کی شرعی حیثیت: حضرات آئمہ معصومینؑ کے ارشادات اور اعمال و افعال سے ثابت ہے کہ اس دن کو آل محمد مصطفیؐ نے اپنا

دن فرمایا ہے اور اس کے متعلق بیشمار حالات وکوائف کو واضح فرمایا ہے اور بتایا ہے کہ بدو کائنات سے صبح قیامت تک اور ازل سے ابد تک یہ دن عزت واحترام کی نگاہ سے دیکھا جائے گا۔

یہ دن ہماری نگاہ میں اس لئے بھی خصوصی اہمیت رکھتا ہے کہ اسی دن نوروز بھی تھا۔ از تحقیق 18 ذوالحجہ کو حسن اتفاق سے تاریخ عیسوی بھی 18 مارچ تھی۔ قمری وعیسوی دونوں تواریخ (18) تھیں، (دیگر ایک تحقیق کے مطابق 17 مارچ تھی)۔ نوروز عموماً 20 یا 21 مارچ کو آتا ہے۔ 10ھ کی 18 ذوالحجہ تھی۔ یہ وہ تاریخ ہے کہ حضور خاتم النبین سید الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰؐ نے بمقام غدیر خم بموقع حج آخر ایک لاکھ 24 ہزار صحابہ کرامؓ کے مجمع میں امام المتقین امیر المومنین حضرت علیؑ ابن ابی طالبؑ کو بحکم پروردگار عالم مفاد یا ایھا الرسول بلغ ما انزل الیک من ربک اپنا جانشین مقرر فرمایا تھا۔

الحمد للہ علی احسانہ قد رجع الحق الیٰ مکانہ

(روضۃ الاحباب) ان وجوہ کی بناء پر نوروز کے دن خوشی کا حکم دیا گیا ہے۔

نوٹ: خصوصی تحفہ نوروز سب کے لیے مہر نبوتؐ بمعہ ذاتی طلسماتی نقش صفحہ 90,91 سے کاٹ لیں۔ ترکیب استعمال صفحہ 91 پر درج ہے۔

نوروز نوبہار روز کا خاص طلسم

ا لا // ااا9 ااا9 // ااا یُحطی

بوقت تحویل آفتاب نوروز عالم افروز یہ طلسم زعفران سے لکھ کر با پرہیز پاس رکھیں۔

فضائلِ روزِ عیدِ غدیر

☆ ماہ ذوالحجہ کی اٹھارویں تاریخ کو عیدِ غدیر ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ بروز ⑱ ذوالحجہ عیدِ غدیر تمام عیدوں سے بڑی عید ہے

☆ اس روز رسول اکرمؐ نے غدیر خم کے مقام پر امیر المومنینؑ کو اپنا خلیفہ وجانشین مقرر فرمایا۔

☆ اس دن ایک درہم صدقہ دینا ایک لاکھ درہم صدقہ دینے کے برابر ہے۔

☆ اہل سنت والجماعت کی معتبر تفاسیر اور تراجم میں ان کے علماء نے اس بات کا اعتراف کیا ہے کہ یہ آیت مجیدہ غدیر خم کے مقام پر حضرت علیؑ کے بارے میں نازل ہوئی جیسا کہ درج ذیل تحریر سے ثابت ہے

☆ ابن ابی حاتم نے ابو سعید خدریؓ سے روایت کی ہے کہ درجِ ذیل آیت غدیر خم میں جناب حضرت علیؑ کی ولایت کے اعلان کے بارے میں نازل ہوئی (حبیب السیر جلد ۳)

یَا اَیُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَا اُنْزِلَ اِلَیْكَ مِنْ رَّبِّكَ ؕ وَ اِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهٗ (مائدہ:۶۷)

اے رسولؐ جو حکم تمہارے پروردگار کی طرف سے تم پہ نازل کیا گیا ہے پہنچا دو اور اگر تم نے ایسا نہ کیا تو سمجھو تم نے اس کا کوئی پیغام ہی نہیں پہنچایا (تفسیر درمنثور جلال الدین سیوطی)

☆ جب اعلانِ ولایت علیؑ ہو چکا تو جبرائیلؑ یہ درج ذیل آیت لے کر نازل ہوئے (تفسیر درمنثور جلد ۲ صفحہ ۲۹۸)

اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَ رَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا (مائدہ:۳)

آج میں نے تمہارے دین کو کامل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت پوری کر دی اور تمہارے لئے دین اسلام کو پسند کیا

☆ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں شاعر حسان بن ثابت نے امیر المومنین علی ابن ابی طالبؑ کو اس شعر کے ساتھ مبارکباد دی اور آپ کی مداح سرائی کی۔ (تذکرہ سبط ابن جوزی صفحہ ۲۰)

فَقَالَ لَهٗ قُمْ یَا عَلِیُّ فَاِنَّنِیْ ❁ رَضِیْتُكَ مِنْ بَعْدِیْ اِمَامًا وَّ هَادِیًا

پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اے علیؑ اٹھو بیشک میں نے تمہیں اپنے بعد امام اور ہادی پسند کیا ہے

فضائلِ روزِ مباہلہ

☆ جب حضرت رسول اکرمؐ کے علمی وعقلی براہین کے بعد بھی نصاریٰ نجران اپنے غلط عقیدہ پر ڈٹے رہے تو اللہ کی طرف سے آپ کو ان کے ساتھ مباہلہ کا حکم اس آیت میں دیا گیا فَقُلْ تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَ اَبْنَآءَكُمْ وَ نِسَآءَنَا وَ نِسَآءَكُمْ وَ اَنْفُسَنَا وَ اَنْفُسَكُمْ ۟ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِیْنَ ۝ (کہو کہ اچھا میدان میں آؤ ہم اپنے بیٹوں کو بلائیں تم اپنے بیٹوں کو اور ہم اپنی عورتوں کو (بلائیں) اور تم اپنی عورتوں کو اور ہم اپنی جانوں کو (بلائیں) اور تم اپنی جانوں کو اس کے بعد سب مل کر اللہ کی بارگاہ میں گڑگڑائیں اور جھوٹوں پر اللہ کی لعنت کریں (آل عمران ۶۱)

☆ جب آپؐ اپنے اہل بیتؑ کے ساتھ ۲۴ ذوالحجہ کو میدان میں پہنچے تو علمائے نصاریٰ (عیسائیوں) کا سردار عاقب ان کی طرف دیکھ کر کہنے لگا اللہ کی قسم میں ایسے نورانی چہرے دیکھ رہا ہوں کہ اگر یہ پہاڑ کو اپنی جگہ سے ہٹ جانے کو کہیں تو یقیناً ہٹ جائیگا اسی میں خیریت ہے کہ مباہلہ سے ہاتھ اٹھاؤ ورنہ قیامت تک نسل نصاریٰ (عیسائیوں) سے ایک نہ بچے گا۔ (تفسیر جلالین، بیضاوی جلد اول صفحہ ۱۱۸ مطبوعہ مصر)

مشترکہ اعمالِ عیدِ غدیر و مباہلہ

☆ غسل کرنا، نیا لباس پہننا، خوشبو لگانا، خوشی کرنا، مومنین کو کھانا کھلانا، روزہ رکھنا، مصافحہ کرنا، روزے دار کو افطار کرانا اور بکثرت صلوات پڑھنا سنتِ مؤکدہ اور باعث فضیلت ہے۔

☆ عید غدیر و عید مباہلہ کے روزے کا ثواب ساٹھ سالوں کے گناہوں کا کفارہ ہے۔

☆ ان دونوں دنوں کا روزہ دنیا کی زندگی کے برابر ہے اور سو حج اور سو عمروں کے ثواب کے برابر ہے۔

☆ ۱۸/۲۴ ذوالحجہ کو کسی مومن بھائی کو کھانا کھلانا اس طرح سے ہے کہ گویا اس نے تمام پیغمبروں اور صدیقین کو کھانا کھلایا ہو۔ اگر کوئی ان دنوں میں اپنے کسی مومن بھائی کا روزہ افطار کرائے تو گویا اس نے ایک لاکھ پیغمبر، صدیق اور شہیدوں کا روزہ افطار کرایا۔

☆ عید غدیر اور عید مباہلہ کے دن زوال آفتاب سے پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید اور دس مرتبہ سورہ قدر اور دس مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔

☆ اس نماز کا ثواب وفضیلت اللہ تعالیٰ کے نزدیک ایک لاکھ حج اور ایک لاکھ عمرہ کے برابر ہے

☆ نماز کے بعد جو بھی حاجات طلب کریگا پوری ہوں گی۔ (انشاء اللہ)

Pakistan

Turkey

اِس پرچم کے سائے تلے ہم ایک ہیں

نئے پاکستان کا نیا جھنڈا

شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی

ہر محب وطن پاکستانی کے دل کی آواز پاکستان زندہ باد

اس مرتبہ یوم آزادی 14 اگست 2018ء پورے ملک میں اِس جوش و خروش سے منائی گئی کہ 1947ء کا جذبہ آزادی تازہ ہو گیا۔ پورے ملک میں قومی پرچم کی بہاریں چاروں صوبوں، فاٹا، شمالی علاقوں سے کشمیر بلکہ مقبوضہ کشمیر (بھارت) میں بھی سات لاکھ بھارتی افواج کی موجودگی کے باوجود دلیر حریت پسند کشمیریوں نے پاکستانی پرچم کشمیر میں لہرا کر پاکستان سے اپنے الحاق کا اظہارِ محبت کیا۔

جس قوم کا لیڈر دانشور ہو وہ اپنی قوم کو اندھیروں سے نکال کر روشنی میں لے جاتا ہے۔ اور جس قوم کا سپہ سالار دانشور، دلیر اور جذبہ ایمانی سے سرشار ہو، وہ پاکستانی قوم کے لئے حوصلہ کا باعث بنتا ہے۔ گزشتہ دس بارہ سال سے ملک میں دہشت گردی کا راج تھا اندرونی اور بیرونی خطرات ہمارے سروں پر منڈلا رہے تھے ملک اندھیرے اور قرض میں ڈوبتا جا رہا تھا سیاست دانوں بیوروکریٹس نے کرپشن کی انتہاء کر دی تھی۔ پورے ملک کے عوام عدم احساس تحفظ میں مبتلا تھی۔ الیکشن 2018ء تبدیلی آئی اور اب تحریک انصاف کے عمران خان وزیر اعظم پاکستان ہیں۔ زنجانی جنتری کی سابقہ پیش گوئیوں کے عین مطابق دہشت گردی ملٹری کورٹس کا قیام اور سزاؤں پر عملدر آمد سے پورے ملک میں عوام نے سکھ کا سانس لیا۔ مگر **"ابھی عشق کے امتحان اور بھی ہیں"**۔ U.N.O کے 219 ممبر ممالک کے پرچم UNO نیو یارک (امریکہ) میں لہراتے خوبصورت پرچموں کا نظارہ مجھے گزشتہ سال اپنے دورہ امریکہ کے دوران کرنے کو ملا۔ یقین جانیں جب اپنے قومی پرچم پر نظر پڑی تو دل خوشی سے جھوم اُٹھا اِس طرح بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر سینکڑوں غیر ملکی ایئر لائنوں کی موجودگی میں ہماری قومی ایئر لائن P.I.A کے طیاروں کی دُم پر پاکستان کا قومی پرچم اتنا بھلا لگتا ہے کہ اِس کے سبز ہلالی پرچم سے نگاہیں نہیں ہٹتیں جو بہن بھائی کبھی بیرون ملک گئے ہوں وہ میری اِس بات کی تائید کر سکتے ہیں پاکستان کی ترکی سے دوستی و محبت کا رشتہ بہت پرانا ہے۔ جہاں کہیں اکٹھا پاکستان اور ترکی کا پرچم لہرا رہا ہوتا ہے تو بہت بھلا لگتا ہے۔ 22 کروڑ پاکستانی قوم سے بڑے ادب سے التماس ہے کہ وہ ترکی اور پاکستان کے پرچم کو بغور ملاحظہ کریں۔ پاکستان کا سبز ترکی کا پرچم سرخ ہمارے پرچم میں ایک چاند ستارہ اُن کے پرچم میں بھی ایک چاند ستارہ فرق صرف اِتنا ہے کہ اُن کے پرچم پر چاند ہلال کا ہے اور ہمارے پرچم پر چاند وبال کا ہے۔ عالمِ اسلام کے سبھی تہوار چاند دیکھنے سے شروع ہوتے ہیں۔ آپ ہر ماہ آسمان پر طلوع یکم اسلامی تاریخ کا چاند اور غروب 27 یا 28 تاریخ کے چاند کا مشاہدہ کر لیں تو آپ کو میری بات آسانی سے سمجھ آ جائے گی۔

کیا ہی اچھا ہو پوری پاکستانی قوم سیاستدان، دانشور، اہل علم دوست پاکستانی پرچم میں چاند کی نشست کی معمولی تبدیلی کر کے پاکستانی پرچم سے وبالی چاند ہٹا کر اِسے پاکستانی ہلالی پرچم میں بدل دیں اِس معمولی تبدیلی سے پاکستانی پرچم دنیا میں صدا سربلند رہے گا۔ پرچم کو حرمت دینا سنت نبوی ﷺ ہے۔ جنگِ خیبر کے موقع پر رسول اللہ ﷺ نے 40 ویں دن فرمایا تھا کہ میں اسلام کا پرچم اُس کے ہاتھ میں دونگا جس کے ہاتھ سے قلعہ خیبر فتح ہوگا اور اُسے اللہ اور اللہ کا رسول ﷺ دوست رکھتا ہوگا۔ اِسی سبب ہمارا اعلیٰ جنگی نشان نشانِ حیدر بنا اور فوج کا نعرہ بھی نعرہ حیدری، یا علیؑ ہے۔ کربلا میں بھی سید الشہداءؑ نے اسلام کا پرچم مولا غازی عباسؑ کو عطا کیا۔ اور یہ پرچم آج بھی سربلند دکھائی دیتا ہے۔ دیگرے 2019ء کیلئے پاکستانی قوم کو روحانی مشورہ آج 2019ء نئے پاکستان کا پہلا سال ہے پاکستانی بہن بھائیوں کو یہ بات ہدیہ ہے زنجانی جنتری 2018ء میں ہم نے نقشہ پاکستان پر لفظ محمدؐ پیش کیا تھا ہمارے جغرافیائی نقشہ پر لفظ محمد درج ہے تو پھر کیا یہ بات مناسب نہ ہوگی کہ مدینے جیسی ریاست کے جھنڈے پر پاکستان کے نقشہ پر لفظ محمد لکھ دیا جائے۔ انقلاب ایران کے بعد جھنڈے پر لفظ اللہ لکھا ہے اور سعودی عرب کے جھنڈے پر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

Scanned by CamScanner

خبردار زمین میں میرے گھر مساجد ہیں جو اہل آسمان کیلئے اس طرح روشن ہیں جس طرح اہل زمین کیلئے ستارے۔ حدیث قدسی

شاہ زنجانی کی پیشن گوئی روزنامہ امت کراچی 20 جولائی 2018ء

Daily UMMAT
روزنامہ امت

امت رپورٹ

نواز شریف کے مستقبل پر ماہرین نجوم میں اختلاف رائے

ایک سپاہی نے مشہور پامسٹ کو اپنا ہاتھ دکھایا تو اس نے ہاتھ دیکھنے کے بعد صاحب ہاتھ کے سبھی ابھاروں لائنوں کی تعریف کرتے ہوئے اپنا خوبصورت ماہرانہ تجزیہ دیا۔ اور ساتھ ہی آخری یہ بات کہہ کر اپنا سلسلہ کلام ختم کیا کہ کاش خط شمس کے بہترین ابھار پر کوئی بہترین خط شمس یا ترشول بنا ہوتا تو آپ بادشاہ بن سکتے ہیں۔ سپاہی نے تجسس اور حیرت سے پامسٹ سے پوچھا بھلا میرے ہاتھ پر وہ لائن پنسل سے ڈرائنگ کر دیں پامسٹ دوست نے سپاہی کے ہاتھ پر شمس کے اُبھار پر لائنز بنا دیں۔ اس سپاہی نے فوراً خنجر نکال کر اپنے ہاتھ پر خنجر سے وہ لائن بنا دیں۔ اور پھر وہ سپاہی فرانس کا بادشاہ بنا اس کا نام نپولین بونا پاٹ تھا۔ ہاتھوں کی لائنز پامسٹری یا علم الفراست تجربات مشاہدات کا علم ہے۔ ہر شخص جانتا ہے کہ کسی بھی شخص کی لائنز دوسرے سے نہیں ملتی۔ انسان کو اشرف الخلوق بنایا گیا ہے اپنی خود اعتمادی مضبوط قوت ارادی مستقل مزاجی سے دنیا میں بعض شخص اپنا مقدر خود لکھنے کی پوزیشن میں آجاتے ہیں اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ "نگاہ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں" کچھ ایسا ہی ہمارے وزیراعظم پاکستان عمران احمد خان نیازی صاحب کے ہاتھ میں بھی عجیب و دلچسپ بات یہ ہے کہ ان کے ہاتھ میں وزیراعظم بننے کی لائن نہیں ہے۔ ان کے ہاتھ میں خط شمس دکھائی نہیں دیتی البتہ خط قلب ابھار مشتری تک چلی گئی ہے۔ جو ماں کے بعد خلق خدا اور روحانی تدبیروں دعاؤں سے فتح مندی کامیابی عزت شہرت ایڈمن پاور کی نشان دہی کرتی ہے۔ اور پامسٹری کے اصولوں سے زیادہ ان کے ہاتھ میں کامیابی کے ثمرات سماجی تعلیمی کاموں میں حصہ لینے مستقل مزاجی سے کوشش اور خصوصاً روحانی تدبیر کا دخل زیادہ دکھائی دیتا ہے۔ نتیجہ ہم یوں نکال سکتے ہیں کہ پاکستان میں 70 سالوں سے کسی نے مدینہ جیسی ریاست کا نعرہ نہیں لگایا۔ سرکار دو عالم ﷺ کی نظر کرم قدرت کاملہ کی طرف سے ہمارے وزیراعظم عمران احمد خان نیازی کو اقتدار روحانی طریقے سے عطا ہوا۔ https://youtu.be/ekKR9gp6sF4

2018ء میں پاکستان کا ستارہ پھر بدل گیا؟

عالمی جغرافیائی تبدیلیوں کے ساتھ عالمی نقشہ پر اُبھرنے والے ممالک کے علم الفلکیات کی روشنی میں نئے زائچے بن جاتے ہیں

یہ مختصر تحقیقی مضمون شائقین علم نجوم کے لیے لکھا گیا جسے عام قارئین بھی بہن بھائی بھی پڑھ سکتے ہیں۔ **شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی**

عالمی جغرافیائی تبدیلیوں کے ساتھ عالمی نقشہ پر اُبھرنے والے ممالک کے علم الفلکیات کی روشنی میں نئے زائچے بن جاتے ہیں۔ جیسے دوسری جنگ عظیم کے خاتمہ پر بھارت اور پاکستان دنیا کے نقشہ پر اُبھرے۔ ماضی قریب میں متحدہ ہائے روس کے ٹکڑے ہوئے اور اس سے کئی آزاد مسلم ممالک نے جنم لیا یا پھر انقلاب ایران کے بعد ایران کا عالمی نقشہ تو وہی رہا مگر از روئے نجوم ایران کے بھی نئے زائچہ نے جنم لیا۔ اس طرح 14/15 اگست 1947ء کو بننے والا سب سے بڑا اسلامی ملک مغربی پاکستان اور مشرقی پاکستان عالمی سازشوں کے سبب 1971ء میں دولخت ہوگیا۔ یوں ہمارا آدھا ملک کٹ کر بنگلہ دیش بن گیا اور مغربی پاکستان اب صرف پاکستان کہلاتا ہے۔ کچھ سنجیدہ منجم یہ خیال کرتے ہیں کہ اب پاکستان کا نیا زائچہ زیادہ مؤثر ہے۔ چند سالوں سے ہم زنجانی جنتری میں اس پر مسلسل بحث وتحریر کرتے چلے آرہے ہیں۔ اول زائچہ پاکستان کا حاکم ستارہ مریخ جس سے منگل منسوب ہے، لہٰذا گزشتہ ساٹھ سالوں میں منگل کے دن کی پاکستان میں بہت اہمیت رہی ہے۔ پاکستان میں چھ حکومتیں مارشل لاء اور جوڈیشل مارشل لاء منگل ہی کو ختم ہوئیں۔ جس کا چارٹ حسب ذیل ہے:

(1) مارشل لاء ایوب خان	7 اکتوبر 1958ء	بروز منگل	(2) مارشل لاء یحییٰ خان	25 مارچ 1969ء	بروز منگل
(3) سول مارشل لاء ذوالفقار علی بھٹو	21 دسمبر 1971ء	بروز منگل	(4) مارشل لاء ضیاء الحق	05 جولائی 1977ء	بروز منگل
(5) فوجی حکومت جنرل مشرف	12 اکتوبر 1999ء	بروز منگل	(6) جوڈیشل مارشل لاء (وزیراعظم گیلانی)	19 جون 2012ء	بروز منگل

قارئین دیکھا آپ نے سبھی دن منگل ہی کے ہیں۔ کیا پاکستان میں یہ اتفاق ہے یا نحوست؟

ہمارا وطن عزیز پاکستان اگر ایک سرکاری ملازم ہوتا تو 2007ء میں ساٹھ سال کا ہوکر ریٹائر ہوجاتا۔ پاکستان ہمارا ملک ہے جو ہمیشہ قائم رہنے

کے لیے بنا ہے۔ کسی بھی شخص کے زائچہ میں ستارہ زحل آسمانی کونسل میں ایک چکر 30 سال میں مکمل کرتا ہے اور زحل کے دو چکر مکمل ہونے پر ریٹائرمنٹ کروادیتا ہے، اس سے ہم اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ پاکستان کے پہلے ساٹھ سال میں 5 بار مارشل لاء جو منگل کے دن لگے۔ اس کا نظام اب ریٹائر ہو چکا ہے۔ سابق آرمی چیف جنرل راحیل شریف کے دور میں اندرونِ ملک اور خصوصاً دارالخلافہ اسلام آباد میں سیاسی حالات اس قدر خراب ہوئے کہ ماضی کی طرح ہمارے مقبول آرمی چیف جنرل راحیل شریف اگر ملک میں مارشل لاء لگا دیتے تو پوری پاکستانی قوم ماسوائے چند سیاسی لوگوں کے جنرل راحیل شریف کے مارشل لاء کا خیر مقدم کرتی مگر مارشل لاء نہ لگا، اس سے یہ نتیجہ باآسانی عکس ہوتا ہے کہ پہلے ساٹھ سال میں جاری نظام مارشل لاء کا سسٹم ریٹائر ہو چکا ہے اور اگلے ساٹھ سال میں جوڈیشل مارشل لاء کا دور شروع ہو چکا ہے۔ ہماری عدلیہ اس وقت انتہائی مضبوط پوزیشن میں ہوتے ہوئے اہم سیاسی فیصلے کر رہی ہے۔ پہلا اہم سیاسی فیصلہ 19 جون 2012ء بروز منگل کو آیا۔ اُس وقت کے وزیراعظم سیّد یوسف رضا گیلانی کو اپنے عہدے سے سبکدوش کر دیا گیا اور اب 2017ء میں وزیراعظم میاں محمد نواز شریف صاحب کو 28 جولائی 2017ء بروز جمعہ جوڈیشل مارشل لاء لگا کر اُن کو اُن کے عہدے سے سبکدوش کر دیا گیا۔

شائقین علم نجوم اور منجمین و اساتذہ نجوم متوجہ ہوں کہ گذشتہ سال زنجانی جنتری 2018ء میں ہم نے توجہ دلائی تھی کہ پاکستان کا ستارہ بدل گیا ہے۔ چونکہ یہ خالصتاً تحقیق کا شعبہ ہے، چند سنجیدہ دوستوں نے ہی اس جانب توجہ دی۔ سبھی کی یادداشت ابھی تازہ ہوگی کہ پاکستان میں "فاٹا" کو شامل کیا گیا ہے۔ سیاسی نجوم میں سینئر منجمین کا ماننا ہے کہ ملکوں کی جغرافیائی تبدیلی ایک نئے زائچہ کی بنیاد بنتی ہے۔ سابق صدر پاکستان جناب ممنون حسین صاحب نے پاکستان کے نقشہ میں فاٹا کو ضم کرنے کے صدارتی حکم پر دستخط 25 مئی 2018ء دوپہر 14 بج کر ایک منٹ، اسلام آباد میں کیے۔ اس وقت اسلام آباد کے اُفق پر برج سنبلہ 6 درجہ طلوع تھا۔ یوں زائچہ پاکستان کا نیا طالع برج سنبلہ ستارہ عطارد بن گیا ہے۔ اس نئے زائچہ کی روشنی میں ریسرچ کی ابتداء کی جا رہی ہے۔ زائچہ میں مہادشا قمر 23 اگست 2020 تک جاری رہے گی۔ مہادشا قمر میں اِنتر دشا زہرہ 24 جون 2018ء تا 3 فروری 2020ء تک جاری رہے گی۔ ستارہ زہرہ سیاسی نجوم میں دوسرے (جغرافیائی وسعت) اور نویں (نئے ملکی قوانین) کا گھر ہے۔ پاکستان کے نقشہ میں وسعت کے لیے نئے قوانین کی صدر پاکستان کے دستخط سے عمل داری آگئی۔ ستارہ زہرہ زائچہ کے دسویں سربراہ مملکت کے گھر طاقتور ہو کر چوتھے ارضِ وطن کو مکمل ناظر ہے۔ یہ نئے پاکستان اور تبدیلی کا اشارہ ہے۔ پہلی اہم سیاسی تبدیلی اس نئے زائچہ پاکستان کے تحت یہ آئی کہ تحریک انصاف تبدیلی کا نعرہ لگانے والی سیاسی پارٹی کو اقتدار پانچ ووٹوں کی معمولی اکثریت سے ملا۔ وزیراعظم عمران احمد خان نیازی صاحب نے حلف اُٹھاتے ہی پاکستان کو مدینہ جیسی ریاست بنانے کا اعلان کر دیا۔ ستارہ زہرہ سے منسوب دن جمعہ، جمعہ کو ہم سب جمعۃ المبارک ایام کا سردار اور اس کا تعلق مذہب اسلام سے ہے۔ ہم یہاں پاکستان کا نیا زائچہ بمعہ پرانے دونوں زائچہ بھی شائقین و قارئین نجوم کو پیش کر رہے ہیں۔

سیاسی نجوم میں ستارہ زہرہ جمہوریت سے منسوب ہے اور ہمارے پڑوسی ملک بھارت کا بھی طالع برج ثور اور ستارہ زہرہ ہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بھارت میں آج تک کبھی مارشل لاء نہیں لگا اور کبھی مضبوط اور کبھی کمزور سیاسی حکومت بھارت میں ہمیشہ قائم رہی۔ اب حسن اتفاق سے پاکستان کا نیا سیاسی زائچہ برج ثور اور ستارہ زہرہ مانا جائے گا۔ اب تیسرا زائچہ طالع برج سنبلہ 6 درجے مالک ستارہ عطارد بن گیا ہے۔ جو ہم سب شائقین کے زیرِ غور ریسرچ کیلئے آگیا ہے۔ ہمارے بزرگ دوست پروفیسر ڈاکٹر اعجاز حسین بٹ صاحب قائداعظم کے گورنر جنرل آف پاکستان بننے کے وقت 14 اگست 1947ء کراچی بوقت صبح 9 بجکر 35 منٹ کو تا زندگی اہمیت دیتے رہے یہ زائچہ بھی طالع برج سنبلہ 6 درجہ 55 دقیقہ کا ہے۔ اگر آج زندہ ہوتے تو ہمیں ضرور کہتے کہ پاکستان دوبارہ اپنے جنم میں پلٹ آیا ہے۔

از تحریر: سیّد انور فراز، کراچی

وزیراعظم عمران خان نیازی ملک کو معاشی بحران سے نکالنے میں کامیاب ہو جائیں گے

مرے موسموں کے بھی طور تھے، مرے برگ و بار ہی اور تھے ؍ مگر اب روش ہے الگ الگ مگر اب ہوا کوئی اور ہے

44 میزان 01

18 اگست 2018ء اسلام آباد صبح 10 بجکر 24 منٹ

وزیراعظم عمران احمد خان نیازی علم نجوم کی روشنی میں

YouTube

عمران خان کو اقتدار کہاں سے ملا اور کب تک چلے گا؟

عام لوگ وقت کی اہمیت کا مکمل ادراک نہیں رکھتے بلکہ اس بات کی پروا بھی نہیں کرتے کہ کون سا کام کس وقت کرنا بہتر ہے، جب ذہن میں کوئی کام آ گیا، اٹھ کھڑے ہوئے اور شروع کر دیا، اسی وجہ سے اکثر ناکامیوں اور مایوسی سے واسطہ پڑتا ہے، خاص طور پر اہم کام کی انجام دہی کے لیے کسی مناسب اور سعد وقت کا انتخاب ضرور کرنا چاہیے، شادی بیاہ، کاروبار، جاب، سفر شروع کرنے کے لیے ہمیشہ کسی بہتر وقت کا انتخاب ضروری ہے۔

ہمارے قارئین کو یاد ہوگا کہ 2013ء میں جناب نواز شریف نے جب بہ حیثیت وزیراعظم حلف لیا تھا تو ہم نے لکھا تھا کہ یہ وقت انتہائی نامناسب اور تباہ کن ہے، کسی وزیراعظم کا حلف جیسے اہم معاملے کو خراب وقت میں انجام دینا خود اس کے لیے اور قوم و ملک کے لیے بھی نیک شگون نہیں ہوتا، چناں چہ ہم نے دیکھا کہ ان کا پانچ سالہ دور اقتدار کیسی کیسی ناگہانی آفات و مشکلات کا شکار ہوا، وہ خود بھی اب قید و بند کی تکلیف برداشت کر رہے ہیں۔اور آج ہی ایام قید میں ان کو اور ہم سب کو یہ بُری خبر ملی کہ انکی اہلیہ محترمہ کلثوم نواز صاحبہ کا لندن میں انتقال ہو گیا صد افسوس کے ساتھ ہم انکی بلندی درجات اور پسماندگان کے صبرِ جمیل کے لیے دُعا گو ہیں۔

تحریک انصاف 18 اگست 2018ء کی کامیابی کے بعد عمران خان وزیراعظم کے لیے منتخب ہوئے اور انھوں نے اسلام آباد کے وقت کے مطابق صبح 10:24 am پر حلف اٹھایا اور حلف نامے پر دستخط کیے، اُس وقت اسلام آباد کے اُفق پر ان کے ذاتی برج میزان کے ایک درجہ 43 دقیقہ طلوع تھے جب کہ قمر بھی برج میزان میں 29 درجہ 57 دقیقہ چاند کی منزل وشاکھا میں تیسرے قدم پر تھا، برج میزان ہی میں سیارہ مشتری بھی موجود ہے جو زائچے کے تیسرے گھر کا حاکم ہے، یوگ کارک سیارہ زحل تیسرے گھر میں ہے، ساتویں گھر کا حاکم سیارہ مریخ چوتھے گھر میں شرف یافتہ ہے، اسی گھر میں کیتو اور برج سرطان میں راہو اور بارھویں گھر کا حاکم سیارہ عطارد ہے، شمس زائچے کے گیارھویں گھر میں اپنے گھر کا ہے۔بدقسمتی سے حلف کے وقت برج میزان کا حاکم سیارہ زہرہ زائچے کے بارھویں گھر میں ہبوط یافتہ ہے، گویا زائچے کا حاکم سیارہ نہایت کمزور پوزیشن رکھتا ہے، یہ کمزوری صاحب زائچہ کو اپنے فرائض کی ادائیگی میں پریشان کرے گی، صحت کے معاملات بھی تسلی بخش نہ رہیں گے، مسلسل خفیہ سازشوں کی زد میں رہیں گے اور ابتدا ہی سے یہ صورت حال نظر آ رہی ہے، عام طور پر نئی حکومت کو سنبھلنے اور قدم جمانے کا موقع دیا جاتا ہے اور جانے والی حکومت پر اس کی ماضی کی کارکردگی کی بنیاد پر تنقید کی جاتی ہے، پاکستان کی تاریخ میں شاید یہ پہلا واقعہ ہے کہ صورت حال اس کے برعکس ہے، نئی حکومت اور خود عمران خان کی ذات کو مستقل ہدف بنایا جا رہا ہے، جب کہ گزشتہ پانچ سال میں ملک کو معاشی طور پر تباہ کرنے والی حکومت پر میڈیا خاموش ہے۔

بعض دیگر حوالوں سے زائچہ بہتر ہے، پہلے گھر میں قمر اور مشتری موجود ہیں اور گج کیسری یوگ بنا رہے ہیں، یہ یوگ جس زائچے میں ہو اور سعد گھروں میں تو مثبت اثر دیتا ہے، ایسے لوگ ترقی کرتے ہیں اور آہستہ آہستہ اپنی پوزیشن کو مضبوط بناتے ہیں، قدیم کلاسیکل تشریحات کے مطابق ایسے لوگ خلق خدا کی بھلائی کے

کاموں پر توجہ دیتے ہیں اور سرائے، کنوئیں یا پل وغیرہ بنواتے ہیں، الغرض یہ یوگ رفاہی اور اصلاحی کاموں میں مددگار ہوتا ہے، صاحب زائچہ ایسے کام کر جاتے ہیں جنھیں یاد رکھا جاتا ہے، فوری طور پر وزیراعظم عمران خان نے ڈیم بنانے میں جس دلچسپی اور سرگرمی کا اظہار کیا ہے اگر وہ اس میں کامیاب ہو جاتے ہیں تو یقیناً ایک ایسی یادگار اپنے پیچھے چھوڑ جائیں گے جسے آنے والی نسلیں فراموش نہ کرسکیں گی۔ دوسرا یوگ چندر منگل یوگ ہے یعنی قمر سے چوتھے گھر میں شرف یافتہ مریخ براجمان ہے، اس یوگ کا حامل آمدن کے ذرائع ڈھونڈنے اور انھیں بہتر بنانے کی عمدہ صلاحیت رکھتا ہے، چناں چہ توقع کرنا چاہیے کہ صاحب زائچہ بالآخر پاکستان کو معاشی بحران سے نکالنے میں کامیاب ہوگا۔ تیسرا اہم ترین یوگ "رچا کا یوگ" ہے یعنی سیارہ مریخ چوتھے گھر میں شرف یافتہ اور نہایت طاقت ور پوزیشن رکھتا ہے، یہ تنہا راج یوگ کے برابر ہے کیوں کہ ایسے لوگ اقتدار حاصل بھی کرتے ہیں اور پھر آسانی سے اسے ہاتھ سے جانے نہیں دیتے، وہ اپنا اقتدار برقرار رکھنے کے لیے جائز ناجائز کی پروا بھی نہیں کرتے، ماضی میں رچا کا یوگ جرمنی کے چانسلر ایڈولف ہٹلر اور پاکستان کے سابق وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے زائچے میں موجود تھا، رچا کا یوگ کلاسیکل ویدک سسٹم میں ان پانچ یوگوں میں سے ایک ہے جنھیں "پنچم مہاپرش یوگ" کہا جاتا ہے یعنی دنیا کے غیر معمولی افراد کے زائچوں میں ان پانچ یوگوں میں سے کوئی ایک یوگ کا ہونا ضروری ہے۔

ممکن ہے کہ کسی مرحلے پر اپوزیشن عمران خان کے خلاف تحریک عدم اعتماد لے آئے

تیسرا اہم اثر راج یوگ کا عمران خان کا سخت اور بے لچک رویہ ہوگا، وہ اپنے اصولوں پر سمجھوتا نہیں کریں گے، وقتاً فوقتاً بھرپور قوت کا اظہار کرتے ہوئے اپنے مخالفین کے لیے ایک دودھاری تلوار ثابت ہوں گے، یہ بھی ممکن ہے کہ وہ اگر یہ دیکھیں کہ وہ اپنے مقاصد کے حصول میں ناکام ہو رہے ہیں اور اپوزیشن ان کے راستے میں رکاوٹ ڈال رہی ہے تو وہ وقت سے پہلے ہی اسمبلی توڑ کر نئے انتخابات کی کال دے دیں اور دوبارہ کامیاب ہو کر میدان میں آئیں۔

سوائے سیارہ زہرہ کے باقی تمام سیارگان زائچے میں مناسب پوزیشن رکھتے ہیں، ان کے ضعف وقوت سے قطع نظر وہ سعد گھروں میں قابض ہیں، حلف کے وقت قمر چاند کی منزل وشاکھا میں تھا، اس منزل کا حکمران سیارہ مشتری ہے جو اعلیٰ قائدانہ صلاحیت دیتا ہے، ایسے لوگ تمام مذاہب کو ایک نظر سے دیکھتے ہیں، سچائی پسند، سیاسی رجحان اور انسان دوستی جیسے اوصاف کے حامل ہوتے ہیں لیکن نچھتر کا تیسرا قدم فتنہ وفساد کے مسائل لاتا ہے، وشاکھا نچھتر ملے جلے اثرات رکھتا ہے اور سعد اثر کا حامل ہے جس میں روزمرہ سرگرمیاں انجام دی جاسکتی ہیں، خیال رہے کہ ویدک سسٹم میں مہورت کے وقت کو بڑی اہمیت حاصل ہے اور اس سلسلے میں قمری منزل کو ہرگز نظرانداز نہیں کیا جاتا، یہ نچھتر بھی کسی حد تک جارحانہ مزاجی کا مظاہرہ کرتا ہے اور اقتدار کو سپورٹ کرتا ہے، زائچے میں مشتری کا دور اکبر جاری ہے جب کہ دور اصغر سیارہ قمر کا ہے۔

وزیراعظم عمران خان وقت سے قبل اسمبلی توڑ کر انتخابات کی کال دے سکتے ہیں

امکان ہے کہ یہ وقت موجودہ کابینہ میں بھی ردوبدل کا باعث ہوسکتا ہے، اپوزیشن کا احتجاج بھی شدت اختیار کرے گا اور ملک میں ایسے حالات پیدا ہوسکتے ہیں جو عمران خان کے لیے زیادہ پریشانی کا باعث ہوں، اس وقت ان کی ساکھ اور عزت ووقار کو بھی خطرہ ہوسکتا ہے۔ ایسے وقت کے لیے صدقات اور غریبوں کی بھلائی کے کام زیادہ سے زیادہ کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، مئی سے زائچے میں سیارہ مریخ کا دور اصغر شروع ہوگا تو وزیراعظم ایسی پوزیشن میں آجائیں گے جب وہ سب کرسکیں گے جو کرنا چاہتے ہوں گے اور بالآخر اپنی مدت پوری کرنے میں کامیاب ہوجائیں گے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

> **اس زائچے کے مطابق مئی 2019ء تک مشکلات کا سامنا رہے گا اور خاص طور پر 19 دسمبر 2018ء سے فروری 2019ء تک اور 2 جون 2019ء سے 18 اگست 2019ء تک ایک نہایت سخت وقت کی نشان دہی ہورہی ہے گویا تحریک انصاف کی حکومت کا پہلا ایک سال آسان نظر نہیں آتا، عمران خان کو اس عرصے میں اپنی سیکیورٹی کے سلسلے میں بھی زیادہ محتاط رہنے کی ضرورت ہوگی۔**

عمران خان کے زائچے اور تحریک انصاف کے زائچے پر ہم پہلے تفصیل سے لکھ چکے ہیں، اب مختصراً زائچہ حلف پر بھی کچھ گزارشات پیش کی ہیں، اس موقع پر جناب نصیر ترابی کا ایک شعر بھی قارئین کی نظر ہے

مرے موسموں کے بھی طور تھے، مرے برگ و بار ہی اور تھے
مگر اب روش ہے الگ الگ مگر اب ہوا کوئی اور ہے

از تحریر: سیّد انور فراز، کراچی

وزیر اعظم نریندر مودی اور بھارت کے زائچے پر ایک نظر

بھارت کے خراب دور کا آغاز، معاشی دباؤ، اسکینڈل اور آسمانی آفات

ہمیں دھمکیاں دینے والا انڈیا آنے والے مہینوں میں جن خطرات اور نقصانات کا سامنا کرنے والا ہے، اس کا شاید نریندر مودی اور جنرل روات کو اندازہ نہیں ہے

پاکستان کی مصالحانہ اور امن پسندانہ پیش کش کا جواب بھارت نے جس انداز میں دیا، وہ یقیناً کوئی مستحسن رویہ نہیں ہے، مزید یہ کہ بھارتی جنرل بپن روات نے تو اپنے جنگ جویانہ عزائم کا بھی اظہار کر دیا جو دوسرے الفاظ میں کھلی دھمکی ہے، بہر حال اس صورت حال میں پاکستان کو بھی سخت جواب دینا پڑا، عمران خان نے ٹوئٹر پر بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے حوالے سے جو کچھ کہا، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ ایسا نہیں کہنا چاہیے تھا، یہ ڈپلومیسی کے خلاف ہے، ان کا جو کام ہے وہ اہل سیاست جانیں، ہم 2014ء میں نریندر مودی کے زائچہ پیدائش پر خاصی تفصیل سے لکھ چکے ہیں لیکن حقیقت یہ ہے کہ موقع محل کی مناسبت سے بہت سی باتیں اور بہت سے پہلو اکثر زیر بحث نہیں آتے، ہمارا خیال ہے کہ عمران خان نے جو کچھ کہا ہے وہ درست ہے، نریندر مودی فطری طور پر خاصے کینہ پرور اور نچلی سطح کے انسان ہیں، ان کا خاندانی پس منظر بھی بے حد پس ماندہ رہا ہے، ضروری ہے کہ ایک بار پھر ان کے زائچے پر نظر ڈال کر بعض اہم حقائق کی نشان دہی کر دی جائے۔

نریندر مودی کی تاریخ پیدائش 17 ستمبر 1951 (مہسنا) اور وقت پیدائش 12:10 pm ہے، ان کا پیدائشی طالع برج عقرب ہے، یہ ایک متشدد برج ہے، انتہا پسندانہ نظریات عقربی افراد قبول کرتے ہیں، اگر سیارہ مریخ زائچے میں اچھی پوزیشن رکھتا ہو تو شدت پسندی میں کمی آتی ہے لیکن نریندر مودی کے چارٹ میں سیارہ مریخ اپنے ہبوط کے برج سرطان میں ہے اور زائچے کے پہلے اور چھٹے گھر کا حاکم ہے، مریخ کی یہ کمزوری انھیں زیادہ انتہا پسند، کینہ پرور اور جھگڑالو مزاج کا حامل بناتی ہے، کینہ پروری کا اندازہ اس واقعے سے بھی کیا جا سکتا ہے کہ انھوں نے اپنے بنگلہ دیش کے دورے کے موقع پر کھل کر اعتراف کیا کہ پاکستان کو دولخت کرنے میں ہم نے کردار ادا کیا تھا، ان کے مزید ارادے بھی کچھ ایسے ہی ہیں جن کا اظہار ان کے ایک سیکریٹری بھی کر چکے ہیں، انھوں نے اپنے سیاسی کریئر کا آغاز بھی بھارت کی ایک کٹر مذہبی نظریات کے حامل جماعت آئی ایس ایس آر سے کیا تھا، اپنے وزارت اعلیٰ کے دور میں ہونے والے گجرات کے فسادات کے حوالے سے بھی ان کی شخصیت کسی تعارف کی محتاج نہیں ہے، وہ ان لوگوں میں سے ہیں جو اکھنڈ بھارت کے خواب کو تعبیر دینا چاہتے ہیں۔ بے شک ان کے زائچے میں قمر اور مشتری گج کیسری یوگ اور ہمسا یوگ بنا رہے ہیں جو ذہانت اور دانش وری کے لیے مشہور ہے مگر کسی بھی یوگ کے اثرات کا جائزہ لیتے ہوئے زائچے کی مجموعی صورت حال کو بھی مدنظر رکھنا پڑتا ہے، چوتھے گھر کا حاکم سیارہ زحل بھی نوامسا میں ہبوط یافتہ ہے، قمر نہایت حساس برج حوت میں ہے اور قمر کی منزل ریوتی ہے جس پر عطارد حکمران ہے، بے شک غیر معمولی ذہانت اور ہوشیاری اس نچھتر کی علامت ہے لیکن اگر زائچے کی مجموعی صورت حال دگرگوں ہو تو یہی ذہانت اور ہوشیاری منفی رُخ اختیار کرتی ہے، زائچے کے منفی پہلوؤں میں راہو کیتو کی پوزیشن بہت اہم ہے، سیارہ عطارد راہو کیتو محور میں پھنسا ہوا ہے، مزید یہ کہ بارھویں گھر کا حاکم زہرہ بھی عطارد کو متاثر کر رہا ہے جس کے نتیجے میں ریوتی نچھتر

کے حامل صاحب زائچہ کی سوچ میں کج روی کا امکان پایا جاتا ہے، زندگی کی ابتدا ہی میں مایوسی، احساس کمتری اور اپنی کم مائیگی کا احساس ہوسکتا ہے، گرم مزاجی، ہٹ دھرمی اور اڑیل پن بھی ایسے لوگوں میں دیکھا جاسکتا ہے، مفاد پرستی ان کے مزاج کا حصہ ہوسکتی ہے، حال ہی میں ایک اسکینڈل بھی سامنے آچکا ہے، ان کی فطری حساسیت بعض اوقات خطرناک حدود تک پہنچ سکتی ہے لہٰذا اپنے مفادات کے لیے یا اپنی پارٹی کے مفادات کے لیے یہ کسی حد تک بھی جاسکتے ہیں، دنیا میں تیسری عالمی جنگ اگر شروع ہوگی تو اسے شروع کرنے والے کرداروں میں ان کا نام بھی شامل کیا جاسکتا ہے۔ آئندہ سال بھارت میں الیکشن ہوں گے، اب تک نریندر مودی اور ان کی پارٹی کی کارکردگی بھارتی عوام کے لیے بہت زیادہ اطمینان بخش نہیں رہی ہے، یقیناً وہ پاکستان کارڈ استعمال کرکے اپنے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کرسکتے ہیں اور اس حوالے سے کسی ایسی مہم جوئی کا آغاز بھی کرسکتے ہیں جس کا کریڈٹ لے کر عوام کی نظروں میں سرخرو ہوسکیں، آیئے اس صورت حال کو مزید سمجھنے کے لیے بھارت کے پیدائشی زائچے پر بھی ایک نظر ڈال لی جائے۔

بھارتی زائچہ

بھارت کے زائچے کی پوزیشن بھی دن بہ دن نازک سے نازک تر ہوتی جارہی ہے، زائچے میں سیارہ قمر کا دورِ اکبر جاری ہے، قمر تیسرے گھر میں ہے اور اس پر غضب ناک راہو کی نظر ہے، ہم نے کافی پہلے بھارتی زائچے کے حوالے سے لکھا تھا کہ قمر کا دورِ اکبر انڈیا کو انتہا پسندانہ نظریات کی طرف لے جائے گا لہٰذا ستمبر 2015ء سے بھارت میں انتہا پسندانہ رجحانات میں مستقل اضافہ ہورہا ہے، مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں کے لیے صورت حال بہتر نہیں ہے، اب قمر ہی کے دورِ اکبر میں 11 اگست 2018ء سے مشتری کا دورِ اصغر شروع ہوچکا ہے، سیارہ مشتری آٹھویں گھر کا مالک ہوکر زائچے کا سب سے منحوس سیارہ ہے، اپنی ٹرانزٹ پوزیشن میں مشتری زائچے کے چھٹے گھر سے گزر رہا ہے اور اکتوبر ہی میں ساتویں گھر میں داخل ہوگا تو انڈیا کی جانب سے ایسے فیصلے اور اقدام سامنے آسکتے ہیں جو پاکستان کے لیے نامناسب یا نقصان دہ ہو، سرحد پر جھڑپوں میں اضافہ یا کسی سرجیکل اسٹرائیک کی کوشش کے امکان کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، یہ وقت بیرون ملک تعلقات پر بھی ناخوش گوار اثر ڈالے گا، یہ صورت حال اندرون و بیرون ملک تنازعات کو بڑھاوا دے گی۔

دسویں گھر کا حاکم سیارہ جس کا تعلق وزیراعظم اور ان کی کابینہ سے ہے، آٹھویں گھر میں مصیبت زدہ ہے اور اس پر پیدائشی مریخ کی نحس نظر ہے، اسی نظر کا شاخسانہ موجودہ فرانچ اسکینڈل ہے، دوسرے معنوں میں مودی صاحب کے لیے یہ کوئی اچھا وقت نہیں ہے، وہ اور ان کی کابینہ غلط فیصلے اور اقدام کرسکتے ہیں، مزید یہ کہ بھارتی معیشت اور تجارت کے لیے بھی خاصے اندیشے اور خطرات موجود ہیں، کرنسی اور اشیائے ضرورت کی قیمتوں میں اتار چڑھاؤ بھی دیکھنے میں آئے گا نومبر میں جب سیارہ مریخ دسویں گھر میں داخل ہوگا تو موجودہ اسکینڈل مزید شدت اختیار کرے گا، اس وقت راہو کیتو بھی زائچے کے پہلے، تیسرے، ساتویں، نویں اور گیارہویں گھروں کو متاثر کررہے ہوں گے۔

ہمیں دھمکیاں دینے والا انڈیا آنے والے مہینوں میں جن خطرات اور نقصانات کا سامنا کرنے والا ہے، اس کا شاید نریندر مودی اور جنرل روات کو اندازہ نہیں ہے، ایسی ہی صورت حال نئے سال 2019ء میں بھی نظر آتی ہے جس میں شدید بدنظمی، انتشار اور عوامی احتجاج کے ساتھ ہی حادثات اور قدرتی آفات کا سامنا بھی ہوسکتا ہے۔ خیال رہے کہ دسمبر کے آخری ہفتے سے راہو کیتو کی پوزیشن آئندہ سال فروری تک پیدائشی قمر کو بری طرح متاثر کرے گی، یہ وقت بھی بھارت اور پاکستان کے درمیان مزید کشیدگی کا سبب بنے گا، دونوں طرف سے انتہا پسندانہ رجحانات عروج پر ہوں گے، عوام اور میڈیا اس حوالے سے غیر ذمے دارانہ کردار ادا کریں گے، بھارت میں الیکشن کی فضا تیز ہورہی ہوگی، ایسی صورت میں برسراقتدار پارٹی ہر وہ حربہ استعمال کرے گی جو الیکشن جیتنے میں مددگار ثابت ہو، اس بار بھارت میں ہونے والے الیکشن پرامن نہیں نظر آتے، ان میں تشدد کا رجحان زیادہ ہوگا، اس کے نتیجے میں خانہ جنگی کی سی کیفیت پیدا ہوسکتی ہے۔ بھارتیہ جنتا پارٹی کا قیام 6 اپریل 1980ء بمقام دہلی 11:45 am کو ہوا تھا، اس اعتبار سے اس پارٹی کا طالع برج جوزا ہے، مشتری زائچے کے تیسرے گھر میں راہو کیتو محور میں ہے، زائچے کا طاقت ور ترین سیارہ شمس ہے، 2014ء کے الیکشن میں شمس کا دورِ اکبر اور مشتری کا دورِ اصغر جاری تھا، سیارہ زحل اپنے شرف کے گھر میں مکمل سپورٹ دے رہا تھا لیکن آئندہ سال 2019ء کے الیکشن میں صورت حال خاصی مختلف نظر آتی ہے، پارٹی کے زائچے میں اب قمر کا دورِ اکبر جاری ہے اور قمر اپنے برج ہبوط میں اور چھٹے گھر میں ہے، الیکشن کے وقت دورِ اصغر مریخ کا ہوگا، یہ بھی راہو کیتو کے محور میں ہے لہٰذا آنے والے انتخابات میں بی جے پی شاید ایسی کامیابی حاصل نہ کرسکے جیسی کہ 2014ء میں حاصل کی تھی، اس بات کا امکان بھی موجود ہے کہ نریندر مودی دوسری بار وزیراعظم نہ بن سکیں گے۔

از تحریر: سید محمد علی زنجانی

2019ء میں تیسری عالمگیر جنگ مشہور عالمی منجمین ناسٹروڈامس اور ایڈگر کیسی کی پیش گوئیاں

زحل پلوٹو اور زحل کیتو قرانات 2019 2020

دنیاوی معیشت کیلئے انتہائی بُرا سال ثابت ہوگا

زحل 30 سال لگاتا ہے بارہ منطقۃ البروج کے گرد اپنا چکر مکمل کرنے کیلئے۔ اور تقریباً ہر برج میں ڈھائی سال گزارتا ہے۔ اسلئے ہم عمر لوگوں کے زائچہ میں زحل کی نشست ایک جیسی ہوئی ہے۔ مشتری کے بعد یہ وہ دوسرا سیارہ ہے جو ہمارا نسلی کردار پیش کرتا ہے۔ اگر یہ اچھی نظر کے زیر سایہ ہو تو زحل ہمیں اپنی قوت کو صحیح استعمال کرنے کا زاویہ دیتا ہے۔ اور ہمیں بہتر زندگی گزارنے کیلئے منصوبہ بندی کے اختیار، نظم وضبط اور مضبوطی دیتا ہے۔ زحل کی اگر خراب نظر یا نشست ہو تو یہ ہمیں ناکامی، مایوسی اور کاموں میں رکاوٹیں پیدا کرتا ہے۔ زحل کی خراب نشست اکثر بغاوت اور انقلاب پیدا کرتی ہے۔ ہر 33 سال بعد زحل پلوٹو قران ہوتا ہے۔

نوٹ:۔ پلوٹو ہمیشہ جدت پیدا کرنے کیلئے تباہی ضرور مچاتا ہے۔ ایسی موت جو نیا جنم دے، پلوٹو برج عقرب کا حاکم سیارہ ہے۔

زحل رکاوٹ کا سیارہ، پابندی کا سیارہ، روحانیت کے سیارے پلوٹو کے ساتھ جب قران کرے گا تو ایک پیچیدہ دور کا آغاز ہوگا جو مذہبی تنازعہ، انتشار کے واقعات اور گہری تبدیلی کے واقعات پیدا کرے گا۔ یہ نظر ایک سخت ماحول پیدا کرے گی۔ مگر ہماری مثبت تبدیلیوں کی اجتماعی طور پر حوصلہ افزائی کرے گی۔ یہ وقت اس دور کے نظام کو چیلنج کرے گا اسکے ساتھ فلسفیانہ خیالات اور مذہبی خیالات کو بھی۔ عالمی چیلنج ٹکراؤ کا ماحول بنا رہے گا۔ جو مختلف ممالک میں بیک وقت شروع ہو جائیں گی اپنے اپنے مفادات کیلئے کافی ممالک شدید نقصان اُٹھائیں گے۔ جبکہ ہمارا انٹرنیٹ، ٹرانسپورٹ، سیاست اور سماجی مصلحت کسی نا کسی طرح چلتے رہیں گے۔ اس چیز کا اندیشہ ہے کہ چھوٹے پیمانے پر ملکوں میں ایٹمی حملے ہو سکتے ہیں۔ وہ ممالک جو ان جنگوں سے بچ کر رہیں گے وہ دنیاوی مصلحت کو سیاسی اور سماجی طور پر بحال کرنے کی کوشش کرتے رہیں گے۔

خانہ جنگی عروج پر ہوگی اور ہو سکتا ھے مسئلہ کشمیر ھندوستان کے ھاتھ سے نکل جائے اور کشمیر کو آزاد ریاست تسلیم کرنے پر مجبور ہو جائے۔

ڈونلڈ ٹرمپ پر اعتراضات لگانے والے ناکام ہو جائے گے۔

امریکی جنگی جہاز ڈوب جائے گا۔

کم جونگسن کو شمالی کوریا کے لوگ خود باھر نکال پھینکیں گے۔

امریکی افواج شمالی کوریا کے اھم تجارتی راستے کو تباہ کر دیے گی۔

تھریسا کے برطانوی وزیر اعظم طاقت میں رھے گی۔

اٹلی کے شھر نیپل میں بڑا آتش فشاں پھٹنے کا خدشہ۔

انٹار کٹیکا میں بڑے پیمانے پر برفانی چھجا ٹوٹ جائے گا۔

دنیا میں ایک بیماری پھیلے گی جسکا نام حیاتیاتی دھشت گردی رکھا جائے گا۔

ایٹمی حملہ دھشت گرد کر سکتے ھیں۔

2010-2020ء تک کی سب سے زیادہ درست اور تفصیلی عالمی پیشن گوئیاں

توہم سب جانتے ہیں کہ دوسری جنگ عظیم کے بعد ہم سب سے زیادہ تباہ کن دہائی سے ہم آہنگی کرنے جارہے ہیں۔مگر زیادہ تباہی کے طور پر نہیں بلکہ تصادم کے طور پر۔ آخر ہم کیا بھگتیں گے جو کہ کچھ یوں ہے:۔

1:۔ معاشی بد حالی۔ 2:۔ تشدد اور بدامنی عام نظر آئے گی۔ 3:۔ ملکوں کے درمیان ممکنہ جنگیں۔ 4:۔ اہم انفرادی شخصیات عام عوام پر اپنے بنیاد پرست نظریات (مثبت اور منفی) تھوپنے کی کوشش کرے گی۔

5:۔ اہم ٹیکنالوجی میں پیش قدمی۔

اس کی علم نجوم کے حوالے سے 2 بڑی تربیعات ہیں:۔ یورانس کا برج حمل میں آنا اور پلوٹو سے تربیع کرنا جو برج جدی میں ہے۔جس کے اثرات 2010ء سے 2020ء کے درمیان زیادہ نمایاں ہونگے جسکی شہرت آپ 2014ء میں دیکھ چکے ہیں اور 2019-2020ء میں اثرات ڈالیں گی۔

2019ء میں سب کچھ تباہ ہونے کا خدشہ ہے (سیاسی اقتصادی، حکومتی اور سماجی تباہی) زحل پلوٹو نشست عسکری قوتوں کو نقصان دے گا 2020ء سے قبل ہی۔ پیدا ہونے والے حالات 3 قسم کے ہونگے۔

1:۔ دنیا بھر میں اہم بڑی جنگیں، جبکہ یہ عالمی جنگ نہیں ہوگی بلکہ اسکو آپ چھوٹی عالمی جنگ کہہ سکتے ہیں۔

2019ء نظم وضبط کا سال

سال کی شروعات مشتری کی برج قوس میں موجودگی اور نیپچون کی حوت میں موجودگی کی تربیع سے ہوگی۔ یہ طاقتور نظر خواہش کے تصورات اور دھندلے خیالات کے درمیان چند تضادات پیدا کرے گی۔قوس، حوت، جوزا اور سنبلہ کیلئے احتیاط طلب دور ہوگا۔ برج حمل، ثور، سرطان، اسد، میزان، عقرب، جدی اور دلو میں اس سال خوداعتمادی زیادہ پیدا ہوگی اور اپنی فیصلے کو ترجیح دیں گے۔ خوش قسمتی سے زحل کی جدی میں موجودگی اور نظر خاکی اور آبی برجوں میں بصیرت اور صحت کے معاملات کو اُجاگر کرے گا۔ آتشی اور بادی برجوں کو حقیقت کے ساتھ رابطے میں رہنے کی کوشش کرنی پڑے گی یا حقیقت کے زیادہ قریب ہونا پڑے گا۔زحل کی آہستہ آہستہ پلوٹو کے ساتھ ملاقات ہوگی اور یہ ملاقات فریب نظر کو دور کرے گی اور عقلی شعور پیدا کرے گی۔ برج حوت، ثور، سرطان، سنبلہ اور عقرب کے منفرد اور اچھے سفر کا آغاز ہوگا۔مگر حمل، میزان اور جدی کے لئے مشکل وقت۔ 2020 میں مشتری کا برج جدی میں داخلہ تصورات کی کوئی گنجائش نہیں چھوڑے گا، بلکہ کلی طور پر بلند نظری اور کام پر توجہ دلوائے گا۔ یہ ان تمام لوگوں کیلئے اچھا وقت ہوگا جنکی زندگی کا مقصد صرف کام کام اور صرف کام ہے۔ جبکہ باقیوں کیلئے یہ وقت مایوسی اور نا اُمیدی لے کر آئے گا۔

ہمارے عظیم کرہ ارتقاء کی خاطر اس نظر کی وجہ سے ہم میں سے ہر ایک انفرادی طور پر مجبور ہوگا کہ اپنے نقطہ نظر کو مزید وسیع کر کے اپنے اندر تبدیلی پیدا کریں۔ چیزوں سے چھٹکارا حاصل کرنا ضروری نہیں ہوگا بلکہ تبدیلی زیادہ ضروری بن جائے گی۔

2019ء میں تیسری جنگ عظیم کی پیشنگوئی دنیا کے عظیم ماہر علم نجوم کر چکے ہیں جس میں ناسٹروڈلیمس اور ایڈگر سیمس وغیرہ شامل ہیں بڑھتی ہوئی موسمی تبدیلیاں دہشت گردی جنگیں اور سیاسی عدم استحکام تیسری عالم گیر جنگ کی اہم نشانیاں ہیں۔

زحل کیتو قران برج قوس میں 19 اپریل تا 7 اکتوبر وقفہ وقفہ سے رہے گا۔ روحانی ادارہ آئینہ قسمت اس پر کافی عرصہ سے گہری تحقیق کر رہا ہے کہ آخر یہ عالم گیر جنگ کب ہوگی اور اس کے اثرات کیا ہوں گے اور اس کے بعد کیا حالات پیدا ہونگے۔ 2018ء ایک ایسا سال ہے جس میں اسکا آغاز ہو چکا ہے اور 2019ء میں تیسری عالم گیر جنگ بن کر اُبھرے گی اور اپنا وجود ظاہر کرے گی۔اور یہ عرصہ 2023ء تک رہے گا۔

دوسری جنگ عظیم میں تقریباً 30 ملکوں نے حصہ لیا تھا۔ اور تیسری جنگ عظیم میں تقریباً ہر ملک اپنا 50% حصہ ڈالے گا۔ اور اس جنگ کو شکست کا خطرہ ہوگا وہ ایٹم بم کا استعمال کریں گے اور بڑے پیمانے پر تباہی ہوگی جس میں تقریباً دنیا کی آدھی آبادی باقی رہ جائے گی اور اس کے بعد یہ جنگ چند ہفتوں میں ختم ہو جائے گی۔لوگوں کا سیاستدانوں سے بھروسہ اُٹھ جائے گا اور لوگ پیر فقیروں کی طرف رجوع کریں گے۔ اس جنگ کے اثرات 30 سال لگ جائیں گے دنیا کو دوبارہ بحال کرتے کرتے۔

کیلنڈر کہانی 2019ء

از تحریر: شہزادہ سید معصوم علی زنجانی

اسلامی کیلنڈر (ہجری کیلنڈر) خوبصورتی اہمیت اور افادیت

کیلنڈر ایک لاطینی لفظ ہے اور اس کے معنی حساب کرنے کے آتے ہیں۔ اس وقت دُنیا میں 40 سے زیادہ قسم کے کیلنڈر استعمال ہو رہے ہیں۔ اِن 40 میں سے 4 کیلنڈر بہت زیادہ اہم اور مشہور ہیں۔ (1) مسیحی کیلنڈر (حضرت عیسیٰؑ کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے) (2) رومی کیلنڈر (سکندر اعظم کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے) (3) بکری کیلنڈر (بکرمی راجہ جیت کی پیدائش سے شروع ہوتا ہے) (4) اسلامی کیلنڈر (ہجرت کے بعد سے شروع ہوتا ہے) مسیحی اور رومی کیلنڈر آدھی رات سے شروع ہوتے ہیں۔ بکری فجر کے بعد سے شروع ہوتا ہے جبکہ اسلامی کیلنڈر مغرب کے بعد شروع ہوتا ہے۔ اسلامی کیلنڈر ایک سال میں 354 یا 355 دن کا ہوتا ہے۔ جس کے باعث انگریزی کیلنڈر کے مقابلہ میں 11 یا 12 دن بڑھ جاتے ہیں اور ہر 33 سال بعد اسلامی کیلنڈر انگریزی کے مقابلہ میں ایک سال بڑھ جاتا ہے۔

اسلامی کیلنڈر کے فوائد: ۔اس کا تعلق چاند سے ہے اور مخصوص اسلامی عبادات ہر موسم میں کچھ سال بعد تبدیل ہو کر آتی ہیں جس سے رمضان المبارک چند سال گرمی چند سال برسات اور چند سال سردی میں میسر ہوتا ہے۔ یہ صرف اسلامی کیلنڈر کی خوبصورتی ہے۔ اسلامی کیلنڈر کے استعمال سے ہر ماہ تنخواہ انگریزی کیلنڈر کے مقابلہ میں جلد ملتی ہے اور ایک سال میں 12 دن کی اضافی تنخواہ سے محنت کش مزدور کو فائدہ۔ سب سے بڑا فائدہ اسلامی کیلنڈر کا یہ ہے کہ عقیدہ کی حفاظت اور اسلامی تاریخی واقعات ہر ماہ میں عبادات کا جذبہ بڑھاتے ہیں کیونکہ انگریزی کیلنڈر کے نام کسی نہ کسی آسمانی دیوتا سے منسوب ہیں۔

ماضی میں اسلامی کیلنڈر کو مٹانے کی بہت کوشش کی گئی 18 ویں صدی عیسوی میں سلطنت عثمانیہ نے فرانس/ جرمن/ انگلینڈ سے قرض مانگا تو انہوں نے اسلامی کیلنڈر کو ختم کرنے کی شرط رکھی جسے رد کر دیا گیا۔ اسی طرح 19 ویں صدی عیسوی میں مصر کو انگلینڈ/ فرانس نے اسلامی کیلنڈر کی شرط پر قرض کا بولا تو مصر نے یہ شرط رد کر دی۔

2019ء کے کیلنڈر پر نظر ڈالیں تو یہ منگل کے دن شروع ہو رہا ہے جو کہ 1947ء سے اب تک سات مرتبہ آچکا اور اب آٹھویں مرتبہ آرہا ہے۔ منگل جس کا تعلق ستارہ مریخ اور فوج فورسز سیکورٹی کے اداروں سے ہے اور زائچہ پاکستان میں منگل کی نحوست اور ملکی معاملات میں منگل کا عمل دخل ہمیشہ رہا ہے جیسا کہ زنجانی جنتری میں متعدد مرتبہ یہ بات دہرائی گئی کہ اب تک جتنے مارشل لاء لگے وہ منگل کے دن جتنے وزیر اعظم معزول ہوئے وہ منگل کے دن جبکہ سابقہ وزیر اعظم نواز شریف سمیت متعدد صحافی دوست بھی اس بات کے گواہ ہیں کہ جب شاہ زنجانی نے CPNE کی میٹنگ میں اسوقت کے وزیر اعظم نواز شریف سے منگل (گوشت کا ناغہ) کی نحوست اور ذبیح پر پابندی ختم کرنے کی درخواست کی تو اس علمی

دلیل کو اہمیت نہ دی گئی اور بعد میں اس منگل کی نحوست کا شکار ہوئے۔ **نئے پاکستان میں بھی یہ تبدیلی نہ کی گئی اور منگل کی بندش ختم نہ ہوئی تو 2019ء میں بھی منگل کا کیلنڈر ماضی کی طرح اپنا رنگ دکھا سکتا ہے۔**

قیام پاکستان کے بعد پہلی مرتبہ یہ کیلنڈر 1957ء میں آیا تو پاک بھارت تجارتی معاہدوں پر دستخط کے ساتھ ساتھ سلامتی کونسل میں مسئلہ کشمیر پر بحث کا آغاز۔ فیروز خان نون وزیر اعظم اور جنرل محمد موسیٰ خان نے بری فوج کے چیف آف اسٹاف کا عہدہ سنبھالا۔ 1963ء میں اس کیلنڈر کے آنے سے پاک چین تجارتی معاہدے اور مسئلہ کشمیر پر بات چیت کیلئے ذوالفقار علی بھٹو کی قیادت میں وفد بھارت روانہ، غلافِ کعبہ پاکستان میں تیاری کی سعادت اور امریکہ میں صدر کینڈی کا قتل جیسے اہم واقعات اس کیلنڈر کا حصہ بنے۔ 1974ء میں اسی کیلنڈر میں پاکستان نے بنگلہ دیش کو تسلیم کیا اور قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دینے سے فسادات پھوٹ پڑے۔ 1985ء میں اس کیلنڈر کے دوران عام انتخابات اور مارشل لاء کا خاتمہ ممکن ہوا۔ 1991ء میں اس کیلنڈر میں پاکستان میں موبائل ٹیکنالوجی کا آغاز اور شوکت خانم کینسر ہسپتال کا سنگِ بنیاد رکھا گیا۔ 2002ء میں جب یہ کیلنڈر آیا تو جنوری میں نئے چیف جسٹس نے حلف لیا اور اگلے ہی ماہ ریٹائرڈ ہونے سے فروری میں دوبارہ نئے چیف جسٹس نے حلف لیا۔ ستمبر میں آصف علی زرداری کو قید کی سزا۔ قومی وصوبائی انتخابات اور پرویز مشرف نے آئین کی بحالی کے بعد نومبر میں صدر کا حلف لیا۔ آخری مرتبہ 2013ء میں جب یہ کیلنڈر آیا تو جنوری میں کوئٹہ دھماکے، مئی میں سکول بس دھماکہ، عام انتخابات کے بعد نواز شریف وزیر اعظم بنے۔ ممنون حسین نے صدر کا حلف اُٹھایا۔ جبکہ ستمبر میں زلزلہ اور دسمبر میں چودھری افتخار حسین چیف جسٹس سے ریٹائرڈ ہوئے۔ ماضی میں یہ کیلنڈر انتخابات، عدلیہ وفوجی عہدوں کی تبدیلی کے علاوہ فسادات، قدرتی آفات اور دہشت گردی کے واقعات بھی ہوئے ان ہی واقعات سے کچھ ملتے جلتے واقعات 2019ء میں نئے پاکستان کے کیلنڈر کا بھی حصہ ہوں۔ ماضی کی طرح امریکی صدر کینڈی کی طرح موجودہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ جنہوں نے امریکہ میں نفرتوں کا جال بچھا دیا ہے۔ اب تو یہودیوں کے قتل عام کے بعد دنیا بھر کے یہودی بھی صدر ٹرمپ کے خلاف نفرت کا اظہار کر چکے ہیں۔ 2019ء میں ٹرمپ نے عالمی مذہبی لسانی نفرتیں پھیلانے اور اسلامی ممالک سپر پاور کو جنگ عظیم شروع کرنے جیسی دھمکیوں سے باز نہ آئے تو بعید از قیاس نہیں کہ صدر کینڈی کی طرح صدر ٹرمپ قتل کر دیئے جائیں۔ وزیر اعظم عمران خان شوکت خانم کی طرح ملک کے دیگر بڑے شہر کراچی واہم شہروں میں ایسے ہسپتالوں کی بنیاد رکھ سکتے ہیں۔ قدرتی آفات کا اندیشہ 2019ء میں خصوصاً زحل کیتو قران اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، اکتوبر رہیگا۔ ناگہانی جانی مالی نقصانات کے اندیشے کے ساتھ قیمتی معدنیاتی ذخائر بھی دریافت ہوں۔ انتظامی، عدالتی، صدارتی، فوجی عہدوں میں ردوبدل اور شخصیات کی نمائندگی میں تبدیلی۔ آصف علی زرداری کیلئے یہ سال بھاری مذہبی ولسانی فسادات کا اندیشہ، سیکورٹی کے اداروں کو اپنے فرائض کی انجام دہی کیلئے چوکنا رہنا ہو۔ حکومت خلاف تحریکوں کا بھی اندیشہ، اسی طرح آپ اپنی ذاتی زندگی میں بھی ماضی کا کیلنڈر سامنے رکھ کر اس سال کی اپنے لئے خود پیش گوئی کر سکتے ہیں۔ ہم دعا گو ہیں کہ کیلنڈر کی تاریخ اپنے مثبت پہلو دہرائیں اور منفی پہلو اس کیلنڈر کا حصہ نہ بنیں۔

یہ عشق نہیں آساں، بس اتنا سمجھ لیجیے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

آفاتِ ارضی وسماوی اور اختلافات وجنگ وجدل کا سال

دنیا بھر میں جاری تبدیلی کی لہر بالآخر اپنے اختتامی مرحلے میں داخل

یوں تو ارضِ الٰہی کا مالک اور خالق صرف اور صرف اللہ ہی ہے۔ کتنے ہی فرعون و نمرود آئے سب غرق ہوتے رہے۔ تاریخ سے جابر حکمرانوں نے کوئی سبق نہیں سیکھا۔ عالمی طاقتوں کی جب طاقت بڑھ جاتی ہے تو ساری دنیا پر حکمرانی کا خواب دیکھنے لگتے ہیں۔ اب یہی خواب امریکی صدر ٹرمپ ان دنوں دیکھ رہے ہیں۔ یاد رہے کہ پہلی جنگ عظیم اور دوسری جنگ عظیم کی ابتداء کسی بھی مسلم یا مسلم سربراہ کی شروع کردہ نہیں تھی اور امکان غالب ہے کہ تیسری عالم گیر جنگ کی شروعات سے اب بھی مسلم ممالک دور رہیں گے یا یوں کہہ لیں کہ کسی بھی اسلامی ملک میں دم خم نہیں ہے کہ وہ جنگ کا آغاز کر سکے اور مسلمان ممالک آخر جنگ موجودہ عالمی تناظر میں کیوں کریں گے۔ مگر آسمانی کونسل پر 2019 / 2020 ایسے آثار بنتے جارہے ہیں کہ دنیا کو کسی تیسری جنگ عظیم میں جھونکا جارہا ہے۔ جس طرح ہر انسان کی جان حضرت عزرائیلؑ قبض کرتے ہیں مگر جاننے کے باوجود کوئی ان کا نام نہیں لیتا۔ ہمیشہ امراض، حکیم، ڈاکٹر، ناگہانی حادثات سے مرنے والوں کا ذکر ان کی موت کی وجہ سے لیا جاتا ہے۔ دوسرے جنگ عظیم کا لاپتہ خودساختہ ہیرو ہٹلر نے لاکھوں یہودیوں کو چن چن کر موت کے گھاٹ اُتار دیا۔ سوشل میڈیا پر ان دنوں ہولوکاسٹ (ہٹلر کے ہاتھوں یہودیوں کا قتلِ عام) کا چرچا ہے۔ اسرائیل دارالخلافہ یروشلم میں امریکہ سفارت خانہ کے بعد دنیا کے تمام اکنامکس (دجالی بینکوں) اور عالمی جاسوسی نیٹ ورک اداروں کو اکٹھا کیا جارہا ہے۔ چند سالوں سے تمام اسلامی ممالک کو فرقوں اور جنگوں میں اُلجھا کر معاشی طور سے تباہ کیا جاچکا ہے اور کیا جارہا ہے۔ سعودی عربیہ میں 39 اسلامی ممالک کی مشترکہ افواج کے مقاصد بادشاہت کو بچانے کے علاوہ کچھ کرتے نظر نہیں آتے ٹرمپ نے صاف کہہ دیا ہے کہ امریکہ اگر دو ہفتہ بھی سعودی عربیہ سے ہاتھ اُٹھالے تو اس کا چلنا مشکل ہے۔ اس پس منظر کا بیان کرنے کا مقصد اسرائیل (زیونسٹ) کی جانب سے ہولوکاسٹ کا دنیا سے انتقام مسلم ممالک کی تباہی، بربادی کی جائے اور حضرت عزرائیلؑ کی طرح اسرائیل کا نام بھی پوشیدہ رہے۔ تیسری عالمگیر جنگ میں کن ممالک کو بلاواسطہ یا بلاواسطہ ملوث کیا جاسکتا ہے۔ علم نجوم سے دلچسپی رکھنے والے چند ہم خیال منجمین نے چھ ماہ تک اس مضمون کی ترتیب وتیاری میں دلچسپی لی۔ خالصتاً سیاسی نجوم کی اس تحقیق کا سہرہ سید انور فراز جبکہ جزوی طور سے محمد علی زنجانی، مصورؔ علی زنجانی کو بھی جاتا ہے۔ اس تحقیق سے شائقین ومنجمین کے لیے علمی راستے کھول دیے ہیں۔ **(دعا گو شاہ زنجانی)**

20 اہم ممالک کے زائچوں کی صحیح تاریخ، وقت، اعلان مملکت کے لیے بھی کی گئی تحقیق حاضر خدمت ہے۔

2017ء **کو ہم نے ایک نئے آغاز اور تبدیلی کا سال قرار دیا تھا**، ایسا ہی ہوا، وزیراعظم کی تبدیلی عمل میں آئی اور بہت سے کام ایسے ہوئے جو اس سے پہلے نہیں ہوئے تھے، 2018ء **کو ہم نے دھلائی، صفائی اور پاکستان دشمن قوتوں سے لڑائی کا سال قرار دیا**، اگر باریک بینی سے جائزہ لیا جائے تو کیا اس سال یہی کچھ نہیں ہوتا رہا، نیب، سپریم کورٹ اور دیگر ادارے کرپٹ اور جرائم پیشہ لوگوں کے پیچھے لگے رہے، ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں تا حال یہ مہم جاری ہے، 2018ء کا الیکشن بھی درحقیقت اسی نعرے پر جیتا گیا ہے کہ کرپشن کا خاتمہ کیا جائے گا، نئے وزیراعظم نے اپنی ترجیحات میں احتسابی عمل کو سرفہرست رکھا ہے اور اسی وجہ سے وزارت داخلہ کا قلم دان بھی خود سنبھالا ہے۔

زنجانی جنتری اور ماہنامہ آئینہ ءقسمت کے قارئین کو یقیناً یاد ہوگا کہ جب سیارہ یورینس نے یونانی سسٹم کے مطابق 2010ء میں برج حمل میں اپنے نئے سفر کا آغاز کیا تھا، ہم نے نشان دہی کی تھی کہ اب مستقبل میں نئی قیادت کا ظہور ناگزیر ہے، برج حمل دائرۂ بروج کا پہلا برج ہے، یہ نوجوانوں سے متعلق ہے، ہم دیکھتے ہیں کہ 2010ء کے بعد سے نوجوان نسل سیاست کی طرف زیادہ متوجہ ہوئی اور 2013ء کے الیکشن میں بھی نوجوانوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا، یورینس ایجادات اور اختراعات کا سیارہ ہے، غیر متوقع اور اچانک واقعات سامنے لاتا ہے، **ویدک سسٹم کے مطابق سال 2018ء سے برج حمل میں داخل ہوا ہے،اسی طرح پلوٹو اور نیپچون بھی تبدیلی اور کایا کلپ کے سیارے ہیں، قوموں اور ملکوں کے عروج و زوال اور زمانوں کی تبدیلی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس حقیقت کو سمجھ لینا چاہیے کہ تبدیلی کی لہر صرف پاکستان تک محدود نہیں ہے،یہ پوری دنیا میں پھیلی ہونی ہے،گویا دنیا بدل رہی ہے،رفتہ رفتہ ایسے غیر متوقع اور چونکا دینے والے فیصلے اور اقدام دنیا بھر میں ہورہے ہیں جو اہل نظرودانش کے لیے حیران کن ہیں**، مثلاً 2011ء میں مراکش، لیبیا، مصر، یمن اور دوسرے اسلامی ممالک میں ایک انقلابی لہر، ایسے کرداروں کا سیاسی پلیٹ فارم پر نمودار ہونا جن کے بارے میں اہل نظر اچھی رائے نہیں رکھتے مثلاً امریکا میں مسٹر ٹرمپ کی کامیابی اور اس سے پہلے بھارت میں نریندر مودی کی وزارت اعظمیٰ، مصر میں جنرل عبدالفتح السیسی کی حکومت، شام میں بشارالاسد وغیرہ۔

اس سے پہلے کہ 2019ء کے حوالے سے پاکستان کے زائچے پر نظر ڈالی جائے، مناسب ہوگا کہ بین الاقوامی منظرنامے کا جائزہ علم فلکیات کی روشنی میں لیا جائے کیوں کہ 2019ء کئی اعتبار سے ایک غیر معمولی سال ہے جو اپنے اثرات کے حوالے سے 2020ء سے جڑا ہوا ہے، دنیا میں حالات کی تبدیلی بہرحال پاکستان کے حالات پر بھی اثرانداز ہوتی ہے لہٰذا بین الاقوامی حالات و واقعات کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔

واضح رہے کہ نئے سال کے آغاز ہی میں راہو کیتو گھر تبدیل کریں گے، 24 مارچ کو راہو ویدک سسٹم کے مطابق برج جوزا میں اور کیتو برج قوس میں داخل ہوجائیں گے، سیارہ زحل یہاں پہلے سے موجود ہے لہٰذا تقریباً پورا سال کیتو اور زحل کے درمیان قران کی سی صورت حال برقرار رہے گی جو کسی طرح بھی اچھی اور خوش کن بات نہیں ہے، کیتو اور زحل کا قران دنیا میں حادثات ارضی وسماوی مثلاً شدید نوعیت کے سیلاب، زلزلے، آتش فشاں پہاڑوں کا لاوا اگلنا اور بعض

مخصوص زائچوں کی مخصوص پوزیشن کے تحت جنگ وجدل کا اشارہ ہے چناں چہ دیکھنا یہ ہوگا کہ دنیا کے کون کون سے ممالک اس صورت حال کے نتائج کا کس انداز میں سامنا کریں گے۔

اگر ہم دنیا کے اہم اور ایسے ممالک پر نظر ڈالیں جو بین الاقوامی سیاست میں کسی نہ کسی طور اہم کردار ادا کرتے نظر آتے ہیں تو بڑی ہی دلچسپ صورت حال سامنے آتی ہے۔

طالع برج ثور کے زیر اثر پاکستان، بھارت، مصر، میکسیکو، ملائیشیا اور بحرین ہیں۔

طالع جوزا کے زیر اثر فرانس۔

طالع سرطان کے زیر اثر امریکا، روس، ایران، ترکی اور یورپ۔ یورپی ممالک کا اپنا علیحدہ علیحدہ زائچہ بھی ہے لیکن یورپی یونین کے قیام کے بعد پورے یورپ کا ایک مشترکہ زائچہ بھی ماہرین فلکیات کے زیر مطالعہ رہتا ہے، خیال رہے کہ ہم یہاں مختلف ممالک کے طالع پیدائش کے تحت جو نام دے رہے ہیں، ان پر دنیا کے اکثر مشہور منجمین اتفاق رائے رکھتے ہیں لیکن اختلاف رکھنے والے بھی موجود ہیں۔

طالع برج اسد کے تحت کیوبا۔

طالع برج سنبلہ کے تحت انگلینڈ، جرمنی، کنیڈا، برما، لبنان اور افغانستان۔

طالع عقرب کے تحت شام، شمالی کوریا، لیبیا۔

طالع قوس کے تحت سعودیہ عربیہ، داعش۔

طالع جدی کے تحت چین، اسرائیل، جاپان اور یوکرائن۔

طالع دلو کے تحت یو اے ای اور طالع حوت کے تحت کویت۔

مندرجہ بالا ممالک کے پیدائشی بروج کے حوالے سے منجمین میں خاصا اختلاف بھی پایا جاتا ہے اور ممکن ہے ہم نے جو فہرست دی ہے اس میں بھی کسی ملک کے زائچے پر اتفاق رائے نہ ہو لیکن ہم اسے درست سمجھتے ہیں کیوں کہ ہم نے خود بھی ان زائچوں کا مطالعہ کیا ہے اور ان ملکوں کے حالات اور اتار چڑھاؤ کے مطابق زائچوں کو درست پایا ہے۔

اب غور طلب بات یہ ہے کہ دنیا کے نمایاں ترین ممالک جن میں بعض سپر پاورز بھی شامل ہیں۔ **طالع سرطان، جدی، سنبلہ اور ثور کے زیر اثر ہیں، زحل اور کیتو کا قران ثور ممالک کے آٹھویں گھر میں پورا سال اپنا اثر دکھائے گا، آٹھواں گھر حادثات و اموات، معاشی نقصانات اور آفات ارضی و سماوی کا ہے، چناں چہ پاکستان، انڈیا، میکسیکو، مصر اور بحرین کے لیے خطرات میں اضافہ ہوگا، مزید خرابی یہ ہوگی کہ زحل دسویں گھر کا مالک ہے لہٰذا حکومت اور سربراہ حکومت کے لیے مسلسل مشکلات جاری رہیں گی۔**

برج جوزا والوں کے لیے بہت زیادہ مسائل اور پریشانیاں نہیں ہوں گی جب کہ طالع برج سرطان والوں کو غیر معمولی چیلنجز سے واسطہ پڑے گا کیوں کہ یہ قران چھٹے گھر میں ہوگا، چھٹا گھر اختلافات اور تنازعات، سول و ملٹری سروسز، عدالتی فیصلے اور الیکشن کے انعقاد سے متعلق ہے، چناں چہ امریکا، روس، ایران، ترکی اور یورپ سب سے زیادہ زحل کیتو قران سے متاثر ہوں گے، واضح رہے کہ سیارہ زحل طالع سرطان کے آٹھویں گھر کا حاکم ہو کر زائچے کا سب سے زیادہ منحوس اثر رکھنے والا سیارہ بھی بن جاتا ہے، دوسرے معنوں میں انہیں اندرونی اور بیرونی محاذوں پر بہت سے چیلنجز درپیش ہوں گے جو کسی جنگ وجدل کا میدان بھی گرم کر سکتے ہیں۔

2019/2020 اہم ممالک کے سیاسی زائچہ جن کے بروج جوزا، سرطان، عقرب، قوس، جدی

یورپ — 43 سرطان 23 — بحساب ویدک

یکم نومبر 1993۔ برسلز۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

ترکی — 30 سرطان 24 — بحساب ویدک

23 اپریل 1920۔ انقرہ۔ بوقتِ 12 بج کر 8 منٹ 23 سیکنڈ

ایران — 43 سرطان 23 — بحساب ویدک

یکم اپریل 1979ء۔ تہران۔ بوقت 15 بج کر صفر منٹ

روس — 23 سرطان 29 — بحساب ویدک

25 دسمبر 1991۔ ماسکو۔ بوقت 19 بج کر 32 منٹ

فرانس — 15 جوزا 01 — بحساب ویدک

28 ستمبر 1958۔ پیرس۔ بوقت 22 بج کر صفر منٹ

اسرائیل — 15 جدی 21 — بحساب ویدک

15 مئی 1948ء۔ TALAVIV۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

جاپان — 42 جدی 03 — بحساب ویدک

3 مئی 1947۔ ٹوکیو۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

چائنہ — 19 جدی 25 — بحساب ویدک

7 نومبر 1931ء۔ JIANGXI۔ بوقت 13 بج کر صفر منٹ

داعش ISIS — قوس — بحساب ویدک

26 جون 2014۔ RAQQAH شام۔ بوقت 19 بج کر 5 منٹ

سعودی عرب — 36 قوس 27 — بحساب ویدک

22 ستمبر 1932۔ الریاض۔ بوقتِ 14 بج کر صفر منٹ

عراق — 17 عقرب 23 — بحساب ویدک

16 ستمبر 1941ء۔ دمشق۔ بوقت 12 بج کر صفر منٹ

نارتھ کوریا — 57 عقرب 18 — بحساب ویدک

9 ستمبر 1948۔ PANGOTIN۔ بوقت 13 بج کر صفر منٹ

مثال کے طور پر جنگی جنون میں مبتلا امریکہ (USA) کا (عالمی منجمین کا تحقیق شدہ) زائچہ بھی طالع برج سرطان ہے۔

طالع برج سنبلہ کے زائچے میں زحل کیتو قران چوتھے گھر میں اپنا اثر دکھائے گا اور زحل اس زائچے میں چھٹے فتنہ و فساد کے گھر کا حاکم ہو کر داخلی معاملات کو اور حکومت کو ڈسٹرب کرے گا، بعض ملکوں میں عوامی احتجاج کے امکان کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، کیتو اور زحل کے نظرات اگر کسی ملک میں زائچے میں براہ راست اثر ڈال رہے ہوں گے تو وہ زیادہ خرابی اور نقصانات کا باعث بنیں گے۔ **افغانستان جوکہ پہلے ھی ایک میدان جنگ کا نقشہ پیش کر رھاھے**، اس صورت حال سے زیادہ متاثر ہوگا کیوں کہ زائچے میں کثرت سیارگان بھی چوتھے گھر برج قوس میں ہے۔

طالع برج عقرب کے زیر اثر شام، شمالی کوریا اور لیبیا پہلے ھی شدید تباھی سے دوچار ھیں، زحل کیتو کا قران دوسرے گھر میں ھوگا، یہاں بھی زائچے کا باریک بینی سے مطالعہ کرنے کی ضرورت ہوگی، اگر زحل کیتو دیگر گھروں کو متاثر کریں گے تو خراب نتائج میں اضافہ ہوگا، چوں کہ سیارہ زحل طالع عقرب کے چوتھے گھر کا حاکم ہے، کیتو سے قران کی حالت ملک کی داخلی صورت حال میں پرتشدد واقعات اور عوامی بے چینی میں اضافہ ہوسکتا ہے، **شام خانہ جنگی سے زیادہ متاثر ھوگا** اور بیرونی قوتوں کی معرکہ آرائی کا نشانہ بنے گا۔

طالع قوس کے زیر اثر سعودیہ عربیہ اور داعش نمایاں ھیں، یہ قران پہلے گھر میں ھوگا اور اگر زائچے کے مختلف گھروں کو متاثر کرے گا، سعودیہ عربیہ میں اس قران کے نتیجے میں غیر معمولی فیصلے اور اقدام دیکھنے میں آئیں گے جس کے نتیجے میں سعودی ماحول یکسر تبدیل ھوجائے گا۔

طالع جدی، برج سرطان کے بعد دوسرا اہم ترین طالع ہے جو اس قران سے بری طرح متاثر ہوگا، چین، اسرائیل، جاپان اور یوکرائن کے زائچے میں یہ قران بارھویں گھر میں ہوگا جس کے نتیجے میں ان ممالک کو معاشی طور پر نہایت سخت وقت کا سامنا ہوسکتا ہے، مزید یہ کہ اپنی بقا کی جنگ کے لیے انھیں تیار رہنا ہوگا، ضروری نہیں ہے کہ یہ جنگ جویانہ پالیسیاں اپنائیں لیکن اگر اپنا دفع کرنا ضروری ہوجائے یا اپنے مفادات کے لیے کارروائی کرنا پڑ جائے تو پھر مجبوری ہے۔

امریکی زائچہ حاکم وقت ٹرمپ (ھٹلر)

دیگر ممالک کے بارے میں اظہار خیال ضروری نہیں ہے کیوں کہ ہمارے نزدیک آنے والے سال 2019ء میں سب سے زیادہ متاثر ہونے والے ممالک یہی ہوسکتے ہیں، ہر ملک کا زائچہ علیحدہ علیحدہ قابل توجہ ہوگا، کون سا ملک زیادہ راہو کیتو اور زحل سے متاثر ہوتا ہے، یہ مطالعہ ضروری ہوگا، خیال رہے کہ تقریباً 2 جون سے 17 اگست 2019ء تک نہایت ہی حساس اور خطرناک وقت ہوگا، اس وقت میں تیسری عالمی جنگ کے آغاز کی بنیاد رکھی جاسکتی ہے، اس وقت کے عالمی لیڈر صورت حال کو کس طرح کنٹرول کرتے ہیں اس پر مستقبل کے نئے منظر نامے کا انحصار ہوگا، کیا **کوئی ھٹلر ٹائپ شخصیت جنگ کے شعلوں کو ھوا دے گی** یا کوئی چرچل، ڈیگال یا روز ویلٹ ٹائپ

2019/2020 اہم ممالک کے سیاسی زائچے جن کے بروج ثور، سنبلہ، عقرب

افغانستان 07 سنبلہ 08 بحساب ویدک

22 دسمبر 2001ء۔ کابل۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

لبنان 44 سنبلہ 19 بحساب ویدک

یکم جنوری 1944۔ بیروت۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

جرمنی 11 سنبلہ 23 بحساب ویدک

23 مئی 1949ء۔ بون (Bonn)۔ بوقت 12:00pm

انگلینڈ 08 سنبلہ 16 بحساب ویدک

یکم جنوری 1801۔ لندن۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

میکسیکو 13 ثور 14 بحساب ویدک

10 اکتوبر 1824۔ میکسیکو سٹی۔ بوقت 20 بج کر 44 منٹ

بھارت 59 ثور 15 بحساب ویدک

15 اگست 1947ء۔ دہلی۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

مصر 41 ثور 15 بحساب ویدک

15 مارچ 1922۔ قاہرہ۔ بوقت 10 بج کر صفر منٹ

ملائیشیا 5 ثور 8 بحساب ویدک

31 اگست 1957۔ کوالپور۔ بوقت صفر بج کر ایک منٹ

شام 17 عقرب 23 بحساب ویدک

16 ستمبر 1941ء۔ دمشق۔ بوقت 12 بج کر صفر منٹ

اسلامی جمہوریہ پاکستان کے اہم جغرافیائی تبدیلی کے زائچے

زائچہ پاکستان 1947ء 42 حمل 24 بحساب ویدک

تاریخ 15 اگست 1947ء، بوقت صفر بج کر 01 منٹ، کراچی

نیا زائچہ پاکستان 1971ء 33 ثور 03 بحساب ویدک

بتاریخ 20 دسمبر 1971ء، بوقت 14 بج کر 58 منٹ 20 سیکنڈ، بمقام اسلام آباد

نیا زائچہ پاکستان 2018ء 00 سنبلہ 06 بحساب ویدک

25 مئی 2018ء، بوقت 14 بج کر ایک منٹ، بمقام اسلام آباد

کردار صورت حال کو کنٹرول کرنے میں کامیاب ہوگا، نریندر مودی مسٹر ڈونالڈ ٹرمپ، بشارالاسد، کم جون آف کوریا، جنرل عبدالفتح السیسی نمایاں طور پر جنگ کے شعلوں کو ہوا دینے والے لیڈر ہوسکتے ہیں جب کہ طیب اردگان، ولادی میر پیوٹن، چینی صدر اور عمران خان کا کردار مصالحانہ ہوسکتا ہے۔

عزیزان من! نہایت اختصار کے ساتھ 2019ء اور دنیا کے اہم ممالک کے حوالے سے جو گزارشات پیش کی گئی ہیں ان سے اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ آنے والا سال دنیا کے لیے کوئی آسان سال نہیں ہے، حقیقت تو یہ ہے کہ کوئی سال بھی اتنا آسان نہیں ہوا جتنا ہم اسے سمجھ لیتے ہیں، البتہ اللہ کی دی ہوئی عقل اور انسانی فہم و فراست سے ہم اپنے لیے آسانیاں پیدا کرسکتے ہیں، بدعقلی اور مفاد پرستی کے زیر اثر انسان ہمیشہ خسارے میں رہتا ہے۔

وحشت سی اک لالہء خونی کفن میں ہے
اب کے بہار آئی تو سمجھو کہ ہم گئے

پاکستان PAKISTAN

زائچہء پاکستان کا پہلا گھر یعنی طالع برج ثور ہے، دلچسپ بات یہ ہے کہ ہمارے حریف اور مخالف ملک بھارت کا بھی طالع برج ثور ہے، دونوں کے طالعات میں درجات مختلف ہیں جس کی وجہ سے اچھے اور برے اوقات سیاروی ٹرانزٹ میں مختلف ہوتے ہیں، دونوں زائچوں میں سیاروں کی پوزیشن بھی مختلف ہے جس کی وجہ سے دونوں کے دور اکبر اور دور اصغر بھی مختلف ہوتے ہیں، مثلاً بھارت اب ایک نہایت سخت اور مشکل دور میں داخل ہوچکا ہے، آئندہ سال الیکشن کا سال ہے لیکن اس سال سے ہی بھارت کے داخلی معاملات میں خرابیوں کی ابتدا ہوجائے گی اور اگلے سال الیکشن سے پہلے ہی بدنظمی و انتشار عروج پر ہوگا، نریندر مودی دوبارہ سابقہ کامیابیاں حاصل نہیں کرسکیں گے۔

پاکستان الیکشن کے مرحلے سے گزر کر ایک نئی قیادت کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے، دھلائی، صفائی کا جو کام شروع ہوا تھا وہ جاری ہے اور جاری رہے گا کیوں کہ زائچے میں مشتری کے دور اکبر میں زہرہ کا دور اصغر جاری ہے جو 17 جون 2019ء تک جاری رہے گا، واضح رہے کہ اس کا آغاز 16 اکتوبر 2016ء سے ہوا تھا، اسی سال میں پاناما اسکینڈل سامنے آیا اور پھر پورا ملک کرپشن کرپشن کا نعرہ لگانے لگا۔

نئی حکومت کو جو چیلنج درپیش ہیں، ان سے سب واقف ہیں، سب سے بڑا چیلنج ہماری معیشت ہے، اس کے بعد پانی کے مسائل بھی خطرناک رُخ اختیار کرتے نظر آتے ہیں، خارجہ محاذ پر بھارت اور امریکا کا گٹھ جوڑ ہمارے لیے ایک بڑا چیلنج ہے مگر اچھی بات یہ ہے کہ نئی قیادت یعنی وزیراعظم عمران خان پرعزم اور متحرک ہیں، ان کی ٹیم بھی اپنے طور پر جو کچھ کرسکتی ہے کر رہی ہے، ہماری ملٹری اسٹیبلشمنٹ بھی حکومت کے ساتھ کسی تعاون سے دریغ نہیں کر رہی گویا مشکلات سے نمٹنے کے لیے ماحول سازگار ہے البتہ سول بیوروکریسی گزشتہ تقریباً چالیس سال سے جس رنگ ڈھنگ کی عادی ہوچکی ہے وہ اسے آسانی سے نہیں چھوڑ سکتی اور نتیجے کے طور پر اسے بھی دھلائی صفائی کے سخت عمل گزرنا پڑے گا۔

گزشتہ سال ہی سے اس بات کی نشان دہی کی گئی تھی کہ زائچے کے دسویں گھر کا حاکم سیارہ زحل آٹھویں مصیبت کے گھر میں ہے اور تقریباً 23 جنوری 2020ء تک یہاں قیام کرے گا، اس کا مطلب واضح ہے کہ کوئی بھی حکومت اور سربراہ حکومت سکون اور چین سے حکومت نہیں کرسکے گا، نئے سال میں کیتو تقریباً پورا سال ہی زحل کو متاثر کرے گا، اس کے نتیجے میں **وزیراعظم پاکستان عمران خان کو شدید خطرات کا سامنا ہوسکتا ہے، ان پر قاتلانہ حملہ بھی ہوسکتا ہے، بہت زیادہ کام کی زیادتی ان کی صحت کو متاثر کرسکتی ہے، کابینہ میں اکثر و بیشتر ردوبدل بھی دیکھنے میں آئے گا، معاشی اور تجارتی پوزیشن کو بہتر بنانا آسان نہیں ہوگا، گویا پورا سال ہی خاصی افراتفری**

اور بدنظمی کا نمونہ پیش کرے گا۔ اپوزیشن جماعتیں دل سے انتخابات کے نتائج کو تسلیم نہیں کرتیں، وہ کسی صورت بھی مثبت رویہ اختیار نہیں کریں گی اور اپنی برتری کے پیش نظر اسمبلیوں میں تبدیلی لانے کی کوشش کریں گی، اس صورت حال میں یہ امکان بھی موجود ہے کہ **وزیراعظم کسی مرحلے پر اسمبلی توڑ کر نئے الیکشن کے بارے میں سوچیں**۔

سیارہ مشتری زائچے کے ساتویں گھر میں حرکت کرے گا اور مارچ اپریل میں ایک مختصر مدت کے لیے آٹھویں گھر میں بھی داخل ہوگا، اس حوالے سے دسمبر کے آخری ہفتے سے فروری تک ملک اور حکومت کے لیے بہت ہی مشکل اور صبر آزما وقت ہوگا، حکومت کو بحالت مجبوری ایسے فیصلے کرنا پڑیں گے جو ناپسندیدہ ہوسکتے ہیں، اسی طرح مارچ اپریل میں بھی معاشی حوالے سے دباؤ پڑسکتا ہے، یہ تمام صورت حال ملک کو اور حکومت کو مسلسل دباؤ میں لانے والی ہے، دیکھنا یہ ہوگا کہ وزیراعظم اور ان کی کابینہ اس صورت حال میں کس طرح اپنی پوزیشن کو مستحکم رکھنے میں کامیاب ہوتے ہیں۔

یہ عشق نہیں آساں، بس اتنا سمجھ لیجیے
اک آگ کا دریا ہے اور ڈوب کے جانا ہے

نئے سال 2019ء میں سب سے زیادہ مشکل اور سخت وقت سال کے ابتدائی چار مہینے تک نظر آتا ہے لیکن اس کے بعد یقیناً صورت حال بہتر ہوگی، 17 جون 2019ء سے دور اصغر شمس کا شروع ہوگا جس میں عوام بہتری محسوس کریں گے لیکن حکومت اور وزیراعظم کو بدستور مختلف چیلنج درپیش رہیں گے، یہ ضرور ہوگا کہ حکومت نئے چیلنجز سے نمٹنے کی پوزیشن میں آجائے گی، نئی قانون سازی کی مدد سے کرپشن کے خاتمے کے لیے مؤثر اقدامات ہوسکیں گے اور کرپٹ افراد کو سخت حالات کا سامنا کرنا پڑے گا، پاکستان ایک نئے دور میں داخل ہوگا جس میں عوام کو زیادہ سہولتیں اور مراعات حاصل ہوسکیں گی۔

جون سے شروع ہونے والا وقت خارجہ پالیسی اور بین الاقوامی تعلقات میں بھی غیر معمولی موڑ لاتا ہوا نظر آتا ہے کیوں کہ اس وقت بین الاقوامی سطح پر نہایت ٹینشن کی فضا پیدا ہوسکتی ہے، اس صورت حال میں پاکستان کو اپنے خطے کے حوالے سے خارجہ پالیسی اختیار کرنے کی ضرورت ہوگی، پہلے سے آزمائے ہوئے ممالک پر بھروسہ کرنا درست نہ ہوگا۔

اگست کا مہینہ داخلی صورت حال میں اور حکومت کے معاملات میں تناؤ کی کیفیت لاسکتا ہے جس میں غیر ملکی سازشوں کا امکان نمایاں ہوگا، ستمبر اکتوبر سے کیتو اور زحل میں فاصلے بڑھیں گے تو حکومت کو بھی دباؤ سے نکلنے کا موقع ملے گا لیکن نومبر میں سیارہ مشتری آٹھویں گھر میں داخل ہوجائے گا، تھوڑی سی معاشی نوعیت کی پرابلمز پیدا ہوسکتی ہیں لیکن مشتری کا آٹھویں اپنے گھر میں قیام نہایت خوش آئند بات ہوگی، اس کے نتیجے میں ملک میں معدنیات کے نئے ذخائر دریافت ہوسکتے ہیں اور دیگر زیر زمین خزانوں سے بھی استفادے کا رجحان پیدا ہوگا، پاکستان میں ڈیم بننے کے امکانات نمایاں ہوجائیں گے۔

واضح رہے کہ سیارہ زحل پہلے ہی آٹھویں گھر میں حرکت کر رہا ہے، کیتو سے قران اگر بعض آفات ارضی و سماوی مثلاً زلزلہ، سیلاب وغیرہ کا خطرہ ظاہر کرتا ہے تو پھر دوسری طرف پاکستان میں آئل اور گیس کے نئے ذخائر کی دریافت کی بھی نشان دہی کرتا ہے جیسے چند سال قبل ایک گلیشیئر کے سبب آنے والی تباہی سے ایک قدرتی جھیل وجود میں آگئی۔

نئے سال 2019ء کو اگرچہ بہت سے تنازعات کے اختتام کا سال کہا جاسکتا ہے لیکن ان تنازعات کے نتیجے میں ہونے والی اکھاڑ پچھاڑ بھی کم نہیں ہوگی، تحریک انصاف کی حکومت کو خاصے اپ اینڈ ڈاؤن دیکھنے پڑیں گے لیکن اپوزیشن اسے تبدیل کرنے میں کامیاب نہیں ہوسکے گی بلکہ یہ امکان موجود ہے کہ پرانی قیادتیں آنے والے سالوں میں میدان سیاست سے رخصت ہوجائیں اور دیگر پارٹیوں میں بھی نئی قیادت نمایاں ہوکر سامنے آئے۔ (واللہ اعلم بالصواب)

حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

روحانی فوائد لوح محفوظ ان کو پڑھنے سے یا پاس رکھنے سے حفاظت از شرِ شیطان، سر دشمنان، شر حسد دین، شر بدخواہان، شرا شرار، زبان بندی بدگویان، حفظ آبرو، حفاظت آفات، حفاظت بلیات، حفاظت نظر بد، وسعت رزق، رفع پریشانی، رفع بندش، کورچشم دشمن، دوستی، اخوت، محبت، عزت، احترام، شہرت اور نظر خلائق، باطل السحر، تیر بند، تیغ بند، حفاظت ساحران، رفع خرابی کارہا، کشائش کارہا، حفاظت ناگہانی موت، حفاظت حادثات، خاندان میں اتفاق اتحاد، محبت زن وشوہر، بیماریوں سے حفاظت، شفائے امراض، حفاظت جانکنی سختی، رفع عداوت، تسخیر ظالم، ہول اور وحشت کی دوری، حفاظت موذی جانور، حفاظت درندہ، موت کے وقت چہرہ نورانی، برے خیالات سے حفاظت۔ آپ اس زمانہ میں تنگی اور مشکلات کی زندگی بسر کر رہے ہیں خواہ کوئی وجہ ہو قرض نے نیند حرام کر دی ہو باوجود محنت اور کوشش کے روزگار نہ ملتا ہو پیسے میں برکت نہ ہو، ترقی نہ ہوتی ہو، ملازمت نہ ملتی ہو یا اور کسی بھی وجہ سے زندگی اجیرن ہو چکی ہو کاروبار دن بدن نقصان میں ہو۔ کسی دشمن کا خفیہ ہاتھ کام کر رہا ہو تو **لوح محفوظ** تحفتاً شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے لیکر اپنے پاس رکھیں یا فریم کروا کر گھر میں لٹکائیں فوائد بے بہا مشاہدہ ہونگے۔ یہ دعویٰ نہیں حقیقت ہے کہ جس شخص کے پاس یہ لوح محفوظ ہوگی اس شخص کے سب کام قدرت الٰہی سے درست ہوتے جائینگے۔ دوسرا یہ کہ اُس شخص پر آفت، مصیبت، اذیت اور ناگہانی موت نہ آسکے گی۔ آگ تیر تلوار اور گولی بھی اس شخص پر اثر انداز نہ ہو سکے گی۔ گویا کہ یہ ایک قسم کی بلٹ پروف جیکٹ ہی ہوگی مقصد یہ ہے کہ جب آپکے پاس لوح محفوظ ہوگی آپ کا اپنا تحفظ خود بخود ہوگا مختصر یہ کہ نہایت ہی مجرب اور کامیاب لوح ہے آپ استعمال کر کے دیکھیں فوائد بے شمار ظاہر ہونگے۔ انشاء اللہ

یہ لوح محفوظ مجموعہ احراز 150 مختلف دعاؤں قرآنی آیات اور ایک ہزار اسمائے حسنیٰ پر مشتمل ہے۔ ان کی تفصیل یہ ہے۔

(1) حرز جواد علیہ السلام (2) حرز یمانی (3) حرز ابودجانہ (4) دعائے معراج (5) دعائے الامان (6) دعائے نادعلیؑ کبیر (7) دعائے نور کبیر (8) دعائے جوشن کبیر (9) ایک ہزار اسمائے حسنیٰ (10) آیت الکرسی (11) چارقل (12) حرز یامن تحل (13) حروف مقطعات (14) حرز خدیجۃ الکبریٰؑ (2عدد) (15) 4 عدد حرز النبیؐ (16) حرز فاطمۃ الزہراؑ (17) حرز علی علیہ السلام (دوعدد) (18) حرز حسن وحسین علیہ السلام (19) حرز حسن علیہ السلام (20) حرز حسین علیہ السلام (21) حرز زین العابدین علیہ السلام (تین عدد) (22) حرز باقر علیہ السلام (دوعدد) (23) حرز صادق علیہا السلام (دوعدد) (24) حرز موسیٰ کاظم علیہ السلام (چھ عدد) (25) حرز امام رضا علیہ السلام (تین عدد) (26) حرز محمد تقی علیہ السلام (27) حرز علی نقی علیہ السلام (28) حرز حسن عسکری علیہ السلام (دوعدد) (29) حرز ولی عصر علیہ السلام (دوعدد) ان کی بزرگ علمائے متقدمین نے انبیاءؑ وآئمہ اطہارؑ سے نسبت بیان فرمائی ہیں۔

نوٹ: لوحِ محفوظ (مفت) منگوانے کیلئے مقامی وغیر مقامی بہن بھائی پتہ لکھا رجسٹرڈ لفافہ ابھی سے جمع کروا کر اپنی لوحِ محفوظ ملنے کو یقینی بنالیں۔ ایک بار پھر وضاحت ہے کہ یہ لوح تحفتاً (مفت) خوشنودیٔ خدا اور رسولؐ وچہاردہ معصومینؑ کیلئے دی جا رہی ہے، ہدیہ آپ خود 14,12,5 سائلین کو کھانا کھلائیں۔ UK اور USA والے صرف پوسٹ خرچہ بنک اکاؤنٹ میں جمع کروا کر بذریعہ خط یا ای میل اپنا پتہ روانہ کریں۔ E-Mail: aienaeqismat@gmail.com

الحاج شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی، کاشانہ زنجانی۔ D-125، گلبرگ 2، لاہور، فون: +924235872277

تبصرہ نگار: چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے)

منجم شاہ زنجانی کی سچی پیش گوئیاں

ہر سال کی طرح منجم اعظم الحاج سیّد ناظر حسین شاہ زنجانی کے وارث شہزادہ سیّد انتظار حسین زنجانی کی پیش گوئیوں پر تبصرہ کے ساتھ حاضر ہوں۔ میرے پیش نظر زنجانی جنتری 2018ء اور اکتوبر 2017ء تا اکتوبر 2018ء کے سبھی ماہنامہ آئینہ قسمت کے شمارے پیش نظر ہیں۔ اپنے مرشد زادے شاہ زنجانی کی خدمت میں حاضر ہونے پر میں نے استفسار کیا کہ آپ نے زنجانی جنتری 2018ء صفحہ نمبر 4 پر پیش گوئی کی تھی کہ قوم اپنے لیڈر (عمران خان) کا روشن چہرہ 2018ء میں ہی دیکھ سکے گی۔ 2018ء کو آپ نے **نور مصطفیٰ و علی مرتضیٰ کا سال قرار دیا تھا**۔ صفحہ نمبر 20 پر آپ

> **2018ء نور محمد مصطفیٰ ﷺ و نور علی مرتضیٰ سے انصاف عدلیہ پاکستان کا سال**

> **2018ء** سپر پاور کی عالمی جنگ کی جنگی حکمت عملی۔ اتحادی ممالک کی صف بندیاں۔ حساس عالمی مقامات خشکی۔ سمندر میں چھاؤنیاں۔ UNO اقوام متحدہ تیسری عالمی جنگ کی روک تھام کیلئے سرگرم

> **2018ء** طلوع انصاف روح آئین پر عملداری الیکشن اصلاحات انتخابات سے پہلے احتساب۔ انقلاب جمہوریت نئی لیڈر شپ ابھرے، اہم سیاسی شخصیت پر قاتلانہ حملہ

> **2018ء** الیکشن عبوری نظام کی طوالت بلوچستان/علیحدگی سازش۔ ایمرجنسی مارشل لاء خطرہ۔ تبدیلی انتظام و نظام جمہوریت سے طرز صدارت کی جانب سفر۔ نئے آبی ذخائر کالاباغ ڈیم، تھرکول قومی مفادات منصوبوں پر نظر ثانی ترجیحات۔ دفاعی کونسل، تھنک ٹینک، مضبوط نظر ثانی شدہ خارجہ پالیسی کا تسلسل

> **2018ء** سربراہان مشرق وسطیٰ (عرب) ایشیائی ممالک مصنوعی دفاعی اخراجات سے پریشان۔ شرح بیروزگاری میں اضافہ۔ برما، چین، کوریا، روس، ایران، افغانستان میں عسکری نقل و حمل سرگرمیوں میں اضافہ۔ داعش کی عالمی سطح خصوصاً عراق، کردستان، ترکی، شام اور پاکستان میں سرکوبی۔

> **2018ء** کشمیر کی جنگ آزادی میں تیزی۔ پاکستان، ہندوستان، چین، افغانستان سرحدوں پر جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر کشیدگی جنگی خطرات

کی سب سے بڑی پیش گوئی طلوع انصاف روح آئین پر عملداری اصلاحات انتخابات احتساب انقلاب جمہوریت نئی لیڈر شپ ابھرے آبی ذخائر کالا باغ یا دیگر ڈیم بنانے کی سبھی سچی پیش گوئیاں شامل ہیں۔ **AQ. tv** یوٹیوب پر ان دنوں منجم شاہ زنجانی کی پیش گوئیوں کا چرچہ ہے۔ وزیر اعظم عمران خان کیلئے آپکی روحانی پیش گوئی دلچسپی سے خالی نہیں کہ عمران خان کے ہاتھ میں وزیر اعظم کی لائن نہیں ہے۔ مگر وہ وزیر اعظم بن چکے ہیں۔ زائچہ پاکستان کی 10 سالہ مہادشا قمر کی بدولت پاکستان کا نظام قدرت کے ہاتھ میں ہے۔ 72 سال میں اب تک کسی سیاسی لیڈر نے بھی پاکستان کو مدینہ جیسی ریاست بنانے کا نعرہ نہیں لگایا۔ بلاشبہ عمران خان کو حکومت سرکار کے قدموں میں حاضری سے ملی۔ بزرگوں سے ہم سنتے تھے کہ دنیا کی حکومت رجال الغیب مردان خدا قطب غوث ولی ابدال قلندر تبدیل کرتے ہیں۔ اس مرتبہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ حکومت روحانی طور سے تبدیل ہوئی اور پاکستان میں پہلی مرتبہ **مدینہ جیسی ریاست بنانے کا وزیراعظم عمران خان نے اعلان کیا** دیکھیں وہ اپنا وعدہ پورا کرتے ہیں یا پھر وعدہ خلافی کے بعد خود کسی آزمائش میں آسکتے ہیں۔

چودھری واجد علی خان (سابق ایم پی اے) جنڈیالہ کلساں (نارنگ منڈی) کالا خطائی روڈ، ضلع شیخوپورہ
Phone Res: 056-2215005
Mob: 0300-4259249

اے امت محمدؐ! میری رحمت، میرے غضب پر سبقت لے گئی میں نے تمہیں معافی مانگنے سے پہلے معاف کر دیا۔ حدیث قدسی

منجم شہزادہ سید انتظار حسین شاہ زنجانی، ماہر علم النجوم فی السیاسیات

عالمی و سیاسی حالات 2019

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ (سورۃ النحل آیت 12)

اور رات اور دن اور صبح اور چاند کو تمہارے کام میں لگا دیا ہے اور اسی کے حکم سے ستارے بھی کام میں لگے ہوئے ہیں۔ بے شک اس میں لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو سمجھ رکھتے ہیں۔

2019ء مفرد نمبر 3، پاکستان مفرد نمبر 3، سعد اکبر ستارہ مشتری منسوبہ نمبر 3 آسمانی کونسل پاکستان پر مہربان، معاشی ٹیک آف کا سال۔ قیمتی معدنیاتی **(Mineral)** ذخائر کی دریافت کا سال۔

2019ء نئے پاکستان مدینہ جیسی ریاست کی شروعات، احتسابی عمل کے تسلسل کا سال۔ سودی نظام سے نجات۔ اسلامی نظریاتی کونسل اور ماہرین معاشیات سے مشاورت در مشاورت کا سال

2019ء متحدہ اپوزیشن کا حکومت کے خلاف شدید احتجاج وزیر اعظم عمران خان کا اللہ اور رسولؐ سے پاسداری مسیحا عمران سے عوامی توقعات، وقت کم مقابلہ سخت کا سال

2019ء تحریک انصاف کی حکومت سے عوامی توقع انصاف کا سال۔
2019/2020 مسئلہ کشمیر ہندوستان، کشمیر کو آزاد ریاست تسلیم کرنے پر مجبور۔

2019ء اقوام متحدہ **(UNO)** عالمی امن سے عدم دلچسپی، دوہرے معیار اور عالمی جنگی جنون (تیسری عالمگیر جنگ) میں مبتلا سیاسی لیڈران پر عالمی میڈیا کی تنقید کا سال

2019ء/ **2020**ء دجالی فتنہ صیہونی (زیونسٹ) کا عروج۔ دنیا کی عسکری تقسیم عالمی جنگ کی صف بندیاں۔ امریکہ، اسرائیل، بھارت اور ساتھی ممالک کی سپر پاور روس سے سرد گرم جنگی حکمت عملی۔ کشمیر، فلسطین میں یہود و ہنود کی بربریت۔ امریکہ، ایران کشیدگی کا نیا دور۔ "افغان امن" میں امریکی رکاوٹیں۔

نیتاً زائچہ پاکستان طالع برج ثور میں ان دنوں مہادشا مشتری 30 نومبر 2008ء تا 30 نومبر 2024ء جاری ان دنوں نویں (عدلیہ) دسویں (سربراہ مملکت) کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 23 جنوری 2020ء تک کا قیام زائچہ کے آٹھویں نحس گھر میں ہونے سے ماضی کے اور حال کے حکمران اور عدلیہ (NAB) کے مابین ایک رسہ کشی کا دور دیکھا جا سکے گا۔ جب تک یہ دور رہیگا۔ ماضی کے حکمران اور موجودہ اپوزیشن کی موجودہ حکمرانوں سے کھلی سیاسی جنگ کا آغاز ہو چکا ہے۔ اس میں 18 دسمبر 2018ء تا 18 مارچ 2019ء مزید تیزی اور موجودہ حکومت تحریک انصاف کے وزراء کی بابت اپوزیشن اسکینڈل تلاش کرنے میں کوشاں رہے۔ اور اسمبلی کے اندر باہر حکومت کے خلاف احتجاج کرنے کے علاوہ عدم اعتماد کی تحریک لانے کی کوشش کرے۔ 2019ء اہم ستاروں کی زائچہ کے اہم گھروں میں تبدیلی ملکی معیشت سپر پاور سے تعلقات خارجہ تعلقات سرحدوں پر عسکری نقل وحمل کرپشن میں ملوث افراد خصوصاً سیاستدانوں کے احتساب کے حوالے زراعت آبی ذخائر (ڈیم) اور نئے معدنی ذخائر کی دریافت کے حوالے سے نہایت اہم سال دکھائی دیتا ہے۔ ستارہ مشتری 29 مارچ تا 23 اگست اور 5 نومبر تا 31 دسمبر زائچہ کے آٹھویں گھر رہنے سے ملکی خزانے دولت میں اضافہ ہوگا۔ دوسرے ممالک خصوصاً دوست ملک چین، سعودی عرب، دیگر عرب ممالک کی اندرون ملک صنعتی تجارتی سرمایہ کاری میں شراکت داری میں اضافہ سے ملکی تجارت کا حجم بڑھے گا۔ سی پیک چین کی براستہ گوادر تجارت کئی گنا بڑھ جائیگی۔ 2019ء معدنیات کی دریافت کے لحاظ سے قدرت کی مہربانیاں دکھائی دیتی ہیں۔ وراثتی مذہبی قوانین میں تبدیلیاں بینکوں اور ملکی خزانے کے بارے میں نئی پالیسیاں موجودہ حکمرانوں کے حلقہ میں نامور شخصیات، قانون دان، جج مذہبی پیشوا، علماء بینکرز اور سرمایہ داروں کی اموات کے خدشات ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت میں ہونے کے سبب مندرجہ بالا واقعات میں تیزی اور دوست ممالک کے علاوہ پڑوسی ممالک سے تعلقات میں کشیدگی کا اندیشہ متنازعہ مسئلہ کشمیر ہائی لائٹ رہیگا۔ ستارہ مشتری 23 اپریل تا 11 اگست جب ساتویں ہو تب خارجہ تعلقات کی نہات اہمیت پڑوسی ممالک سے کشمیر کا مسئلہ بین الاقوامی طور سے اہمیت کا حامل رہے گا۔

راہو کیتو 23 مارچ برج تبدیل کریں گے راہو دوسرے جبکہ کیتو مقابل آٹھویں ہونے سے ملکی معیشت میں سدھار آئے۔ ملکی معیشت قدرے مستحکم ہو ڈالر کے مقابلے میں روپیہ کی قدر عارضی طور سے بڑھے سامان حرب اندرون ملک اعلیٰ قسم کے معیاری بین الاقوامی عسکری ساز وسامان کی تیاری میں پاکستان نمایاں مقام پائے ستارہ زحل جو گزشتہ ڈیڑھ سال سے آٹھویں گھر چلا آ رہا ہے۔ مارچ میں کیتو کے یہاں آنے سے زحل کیتو کا قران اپریل، مئی، جون، جولائی، ستمبر، اکتوبر سال کے چھ مہینوں میں وقفہ وقفہ سے ہونے پر زلزلے، طوفان باد باراں، سیلاب سے تباہی جانی مالی نقصانات کے خدشات بڑھیں تاہم زلزلوں کے سبب زمین کے اندر سے قیمتی معدنیاتی ذخائر کی دریافت سے ملکی معیشت میں استحکام خوشحالی حکومت وقت کے لئے غیبی امداد سے کم نہ ہوگی۔ بشرط ان معدنیات سے استعفادہ کیا گیا۔ ماضی کی حکومت نے بلوچستان سے نکلنے والے سونے کے ذخائر سے بھی وہ فائدہ نہیں اُٹھایا جو پاکستان کے عام عوام کا حق ہے۔ موجودہ حکومت اس سلسلے میں کئے گئے معاہدوں پر نظر ثانی کر کے ملک کا مفاد عزیز رکھے۔ اندرون ملک انشورنس کے کاروبار میں ترقی آئے۔ سی پیک میں مزید دوست ممالک کی شراکت سے ملکی معیشت پھلے پھولے۔ 22 کروڑ عوام 2019ء ہر روز شکر کرنے میں گذاریں تو قدرت پاکستان پر اپنی مزید فیاضیوں کے دروازے جلد کھول دے۔ 2019/2018ء یقیناً گزشتہ حکومتوں کی نااہلی کے سبب ہمارا ملک بال بال قرضہ میں جکڑا ہوا ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت IMF کی جانب جھکاؤ میں ہے۔ ہمارے

ملک کی ایک خوش قسمتی اور بھی ہے کہ ہم 22 کروڑ ہو کر 44 کروڑ ہاتھ کام کرنے کیلئے رکھتے ہیں ماضی کے جاپان کی طرح خدانخواستہ ہمارے ملک پر کوئی ایٹم بم تو نہیں گرا۔ جاپان پاکستان سے رقبہ اور آبادی کے لحاظ سے چھوٹا ملک آج دنیا کا ترقی یافتہ اور مالدار ملک بن سکتا ہے تو پھر پاکستان کیوں نہیں بن سکتا ہے۔ زراعت، پھل، پھول خوراک میں ہمارا ملک خود کفیل ہے۔ یہ نعمت خداوندی بھی کسی بڑی نعمت سے کم نہیں ہے۔ ہمارے ملک میں کمی۔ ہے تو لیڈرشپ کی ہمارے وزیراعظم عمران خان صاحب اپنے آپ کو قائداعظمؒ، ذوالفقار علی بھٹو کے بعد خود کو لیڈر مانتے ہیں قوم نے انہیں مسیحا جان کر ووٹ دیئے۔ اب لیڈرشپ کا کام ہے کہ قوم کو مشکلات سے نکالے یہاں ایک سچا واقعہ خلفائے راشدین کا ہدیہ ہے۔ ظاہری منصب خلیفہ چہارم کی مسند پر جب مولائے کائنات امیر المومنین علی ابن ابو طالبؑ تشریف فرما ہوئے تو آپ کے دور میں گزشتہ خلفائے راشدین سے زیادہ خلفشار کا زمانہ تھا۔ مولاؑ کے ایک صحابی نے آپ سے پوچھا مولاؑ آپ کے دور میں کچھ زیادہ ہی خلفشاری بدامنی کے واقعات جنگیں ہو رہی ہیں۔ آخر اس کی وجہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا سابقہ خلفائے راشدین کا میں مشیر تھا اور اب آپ میرے مشیر ہیں۔ اس تاریخی سچے واقعہ سے سبق ملتا ہے کہ وزیراعظم عمران خان کو ذاتیات سے ہٹ کر پاکستان کو مشکلات سے نکالنے کے لئے قابل ترین ماہرین سے مسلسل روابط میں رہنا چاہئے۔

پاکستان کا سالانہ ورش پھل 20 دسمبر 2018ء تا 20 دسمبر 2019ء کیسا رہے گا؟

زائچہ پاکستان میں سال 2019ء کی آسمانی کونسل پر اهمیت زائچہ پاکستان اور زائچہ ورش پهل دونوں کا طالع برج ثور هونے سے دو جنمان آپس میں مل رهے هیں یوں آسمانی کونسل پاکستان پر مهربان هو رهی هے۔

20 دسمبر 2018ء تا 27 دسمبر 2018ء دور مریخ:۔ ستارہ مریخ ساتویں بارہویں کا مشتر کہ حاکم ہو کر دسویں گھر ہونے سے خارجہ امور بین الاقوامی تنظیموں ٹریڈ یونین سے متعلقہ امور توجہ طلب ہونگے وزیراعظم صدر کے خلاف اپوزیشن کی جانب سے سازشیں اسکینڈل افواہوں کی گردش کا اندیشہ ہے۔ **حکمرانوں کے لئے مشتری هوشیار باش کا نعره هی کافی هے۔**

27 دسمبر 2018ء تا 20 فروری 2019ء دور راهو:۔ زائچہ ورش پھل چاند کا سایہ راہو تیسرے جبکہ کیتو پیدائشی زائچہ میں اسی گھر میں ہے ہر دو نحس کواکب کا تیسرے گھر یکجا ہونا عالمی ابلاغ عامہ دشمن پڑوسی ممالک ملک کے خلاف ڈس انفارمیشن پھیلا کر اندرون اور بیرون ملک وطن کی عزت وساکھ کو خراب کرنے کی سازشیں کریں۔ 6 جنوری آٹھویں سورج گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد اہم سیاسی شخصیات پر قاتلانہ حملہ ہو سکتا ہے۔ موجودہ اور سابق حکمرانوں کو اپنے پروٹوکول حفاظت سے غفلت نہ برتنے کا مشورہ ہے۔ 21 جنوری تیسرے چاند گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد دہشت گردی کے واقعات اور سرحدوں پر عسکری نقل وحمل کے امکانات بعید از قیاس نہیں مقدس مقامات کا تحفظ خصوصاً اقلیتوں کے مقدس مقامات گرجے مندر گوردواروں کی حفاظت نگرانی پر سیکیورٹی ایجنسیوں کی ضرورت ہوگی۔ اہم شخصیات کو بیرون ملک سے وطن لانے اپوزیشن کے خلاف بعض عدالتی فیصلے احتساب کے عمل کو تیز کرنے سے اپوزیشن سخت احتجاج کرے۔

20 فروری تا 10 اپریل دور مشتری:۔ ستارہ مشتری ہر دو زائچوں کا فعلی منحوس ستارہ ہو کر ساتویں رہے۔ خارجہ تعلقات کے علاوہ حکمرانوں کے قوم سے کیئے گئے وعدوں کا بھی گھر ہے۔ تحریک انصاف کی حکومت جو ایک جذبہ کے تحت آئی ہے۔ تب تک اس نے اپنے وعدوں کی وفا میں

50% کام بھی نہ کیا تو اپوزیشن اور میڈیا کا عوام کو بھڑکانے کے دور کا شدت سے آغاز ہوسکتا ہے۔ ستارہ مشتری یوں بھی **10** اپریل تا **11** اگست رجعت میں رہیگا۔ اپوزیشن حکومت گرانے کے لئے اپنی کوششیں تیز کردے گی۔

10 اپریل تا 6 جون دور زحل:۔ ستارہ زحل ہردوزائچوں میں نویں (عدلیہ) دسویں (سربراہ مملکت) کا حاکم ہوکر نحس گھر بیٹھا ہے۔ اپوزیشن کے ساتھ ساتھ یہ دور حکمرانوں کے احتساب کا بھی دور دکھائی دیتا ہے۔ عوام وخواص اور میڈیا وزراء اہم شخصیات اسکینڈل کی زد میں رہیں گی۔ **23** اپریل تا **5** نومبر مشتری چھٹے آنے سے بیوروکریسی اور اسٹیبلشمنٹ کی ذمہ داریوں میں اضافہ ملک دشمنوں سازشی عناصر ناپسندیدہ سیاست داں اور دہشت گردوں کے خلاف سخت کارروائی کی جائیگی۔ احتساب کے ذریعے کرپشن سے لوٹی گئی دولت اور افراد کو واپس لانے کے لئے اقدامات کئے جائیں گے۔ اندرون ملک زلزلوں کا امکان نئی قیمتی معدنیات کی دریافت ملک کی قسمت بدل سکتی ہے۔ یاد رہے **قدرت بھی اُس قوم کی حالت نہیں بدلتی جسے اپنی قسمت بدلنے کا خیال نہ ہو۔**

6 جون تا 28 جولائی دور عطارد:۔ ستارہ عطارد دوسرے پانچواں کا مشترکہ حاکم ہوکر ساتویں ہونے سے ملکی معیشت میں دوست ممالک یا **IMF** کے قرضوں کی بدولت مصنوعی اضافہ ہوگا جاری ترقیاتی منصوبوں میں تیزی آئے۔ سی پیک، اورنج لائن ٹرین، میٹروبس اور ان جیسے ممکنہ منصوبے تکمیل اور عمل پائیں اندرون ملک نئے الیکٹرانک یونٹ میڈیا اور ٹرانسپورٹ کے ادارے متعارف اور فروغ پائیں۔ حکومت کو اس دور میں بہترین ماہرین کی خدمات ملیں اور ملک کو جلد اور تیزی سے ترقی دینے والے کئی ایک منصوبے عمل میں آئیں۔ ہائرایجوکیشن اندرون ملک یکساں نصاب فی زمانہ نصاب میں تبدیلی ماہرین تعلیم اور اندرون ملک ہنرمند بنانے والے اداروں میں جدت اور انکی حوصلہ افزائی کی جائیگی۔ **3** جولائی سورج گرہن ملکی معیشت کے گھر لگنے سے اسٹاک شیئرز کے کاروبار میں پندرہ دن قبل تا بعد زبردست اُتار چڑھاؤ دیکھنے میں آسکتا ہے۔ حکومت یا مالیاتی ادارے بینک اپنے فنڈز کو بہتر کرنے کیلئے پُرکشش مراعات دیں۔ **17** جولائی چاند گرہن آٹھویں لگنے سے زلزلے ناگہانی آفات سے جانی مالی نقصانات تاہم نئے معدنیاتی ذخائر بھی دریافت ہوں۔

8 جولائی تا 18 اگست دور کیتو:۔ چاند کا سایہ کیتو نویں عدلیہ مذہب کے گھر ہونے سے مذہبی مقامات کی حفاظت بجلی گھر یا ایٹمی توانائی ری ایکٹر دیگر ایجادات خلانوردی عسکری نوعیت کے میزائل ائرفورس اور سول ہوائی بازی کے اداروں میں مہارت حفاظت پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بلند کرنے کے لئے متعلقہ اداروں کو چوکس رہنے کی ضرورت پر زور دینا ہوگا۔ اس دوران بجلی کے بحران سے نپٹنے کے لئے کوئی بہتر آسان حل سے توانائی کی صلاحیتوں میں یقینی اضافہ ممکن ہے۔

18 اگست تا 18 اکتوبر دور زھرہ:۔ ہردو جنمان کا ستارہ زہرہ چھٹے عروج یافتہ رہیگا۔ ملکی اعلیٰ سروسز کے اداروں بری، بحری افواج، بیوروکریٹس انٹرپول، ایف آئی اے، آئی بی اداروں کی صلاحیتوں کو مزید اعلیٰ و بہتر کرنے کیلئے قابل ترین پیشہ وارانہ سربراہان کا تقرر و تبادلہ ملکی تعمیر و ترقی کا باعث بنے، حکومتی وعدے ایک کروڑ ملازمتیں فراہم کرنے کے جاری منصوبے میں فی زمانہ جدید پروفیشنلز ماہرین کی مشاورت پلاننگ سے روزگار کے نئے مواقع فراہم کئے جائیں گے۔ اندرون ملک نئی صنعتیں کارخانے لگیں۔ سوتی، ریشمی، ریان ہوزری کے سامان کے کارخانے ترقی پائیں۔ کیمیکل، بناؤ سنگھار فرنیچر تعمیرات اور پھلوں پھولوں کی کاشت کاری میں جدید سائنسی اصولوں سے فائدہ اُٹھایا جائے۔ اندرون ملک شادیوں کی شرح میں حوصلہ افزائی اور

پاکستانی فلموں کو بین الاقوامی مارکیٹ میں عزت پذیرائی شہرت ملے۔ فلم کی کئی اعلیٰ شخصیات کو انکی پرائیڈ آف پرفارمنس پرایوارڈ سے نوازا جائے۔ اور پرانے کارخانے بھی ورکنگ پوزیشن میں آئیں عام فلاح و بہبود کے کاموں میں تیزی آئے بلدیاتی سیاسی سماجی شخصیات مشترکہ طور سے عام عوام کی خدمت کے لئے اپنی وسیع تر خدمات پیش کریں حکومت کی جانب سے منصفانہ جائز اور فلاحی قوانین کا اجراء اور اطلاق عوامی سہولیات میں اضافہ کا باعث بنے عوامی بے چینی میں کچھ کمی لائے ٹریفک قوانین کو پورے ملک میں سختی سے رائج کیا جائے۔

18 اکتوبر تا 6 نومبر دور شمس:۔ ستارہ شمس چوتھے کا مالک ہو کر آٹھویں نحس گھر ہونے سے حکومت اپوزیشن کو زیر کرنے کیلئے ہر حربہ استعمال کرے ملک بھر میں ناجائز تجاوزات کا آپریشن سختی سے جاری رہے اس عرصہ میں اندرون ملک مزید نئے معدنیاتی ذخائر ملکی معیشت میں اضافہ کا باعث بنیں ماضی کی اہم سیاسی شخصیات سے بھی جاری احتساب کے عمل کے نتیجہ میں ملک سے لوٹی گئی بڑی دولت کی واپسی کے امکانات روشن دکھائی دیتے ہیں۔

6 نومبر تا 6 دسمبر دور قمر:۔ ستارہ قمر زائچہ ورش پھل میں سب سے طاقتور ستارہ اور طالع میں شرف یافتہ ہونے سے اندرون ملک ایسے مثبت تعمیری واقعات ہونے سے پوری قوم کو ایک نئی روح روحانی خوشی عطا کرے گا اندرون ملک سماجی تقریبات اور اندرون ملک ٹرانسپورٹ کی سہولتوں میں مزید اضافہ بحری تجارتی سی پیک سے چین تا بین الاقوامی منڈیوں تک دوست ممالک کے ساتھ پاکستانی مصنوعات کی مانگ میں بھی اضافہ ہوگا۔ پانی، بجلی کے نظام میں بہتری مزید آبی ڈیم بنانے کے لئے حکومت کے ساتھ عوام بھی پُر جوش رہے۔ دُنیا کے سب سے بڑے پاکستان کے نہری نظام کو مزید وسیع اور بہتر کیا جائے گا۔ پانی چوری کی روک تھام کے لئے سخت قوانین پر عمل کے ساتھ بلوچستان اور سندھ کے صحرائی علاقہ تھر کو بھی پانی فراہم کرنے کے لئے کوئی نہری نظام یا ایسے آبی ذخائر بنائے جائیں گے جن سے علاقہ کی پانی کی ضروریات کو پورا کیا جائے۔ پاکستان کے بڑے میٹروپولیٹن شہر راولپنڈی، اسلام آباد اور کراچی میں پانی کے نظام کو بہتر بنایا جائے خصوصاً کراچی کوئٹہ اور گوادر میں اپنی مدد آپ اور دوست ممالک کی مدد سے شہریوں کو صاف پینے کے پانی کی فراہمی میں بہتری لائی جائیگی۔ مخیر حضرات اور ملکی اور بین الاقوامی این جی اوز بھی اس سلسلے میں مالی مشاورت معاونت بھی فراہم کریں۔

6 دسمبر تا 20 دسمبر دور مریخ:۔ ستارہ مریخ زائچہ ورش پھل میں ساتویں خصوصاً بارہویں نحس گھر کا حاکم ہو کر دسویں سربراہ مملکت کے گھر 6 دسمبر آٹھویں سورج گرہن لگنے سے پندرہ دن قبل تا بعد اہم سیاسی شخصیات صدر، وزیراعظم، صوبوں کے وزراء اعلیٰ، گورنروں کو اپنی پروٹوکول کے ساتھ صدقات پر بھی زور دینا ہوگا۔ کیا ہی اچھا ہو اپنے ساتھ وہ پاکستان اور پاکستانی عوام کا صدقہ بھی منگل بدھ کے دن تمام ذبیحہ خانے کھول دیں تا کہ جانوروں کا خون بہتا رہے اور پاکستان اور عوام سکھ کا سانس لیں اور پھلیں پھولیں۔

امریکہ:۔ سپر پاور کی صدارتی منصب پر صدر ٹرمپ جیسی شخصیت کی آمد سے امریکہ کے زائچہ پر نظر ثانی کی ضرورت پیش آئی۔ نظر ثانی شدہ زائچہ جنتری ہٰذا میں شامل ہے۔ زائچہ میں مہادشا شمس 7 اپریل 2016ء تا 8 اپریل 2022ء تک جاری رہیگی۔ شمس زائچہ میں ملکی معیشت کا مالک ہو کر ساتویں بہتر پوزیشن اور خارجہ اُمور کے گھر براجمان ہے۔ اسی سبب امریکہ دُنیا کو دھمکاتا رہتا ہے۔ بعض ممالک اس سے ڈرتے بھی ہیں۔ انتر دشا مشتری 26 اپریل 2018ء تا 12 فروری 2019ء جاری رہے گی۔ مشتری زائچہ کا نحس ستارہ اور امریکی سروسز دافواج کا

ستارہ ہے۔اس عرصہ میں امریکہ نے جنگی جنون کا حوا کھڑا کر کے عالمی قوتوں خصوصاً اسلامی ملک سعودی عربیہ میں 39 مما لک کی فوج براجمان کرانے کے ساتھ بہت بڑا عسکری معاہدہ کیا اسرائیل کے دارالخلافہ یروشلم (بیت المقدس) میں اپنا سفارت خانہ کھول کر دجالی مرکزی بینک کی دولت میں اضافہ کا پارٹنر بن گیا ہے۔8 اپریل 2020ء سے قبل اندیشہ ہے کہ عالمی الیکٹرانک جاسوسی نیٹ ورک تیل کے نرخ مقرر کرنے والے اکنامک زون کو بھی لندن/ نیویارک سے یہاں منتقل کر کے صدر ٹرمپ اپنے دور اقتدار میں تیزی سے دُنیا کو تیسری عالمی جنگ کی طرف جھونک رہا ہے۔امریکہ اپنے مفادات کی خاطر اپنے مخالف مما لک پر اقتصادی پابندیاں سخت کرنے کے علاوہ اپنے دوست یورپی مما لک کو بھی ناپسندیدہ پالیسیوں کے تحت اربوں کھربوں ڈالرز کا نقصان پہنچائے۔صدر ٹرمپ نے 2015ء کے الیکشن میں جن پابندیوں کو تین گنا کرنے کا وعدہ کر رکھا ہے وہ اپنے اس وعدے کو جزوی طور سے پورا کرتے ہوئے اپنے مخالف مما لک جن میں ایران، پاکستان، ترکی اور کچھ یورپی ایشیا مما لک پر پابندیاں سخت کر سکتے ہیں۔

ستارہ مشتری آٹھویں نحس گھر میں 29 مارچ تا 23 اپریل اور پھر 5 نومبر تا 31 دسمبر رہیگا۔صحت عامہ اوراس کے ماتحت خصوصی ہسپتال ادارے امراض ادویات فوڈ کوالٹی ملکی بری و بحری افواج بیوروکریسی کے افراد خاصے متحرک رہیں گے۔اندرون ملک اغواء، ڈکیتیاں، تخریب کاری، خدشات، واقعات عام دنوں کے مقابلے میں بڑھ سکتے ہیں۔دیگر انتردشا زحل 12 فروری 2019ء تا 25 جنوری 2020ء تک رہے گی۔ستارہ زحل بھی زائچہ کا فعلی منحوس چھٹے گھر رہتے ہوئے 23 جنوری 2020ء تک عالمی پولیس انٹر پول کے تعلقات امریکی پولیس یا دیگر سرو سزا اداروں سے تعلقات میں بہتری دوست مما لک کے تفتیشی اداروں سے روابط بڑھیں۔نیز ساتویں آٹھویں کا مشترکہ حاکم زحل سارا سال چھٹے رہے 23 مارچ کیتو چھٹے اور راہو بارہویں آنے سے کیتو زحل کا قران **اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، اکتوبر** میں ہونے سے امریکی صدر امریکی افواج کو کسی آزمائش، نئے مشن تیسری عالمی جنگ کی ابتداء کے طور پر جنگی جنون کے لیے استعمال کر سکتا ہے۔صدر ٹرمپ پر ان نحس چھ ماہ میں قاتلانہ حملہ ہونے کے خدشات بڑھ جائیں گے۔امریکی سی آئی اے، سیکیورٹی خدشات کے تحت اہم شخصیات خصوصاً صدر ٹرمپ کے کئی غیر ملکی اور اندرونِ ملک پروگرام تبدیل کروا دیں گے۔

ٹرمپ کی نئی جارحانہ پالیسیوں نے امریکہ کو عالمی امن سے جنگ کے دوراہے پر لاکھڑا کیا ھے۔جس سے دُنیا کے پرامن مما لک کے علاوہ خود امریکی شہری بھی خوفزدہ ہیں۔ویت نام، عراق اور افغانستان کی تلخ جنگوں نے امریکہ کو ذلت اور رسوائی دی نہ تو وہ مکمل عالمی سپر پاور بن سکا اور نہ ہی پسندیدہ مما لک کی امداد سے عزت کما سکا۔**اقوام متحدہ کو امریکہ کی جارحانہ پالیسیوں پر نوٹس لیکر خاموشی توڑنی ھوگی**۔ورنہ امریکہ امریکہ نہ رہے گا۔2019ء کے چھ ماہ خصوصاً اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست اور اکتوبر اندرون ملک سیلاب سونامی، ہری کین ناگہانی آفات حادثات زلزلوں سے جانی مالی نقصانات کے اندیشے بعید از قیاس نہ ہوں گے۔

بھارت: زائچہ مہادشا قمر میں 11 اگست 2018ء تا 11 دسمبر 2019ء انتر دشا مشتری کی اس زائچہ میں مشتری فعلی منحوس ستارہ ہو کر یکم جنوری تا 29 مارچ اور 24 اپریل تا 4 نومبر طالع کے مقابل ساتویں رہنے سے سپر پاور اور پڑوسی مما لک (پاکستان) سے خارجہ تعلقات میں تناؤ،

اختلافات اور تنازعے (کشمیر) پیدا ہوتے رہیں گے۔ اندرونِ ملک بعض عناصر مذہبی منافرت (ہندو مسلم، ہندو سکھ، ہندو عیسائی) پھیلانے میں سرگرداں رہے۔ لاء اینڈ آرڈر کی صورت کشیدہ رہے۔ 23 مارچ کیتو آٹھویں راہو دوسرے آنے سے چاند کے زحل سے اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، اکتوبر کیتو زحل قرانات سے شدت کے واقعات میں اضافہ۔ اہم سیاسی شخصیات بھی قاتلانہ حملہ کا نشانہ بن سکتی ہیں۔ بھارت سرکار کو غیر ملکی تجارت درآمدات کے مقابلے میں برآمدات میں کمی کے سبب معاشی عدم استحکام کا سامنے رہے عوامی مسائل اور جاری ترقیاتی منصوبوں کی رفتار سست ہو۔ ستارہ مشتری کو 10 اپریل تا 1 اگست رجعت رہے اور 29 مارچ تا 23 اپریل اور 5 نومبر تا 31 دسمبر یہ آٹھویں پیدائش کے مطابق اپنے ہی گھر رہے۔ اس کی موجودگی سے سپر پاور دوست ممالک سے متعدد تجارتی ثقافتی معاہدے طے پائیں۔ ملکی معیشت میں بہتری ڈالر کے مقابلے میں روپیہ مستحکم ہو۔ نامور سیاسی، مذہبی، فلمی شخصیات کی اموات سے رنج و غم کی کیفیت بھی دیکھنے میں آئے۔ بے راہ روی، عیاشی اور جرائم کی شرح عام اور بڑھے۔ قانونی ادارے ان کی روک تھام کی بجائے ان کی سرپرستی میں ملوث پائے جائیں۔ رشوت، ذخیرہ اندوزی، سمگلنگ، منشیات فروشی میں اضافہ، منشیات اور مہنگائی سے قوم کا اخلاقی معیار گرے۔ اُدھر ستارہ زحل مذہب، قانون اور حکمرانوں کا رکھوالا ہو کر آٹھویں ہی سارا سال رہے اور خصوصاً زحل کو 30 اپریل تا 10 ستمبر یہاں رجعت ہو۔ زحل کی سیاسی نجوم کے اعتبار سے یہاں نشست نہایت ہی منحوس خیال کی جاتی ہے۔ بھارت سرکار نریندر مودی ایسی ایسی بدعنوانیاں، غلطیاں کریں کہ آئندہ آنے والے الیکشن میں اُن کی پارٹی کوئی اہم سبقت حاصل نہ کر پائے۔ زحل کا تعلق بڑی عمر کے افراد بڑے سیاست داں غیر اخلاقی حرکات کرتے پائے جائیں۔ سوشل میڈیا پر اُن کی بدنامی، حیا سوز واقعات آوے کا آوا بگڑے لوگ حکومت کے خزانے کی لوٹ کھسوٹ میں ملوث ہوں۔ جو ان کی سیاسی نظریاتی یا سیاسی موت کا باعث بنے۔ کشمیر اور خالصتان کی علیحدگی اور حریت پسندی، شورش، انقلاب کی تحریک 2019ء میں سرگرم رہیں اور حکومت کے لیے دردِ سر بنی رہیں۔ اقوامِ متحدہ (UNO) کشمیریوں اور سکھوں پر ڈھائے جانے والے مظالم کا نوٹس لینا چاہیں۔ 1948ء سے UNO مشن اب تک پاک بھارت بارڈر اور حالات کی نگرانی پر مامور ہے۔ بھارت آرمی چیف جسٹس ان کے اپنے لوگ انہیں کنوارا یعنی عقل سے کورا کہتے ہیں اور بھارتی وزیر اعظم مودی بھی کنوارے ہی ہیں۔ ان پر دو کنواروں کی جوڑی وقتاً فوقتاً پاکستان کو دھمکیاں دیتی نہیں تھکتی۔ انھیں جان لینا چاہیے کہ اب پاک حکومت تبدیل ہو چکی ہے تو دھمکیوں، سرجیکل سٹرائیک بھارت کی بین الاقوامی بدنامی اور ان کے گلے پڑ سکتی ہے۔

ایران: انقلابِ ایران 1979ء سے قبل شاہِ ایران امریکہ کا وفادار پولیس مین، امریکہ پاسدارانِ انقلاب کی حکومت کے تسلسل اور اس کی آمدنی کو ختم کرنے اور انھیں "بدعنوان دہشت گرد ملیشیا" قرار دیتا ہے۔ ایران اپنے زائچہ کے مطابق مہادشا مشتری جو 10 نومبر 2027ء تک رہے گی، سے گزر رہا ہے۔ مجموعی طور سے یہ تمام عرصہ کی ایران دشمن قوتیں ایران کے خلاف اندرونی، بیرونی عالمی سیاسی خارجہ تعلقات بگڑنے کی کوشش جاری رکھیں۔ ان دنوں اِنتر دشا کیتو 17 اکتوبر 2018ء تا 23 ستمبر 2019ء تک جاری رہے۔ کیتو پیدائشی آٹھویں نحس گھر زائچہ کے نحس چھٹے گھر مشتری کی نچھتر پور باچانگتی حاکم نچھتر مشتری پر ہی ہے۔ ابتداء سال میں ساتویں اور پھر 23 مارچ کی چھٹے کیتو مقابل راہو آنے سے ایرانی عوام ایک بار پھر آزمائش سے گزاریں۔ امریکہ سخت پابندیاں عائد کرانے کی کوشش کو زائچہ کے طالع کا حاکم ستارہ قمر گیارہویں پارلیمنٹ کے گھر شرف یافتہ ہونے، ایرانی عوام کا اپنے حکمرانوں اور اپنے پارلیمانی لیڈروں کے وطن سے خلوص اور صاحبِ علم و دانش ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ یورپ اور ایران

کے مابین ماضی قریب میں مصالحتی معاہدہ طے پا گیا تھا۔ جیسے امریکہ جوہری معاہدے کی خلاف ورزی کا بہانہ بنا کر پھر سے ایران کو سخت وقت دینا چاہتا ہے۔ بلاشبہ آسمانی کونسل پرستاروں کی نشستی اعتبار سے 2019ء اقتصادی پابندیوں کے سبب آزمائشی سال دکھائی دیتا ہے۔ ٹرمپ کا جوہری معاہدے سے دستبرداری اور اس کے جارحانہ اقدامات تیسری عالمی جنگ کو چھیڑنے کے مترادف ہوں گے۔ ان حالات میں UNO کا تماشائی بنا رہنا امریکی جارحیت کا نوٹس نہ لینا عالمی قیامِ امن کی کوشش کو زائل کرنا اور ایران کی مخالفت در مخالفت کرنا قیامِ امن کی کوششوں کو زائل کرنا ہے۔ ایران کو اپنے حق کے لیے عالمی عدالت انصاف کے حق کو استعمال کرنا چاہیے۔

چین: چین کے نظر ثانی شدہ زائچہ میں ستارہ زحل طالع کے بارہویں کا مالک ہو کر 23 جنوری 2020ء تک بارہویں رہے۔ یہ سبھی عرصہ چائنہ کی ایکسپورٹ میں اضافہ اور سی پیک دوست ملک پاکستان کی بندرگاہ گوادر سے بھرپور تجارتی سرگرمیوں کے لیے نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ زحل کو 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت ہونے سے اور اس کی نظر دوسرے گھر پر ہونے کے سبب سپر پاور اور تجارتی مدمقابل ممالک سے مقابلے کا رجحان بڑھے گا۔ اسی دورانَ اندرونِ اور بیرونِ ملک کی گئی صنعتی نمائشوں سے ایکسپورٹ بڑھانے کے لیے پُرکشش مراعات بھی دے۔ ملکی سروسز کے اہم ادارے انٹیلی جنس بری اور بحری فورسز میں خطرناک عسکری ہتھیاروں کا اضافہ کرے۔ حکومت دشمن خفیہ طاقتیں (دشمن سپر پاور کی خفیہ لابی) بھی حکومت کو بعض دفاعی معاملات میں آزمائش یا دفاعی نظام کو نقصانات پہنچانے کے خطرہ کو محسوس کیا جائے گا۔ 23 مارچ کیتو بارہویں اور راہو چھٹے آنے سے اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، اکتوبر ان کے قرانات کے سبب اندرونِ ملک جرائم، قتل و غارت، تشدد کے واقعات میں اچانک اضافہ، مذہبی و سیاسی فسادات کرانے کی سازشیں بے نقاب ہوں۔ جیلوں میں ہنگامے، جیل ٹوٹنے کے واقعات کے ساتھ ساتھ جیل، ہسپتالوں اور مقدس مذہبی مقامات کی اصلاح و بہتری کے لیے بھی مثبت اقدامات کیے جائیں گے۔ پاک چین سی پیک معاہدے کا ازسرِنو جائزہ اور اس میں بہتری کیلئے تجاویز کو شامل کیا جائے گا۔ 28 اکتوبر 2018ء تا 29 مئی 2019ء اِنتر دِشا قمر رہے گی۔ زائچہ میں یہ خارجہ تعلقات کا مالک ہو کر پیدائشی زائچہ میں نویں کیتو سے قران میں ہے اور اُدھر چلت بارہویں 2019ء میں تقریباً چھ ماہ زحل کیتو حالت قران میں رہیں گے۔ سپر پاور امریکہ کی جانب سے جنگی جنونی دھمکیوں کا موثر جواب دے گا۔ مسلمان ممالک نہ سہی انسانی حقوق کی تنظیمیں چینی صوبہ سنکیانگ میں اب تک کروڑ سے زیادہ مسلمانوں کی آبادی کے مسائل کو اُٹھائے گی۔

29 مئی 2019ء تا 25 اکتوبر 2019ء دورِ مریخ رہے گا۔ مریخ 4، 11 گھروں کا مشترکہ حاکم اندرونِ ملک نئے شہر کالونیاں آباد کی جائیں گی۔ نئے کارخانے، زراعت کی ترقی عمل میں آئے۔ امریکہ بھارت گٹھ جوڑ تجارتی روک تھام کی سازشوں میں ملوث رہے گا۔ پاکستان میں سی پیک اور بلوچستان میں جاری ترقیاتی منصوبوں کو تیزی سے مکمل کیا جائے گا۔ چینی حکومت کو 2019 / 2020ء عالمی سازشوں تیسری عالمگیر کی امریکی شروعات سے روس کو چاہیے امریکہ چین کی معیشت کو کمزور کرنے کی ناکام کوششیں جاری رکھے۔ ستارہ مشتری 29 مارچ تا 23 اپریل اور 5 نومبر تا 20 نومبر 2020ء زائچہ کے بارہویں نحس گھر میں اپنے ہی گھر میں رہتے ہوئے غیر ملکی سازشوں کو ہوا دے گا۔ موجودہ حکومت اندرونِ اور بیرونِ ملک جس کی ثقافت کو اُجاگر کرنے کے لیے خصوصی توجہ دینے کے ساتھ ساتھ دفاعی عوامی اداروں کے منصوبوں میں بہتری آئے۔ دوست ممالک کو بھی اپنے مفید دفاعی کاموں سے سکھ پہنچائے۔

کشمیر: عالمی سیاسی تناظر میں جہاں امریکہ، بھارت، اسرائیل اور اس کے حواری ملکی 2019 / 2020ء دنیا کی تیسری نئی عالمی جنگ میں

جھونکنے کی تیاری کر رہے ہیں۔ پاک بھارت مشترکہ تنازعہ سرزمین کشمیر جنگ کو ہوا دینے کے لیے ایک آسان ہدف ہے۔ کشمیر میں مسلمانوں کا نام ونشان مٹانے کی بھارتی مذموم سازشیں خود بھارتی سیاست دانوں کی سیاست کو جلا کر رکھ دیں گی۔ ماضی کی پاکستانی حکومتوں نے مسئلہ کشمیر کے حل کے لیے خاطر خواہ کام نہیں کیا ہے۔ مسئلہ کشمیر حل کیے بغیر خطے میں تو کیا دنیا میں امن قائم نہیں ہوسکتا۔ 2018ء میں مریخ کیتو قرانات نے ایک بار پھر پاک بھارت مذاکرات کوشش کو ناکام کیا۔ تحریک انصاف کی حکومت سے اُمید ہے کہ کشمیر کے مسئلہ کو بھارت سے حل کرنے کے لیے بات چیت کی جائے۔ زحل کیتو قران 2019ء میں اپریل تا اکتوبر وقفہ وقفہ سے جاری رہیں گے۔ اس دوران سرحدوں پر عسکری نقل وحمل اور جنگ جیسا ماحول رہے گا۔ کشمیری حریت پسند بھارتی افواج کو زبردست نقصانات اور جنگی آزمائشی حکمت میں ڈال سکتے ہیں۔ UNO میں کشمیر کے مسئلہ کو پُرامن حل کے لیے حکومتِ پاکستان کے لیے 2019ء ایک آئیڈیل سال ہوگا۔ کشمیر کمیٹی کے لیے آئیڈیل سربراہ جموں وکشمیر مسلم کانفرنس کے سربراہ سردار عتیق احمد صاحب مولانا فضل الرحمٰن سابقہ کشمیر کمیٹی سے بہتر ثابت ہوں گے۔

افغانستان: جغرافیائی اعتبار سے جفاکش سرزمین افغانستان میں بادشاہت کے بعد طالبان اور خصوصاً 11/9 کے بعد کئی جغرافیائی اور حکومتی تبدیلیاں آئیں۔ تحقیق کے مطابق افغانستان نیا زائچہ 22 دسمبر 2001ء ہمارے پیش نظر ہے۔ 25 فروری 2018ء تا 6 اپریل 2019ء مہادشا زحل میں اِنتر دشا کیتو جاری اور کیتو زائچہ میں چوتھے ارضِ وطن ہمراہ زہرہ عطارد شمس ہونے سے ملک میں جمہوری تبدیلی عمل میں آئی۔ متعدد اہم شخصیات کی حادثاتی شہادات ہوں۔ ملک میں بڑھتی ہوئی گروہوں کی آپس کی لڑائیاں افغان عوام کے لیے مسلسل دکھ کا باعث بنی ہوئی ہے۔ نقل مکانی کا سلسلہ رکنے کا نام نہیں لے رہا۔ 5، 6 کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل ان دنوں 23 جنوری 2020ء تک چوتھے اپنے اندرونِ امریکی اتحادی افواج کی ملکی افواج کے ساتھ عسکری نقل وحمل میں اضافہ اور انھیں مخالفت ومخاصمت کا مسلسل سامنا رہے۔ غذائی قلت کے سبب اقوام متحدہ انسانی ہمدردی کی بنا پر بین الاقوامی طور سے کام کرنے والے ادارے کو عام عوام کی خدمت کی اپیل کرے۔ ریڈ کراس اور اسی طرح کے دیگر این جی او کے اداروں کی خدمات سے بھی فائدہ اُٹھایا جائے۔ 6 اپریل تا 6 جون 2022 اِنتر دشا کمزور ملکی معیشت کو سنبھالا دینے کے لیے دوست ممالک سے مالی اقتصادی مدد ملے۔ اندرونِ ملک غذائی قلت کو پوار کرنے کی طرف ملکی اداروں کی توجہ رہے۔ افغان امریکہ اتحادی ممالک مل کر ملکی ضروریات کو پورا کرنے میں تعاون کریں۔ 23 مارچ کو کیتو چوتھے دسویں راس کے آجانے اور اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، اکتوبر وقفہ وقفہ سے زحل کیتو کا چوتھے قران اندرونِ ملک طالبان گروپوں کی حکومت کے ساتھ لڑائی میں شدت آئے۔ لوگوں کی ہجرت نقل مکانی میں اضافہ ہو۔ حکومت وقت کے لیے 2019ء آزمائش مشکل دور دکھائی دیتا ہے۔ اقوام متحدہ دوست ممالک سے مدد اور امداد کی اپیلوں کا سلسلہ جاری رہے گا۔ پاک افغان بارڈر پر بھی ناخوشگوار واقعات پیش آئیں۔

یورپ: یورپی یونین کے اتحاد کا زائچہ پیش نظر ہے۔ زائچہ یکم نومبر 1993ء صفر بج کر ایک منٹ Brussels کا ہے۔ طالع برج سرطان ان دنوں زائچہ میں مہادشا کیتو میں اِنتر دشا مشتری کی 14 اکتوبر 3017ء تا 9 مارچ 2020ء تک جاری رہے گی۔ اُدھر مشتری زائچہ میں چھٹے نحس گھر کا مالک ہو کر چلت میں پانچویں گھر یکم جنوری تا 29 مارچ اور پھر 23 اپریل تا 5 نومبر تک پانچویں گھر رہنے سے یورپی میڈیا، فلم، تھیٹر، ڈرامے یورپ میں جدید الیکٹرانک فن کے ساتھ عروج بانٹیں۔ فلم متعدد باکمال شخصیات کو ان کے فن کی وجہ سے شہرت عزت پذیرائی ملے اور انہیں ایوارڈ انعام واکرام سے نوازا جائے۔ اندرونِ ممالک سیاحت کے شعبہ کو فروغ حاصل رہے۔ یورپ سے براعظموں کے مابین سیاحت ثقافت فروغ پائے۔ 6 جنوری، 3 جولائی اور 26

دسمبر سورج گرہن لگنے سے مشہور فلم واہم سیاسی شخصیات کو حادثات پیش آسکتے ہیں۔ جرائم پر بننے والی فلمیں زیادہ شہرت پائیں۔ تاہم اس سے معاشرتی برائیاں بھی جنم لیں۔ سٹاک شیئرز میں ایام گرہن سے پندرہ دن قبل تا بعد زبردست اُتار چڑھاؤ۔ یورپی انعامی لاٹریوں، اسکیموں میں دھوکہ اور فراڈ کے اسکینڈل سامنے آئیں۔ ستارہ مشتری 29 مارچ تا 23 اپریل اور 5 نومبر تا 31 دسمبر چھٹے نحس گھر میں رہے۔ خصوصاً 10 اپریل تا 11 اگست یہ رجعت میں ہوگا۔ مشترکہ یورپی یونین کے فوڈ سے متعلقہ ادارے عوام کو صحت مند خوراک کے لیے اپنا چیک اینڈ بیلنس سخت کردیں۔ مزدور محنت کی ترقی یورپ خوشحالی کے لیے اندرونِ ممالک حکومتیں مشاورت مراعات کا سلسلہ جاری رکھیں۔ 26 جنوری، 17 جولائی چاند گرہن لگنے سے مذہبی، سیاسی شخصیات کے اسکینڈل یا ان کی اچانک موت واقع ہو۔ حساس ممالک میں سیاسی مخالفین حکومتیں گرانے اور انھیں اور اُن کی سول سروسز کو ناکامیوں کی نشان دہی کریں۔

مڈل ایسٹ: 2018/2019/2020 مسلسل اہم ستاروں کی تربیعات 2019ء میں جنوری میں مریخ زحل اور فروری میں مریخ پلوٹو تربیعات کا بنا۔ 23 مارچ راہو کیتو کی بروجی تبدیلی زحل کیتو اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست اور اکتوبر وقفہ وقفہ سے قرانات مڈل ایسٹ میں اسرائیلی سازشوں کی صدر ٹرمپ کے ذریعے پھیلائی گئی سازشوں سے پہلے سے جاری داعش، شام، عراق، فلسطین، یمن، سعودی عرب کی جنگ کا دائرہ وسیع ہونے سے جنگ کے بادل چھاسکتے ہیں۔ شام کی تقسیم یہودی لابی کا آسان ہدف ہوسکتا ہے۔ غزہ میں فسلطین اور اسرائیل کی جانب سے وقفہ وقفہ سے جھڑپیں ہوتی رہیں گی۔ مارچ تا اکتوبر اسرائیل مشرق وسطیٰ میں کوئی بڑی جنگی کارروائی کرکے اپنے گریٹر اسرائیل کے منصوبے کو آگے بڑھانے کی ناکام کوششیں کرے۔ 2019ء میں لگنے والے شمس گرہن 6 جنوری، 3 جولائی اور 26 دسمبر بھی مڈل ایسٹ میں مخدوش عسکری حالات کی نشان دہی کرتے ہیں۔ اہم عرب شخصیات پر قاتلانہ حملہ یا فضائی حادثات کے امکانات ہیں۔ لبنان، بحرین، فلسطین، شام، یمن اور عراقی کرد علاقوں کے حساس مقامات دہشت گردی اور جنگی حالات میں متحدہ عرب امارات، کویت، عمان، قطر، سعودی عربیہ، اُردن میں شرح روزگار کے مواقع بڑھیں۔ 2019/2020 ٹوارزم سپورٹس صنعتی نمائشوں کے حوالے سے رونقیں بڑھیں۔ عالم اسلام مڈل ایسٹ اسلامی ممالک کو اپنے عوام ممالک کے خلاف ہونے والی سازشوں کو جاننا چاہیے۔ مقدس مقامات اور مسلمانوں کی جان و مال تحفظ اور اسلام کی سربلندی کے لیے اکٹھا ہونا ہوگا۔ ورنہ دنیاوی دجالی اسرائیل دنیا کے لیے خود ساختہ عزرائیل بن کر اپنی ہولوکاسٹ یہودی کا انتقام لینے کے لیے 2019/2020ء میں امریکہ کی شہ پر دنیا کو عالمی جنگ میں جھونکنے کی تیاری کررہا ہے۔ اقوام متحدہ کیا اس لیے بنی تھی کہ دنیا میں ظلم ہوتا رہے اور وہ خاموش تماشائی بنا رہے۔

فار ایسٹ: ترقیاتی، تجارتی، ثقافتی اہداف کے حامل ممالک کے لیے لمحہ فکریہ ہے کہ ان کے خلاف سپر پاور امریکہ صیہونی قوتیں اسرائیل بھارت مل کر 2019/2020ء سازشوں میں سرگرم رہیں گے۔ ملائیشیا، جاپان، تائیوان، ہانگ کانگ، سنگاپور، تھائی لینڈ کے بزنس اور سٹاک مارکیٹیں خاص اُتار چڑھاؤ کا شکار رہیں۔ 21 جنوری اور 17 جولائی کے چاند گرہن اور خصوصاً 2019ء میں اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، اکتوبر زحل کیتو کے بننے والے قرانات بداثرات دیں۔ فار ایسٹ ممالک میں زلزلے آتش فشاں پہاڑوں کا لاوا اُگلنا اور سمندروں میں سونامی جیسے طوفانِ بادوباراں سے سمندری شہر خصوصاً متاثر ہوں۔ بڑے جانی مالی نقصانات کے خدشات بعید از قیاس نہیں۔ اندرونِ ممالک خارجہ پالیسیوں میں تبدیلی سپر پاورز کی وابستگی سے دوستیاں وفاداریاں بدلی جاسکتی ہیں۔ جغرافیائی اہمیت کے ممالک دہشت گردی کے واقعات سے بھی متاثر ہوں۔ شمالی کوریا کی دھمکی کہ امریکہ کو راکھ اور جاپان کو ڈبو سکتا ہوں کو بھولنا نہیں چاہیے۔ فار ایسٹ سمندروں میں سمندری عسکری نقل و حمل بڑھ جائے گی۔ سیاحت کے اعتبار سے ہانگ کانگ، سنگاپور، تھائی لینڈ، مالدیپ، سری لنکا کے شعبہ کو فروغ دینے کے لیے پُرکشش مراعات دی جائیں گی۔

(1) صرف دو گاڑیاں اور 2 ملازم رکھوں گا (2) لوٹا ہوا پیسہ واپس پاکستان لائیں گے (3) وزیراعظم ہاؤس کو ریسرچ یونیورسٹی بنائیں گے (4) وزیراعظم کے لئے بلٹ پروف گاڑیوں کو نیلام کریں گے (5) ہمارا کوئی گورنر۔ گورنر ہاؤس میں نہیں رہے گا (6) نیلام شدہ گاڑیوں کا پیسہ ملکی خزانہ میں جائے گا (7) نیب کو طاقتور بنائیں گے (8) کرپشن کو ملک سے ختم کریں گے (9) یا یہ ملک بچے گا یا یہ کرپٹ لوگوں رہیں گے۔ (10) کرپشن کی نشاندہی کرنے والے کو نوازہ (انعام سے) جائے گا (11) اداروں سے کرپٹ لوگوں کا خاتمہ کروں گا (12) کسی بھی مقدمے کی سماعت ایک سال سے زیادہ نہیں ہوگی۔ (13) پولیس کا نظام ٹھیک کروں گا 14۔ بیرون ملک قید پاکستانیوں کی مدد کی جائے گی (15) کرپشن ختم کرنے کے لئے سختی سے کام لیں گے (16) نیب کو جانبدار بنائیں گے۔ (17) گورنمنٹ اسکولوں کو بہتر بنائیں گے (18) پرائیویٹ اسکولوں کے لوگوں کو گورنمنٹ اسکولوں کی حالت کو ٹھیک کرنے کا کہے گے۔ (19) مدرسہ میں پڑھنے والے بچوں کا مستقبل روشن ہوگا انہیں بھی میرٹ پر لے کر چلیں گے۔ (20) بچوں سے زیادتی کے واقعات کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا (21) اسپتالوں کا نظام بہتر کریں گے۔ (22) پورے پاکستان میں ہیلتھ کارڈ متعارف کروائیں گے۔ (23) سندھ کے اسکولوں کو سندھ گورنمنٹ کے ساتھ مل کر مسائل حل کریں گے۔ (24) سب سے بڑا مسلہ پانی کا ہے اس مسئلہ کو ضرور حل کریں گے۔ (25) ڈیم کو بنائے گے۔ (26) بھاشہ ڈیم کو بنانے کے لئے بیرون ملک پاکستانیوں سے پیسہ مانگے گے۔ (27) کسانوں کے لئے پانی کی فراہمی بہتر بنائیں گے۔ (28) کسانوں کے لئے ریسرچ بہت ضروری ہے کہ پانی کا سہی استعمال کیسے کیا جائے گا۔ (29) ٹاسک فورس بنائی جائے گی تا کہ بیرون ملک سے پیسہ واپس ملک میں لایا جائے۔ (30) بھاشہ ڈیم ہر قیمت پر بنانا پڑے گا۔ (31) ہم سول سروسز کو مدد فراہم کرے گے مل کر کام کرین گے۔ (32) عام آدمی کو عزت دیں گے۔ جو اس کا حق ہے وہ اسے دلوائیں گے۔ (33) عام آدمی کا کام ٹائم پر دیں گے۔ اور جو اچھا کام کرے گا اس کی تنخواہوں میں اضافہ کریں گے۔ (34) عام آدمی سرکاری دفتر آئے تو اس کو عزت ملے گی۔ (35) سول سروسز مین سزا اور جزا کا کام کریں گے (36) بلدیاتی نظام میں بہتری لائیں گے۔ (37) ناظم کا انتخاب ڈائریکٹ کریں گے۔ (38) بچوں کے لئے پارک بنائیں گے۔ (39) پاکستان میں درخت لگائیں گے۔ (40) شہروں میں درخت لگائیں گے۔ (41) پاکستان کو بڑے پیمانے پر پاکستان کو ہرا کریں گے۔ ہیٹ ویو سے جانیں بچانی ہیں۔ (42) گندگی کو صاف کریں گے۔ حدیث ہے آدھا ایمان صفائی ہے۔ (43) پاکستان انشاءاللہ 5 سال بعد ایسا ہوگا کہ بیرون ممالک کہیں کہ پاکستان بہت صاف اور ستھرا ملک ہے۔ (44) نوجوانوں کو بلاسود قرضے دیں گے (45) پچاس لاکھ سستے گھر بنائیں گے (46) ہر سال چار بڑے سیاحتی مقام کھولیں گے۔ (47) بلوچستان کے ایشوز کو حل کریں گے۔ (48) پنجاب میں لاہور کے علاوہ بھی تمام شہرون علاقوں کے مسائل حل کریں گے۔ (49) کراچی کے لوگوں کے لئے پانی کا مسلہ حل کریں گے (50) نیشنل ایکشن پلان پر بھرپور کام کرین گے۔ (51) ملک سے دہشت گردی کا خاتمہ کریں گے۔ (52) پاکستان کو امن کی ضرورت ہے۔ (53) انشاءاللہ پاکستان کو ایک فلاحی ریاست بنائیں گے۔ (54) اسٹریٹ چلڈرن بیوہ عورتوں معزور افراد کی ذمہ داری ہم نے لینی ہے۔ (55) میں چاہتا ہوں ہم اپنے اندر رہم پیدا کریں۔ (56) کراچی میں ٹرانسپورٹ کا مسلہ حل کرین گے۔ (56) مدینہ کی ریاست بنائیں گے (57) قوم سے سادگی اپنانے کا اعلان (58) ایک ایک پیسہ بچا کر دیکھاوں گا آپ کا پیسہ ہے ہماری ذمہ داری ہے میں آپ کے پیسے کی حفاظت کر کے دیکھاوں گا (59) پاکستان اللہ کی نعمت ہے۔ (60) سرکار کے پیسہ کی ہم سب نے مل کر حفاظت کرنی ہے۔ (61) ایک دن پاکستان میں آئے گا کہ پاکستان میں کوئی زکات لینے والا نظر نہیں آئے گا۔ یہ میرا ویزن ہے۔

پاکستان کو مدینہ جیسی ریاست بنانے کا اعلان

ہم سب نے مل کر ریاست کے دشمنوں کو ناکام بنانا ہے۔ شاہ زنجانی

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيْهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ ط اِنَّ صَلٰوتَكَ سَكَنٌ لَّهُمْ ط وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ

ترجمہ: "لے لیجئے اُن کے مالوں میں سے صدقہ تاکہ آپؐ پاک کردیں اُن کو اور صاف کردیں انہیں اس (صدقے) کے ذریعے اور دُعا کیجئے اُن کے حق میں بے شک آپ کی دُعا تسکین ہے اُن کے لئے اور اللہ سننے والا جاننے والا ہے"۔ (سورۃ توبہ، آیت 103)

روح اور شیطان کی حقیقت سے کسی مذہب کو انکار نہیں مگر یہ دونوں ہی ہمیں دکھائی نہیں دیتے۔ روح امر الٰہی نیکی اور شیطان ہر برے کام کا منبع ہے۔ بوقت پیدائش دونوں قوتیں متحرک ہوجاتی ہیں۔ علم نجوم کی زبان میں آسانی سے یوں سمجھ لیں کہ بوقت پیدائش ستارے اپنے اثرات چھوڑ جاتے ہیں اور پھر ہم ساری زندگی ان کے ردعمل سے گزرتے رہتے ہیں۔ دوسرے علوم کی طرح علم نجوم وہیئت بھی ایک علم ہے جو انسانی تجربات اور مشاہدات کی بناء پر وجود میں آیا ہے، یہ کوئی ماورائی یا الہامی علم نہیں جو کسی الہامی صحیفے کے ذریعے انسان کو ملا ہو، بلکہ انسانی جدوجہد، مشاہدے اور تجربات سے جو نتائج سامنے آتے گئے وہ ایک سے دوسرے کو منتقل ہوتے ہوئے اور ایک ایسا بھی وقت آیا جب ان تجربات کو باقاعدہ تحریر میں لاکر اس کو علم نجوم وہیئت کا نام دے دیا گیا، جو زمانے کے ساتھ آگے بڑھتا رہا اور آج بھی لوگ اس کو آگے بڑھانے کی کوشش جاری رکھے ہوئے ہیں، چونکہ اس علم کی بنیاد ٹھوس تجربات ومشاہدات پر مبنی ہے اس لئے اس کو سائنسی علوم میں شامل کیا جاسکتا ہے، کیونکہ سائنس کی تعریف ہی یہ ہے کہ جو علم تجربات پر بار بار، پورا اترے وہ سائنس کہلاتا ہے۔ بحمد اللہ علم نجوم بارہا اس کسوٹی پر پورا اتر چکا ہے اور آج بھی پورا اتر رہا ہے۔ سابقہ الہامی کتب اور خاص کر قرآن کریم میں خالق کائنات نے انسان کو کائنات پر غور وفکر اور علم حاصل کرنے کا بار، بار حکم دیا ہے، کسی مخصوص علم کی طرف اشارہ نہیں کیا، کیونکہ اس کائنات میں خالق کے بے شمار نظام ہیں، ان ہی نظاموں میں ایک نظام ستاروں وکواکب کی شعاعوں کا ہے، جن میں اللہ نے حکمتیں بھردی ہیں۔ جو اس کے حکم سے ایتھر کے ذریعہ نباتات، جمادات، حیوانات اور انسانوں تک پہنچتی ہیں، جیسے **آفتاب** کی شعاعیں حیات وحدت، **قمر** سے جسم اور اس کے برودت، **عطارد** سے دماغ اور غور وفکر، **زہرہ** سے نفس اور جذبات **مریخ** سے قوت عمل، **مشتری** سے خالق کی بندگی، **زحل** سے صبر واستقلال کی شعاعیں پھوٹتی ہیں۔ لہٰذا اس امر کا جائزہ لینا ضروری ہے کہ ستاروں اور سیاروں میں اللہ نے جو فطرت رکھی ہے اس کا زمین واہل زمین سے کوئی تعلق ہے یا نہیں؟ میڈیکل سائنس میں ڈاکٹر اندرونی بیماری کا پتہ چلانے کے لئے ایکسرے کرتے ہیں۔ اسی طرح دنیا بھر کے منجمین بھی کسی شخص یا ملک کا زائچہ بنا کر اس کے زائچہ کا ایکسرے کرتے ہوئے صاحب زائچہ کو اپنی علمی کاوش سے مستقبل کی آگاہی دیتے ہیں۔ علم نجوم ایک نہایت ہی پیارا لطیف علم ہے جو ہمیں مستقبل کی آگاہی دیتا ہے۔ وطن عزیز پاکستان کا صدقہ بندش منگل، بدھ کے دن تمام ذبیحہ خانوں کا کھول دینا ہے۔

اے احمدؐ فقراء سے میری محبت ہے تم فقراء کے قریب جاؤ ان کے پاس بیٹھو اغنیاء سے دور رہو کیونکہ فقراء میرے دوست ہیں۔ حدیث قدسی

جفری پیش گوئیاں 2019ء

از تحریر: علامہ گمنام حسین حسینی

یاعلیمُ:۔ کیا عمران خان اپنے اقتدار کے پانچ سال پورے کر پائے گا۔ ستمبر دو ہزار اٹھارہ؟

سطر اساس	ک	ی	ا	ع	م	ر	ن	ق	د	ج	س	ھ
بینات	ا	ا	ل	ی	ی	ا	و	ا	ا	ی	ی	ا
—	ف	x	ف	ن	م	x	ن	ف	ل	م	ن	x
عدد مفرد	۹	۱	۲	۶	۵	۱	۲	۹	۴	۵	۶	۱
مستحصلہ	و	س	ح	ت	م	ک	ن	ا	م	ک	ل	م
وجہ ناطق	خود	x	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود	خود
ترتیب	ح	x	ک	و	م	ت	ن	ا	م	ک	م	ل
الجواب	حکومت						نا		مکمل			

یعنی: عمران خان اپنے اقتدار کے پورے پانچ سال نہ کر پائیگا۔

یاعلیمُ:۔ عمران خان کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا؟

سطر اساس	ع	م	ن	ا	ح	ش	ل	ی	ر	ت
مؤخر صدر	ت	ع	ر	م	ی	ن	ل	ا	ش	خ
مستحصلہ	ی	م	ف	ل	ی	ظ	ج	ا	ب	ت
وجہ ناطق	خ	م	ف	ل	ا	م	ج	ا	ع	ت
ترتیب	م	خ	ا	ل	ف	ج	م	ا	ع	ت
الجواب	مخالف					جماعت				

یعنی: مخالفین کی ایک بڑی تعداد عمران خان کے خلاف سازشیں، رکاوٹیں اور مشکلات پیدا کرے گی۔ واللہ العلم

یاعلیمُ :۔تیسری عالمی جنگ کا خطرہ ہے، دو ہزار اٹھارہ؟

سطر اساس	ت	س	ر	ا	ع	ھ	ج	د	م	و
مؤخر صدر	و	ت	م	س	د	ر	ج	ا	ھ	ع
مستحصلہ	و	ذ	ھ	ط	ھ	ر	خ	ش	و	و
وجہ ناطق	و	ک	ھ	ط	ھ	ر	خ	ش	ر	و
ترتیب	ک	ھ	و	ط	ھ	ر	خ	ش	ر	و
الجواب	ہو			خطرہ				شروع		

یعنی: تیسری بڑی عالمگیر جنگ کا خطرہ شروع ہو چکا ہے، **نوٹ**: جواب میں صرف (ع) کا اضافہ کیا گیا۔ و اللہ العلم

یاعلیمُ :۔کیا عمران خان عوام کے لئے کوئی اچھے کام بھی کر پائیگا؟

سطر اساس	ک	ی	ع	م	خ	ن	ع
بینات	ا ف	ا x	ی ن	ی م	ا x	و ن	ی ن
عدد	۱۷	۱	۱۴	۱۳	۱	۱۴	۱۴
مستحصلہ	ل	ا	ح	ف	ا	ی	ک
ترتیب	ف	ل	ا	ح	ی	ک	ا
الجواب	فلاحی					کام	

یعنی: فلاحی کام کرسکتا ہے۔جواب میں ہم نے صرف ''م'' کا اضافہ کیا ہے۔ واللہ العلم

یاعلیمُ :۔کیا عمران خان وزیر اعظم پاکستان کو جانی خطرہ ہے؟

سطر اساس	ک	ا	ع	م	ن	و	ز	ت	ج	خ
مؤخر صدر	خ	ک	ج	ا	ت	ع	ز	م	و	ن
مستحصلہ	خ	ق	و	ر	ط	ع	ھ	ز	ی	ش
وجہ ناطق	خ	ھ	و	ر	ط	ع	ھ	ز	ی	ز
ترتیب	خ	ط	ر	ھ	ھ	و	ع	ز	ی	ز
الجواب	خطرہ				ہو		عزیز			

یعنی: خان صاحب کو اپنے ہی کسی عزیز سے خطرہ جان ہوسکتا ہے۔ و اللہ العلم

میں محترم زنجانی صاحب کا شکر گزار ہوں جنہوں نے ہمیں بار بار موقع دیا ہے اور ان کا سایہ ہمیشہ قائم رہے اور محترم سرفراز احمد صاحب کو اللہ پاک کروٹ کروٹ جنت الفردوس میں جگہ عطا کرے وہ بہت قابل انسان تھے 2019ء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا سال ہے ہر فرد روزانہ 786 مرتبہ بسم اللہ شریف پڑھے گا اور سال بھر خوشیاں پائے گا میں چند پیش گوئیاں لیکر حاضر ہوں غائب کا علم تو صرف اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس جاتی ہے علم جفر آئمہ معصومؑ کا علم ہے جو پاک ہے اور سچ کی نشاندہی کراتا ہے۔

یَا علیمُ :- 2019ء پاکستان حکومت کیلئے یہ کیسا سال رہے گا؟

تخلیص	د	و	ہ	ز	ا	ر	ن	ی	س	پ	ک	ت	ح	م	ل
مؤخرصدر1	ل	د	م	و	ح	ہ	ت	ز	ک	ا	پ	ر	س	ن	ی
مؤخرصدر2	ی	ل	ن	د	س	م	ر	و	پ	ح	ا	ہ	ک	ت	ز
نظیرہ(اخذ)	س	ز	ق	ط	ی	ص	ذ	غ	خ	ج	ث	ظ	ع	ف	ل
عزیزہ	ع	ح	ر	ی	ط	ف	ض	ظ	ث	د	خ	غ	س	ص	ک
نظیرہ احست	د	ذ	ج	ظ	ض	ز	ظ	ی	م	ش	ن	ک	ھ	ا	غ
ناطق	د	ک	ح	م	ت	ر	ی	ا	ب	ش	ن	ل	ھ	ا	س
جواب	حکومت					پریشان						سال ہے			

یَا علیمُ :- کیا 2019ء میں فوجی مارشل لاء لگ سکتا ہے؟ 12 جون 2018 عیسوی

تخلیص	ک	ی	ا	د	و	ہ	ز	ر	ن	س	م	ف	ج	ش	ل	ت
مؤخرصدر1	ت	ک	ل	ی	ش	ا	ج	د	ف	و	م	ہ	س	ز	ن	ر
مؤخرصدر2	ر	ت	ن	ک	ز	ل	س	ی	ہ	ش	م	ا	و	ج	ف	د
نظیرہ(اخذ)	ذ	ف	ق	ع	ل	ز	ی	س	ظ	ض	ص	ث	غ	ح	ت	ط
عزیزہ	ض	ص	ر	س	ک	ح	ط	ع	غ	ذ	ف	خ	ظ	ز	ش	ی
نظیرہ احست	ط	ا	ج	ھ	غ	ذ	ض	و	ک	ح	ز	ن	ی	ف	د	ظ
ناطق	ے	ا	ف	و	غ	کل	ض	و	ک	تش	ش	ن	ا	ف	د	م
جواب	آئے فضول (حاکم) کوشش فن آمد۔ اگر بے کار حاکم آئے تو مارشل لاء لگ بھی سکتا ہے۔															

یَاعلیمُ :۔کیا پاکستان آرمی جنرل قمر جاوید باجوہ کی ملازمت میں توسیع ہوگی؟

تخلیص	ک	ی	ا	پ	س	ت	ن	ر	م	ح	ل	ق	و	د	ز	ح	ہ
مؤخرصدر1	ہ	ک	ح	ی	ر	ا	د	پ	و	س	ق	ت	ل	ن	ح	ر	م
مؤخرصدر2	م	ہ	ر	ک	ج	ح	ن	ی	ل	ر	ت	ا	ق	د	س	پ	و
نظیرہ(اخذ)	ص	ظ	ذ	ع	ح	ج	ق	س	ز	ل	ذ	ش	ن	ط	ی	ح	غ
عزیزہ	ف	غ	ض	س	ز	د	ر	ع	ح	ک	ص	ح	م	ی	ط	ش	ظ
نظیرہ احست	ز	ک	ط	ھ	ف	ش	ج	و	ز	ع	ا	ن	ش	ط	ض	م	ی
ناطق	ح	س	ی	و	ف	ت	ج	و	ک	ن	x	م	ت	ت	د	م	خ
جواب	توسیع				فوج				کن			مدت				ختم	

یَاعلیمُ :۔کیا پاکستان کا نیا چیف جسٹس عدل وانصاف سے فیصلے کرے گا؟

تخلیص	ک	ی	ا	پ	س	ت	ن	ج	ف	ع	د	ل	ص	ر
مؤخرصدر1	ر	ک	ص	ک	ل	ا	د	پ	ع	س	ف	ت	چ	ن
مؤخرصدر2	ن	ر	چ	ک	ت	ص	ف	ی	س	ل	ع	ا	پ	د
نظیرہ(اخذ)	ق	ذ	ح	ع	ف	م	ت	س	ی	ز	ک	ت	خ	ط
عزیزہ	ر	ض	ذ	س	ص	ن	ش	ع	ط	ح	ل	خ	ث	ی
نظیرہ احست	ج	ط	ف	ھ	ا	خ	د	و	ض	ذ	ت	ن	م	ظ
ناطق	چ	ی	ف	ح	س	و	د	و	ل	ض	ت	ن	م	ط
جواب	چیف			حوس			دولت				ضم		نظر	

یَاعلیمُ :۔2019ء پاکستان اور امریکہ میں تعلقات کس نوعیت پر قائم رہیں گے؟

تخلیص	د	و	ہ	ز	ا	ر	ن	ی	س	پ	ک	ت	م	ع	ل	ق
مؤخرصدر1	ق	د	ل	و	ع	ہ	م	ز	ت	ا	ک	ر	پ	ن	س	ی
مؤخرصدر2	ی	ق	س	د	ن	ل	پ	و	ر	ع	ک	ہ	ا	م	ت	ز
نظیرہ(اخذ)	س	ن	ی	ط	ق	ز	خ	ع	ف	ک	ع	ظ	ت	ص	ف	ل
عزیزہ	ع	م	ط	ی	ر	ح	ش	ط	ض	ل	س	ع	خ	ف	ص	ک
نظیرہ احست	و	ش	ض	ظ	ج	ذ	م	ی	ط	ت	ھ	ک	ن	ز	ا	غ
ناطق	ر	ط	ض	غ	ف	ق	م	ی	ط	ح	ح	ب	ن	ر	ا	x
جواب	غرض					نقط				محیط			بحران			

واللہ اعلم بالصواب

حافظ شہزادہ سید محسن علی زنجانی

عریضہ یا صاحب الزمان ادرکنی فی سبیل اللہ

عریضہ کا سائنسی جواز: فیکس مشین نے یہ ثابت کر دیا ہے کہ آپ کا اصلی خط/چٹھی آپ ہی کے پاس موجود ہے جبکہ آپ کے پیغامات اسی لمحہ امریکہ، برطانیہ اور دنیا کے تمام گوشوں میں اسی لمحہ پہنچ جاتے ہیں۔ "**سرکار ولی عصر**ؑ" جو خدا کے "**لاریب**" نمائندہ ہیں ان کے حضور نیت، اعمال کا روزنامچہ کہیں تیز رفتاری سے پہنچتا ہے۔ "جناب مالک اشترؒ مولا علیؑ" سے عرض کرتے ہیں۔ مولا میں نے آج آپ کی تعداد کے برابر لوگ فی النار کیے ہیں۔ **مولا علیؑ فرماتے ہیں:** اے اشترؒ" میں نے جن لوگوں کو قتل کیا ہے میں نے ان کی نسلوں تک کو چیک کیا ہے کوئی کہیں مومن تو نہیں"۔ **ہمارے مولا (امام زمانہؑ)** بھی انکی اولاد ہیں جو تمام معاملات کی تہہ تک آگاہ ہیں۔

☆ دنیا میں کوئی کام درخواست کے بغیر نہیں ہوتا۔ بچہ سکول داخل کروانا ہو، مریض ہسپتال میں، کوئی بھی ملازمت حاصل کرنا ہو تو درخواست ضروری ہے۔ آپ کی اپنی رقم بنک میں جمع ہے مگر ضروری ہے کہ درخواست دے کر رقم حاصل کریں۔ **درخواست ایک مستند ریکارڈ کی حیثیت رکھتی ہے۔**

☆ نماز، عبادت عادات اور روایت کے طور پر ادا ہوتی ہے۔ دعا و مناجات توجہ اور انتہائی غور سے مانگی جاتی ہے۔ کسی بزرگ، استاد کو ہم اس کی اہلیت قابلیت کی وجہ سے عزت و احترام دیتے ہیں۔ بادشاہ، افسر، جی۔ایم کو بحیثیت عہدہ و مرتبہ گارڈ آف آنر پیش کیا جاتا ہے۔ دوست، عزیز، بزرگ، روحانی پیشوا، پیر و مرشد کو بہ لحاظ مرتبہ القاب و احترام اور نفسِ مضمون سے مخاطب کیا جاتا ہے۔ "جناب حضور "**عریضہ**" ہم اپنے **آقا و مولاؑ** کے پیش کرتے ہیں۔ تمام تر نیاز مندیوں کے ساتھ سرکار کے دربار میں حاضری کی سفارش حاصل کرتے ہیں۔ پوری توجہ، انتہائی یکسوئی، تمام تر اعلیٰ القابات اور بہترین نفسِ مضمون کے ساتھ مولاؑ کو پکار کر راز و نیاز کرتے ہیں۔ مولا کریم ابن کریم ہیں ہمیشہ لجپال فرماتے ہیں۔ لمحہ بھر سے پہلے مدد نصرت فرماتے ہیں

☆ نقش و تعویذ، اسم اعظم کا کام کرتا ہے جس کام کے لیے اس کے روحانی فیض و برکات حاصل ہوتے ہیں۔ اس طرح مولاؑ کا عریضہ بھی "اسم اعظم" کا کام کرتا ہے۔ جہاں جہاں آبپاشی ہوتی ہے۔ فصلوں کو خیر و برکات نصیب ہوتی ہے۔ آبی پودوں اور جانوروں کو حیات نو ملتی ہے۔ الغرض جو کچھ کہا جائے، کم ہے۔

جسم انسانی میں بلغم کم ہونا شروع ہوجاتی ہے نہار منہ پانی کے چند گھونٹ پینا مفید ہے۔ سبزیاں مثلاً کریلا، بینگن اور پیاز وغیرہ کھانا مفید ہے۔ مچھلی اور انڈے کا استعمال بھی مفید ہے۔

حوت — 20 فروری تا 20 مارچ ♓
اس ماہ مختلف ہوائیں چلتی ہیں، گھاس پھوس خوب اُگتی ہے چرند پرند کا گوشت کم استعمال کریں، خشک میوہ جات اور لہسن و پیاز کا استعمال اور سیر و تفریح و ورزش مفید ہے۔

حامل نوٹ کا رزق کشادہ نہ ہوا، تو اسے حق ہو گا کہ قیامت کے دن شاہ زنجانی کا دامن گیر ہو

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے۔ (ارشاد امام علی رضاؑ)

اللہ تعالیٰ کو گواہ بنا کر ستارہ مشتری کی بابرکت شرف یافتہ سعادتوں میں شرفِ مشتری کا گارنٹی شدہ نوٹ آپ کے لیے تیار کرنے کی سعادت حاصل کی گئی ہے۔ قبل ازیں پانچ روپے کے شرفِ مشتری کے نوٹ **منجم زنجانی برادرز** نے تیار کر کے ہزاروں بہن بھائیوں کو فیض یاب کیا۔ **12** سال کے بعد کائنات میں خیر و برکت کی لہریں نصیب یاوری، رزق و دولت لاتی ہیں۔ انہی ساعتوں کو عامل **شاہ زنجانی** نے آپ کے لیے سمیٹ لیا ہے۔ شرفِ مشتری کے حامل کا رزق کشادہ ہونے لگے گا۔ اس نوٹ کی، کی **(Key)** اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لینا ہے۔ تبھی شرفِ مشتری کے نوٹ سے فیض پائیں گے۔ جس طرح **بسم اللہ الرحمٰن الرحیم** کے ابجد قمری **786** ہیں اور مفرد عدد **3** ہے۔ اسی طرح **اللّٰہ** کے ذاتی نام کے اعداد **66** جس کا مفرد بھی **3** ہے۔ سبع کواکب میں یہی نمبر ستارہ مشتری سے منسوب ہے۔ روحانی تحقیق کے مطابق مشتری اللہ، اولیاء اللہ، انبیاء، ولی، قطب، ابدال، رجال الغیب، غوث، قلندروں کا نمبر **3** سے رابطہ ہمیشہ قائم رہے گا۔ شرفِ مشتری کے نوٹ کی فیض یابی کے لیے اللہ کے گھر کی تعمیر میں حصہ لے کر آپ بھی اسی تسبیح کے دانے بن سکتے ہیں۔ آپ اللہ سے تجارت کر کے یقینی نفع پا سکتے ہیں۔

نوٹ حاصل کرنے کے خواہاں بہن بھائی **2** ہزار روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال کریں۔ انکی جانب سے اللہ کے گھر کی تعمیر میں **1900** روپے ہدیہ دے کر رسید کے ساتھ شرفِ مشتری کا نوٹ رجسٹرڈ لیٹر روانہ کر دیا جائے گا۔ اگر آپ مقامی طور پر اپنی پسند کی مسجد میں چندہ دینا چاہیں تو رسید کیساتھ **50** روپے کے علاوہ **50** روپے ڈاک خرچ ارسال کر دیں۔ بیرونِ ملک رہنے والے بہن بھائی اپنے رہائشی ملک کا نوٹ بھی بنوا سکتے ہیں۔ (رابطہ: **شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی 0300-9483758**)

اِنَّمَا يُرِيدُ اللَّهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا

جبرائیل عزرائیل یٰسٓ
محیط
اللہ
حکم باسط
طٰسٓ
میکائل اسرافیل

یا نور

یا منعم
یا وھاب
یا غنی
یا رزاق

شرف مشتری کا تحفہ: عکس شرفِ مشتری کاٹ کر یا فوٹو کاپی کروا کر بروز جمعرات طلوعِ آفتاب کے بعد دعائیں کر کے جنوب کی طرف لگائیں تاکہ شمال سے آنے والی مقناطیسی شعاعیں پڑتی رہیں، خیر و برکت آتی ہے۔ روزانہ خوشبو اگر بتی صبح و شام روشن کریں۔

ہدیہ الواح | سونا محدود تعداد میں دستیاب | کانسی (چاندی): بارہ ہزار روپے | کاغذ، مشک، زعفران ہدیہ: پانچ ہزار روپے

Scanned by CamScanner

اھرام شرفِ مشتری PYRAMID

اھرام کے فوائد و تجربات

☆ مراقبہ میں ارتکاز توجہ یکسوئی پانے کے لیے اس میں اپنی تصویر رکھ دیں یا بڑے اھرام میں بیٹھ کر مراقبہ کریں، نتائج مخفی اسرار و رموز سو فیصد ملتے ہیں۔ ☆ اھرام نیک خواہشات و خیالات کو مادی شکل بھی فراہم کرتے ہیں۔ اھرام میں ناقابل عمل خواہشات لکھ کر رکھیں، پوری ہو سکتی ہیں۔ ☆ اپنے بیڈ کے نیچے اھرام رکھیں، آپ کو پرسکون میٹھی نیند آئے گی۔ شادی شدہ ہونے کی صورت میں ازدواجی مسرتیں بڑھ جائیں گی۔ ☆ اھرام میں بلیڈ رکھ دیں تو بلیڈ تیز ہو کر پھر سے کارآمد ہو جاتا ہے۔ ☆ اھرام میں موذی امراض کینسر، سرطان کی ادویات رکھیں، ادویہ میں روحانی تاثیر شفاء کی قوت بڑھ جائے گی۔ ☆ اھرام میں پھل، سبزیاں رکھ کر کھائیں، مزید توانائی بخش غذا بن جائے۔ ☆ اھرام میں بیج یا قلمیں رکھیں تو ان کی افزائش حیرت انگیز طور پر بڑھتی ہے۔ ☆ اھرام میں رکھا گیا دودھ یا پانی پینے سے بڑھاپا طاری نہیں ہوتا۔ اس دودھ یا پانی سے چہرہ دھونے سے خوبصورتی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ اھرام میں کوئی اسم اعظم یا قرآنی نقش اپنے نام مقصد کے ساتھ لکھ کر عروج ماہ میں رکھیں، روحانی تاثیرات آپ کو حیران کر دیں گی۔

ترکیب استعمال: اھرام کے اندر کاغذ پر دعائیں لکھ کر رکھ سکتے ہیں۔ دعائیں رکھنے سے پہلے دو نفل حاجت ادا کر کے اھرام کا ... اٹھا کر بستر یا چھت پر لٹکا کر دعائیں کریں ... اھرام شمال سے سیدھا کر لیں، اھرام کے نیچے پلیٹ فارم پر چار یکساں لائنیں ہیں۔ ایک لائن کو قطب نما (Compass) سے شمال کی سمت کریں۔ یوں اھرام میں رکھی ہوئی دوا دعائیں ... شروع ہو جائے گی۔ بہتر وقت رکھنے کا عروج ماہ چاند کی 7 تا 14 تاریخ ہیں۔

زنجانی جنتری 2002ء میں کرشماتِ اھرام کے ذکر سے اندازہ ہوا کہ اھرام سے فیض یابی اور اس میں دلچسپی رکھنے والے شائقین ساری دنیا کی طرح وطن عزیز پاکستان میں بھی خاصی تعداد میں پائے جاتے ہیں۔ مختلف اوقات میں کل پرائیویٹ ٹیلی ویژن کے نغمات اور اشتہاری فلم DHL نے اھرام میں ایک بار پھر عوامی دلچسپیاں بڑھا دی ہیں۔ سال بھر وقفہ وقفہ سے ملنے والے تجربات میں چند نئے تجربات کا اضافہ ہوا ہے۔

☆ اھرام میں بانجھ پن کے لیے رکھی گئی ادویات کے مسلسل استعمال سے بانجھ پن کا مرض جاتا رہا۔ ☆ روٹھے ہوئے (محبت) دوستوں کو منانے کے لیے رکھی گئی دعا قبول ہوئی۔ ☆ ہمارے دوست میجر (ر) خالد اسماعیل قاضی و میجر (ر) نوید اکبر نے بتایا کہ اُن کے ایک دوست نے اھرام کے اندر پرائز بانڈ اور نکلنے کی دعا لکھ کر رکھی اور ان کا پچاس لاکھ روپے کا انعام نکل آیا۔ اھرام کے اَن گنت فوائد میں یہ ایک نیا اضافہ ہے۔ ☆ اھرام گھر میں رکھنے سے خبیث ارواح جنات، آسیب کے اثرات کا خاتمہ ہوا۔ ☆ اھرام عین سرہانے کے نیچے رکھ کر سونے سے خواب میں استخارہ جلد نصیب ہوتا ہے۔ ☆ اھرام بستر کے عین تکیہ کے نیچے رکھ کر بہ نیت پرائز بانڈ نمبرز معلوم کرنے کے لیے باوضو سونے سے خواب میں متوقع کی نمبرز معلوم ہوتے ہیں۔ ☆ اھرام میں کوئی سکن کریم رکھ کر استعمال کرنے سے چہرے کی خوبصورتی، داغ دھبے دور ہوتے ہیں۔ ☆ اھرام میں بادام رکھ کر کھانے سے نظر اور دماغ تیز ہوتا ہے۔ ☆ اھرام میں نام بمعہ والدہ لکھ کر رکھنے سے تحفظ احساس رہتا ہے جیسے کوئی آپ کے ساتھ ہو اور آپ کی حفاظت کر رہا ہے۔ ☆ اھرام میں بخورات (صندل، لوبان، ہرمل، گوگل، دال چینی) سات دن رکھ کر جلانے سے مخفی مخلوقات کی جھلکیاں نظر آنے لگتی ہیں۔

اھرام بنانے کی ترتیب

اھرام گتے، لکڑی، جست، ایلومینیم، مٹی یا پتھر یا کسی بھی چیز کا بنائیں۔ AB کا ایک گرافک زاویہ 58.18 اور BC کا گرافک زاویہ 301.82 ہے۔ یہ زاویہ کمپیوٹر سے بنائیں۔ دونوں نقطے B کو ملنے چاہئیں، کمپیوٹر پرنٹر سے پرنٹ نکلوا لیں۔ یہ اھرام کی، کی Key بن جائے گی۔ اس فارمولا سے اھرام کی سائیڈ تیار ہوگی، اس طرح کی چار سائیڈز بنا کر نقطہ B کو ملاتے جائیں، درست اھرام بن جائے گا۔ درجنوں غلط اھرام بنانے کے بعد یہی آسان طریقہ ہاتھ لگا ہے۔

اے عیسیٰؑ! اللہ کا اپنے بندوں پر حق ہے کہ جب بھی انہیں نئی نعمت دے تو اس کے حضور تواضع وانکساری اختیار کریں۔ حدیث قدسی

انتخاب:۔ شہزادہ سید مصور علی زنجانی

100 قرآنی نصیحتیں

1. بدزبانی سے بچو(159:3) 2. غصے کو پی جاؤ(134:3) 3. دوسروں کے ساتھ بھلائی کرو (36:4) 4. تکبر سے بچو(13:7) 5. دوسروں کی غلطیاں معاف کرو(199:7) 6. لوگوں سے نرمی سے بات کرو(44:20) 7. اپنی آواز پست رکھو(19:31) 8. دوسروں کا مذاق نہ اڑاؤ(11:49) 9. والدین کا احترام اور ان کی فرمانبرداری کرو(23:17) 10. والدین کی بے ادبی سے بچو اور اُن کے سامنے اُف تک نہ کہو(23:17) 11. اجازت کے بغیر کسی کی خلوت گاہ (پرائیویٹ کمرہ) میں داخل نہ ہو(58:24) 12. آپس میں قرض کے معاملات تحریر کرلیا کرو(282:2) 13. کسی کی اندھی تقلید مت کرو(170:2) 14. اگر کوئی تنگی میں ہے تو اسے قرضہ اتارنے میں مہلت دو(280:2) 15. سود مت کھاؤ(275:2) 16. رشوت مت اختیار کرو(188:2) 17. وعدوں کو پورا کرو(177:2) 18. آپس میں اعتماد قائم رکھو(283:2) 19. سچ اور جھوٹ کو آپس میں خلط ملط نہ کرو(42:2) 20. لوگوں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرو (58:4) 21. عدل وانصاف پر مضبوطی سے جم جاؤ (135:4) 22. مرنے کے بعد ہر شخص کی دولت اس کے قریبی عزیزوں میں تقسیم کردو(7:4) 23. عورتوں کا بھی وراثت میں حق ہے(7:4) 24. یتیموں کا مال ناحق مت کھاؤ(10:4) 25. یتیموں کا خیال رکھو(220:2) 26. ایک دوسرے کا مال ناجائز طریقے سے مت کھاؤ(29:4) 27. کسی جھگڑے کی صورت میں لوگوں کے درمیان صلح کراؤ(9:49) 28. بدگمانیوں سے بچو(12:49) 29. گواہی کو مت چھپاؤ(283:2) 30. ایک دوسرے کے بھید نہ ٹٹولا کرو اور کسی کی غیبت مت کرو (12:49) 31. اپنے مال میں سے خیرات کرو(7:57) 32. مسکین غریبوں کو کھانا کھلانے کی ترغیب دو(3:107) 33. ضرورتمندوں کو تلاش کرکے اُن کی مدد کرو(273:2) 34. کنجوسی اور فضول خرچی سے اجتناب کرو(29:17) 35. اپنی خیرات لوگوں کو دکھانے کے لیئے اور احسان جتا کر ضائع مت کرو (264:2) 36. مہمانوں کا احترام کرو(26:51) 37. بھلائی پر خود عمل کرنے کے بعد دوسروں کو بھی اس کی ترغیب دو(44:2) 38. زمین پر فساد مت کرو(60:2) 39. لوگوں کو مسجدوں میں اللہ کے ذکر سے مت روکو(114:2) 40. صرف اُن سے لڑو جو تم سے لڑیں(190:2) 41. جنگ کے آداب کا خیال رکھو(191:2) 42. جنگ کے دوران پشت مت پھیرنا(15:8) 43. دین میں کوئی زبردستی نہیں(256:2) 44. تمام پیغمبروں پر ایمان لاؤ(285:2) 45. حالتِ حیض میں عورتوں سے جماع نہ کرو(222:2) 46. مائیں بچوں کو دو سال تک دودھ پلائیں(233:2) 47. خبردار زنا کے قریب کسی صورت میں نہیں جانا(32:17) 48. حکمرانوں کو اہلیت کی بنیاد پر منتخب کرو(247:2) 49. کسی پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ مت ڈالو (286:2) 50. آپس میں تفرقہ مت ڈالو (103:3) 51. کائنات کی تخلیق اور عجائبات پر گہری غور و فکر کرو(191:3) 52. مرد اور عورت کو اعمال کا صلہ برابر ملے گا(195:3) 53. خون کے رشتوں میں شادی مت کرو(23:4) 54. مرد خاندان کا حکمران ہے(34:4) 55. بخیلی و کنجوسی مت کرو(37:4) 56. حسد مت کرو(54:4) 57. ایک دوسرے کا قتل مت کرو(92:4) 58. خیانت کرنے والوں کے حمایتی مت بنو(105:4) 59. گناہ اور ظلم وزیادتی میں تعاون مت کرو(2:5) 60. نیکی اور بھلائی میں تعاون کرو(2:5) 61. جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ طلب کیجئے(98:16) 62. عدل وانصاف پر قائم رہو(8:5) 63. جرائم کی سزا مثالی طور پر دو(38:5) 64. گناہ اور بداعمالیوں کے خلاف بھرپور جدوجہد کرو(63:5) 65. مردہ جانور، خون، سور کا گوشت ممنوع ہیں(3:5) 66. شراب اور منشیات سے بچو(90:5) 67. جوا مت کھیلو(90:5) 68. دوسروں کے معبودوں کو بُرا مت کہو(108:6) 69. لوگوں کو دھوکہ دینے کی خاطر ناپ تول میں کمی مت کرو(152:6) 70. خوب کھاؤ پیو مگر حد سے تجاوز نہ کرو(31:7) 71. مسجدوں میں عبادت کے وقت اچھے کپڑے پہنو(31:7) 72. جو تم سے مدد اور حفاظت و پناہ کا طلبگار ہو اسکی مدد اور حفاظت کرو(6:9) 73. پاکیزگی اختیار کرو(108:9) 74. اللہ کی رحمت سے کبھی نا اُمید مت ہونا(87:12) 75. لاعلمی اور جہالت کی وجہ سے کیے گئے بُرے کام و گناہ اللہ معاف فرمادے گا(119:16) 76. لوگوں کو اللہ کی طرف حکمت اور بہترین نصیحت کے ساتھ بلاؤ(125:16) 77. کوئی کسی دوسرے کے گناہوں کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا(15:17) 78. مفلسی وغربت کے خوف سے اولاد کا قتل مت کرو(31:17) 79. جس بات کا علم نہ ہو اُس کے پیچھے مت پڑو۔(36:17) 80. بے بنیاد اور لغو کاموں سے پرہیز کرو(3:23) 81. دوسروں کے گھروں میں بلا اجازت مت داخل ہو(27:24) 82. جو اللہ پر یقین رکھتے ہیں، اللہ اُن کی حفاظت فرمائے گا (55:24) 83. زمین پر عاجزی وانکساری سے چلو(63:25) 84. اپنی دنیاوی زندگی کو نظر انداز مت کرو(77:28) 85. اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو مت پکارو(88:28) 86. ہم جنس پرستی سے اجتناب کرو(29:29) 87. اچھے کاموں کی نصیحت اور برے کاموں کی ممانعت کرو (17:31) 88. زمین پر شیخی اور تکبر سے اِترا کر مت چلو(18:31) 89. عورتیں اپنے بناؤ سنگھار کی نمائش مت کریں(33:33) 90. اللہ تمام گناہ معاف کردے گا(53:39) 91. اللہ کی رحمت سے مایوس مت ہو(53:39) 92. برائی کو بھلائی سے دفع کرو(34:41) 93. مشورے سے اپنے کام سرانجام دو (38:42) 94. تم میں سے زیادہ عزت والا وہ ہے جس نے سچائی وبھلائی کو اختیار کیا ہو(13:49) 95. دین میں رہبانیت کا کوئی وجود نہیں(27:57) 96. اللہ کے ہاں علم والے کے درجات بلند ہیں (11:58) 97. غیر مسلموں کے ساتھ منصفانہ سلوک واحسان اور اچھا برتاؤ کرو (8:60) 98. اپنے آپ کو نفس کی حرص سے پاک رکھو(16:64) 99. اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرو، وہ معاف کرنے اور رحم کرنے والا ہے(20:73) 100. اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند نہیں کرتا کہ کسی کی برائی علانیہ زبان پر لائی جائے، الا یہ کہ کسی پر ظلم ہوا ہو۔(148.3)

دعائے رؤیتِ ہلال

☆ جب نیا چاند دیکھیں تو تین مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ تین مرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اور سات مرتبہ سورۂ الحمد جب تک ختم نہ کرلیں چاند کی طرف سے نظر نہ ہٹائیں چاند دیکھ کر درج ذیل دعا کا پڑھنا مستحب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ وَخَلَقَكَ وَقَدَّرَ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں کہ جس نے مجھے اور تجھے پیدا کیا اور تیری

مَنَازِلَكَ وَجَعَلَكَ مَوَاقِيْتَ لِلنَّاسِ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهٗ عَلَيْنَا اِهْلَالًا مُّبَارَكًا

منزلیں معین کردیں اور تجھے لوگوں کے لیے زمانے کا نشان بنایا اے اللہ! یہ چاند ہمارے لئے برکت کا سبب ہو

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالْيَقِيْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالْبِرِّ وَالتَّقْوٰى

اے اللہ! (یہ چاند) اس کو بنا دے ہم پر سلامتی اور اسلام اور یقین اور ایمان اور نیکی اور تقویٰ

وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

اور ایسی توفیق جو تجھے پسند اور تیری رضا کے قابل ہو اے اللہ رحمت نازل فرما محمد ﷺ اور آلِ محمدؐ پر

ماہانہ جدول: روایت میں ہے کہ چاند سے نظر ہٹا کر درجِ ذیل جدول میں تحریر شدہ اشیاء میں سے کسی ایک کو دیکھے اور اُس ماہ کی سورہ کو پڑھے گا تو اس ماہ کی نحوست سعادت میں بدل جائیگی

محرم الحرام سورۂ کہف (پارہ ۱۵) سبزہ۔ سونا۔ چاندی۔ فیروزہ	**صفر المظفر** سورۂ شوریٰ (پارہ ۲۵) آئینہ۔ پانی۔ انگوٹھی۔ ہتھیلی	**ربیع الاول** سورۂ مجادلہ (پارہ ۲۸) آئینہ۔ جاری پانی۔ اچھی صورت
ربیع الثانی سورۂ ملک (پارہ ۲۹) چوپائے۔ جاری پانی۔ موتی	**جمادی الاول** سورۂ مزمل (پارہ ۲۹) قرآن مجید۔ بیٹے کی صورت۔ چاندی	**جمادی الثانی** سورۂ مدثر (پارہ ۲۹) جواہر۔ روپیہ۔ ہتھیلی۔ زمین
رجب المرجب سورۂ یٰسین (پارہ ۲۲) قرآن۔ دوات۔ فیروزہ۔ پھول	**شعبان المعظم** سورۂ جن (پارہ ۲۹) صورت عالم۔ رنگین کپڑا۔ خوبصورت عورت	**رمضان المبارک** سورۂ محمد (پارہ ۲۶) تلوار۔ بزرگ عالم۔ قرآن مجید
شوال المکرم سورۂ فتح (پارہ ۲۶) خوبصورت عورت۔ فیروزہ۔ جاری پانی۔ سبزہ	**ذیقعدۃ الحرام** سورۂ نساء (پارہ ۴) آئینہ۔ رنگین کپڑا۔ خوبصورت بچہ	**ذوالحجۃ الحرام** سورۂ حجر (پارہ ۱۴) تالا۔ بھیڑ۔ گھوڑا۔ موتی۔ جاری پانی

نمازِ اوّلِ ماہ

☆ روایت میں ہے کہ ہر ماہ کی پہلی تاریخ دو رکعت نماز پڑھے کہ پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۂ توحید اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے۔
☆ نماز کے بعد کچھ صدقہ دے انشاء اللہ اس ماہ میں جمیع آفات سے سلامتی میں رہیگا۔
☆ نمازِ اوّلِ ماہ کے بعد درجِ ذیل آیاتِ قرآنی کا پڑھنا مستحب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا

زمین میں کوئی ایسا چلنے والا نہیں مگر یہ کہ اس کا رزق اللہ کے ذمہ ہے اور جو اس کی قیام گاہ

وَمُسْتَوْدَعَهَا ۭ كُلٌّ فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ ۝ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا

اور مقام حرکت کو جانتا ہے یہ سب کتاب مبین میں ہے (ہود:۶) اور اگر اللہ تجھے ضرر پہنچانا چاہے تو اسے ٹالنے والا

كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ ۚ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ ۭ يُصِيْبُ بِهٖ

کوئی نہیں سوائے اسی کے اور اگر وہ تیرے لیے بھلائی کا ارادہ کرلے تو اسکا رد کرنیوالا کوئی نہیں اسکے فضل سے اس کے بندوں

مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ

تک پہنچتا ہے جو وہ چاہے اور وہ غفور رحیم ہے (یونس:۱۰۷) بہت جلد اللہ تعالیٰ سختی کے بعد

عُسْرٍ يُّسْرًا ۝ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ

فراغت و آسانی دے گا (طلاق:۷) جو اللہ چاہتا ہے اللہ کے سوا کوئی طاقت نہیں (کہف:۳۹) ہمیں اللہ کافی ہے اور

الْوَكِيْلُ ۝ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۝ لَآ اِلٰهَ

جو بہترین کارساز ہے (آل عمران:۱۷۳) اور میں اپنا معاملہ اللہ کو سونپتا ہوں بیشک اللہ بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے (مؤمن:۴۴) کوئی معبود

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ڰ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ

نہیں تیرے سوا تو پاک ہے بیشک میں ہی ظالموں (گنہ گاروں) میں سے ہوں (انبیاء:۸۷) اے پروردگار تو نے جو کچھ بھلائی مجھ پر

اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوٰرِثِيْنَ ۝

نازل کی اس کا میں محتاج تھا (القصص:۲۴) اے پروردگار مجھے تنہا نہ چھوڑ اور تو سب سے بہترین وارث ہے (انبیاء:۸۹)

اعمالِ شبِ عاشور

☆ امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ جو شخص شبِ عاشور گریہ وزاری کیساتھ شب بیداری کرے اور عبادت الٰہی میں مشغول رہے تو وہ بروز قیامت شہدائے کربلا کی طرح اپنے خون میں آلودہ محشور ہوگا
☆ روایت میں ہے کہ اس رات میں کی گئی عبادت ستر سال کی عبادت کے برابر ہے۔
☆ اس رات ذکرِ الٰہی و قرآن مجید کی تلاوت کرنا مغفرت و بخشش کا موجب ہے۔
☆ کتاب مصباح کفعمیؒ میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی شبِ عاشور (اور روزِ عاشور) چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے گا تو اسکے پچاس سال کے گناہانِ صغیرہ و کبیرہ بخشے جائیں گے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔
☆ نماز کے بعد درج ذیل تسبیحات مع ذکر اور استغفار ستر مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پاک ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لئے ہیں اور نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگ تر ہے

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

اور نہیں کوئی حرکت و قوت ماسوائے اللہ بلند برتر صاحب عظمت کے میں مغفرت چاہتا ہوں اپنے رب اللہ سے اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

☆ اس رات شب بیداری کے ساتھ درجِ ذیل کلمات کا پڑھنا اجرِ عظیم اور خوشنودیٔ امام مظلومؑ کا موجب ہے

يَا لَيْتَنِيْ كُنْتُ مَعَكُمْ فَاَفُوْزَ مَعَكُمْ فَوْزًا عَظِيْمًا اے کاش میں آپ کے ساتھ ہوتا میں بھی کامیاب ہوتا بہت زیادہ کامیاب

☆ اس رات امام حسین علیہ السلام اور شہدائے کربلا کے قاتلوں پر اس طرح لعنت بھیجے۔

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَيْنِ وَاَصْحَابِهٖ۔ اے اللہ امام حسینؑ اور انکے اصحاب کے قاتلوں پر لعنت بھیج

فضیلت زیارت: حضرت امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ جو شخص شبِ عاشور (اور روزِ عاشور) زیارت امام حسینؑ بجالائے تو ایسا ہے کہ گویا وہ آپ کی نصرت میں آپ کے سامنے شہید ہوا ہو۔

طریقہ: آستین کو کہنیوں تک اُلٹ کر سر ننگے گریبان کھول کر زیرِ آسمان با چشمِ گریہ کربلا کی طرف انگلی سے اشارہ کرکے یہ درج ذیل مختصر زیارت یا زیارتِ وارث جو صفحہ (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے زیارت کے بعد دو رکعت نماز بجالائے۔

مختصر زیارت امام حسینؑ

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ

اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ

اعمالِ روزِ عاشور

☆ روزِ عاشور امام حسینؑ اور ان کے اصحاب کی شہادت کا دن ہے یہ دن مؤمنین کیلئے حزن و ملال کا دن ہے اس دن جو دنیاوی کام کیا جائے اس میں برکت نہ ہوگی۔ اس روز عزادار بغیر روزہ کی نیت سے فاقہ کریں اور بعد عصر فاقہ شکنی کریں آستین الٹ دیں گریبان چاک رکھیں غمِ امام حسینؑ میں رونا سنت رسول اکرم ﷺ ہے جو کوئی اس روز گریہ و بکا میں مصروف رہے گا بروز قیامت اسے آنحضرت ﷺ کی شفاعت نصیب ہوگی۔ حضرت امام رضاؑ نے فرمایا کہ جو شخص روزِ عاشور کو مصیبت و غم کا دن قرار دے گا تو اللہ تعالیٰ بروز قیامت اس کے لئے خوشی کا دن قرار دیگا۔
☆ روایت میں ہے کہ اگر کوئی شخص آج کے دن لوگوں کو پانی پلاتا رہے تو اس شخص کی مانند ہوگا جس نے حضرت امام حسینؑ کے لشکر کو پانی پلایا اور آپ کے ساتھ کربلا میں موجود رہا ہو۔
☆ کتاب مصباح میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو کوئی روزِ عاشور چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے گا تو اسکے پچاس سال کے گناہانِ صغیرہ و کبیرہ بخشے جائیں گے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔
☆ حضرت امام جعفر صادقؑ نے فرمایا کہ اگر کوئی روز عاشور ہزار مرتبہ سورۂ توحید پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ ایسے شخص پر نظر رحمت فرمائیگا حضرت امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص بروزِ عاشور حضرت امام حسینؑ کے قاتلوں پر ہزار مرتبہ اس طرح لعنت کرے گا تو اسے اجرِ عظیم نصیب ہوگا۔

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَيْنِ وَاَصْحَابِهٖ۔ اے اللہ امام حسینؑ اور انکے اصحاب کے قاتلوں پر لعنت بھیج

خاص عمل: حضرت امام حسینؑ کی طرح عزادار بھی بوقت لاشِ علی اصغرؑ خیمہ لے جانے کی نیت سے جس طرح امام مظلوم نے چند قدم آگے بڑھتے اور چند قدم پیچھے ہٹتے پڑھا تھا یہ نوحہ پڑھے

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ رِضًا بِقَضَآئِهٖ وَتَسْلِيْمًا لِاَمْرِهٖ

بیشک ہم اللہ کیلئے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں ہم راضی ہیں اس کی قضا پر اور تسلیم شدہ ہیں اسکے امر پر

☆ روزِ عاشور بوقت زوالِ آفتاب زیرِ آسمان سو مرتبہ اَللّٰهُ اَكْبَرُ پڑھنا سال بھر کی سلامتی کا موجب ہے
☆ اس دن زیارتِ وارث زیارتِ عاشور اور دعائے علقمہ کا پڑھنا انصارانِ امام میں سے ہونے کا سبب ہے

زیارت امام حسینؑ: بروز عاشور عزادار سر اور پاؤں ننگے آستین الٹ کر اور گریبان چاک کر کے زیرِ آسمان مختصر زیارت امام حسینؑ جو صفحہ (۲۴۳) پر یا زیارتِ وارث جو صفحہ (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے

سلامتی سال کیلئے: اپنی سال بھر کی سلامتی کیلئے یہ دُعا عاشورہ کے دن (بعد عصر) دس مرتبہ پڑھے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ الْحُسَيْنِ وَجَدِّهٖ وَاَبِيْهِ وَاُمِّهٖ وَاَخِيْهِ فَرِّجْ عَنِّيْ مَا اَنَا فِيْهِ

اے اللہ میں تجھ سے حسینؑ انکے نانا انکے والد انکی والدہ اور انکے بھائی کے حق کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میں جس مشکل میں ہوں اس سے مجھے نجات دے

اعمال ماہِ صفر

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ فرماتے ہیں کہ ماہ صفر نحوست کے اعتبار سے بہت ہی سخت ہے۔
☆ اس ماہ میں اہل بیت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قید کر کے دربار یزید میں لایا گیا اور قید میں رکھا گیا
☆ اس ماہ کے ساتویں روز ولادتِ امام موسیٰ کاظمؑ اور سترھویں تاریخ شہادتِ حضرت امام علی رضاؑ اور بیسویں تاریخ چہلم سید الشہداء آ ءہے اٹھائیسویں تاریخ وصال حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امام حسنؑ ہے ان تاریخوں میں زیارتِ جامعہ پڑھنا اجرِ عظیم کا موجب ہے۔
☆ نحوست ماہ کے اثرات سے بچنے کیلئے صدقہ دیں اور ازالۂ نحوست کیلئے ہر روز یہ دعا پڑھیں۔

دعائے ماہِ صفر

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى وَيَا شَدِيْدَ الْمِحَالِ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ يَا عَزِيْزُ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے زبردست قوتوں والے اور اے سخت گرفت والے اے غالب اے غالب

ذَلَّتْ بِعَظَمَتِكَ جَمِيْعُ خَلْقِكَ فَاكْفِنِيْ شَرَّ خَلْقِكَ يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ

تیری بڑائی کے آگے تیری ساری مخلوق پست ہے پس مجھے اپنی مخلوق کے شر سے بچائے رکھ اے احسان کرنیوالے اے نیکی دینے والے اے نعمت دینے والے

يَا مُفْضِلُ يَا لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ

اے فضل والے نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک ہے بیشک میں ظالموں میں سے ہوں پس ہم نے اس کی دعا قبول کی اسے

مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

غم سے نجات دی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں اور اللہ رحمت نازل کرے محمدؐ اور اُن کی آل پر جو پاک و پاکیزہ ہیں

گیارہ سال عمر بڑھے: بحوالۂ گنج ہائے معنوی ملا محمد باقر فشارکی مرحوم نے اپنے رسالہ ''اعمال ماہ رجب وشعبان ورمضان'' میں مختلف کتابوں کے حوالہ سے نقل کیا ہے کہ اگر کوئی ''ماہ صفر'' کے آخری جمعہ کو یہ دعا پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی عمر میں گیارہ سال کا اضافہ فرمائے گا

يَا اَجَلَّ مِنْ كُلِّ جَلِيْلٍ يَا اَكْرَمَ مِنْ كُلِّ كَرِيْمٍ يَا اَعَزَّ مِنْ كُلِّ عَزِيْزٍ اَغِثْنِيْ

اے جلال والوں میں سے زیادہ جلال والے اے کرم کرنیوالوں میں سے زیادہ کرم کرنیوالے اے عزت والوں میں سب سے زیادہ عزت والے میری مدد فرما

يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ بِفَضْلِكَ وَجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ وَمُدَّ عُمْرَنَا وَهَبْ

اے فریاد کرنیوالوں کے فریاد رس اپنے فضل اور جود اور کرم سے اور ہماری عمر دراز فرما اور عنایت فرما

اعمال ربیع الاوّل

☆ اس ماہ کی پہلی رات ''شب ہجرت'' سے موسوم ہے اس دن روزہ رکھنا مستحب ہے۔
☆ اس دن زیارت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور زیارت امیر المومنینؑ پڑھنا اجر عظیم کا موجب ہے
☆ اس ماہ کی نویں کو (عید شجاع) ہے کہ اس دن عمر بن سعد قاتل امام حسین واصل جہنم ہوا۔
☆ یہ دن امام العصرؑ کی ''جانشینی'' کا دن ہے نہایت خوشی کا دن ہے عمدہ لباس پہننا خوشبو لگانا اور عید منانا ثواب عظیم رکھتا ہے اس دن حضرت امام حسن عسکریؑ اور امام العصرؑ کی زیارت پڑھنا مستحب ہے۔
☆ اس ماہ کی بارہ تاریخ کو اہل سنت کی مشہور روایت کے مطابق حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت ہے۔ اس ماہ کی سترہویں تاریخ کو شیعہ امامیہ کے مشہور قول کے مطابق حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام جعفر صادقؑ کی ولادت ہے ان دنوں میں روزے کا ثواب ایک سال کے روزوں کے برابر ہے نیز اس دن غسل کرنا، اچھا لباس زیب تن کرنا، اظہار مسرت اور صدقہ و اعمال خیر بجالانا قرب الٰہی اور حصول جنت کا موجب ہے۔
☆ ۱۷ ربیع الاول کو حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت امام جعفر صادقؑ کی زیارت پڑھنا مستحب ہے
☆ اس دن بوقت چاشت دو رکعت نماز بجالائے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر اور دس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔

اعمال ربیع الثانی و جمادی الاوّل

☆ ربیع الثانی کی دسویں تاریخ کو حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت ہے۔
☆ جمادی الاوّل کی تیسری کو حضرت امام زین العابدینؑ کی ولادت ہے یہ دن بہت مبارک ہے
☆ ان دنوں میں روزہ رکھنا، صدقہ دینا، عبادات بجالانا اور زیارت جامعہ پڑھنا مستحب ہے

جمادی الثانی

☆ اس ماہ کی تیسری تاریخ کو حضرت فاطمۃ الزہراؑ کی شہادت ہے اس روز آپ کی زیارت جو صفحہ نمبر (۴۱۰) پر درج ہے پڑھے اور آپ کے مصائب کا ذکر کرنا اجر عظیم کا موجب ہے۔
☆ اس ماہ کی بیسویں تاریخ کو حضرت فاطمۃ الزہراءؑ کی ولادت باسعادت ہے اس روز خوشی منانا روزہ رکھنا، صدقہ دینا اور زیارت حضرت فاطمۃ الزہراءؑ پڑھنا مستحب ہے۔

اعمال ماہِ رجب

فضیلت: حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ رجب میری امت کیلئے استغفار کا مہینہ ہے
☆ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس ماہ میں میری امت پر اللہ تعالیٰ کی رحمت بہت زیادہ برستی ہے جو اس ماہ میں ایک رات عبادت کیلئے جاگے گا وہ جہنم کی آگ سے آزاد ہوگا۔
☆ حضرت امیر المومنینؑ نے فرمایا کہ جو کوئی اوّل رجب درمیان اور آخر میں روزے رکھے گا اس کے تمام آئندہ و گذشتہ گناہ بخشے جائیں گے اور سال بھر کے روزوں کا ثواب عطا ہوگا۔
☆ کتاب تحفۃ المومنین میں آئمہ علیہم السلام سے منقول ہے کہ ستائیسویں رجب کے روزے کا ثواب ستر سال کے روزوں کے برابر ہے۔ ☆ اس تمام ماہ میں ہزار مرتبہ سورۂ توحید اور ہزار مرتبہ کلمہ (لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) پڑھنا حصول جنت کا موجب ہے۔
☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں حضرت رسولِ اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے دو رکعت نماز ماہِ رجب کی تمام راتوں کے متعلق روایت ہوئی ہے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۃ الکافرون اور ایک مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ ساٹھ حج اور ساٹھ عمروں کا ثواب عطا فرمائے گا۔
☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص رجب میں جمعہ کے روز نمازِ ظہر اور عصر کے درمیان چار رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ الحمد سات مرتبہ آیت الکرسی اور پانچ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس دن سے اس کی موت تک ہر روز اس کے لئے ایک ہزار نیکیاں لکھے گا ہر آیت کے بدلے اسے جنت میں یاقوتِ سرخ کا شہر عنایت فرمائیگا ہر حرف کے بدلے سفید موتیوں کا محل عطا کریگا حور العین سے اس کی تزویج کریگا اور اس کا خاتمہ بالخیر ہوگا۔
استغفار: اس ماہ میں صبح و شام ستر مرتبہ استغفار کرنے والے کا درجہ انتہائی بلند ہوگا۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَاَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ

بخشش چاہتا ہوں اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس سے توبہ کا سوالی ہوں

استغفار: روایت میں ہے کہ اگر کوئی درج شدہ استغفار کو ہر روز ورد بزبان رکھے گا تو اسکی بخشش یقینی ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اے اللہ مجھے بخش دے اور میری توبہ قبول فرما

دعائے ماہِ رجب

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہ رجب میں اپنی نمازوں میں یہ دعا پڑھیگا تو ماہِ رجب کی برکات سے مالا مال ہوگا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ يَا مَنْ اَرْجُوْهُ لِكُلِّ خَيْرٍ وَّاٰمَنُ سَخَطَهٗ عِنْدَ كُلِّ شَرٍّ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے وہ جس سے میں ہر بھلائی کی امید رکھتا ہوں اور ہر برائی کے وقت اسکے غضب سے امان میں ہوں

يَا مَنْ يُّعْطِي الْكَثِيْرَ بِالْقَلِيْلِ يَا مَنْ يُّعْطِيْ مَنْ سَئَلَهٗ يَا مَنْ يُّعْطِيْ مَنْ لَّمْ

اے وہ جو تھوڑے عمل پر زیادہ اجر دیتا ہے اے وہ جو ہر سوال کرنیوالے کو دیتا ہے اے وہ جو اسے بھی دیتا ہے جو

يَسْئَلْهُ وَمَنْ لَّمْ يَعْرِفْهُ تَحَنُّنًا مِّنْهُ وَرَحْمَةً اَعْطِنِيْ بِمَسْئَلَتِيْ اِيَّاكَ جَمِيْعَ خَيْرِ

سوال نہیں کرتا اور (اسے بھی دیتا ہے) جو اسے نہیں پہچانتا اس پر بھی رحم و کرم کرتا ہے تو مجھے بھی میرے سوال پر دنیا اور آخرت کی تمام

الدُّنْيَا وَجَمِيْعَ خَيْرِ الْاٰخِرَةِ وَاصْرِفْ عَنِّيْ بِمَسْئَلَتِيْ اِيَّاكَ جَمِيْعَ شَرِّ الدُّنْيَا

بھلائیاں اور نیکیاں عطا فرما دے اور میری طلب گاری پر دنیا اور آخرت کی تمام تکلیفیں اور مشکلیں دور کر کے

وَشَرِّ الْاٰخِرَةِ فَاِنَّهٗ غَيْرُ مَنْقُوْصٍ مَّا اَعْطَيْتَ وَزِدْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ يَا كَرِيْمُ

مجھے محفوظ فرما دے کیونکہ تو جتنا عطا کرے تیرے ہاں کمی نہیں ہوتی اور اے کریم مجھ پر اپنے فضل میں اضافہ فرما

☆ اسکے بعد داہنی مٹھی سے ڈاڑھی پکڑ کر شہادت کی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے یہ دعا پڑھیں

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذَا النَّعْمَاءِ وَالْجُوْدِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالطَّوْلِ حَرِّمْ شَيْبَتِيْ عَلَى النَّارِ

اے صاحب جلال و اکرام اے نعمتیں عطا کرنیوالے سخی اے صاحب احسان و عطا میری ڈاڑھی کے بالوں کو آگ (دوزخ) پر حرام فرما دے

دعائے وسعت امام محمد باقرؑ نے فرمایا یہ دعا پڑھو کہ تمام امور میں وسعت کیلئے عجیب مقام رکھتی ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اَوْسِعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ وَامْدُدْ لِيْ فِيْ عُمُرِيْ

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اے معبود میرا رزق فراواں کر دے اور میری عمر میں طوالت دے

وَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ تَنْتَصِرُ بِهٖ لِدِيْنِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِيْ غَيْرِيْ

اور میرے گناہ معاف کر دے اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جن کے ذریعے تو دین کی مدد کرتا ہے اور میری جگہ کسی اور کو نہ لانا

اعمال ماہِ شعبان

☆ اس ماہ میں ستر مرتبہ استغفار کرنا دوسرے مہینوں میں ستر ہزار مرتبہ استغفار کرنے کے برابر ہے۔

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ ماہ شعبان المعظم کے دنوں میں ہر روز ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَ اَتُوْبُ اِلَیْهِ

میں مغفرت چاہتا ہوں اللہ سے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ رحمن، رحیم، زندہ و پائندہ ہے اور میں اس کے حضور توبہ کرتا ہوں

استغفار: معتبر روایت میں ہے کہ شعبان میں یہ استغفار بہت زیادہ پڑھنی چاہیے۔

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَ اَسْئَلُهُ التَّوْبَةَ (میں اللہ سے مغفرت چاہتا ہوں اور اس سے توبہ کا سوال کرتا ہوں)

☆ معتبر روایت میں ہے کہ ماہِ شعبان میں درج ذیل دعا کو ہزار بار پڑھے۔

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاهُ مُخْلِصِیْنَ لَهُ الدِّیْنَ وَلَوْ کَرِهَ الْمُشْرِکُوْنَ

اللہ کے سوا کوئی لائق عبادت نہیں ہم اس کے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے اس کے دین سے مخلص ہیں اگرچہ مشرکین کو ناپسند ہو

فضیلت شبِ نیمۂ شعبان

☆ پندرہ شعبان کی رات حضرت امام مہدی علیہ السلام کی ولادت باسعادت کی شب ہے

☆ اس کو شب برأت (جہنم سے خلاصی کی رات) بھی کہا جاتا ہے۔

☆ حضرات امامین صادقین علیہما السلام سے شب نیمۂ شعبان کی فضیلت کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ شب قدر کے بعد یہ رات سب راتوں سے افضل ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ وہ رات ہے کہ جس رات کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے اپنی ذات کی قسم کھائی ہے کہ وہ اس رات میں کسی کو بھی اپنی بارگاہ سے خالی نہ لوٹائے گا

☆ آنحضرتؐ نے فرمایا کہ اس رات روزی تقسیم ہوتی ہے اور اجل لکھی جاتی ہے اسی رات حاجیوں کے نام لکھے جاتے ہیں اور ہاتف کی طرف سے ندا آتی ہے کہ ہے کوئی جو اپنے گناہوں کی بخشش طلب کرے تاکہ میں اسے بخش دوں ہے کوئی جو روزی طلب کرے تو اضافہ کروں؟

اعمال شبِ نیمۂ شعبان

☆ شبِ برأت کا معنیٰ آزادی کی رات ہے اس رات اعمال کیساتھ شب بیداری کرنے والا جہنم کی آگ سے آزاد ہو جاتا ہے

☆ شبِ برأت میں غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے اس غسل کے کرنے سے گناہ جھڑتے ہیں۔

☆ بحار الانوار میں ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس رات نماز اور دعا میں بسر کرو اور دن کو روزہ رکھو کیونکہ اس طرح آتشِ دوزخ سے نجات ملتی ہے۔

☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس رات تلاوتِ قرآن مجید اجرِ عظیم کی حامل ہے۔

☆ اس رات عبادت میں مشغول رہ کر شب بیداری کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔

☆ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ جو شخص اس رات عبادت میں بیدار رہے گا تو اس کا دل اس دن (بروزِ قیامت) نہیں مرے گا جب کہ دوسرے دل مردہ ہوں گے۔

☆ اس رات دو رکعت نماز "نماز امام زمانہ" کی فضیلت وارد ہوئی ہے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد میں **اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ** کو سو مرتبہ تکرار کے ساتھ سورہ مکمل کر کے دوسری سورہ پڑھے

نیت: دو رکعت نماز شب برأت (نیمۂ شعبان) پڑھتا / پڑھتی ہوں (قُرْبَةً اِلَی اللّٰهِ)

☆ نماز کے بعد بلا فاصلہ تسبیح حضرت فاطمۃ الزہرآء علیہا السلام پڑھے۔

☆ اس رات چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورۂ توحید پڑھے کہ اس نماز کے بجالانے والا بخشش کے ساتھ جہنم کی آگ سے آزاد ہو جاتا ہے۔

دعائے سجدہ

☆ بحار الانوار میں ہے کہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اس رات نماز کے بعد سجدہ میں سر رکھ کر یہ دعا پڑھنا گناہوں کی مغفرت کا موجب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰهُمَّ لَکَ سَجَدَ سَوَادِیْ وَ خَیَالِیْ وَ بَیَاضِیْ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے اللہ میرے بدن کے سجدے شب و روز بلکہ ہر دم تیرے لئے ہی ہیں

یَا عَظِیْمَ کُلِّ عَظِیْمٍ اِغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیَ الْعَظِیْمَ فَاِنَّهُ لَا یَغْفِرُهُ غَیْرُکَ یَا عَظِیْمُ

اے ہر عظیم سے زیادہ عظمت والے میرے گناہ بخش دے جو بہت زیادہ ہیں کیونکہ تیرے علاوہ بخشنے والا کوئی نہیں اے بزرگی والے

دعائے شبِ برأت

☆ دعائے سجدہ کے بعد خضوع و خشوع کے ساتھ ہاتھوں کو بلند کر کے دعائے شب برأت پڑھے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اِلَیْکَ فَقِیْرٌ وَّ مِنْ عَذَابِکَ خَآئِفٌ مُّسْتَجِیْرٌ اَللّٰهُمَّ

اللہ کے نام سے جو رحمن و رحیم ہے اے معبود میں تیرا محتاج ہوں اور تیرے عذاب سے خوف رکھتا ہوں اور اس سے پناہ ڈھونڈتا ہوں اے معبود

لَا تُبَدِّلِ اسْمِیْ وَلَا تُغَیِّرْ جِسْمِیْ وَلَا تَجْهَدْ بَلَآئِیْ وَلَا تُشْمِتْ بِیْ اَعْدَآئِیْ اَعُوْذُ بِعَفْوِکَ

میرا نام تبدیل نہ کرنا اور میرے جسم کو دگرگوں نہ فرمانا میری آزمائش کو سخت نہ بنانا اور میرے دشمنوں کو مجھ پر خوشی نہ دینا میں پناہ مانگتا ہوں تیرے عفو کی

مِنْ عِقَابِکَ وَ اَعُوْذُ بِرَحْمَتِکَ مِنْ عَذَابِکَ وَ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَ اَعُوْذُ

تیرے عذاب سے میں پناہ مانگتا ہوں تیری رحمت کی تیری سزا سے میں پناہ مانگتا ہوں تیری رضا کی تیری ناراضگی سے اور میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

بِکَ مِنْکَ جَلَّ ثَنَآؤُکَ اَنْتَ کَمَآ اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ وَ فَوْقَ مَا یَقُوْلُ الْقَآئِلُوْنَ

تیرے ہی ذریعے سے کہ تیری تعریف روشن ہے جب کہ تو نے خود ہی اپنی تعریف کی ہے جو تعریف کرنے والوں کے قول سے بلند تر ہے

☆ امام رضا علیہ السلام نے فرمایا کہ اس رات نماز حضرت جعفر طیارؑ پڑھنا اجرِ عظیم رکھتا ہے۔

☆ اس رات دعائے کمیل اور زیارت امام حسینؑ پڑھنے کا بہت ثواب ہے۔

فضیلت زیارت: اس رات زیارتِ امام حسینؑ (زیارت وارث) پڑھنا سب اعمال سے افضل ہے

☆ حضرت امام زین العابدین علیہ السلام نے فرمایا کہ اگر کوئی یہ چاہے کہ وہ انبیاء علیہم السلام سے مصافحہ کرے تو اس رات زیارتِ امام حسین علیہ السلام پڑھے۔

☆ پس زیر آسمان ننگے سر ہو کر یہ مختصر زیارت امام حسینؑ پڑھے یا زیارتِ وارث جو صفحہ نمبر (۱۷۸) پر درج ہے پڑھے زیارت کے بعد دو رکعت نماز بجالائے۔

مختصر زیارت امام حسینؑ

اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ اَمِیْرِ الْمُؤْمِنِیْنَ اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَکَاتُهُ

منتخب عملیات شبِ نیمۂ شعبان

عمل تسبیحات اربعہ: امام محمد باقر علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی اس رات سو مرتبہ (سُبْحَانَ اللّٰهِ) سو مرتبہ (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ) سو مرتبہ (اَللّٰهُ اَکْبَرُ) سو مرتبہ (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ) پڑھے گا تو اس کے تمام گذشتہ گناہ بخشے جائیں گے۔

عمل برائے مغفرت: جو کوئی شبِ نیمۂ شعبان میں سو مرتبہ درجِ ذیل وظیفہ پڑھے گا تو اس کی مغفرت کے آثار ظاہر ہوں گے نیز جو کوئی روزِ پندرہ شعبان کو نمازِ عصر کے بعد اسے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو بخشے ہوئے لوگوں کے زمرہ میں داخل کرے گا۔

یَا غَفَّارُ اِغْفِرْ لِیْ (اے سب سے زیادہ بخشنے والے مجھے بخش دے)

عمل حفاظت نفس: علامہ میر داماد مرحوم کے شاگرد خاص سید اسماعیل بحرینی سے منقول ہے کہ یہ عمل ایک راز کی حیثیت رکھتا ہے ☆ ایک مٹھی چنے لے کر ہر دانے پر ایک مرتبہ سورۂ توحید اور تین مرتبہ صلوات پڑھ کر پکایا جائے پھر ان میں سے ہر ایک شخص سات دانے کھائے تو آئندہ نیمۂ شعبان تک تمام امراض اور ناگہانی موت سے محفوظ رہے گا۔

عمل برائے حاجات: بحوالہ ادعیہ جلالیہ سید اسماعیل بحرینی نے فرمایا کہ نیمۂ شعبان میں تین مرتبہ سورۂ یٰسٓ ان درج ذیل حاجات کی نیت سے پڑھے۔

(۱) برائے طولِ حیات (۲) برائے تندرستیٔ بدن (۳) برائے بے نیازی از مخلوق

☆ سورۂ یٰسٓ کے بعد سو مرتبہ درج ذیل تسبیحاتِ اربعہ پڑھے اور لطفِ خفی کا مشاہدہ کرے۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَکْبَرُ

برائے وبائی امراض: بحوالہ ادعیہ جلالیہ نیمۂ شعبان بعد از نماز مغرب اوّل و آخر صلوات کیساتھ اکیس مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے گا تو آئندہ سال تک ہر قسم کے وبائی امراض سے محفوظ رہیگا

اَلْاَمَانُ مِنَ الطَّاعُوْنِ وَ الْوَبَآءِ وَ مَوْتِ الْفُجَاةِ وَ سُوْءِ الْقَضَآءِ

پناہ ہو طاعون سے اور وبا سے اور ناگہانی موت سے اور بری قضا سے

اعمال ماہِ رمضان

☆ محدث قمی علیہ الرحمہ نے فرمایا کہ ماہ رمضان میں بہترین عمل قرآن مجید کی تلاوت ہے۔

☆ ماہ رمضان میں قرآن مجید کی ایک آیت کی تلاوت دوسرے مہینوں کے پورے قرآن ختم کرنے کے برابر ہے

☆ اگر ہر روز کی تلاوت کو کسی ایک چہاردہ معصومین علیہم السلام سے منسوب کرتے ہوئے انکے ارواح مقدسہ کو ہدیہ کرے تو ان کے جوارِ مقدس میں ہونے کے ساتھ انکے ساتھ محشور ہوگا۔

☆ مستحب ہے کہ ماہ رمضان میں ہزار رکعت نوافل دو دو رکعت کر کے پڑھا کرے۔

تفصیل: پہلی سے بیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بارہ رکعتیں پڑھے

☆ اکیسویں سے تیسویں تک نماز مغرب کے بعد آٹھ اور نماز عشاء کے بعد بائیس رکعتیں پڑھے انکا مجموعہ سات سو رکعتیں بن جائیگا تین سو رکعتیں شب قدر کی تین راتوں کیساتھ ایک ہزار رکعتیں مکمل ہوجائینگی

☆ کتاب ادعیہ جلالیہ میں محدث قمیؒ اور بلد الامین میں کفعمیؒ سے منقول ہے کہ ماہِ رمضان کی ہر شب دو رکعت نماز اس طرح ادا کرے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے جو اس نماز کو پڑھیگا تو اللہ اسکے ستر ہزار گناہ معاف فرمائیگا اور نماز کے بعد یہ درجِ ذیل دعا پڑھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم ○ سبحان من ہو حفیظ لا یغفل سبحان من ہو

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پاک تر ہے وہ (اللہ) جو ایسا نگہبان ہے کہ غافل نہیں ہوتا پاک تر ہے

رحیم لا یعجل سبحان من ہو قائم لا یسہو سبحان من ہو دائم لا یلہو

وہ مہربان جو جلدی نہیں کرتا پاک تر ہے وہ قائم جو کبھی بھولتا نہیں پاک تر ہے وہ ہمیشہ رہنے والا جو کھیل (غیر ضروری کام) میں نہیں پڑتا

☆ اسکے بعد سات مرتبہ یہ کلمات پڑھے سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر

☆ اسکے بعد دس مرتبہ صلوات پڑھے اللہم صل علی محمد وآل محمد اور سات مرتبہ یہ درجِ ذیل دعا پڑھے

سبحانک سبحانک سبحانک یا عظیم اغفر لی الذنب العظیم

تو پاک ہے تو پاک ہے تو پاک ہے اے بڑائی والے میرے بڑے بڑے گناہ معاف کردے

☆ روایت میں ہے کہ جو شخص ماہِ رمضان میں خضوع و خشوع کے ساتھ ہر روز "دعائے مغفرت" جو صفحہ نمبر (۱۶۱) پر درج ہے پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے تمام گناہ معاف فرمادے گا۔

احکام روزہ

یا ایہا الذین آمنوا کتب علیکم الصیام

اے ایمان والو تم پر روزے فرض ہیں (البقرہ: ۱۸۳)

روزہ: یہ ہے کہ انسان اللہ تعالیٰ کی خوشنودی اور اس کی بارگاہ میں قربت حاصل کرنے کیلئے صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب (شرعی) تک مبطلات روزہ سے پرہیز کرے۔

نیتِ روزہ: نیت میں اتنا ہی کافی ہے کہ شب میں یہ ارادہ کرے کہ میں کل روزہ رکھوں گا، رکھوں گی قربۃ الی اللہ بہتر تو یہ ہے کہ شبِ اوّل میں پورے مہینے کے روزوں کی نیت کرلے۔

مبطلات روزہ: نو چیزیں روزہ کو باطل کرتی ہیں (۱) کھانا پینا (۲) جماع کرنا (۳) استمناء یعنی انسان کوئی ایسا کام کرے جس سے منی نکل آئے (۴) اللہ تعالیٰ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ علیہم السلام پر جھوٹ باندھنا (۵) گرد و غبار کو حلق تک پہنچانا (۶) سر اور چہرے کو پانی میں ڈبونا (غوطہ لگانا) (۷) حالتِ حیض و نفاس یا جنابت پر اذانِ صبح تک باقی رہنا (۸) کسی بہنے والی چیز سے انیما، حقنہ کرنا (۹) جان بوجھ کرقے کرنا

ضروری مسائل: بیماری میں دوا کے لئے انجکشن لگوانا جائز ہے البتہ غذائی کمی یا بھوک کے احساس کو ختم کرنے کے لئے جائز نہیں ہے ☆ ڈرپ کا استعمال چاہے دوا کے لئے ہو یا غذائی کمی دور کرنے کے لیے ہو دونوں صورتوں میں روزہ باطل ہے آنکھ اور ناک میں ڈالنے والے قطروں کا بھی یہی حکم ہے کہ اگر دوا حلق سے نیچے پہنچ رہی ہو تو ناجائز ہے۔

مکروہات روزہ: نو چیزیں روزہ کو مکروہ کرتی ہیں (۱) آنکھ میں دوا ڈالنا یا سرمہ لگانا (۲) ایسا کام کرنا کہ جس سے خون نکل آئے جو کہ کمزوری کا باعث بنے (۳) خوشبو سونگھنا (۴) خشک چیزوں سے حقنہ کرنا (۵) عورت کا پانی میں بیٹھنا (۶) ایسا کام (مسواک) کرنا کہ منہ سے خون نکل آئے (۷) درخت کی تازہ مسواک کرنا (۸) بغیر وجہ پانی یا کسی چیز کا منہ میں ڈالنا (۹) عورت (زوجہ) سے خوش طبعی کرنا۔

دعائے افطار: اللہم لک صمت وعلی رزقک افطرت وعلیک توکلت

اے اللہ! میں نے تیرے لیے روزہ رکھا اور تیرے رزق پر افطار کیا اور تجھ پر میں نے بھروسہ کیا

اعمال ماہ ذوالقعدہ

☆ یہ مہینہ دعاؤں کے قبول ہونے کا مہینہ ہے اس ماہ کی پہلی جمعرات اور ہفتے کا روزہ رکھنا نوسو سال کی عبادت کے برابر فضیلت رکھتا ہے اس ماہ کی پچیسویں کے روزے کا ثواب ساٹھ مہینوں کے روزوں کے برابر اور ستر سال کی عبادت کا نعم البدل ہے (ثواب الاعمال)

☆ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اتوار کے دن غسل اور وضو کر کے چار رکعت نماز دو دو رکعت کر کے پڑھے تو اس کے تمام گناہ مٹا دیئے جائیں گے اور وہ ایمان کے ساتھ مرے گا اس کا رزق وسیع ہوگا اور موت کے وقت ملک الموت نرمی کرے گا۔

☆ اس نماز کا پڑھنا نہایت ہی اجرِ عظیم کا موجب ہے اس نماز کے پڑھنے والے کی توبہ قبول ہوگی۔

طریقہ: ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید اور ایک مرتبہ سورۂ فلق ایک مرتبہ سورۂ والناس پڑھے نماز کے بعد ستر مرتبہ یہ استغفار پڑھے استغفر اللہ ربی واتوب الیہ

☆ نماز اور استغفار کے بعد یہ درجِ ذیل دعا پڑھے کہ موجبِ مغفرت ہے۔

لا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم یا عزیز یا غفار اغفر لی ذنوبی وذنوب

نہیں کوئی قوت و حرکت سوائے اللہ بلند بزرگ تر کے اے زبردست اے بہت بخشنے والے بخش دے میرے گناہ اور بخش

جمیع المؤمنین والمؤمنات فانہ لا یغفر الذنوب الا انت

دے تمام مؤمنین اور مؤمنات کے گناہ کیونکہ تیرے سوا کوئی گناہوں کے بخشنے والا نہیں ہے

اعمال ماہِ ذوالحجہ

پہلی ذوالحجہ: اس ماہ کی پہلی تاریخ کو زوال آفتاب سے آدھا گھنٹہ پہلے دو رکعت نماز اس طرح پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس دس مرتبہ سورۂ توحید و آیت الکرسی اور سورۂ قدر پڑھے

☆ اس دن نماز امیر المؤمنینؑ اور نماز فاطمۃ الزہراؑ کا پڑھنا گناہوں کی بخشش کا موجب ہے۔

☆ بحار الانوار علامہ مجلسیؒ میں حضرت امام موسیٰ کاظمؑ کا ارشاد ہے کہ جس نے ماہ ذوالحجہ کی پہلی سے نویں تک روزے رکھے اللہ تعالیٰ اسکے نامۂ اعمال میں اسّی مہینوں کے روزے لکھے گا۔

☆ اس ماہ کی آٹھویں و نویں اور دسویں کی شب غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔

☆ اس ماہ کی آٹھویں (ترویہ) اور نویں (روز عرفہ) کے دن کے روزے کا ثواب ساٹھ سال کے گناہوں کا کفارہ ہے۔ (ثوابِ کثیر ہے)

نویں ذوالحجہ: اس تاریخ کو حضرت امام عالی مقام حسینؑ بن علیؑ کی مکہ سے کربلا روانگی ہوئی تھی

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ روز عرفہ میرے جدّ امجد حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت پڑھنا اسی طرح ہے کہ وہ شخص بنفس نفیس ایام حج میں بیت اللہ کی زیارت اور کربلا معلیٰ میں حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت سے شرف یاب ہوا ہو۔

☆ اس دن حضرت امام حسینؑ کی زیارت کرنا ہزار حج اور ہزار عمرہ اور ہزار جہاد کے برابر ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی نویں ماہِ ذوالحجہ میں سو مرتبہ اللہ اکبر سو مرتبہ الحمد للہ سو مرتبہ سبحان اللہ سو مرتبہ لا الہ الا اللہ سو مرتبہ سورۂ توحید سو مرتبہ سورۂ قدر سو مرتبہ آیت الکرسی سو مرتبہ لا حول ولا قوۃ الا باللہ اور سو مرتبہ صلوات پڑھے گا تو اہم ترین حاجات اور مہم ترین مقاصد کی برآوری کیلئے بہت عمدہ ہے

دسویں ذوالحجہ: اس تاریخ کی رات اور دن کو غسل کرنا سنتِ مؤکدہ ہے۔

☆ آج کے دن زیارت امام حسین علیہ السلام پڑھنا مستحب ہے۔

☆ حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا ارشاد ہے کہ شب عید قربان بعد از نماز مغربین اور نماز عید سے پہلے اور بعد میں ان تکبیرات کا جو اگلے صفحہ پر درج ہیں پڑھنا مستحب ہے۔

اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد اللہ اکبر

اللہ کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اللہ بزرگ تر ہے اللہ بزرگ تر ہے اور اللہ ہی کیلئے حمد ہے اللہ بزرگ تر ہے

علی ما ہدانا اللہ اکبر علی ما رزقنا من بہیمۃ الانعام والحمد للہ علی ما ابلانا

کہ اس نے ہمیں ہدایت دی اللہ بزرگ تر ہے کہ اس نے ہمیں روزی دی بے زبان چوپایوں میں سے اور حمد اللہ کیلئے ہے کہ اس نے ہماری آزمائش کی

زنجانی جنتری کا مقبول عام مضمون نظرثانی کے ساتھ

دربارِ مصطفائی کا روحانی فیض

قرآن پاک حکمت وشفا کی کامل کتاب ہے۔ قرآن پاک کی اصلیت وحقانیت اس سے بڑھ کر کیا ہوگی۔ مسلمانوں میں اختلافات کے باوجود قرآن پاک پر سب متفق اور اسے کلام الٰہی سمجھتے ہیں۔ صدیوں سے ماہرین نقوش والواح عاملین ومنجمین آیات قرآنی کی حرمت کے سبب آیات قرآنی کے اعداد ابجدی قمری نکال کر ان اعداد قرآنی کے نقوش قوائد عملیات کے تحت بنا کر اس سے خود اور اپنے سائلین کو فیض یاب کرتے ہیں۔ یہاں ہم نے قارئین زنجانی جنتری کے لیے قرآن پاک کی 114 سورتوں کے اعداد اور ان سے آسان فیض یابی کا طریقہ دیا ہے۔ کلام ربانی رب ذوالجلال بے مثال کی طرح اپنی نظیر نہیں رکھتا۔ ہر انسانی مشکلات کے حل کے لیے آیات قرآنی سے بنائے گئے نقوش میں شفاء وحکمت ہے۔ درود شریف کے عامل شخص کی دعائیں اور بنائے گئے نقوش زیادہ موثر کام کرتے ہیں۔ نقش بناتے وقت درود شریف پڑھیں اور بنانے کے بعد بھی درود شریف پڑھ کر اس پر دم کریں اور دعا کریں۔ حضرت علی مرتضیٰ کا فرمان ہے: "جس کو اللہ تعالیٰ دعا کی توفیق عطا فرمادے وہ شرف قبولیت سے محروم نہیں رہ سکتا"۔

نظرثانی شدہ: نقش لکھنے سے قبل ذیل چند باتوں کا خیال رکھیں اس طرح آپ لمبی چوڑی چلہ کشی کی جان لیوا محنت سے بچ سکتے ہیں۔
☆ طہارت ذہنی جسمانی ولباس پاکیزہ جگہ ☆ معلومات رجال الغیب صفحہ نمبر 154 اور ستاروں کی سعد نظرات جو آپ کو جنتری ہذا صفحہ نمبر 157 پر مل جائیں گی۔ مشک وزعفران کی سیاہی درخت انار کی قلم باریک کاغذ صندل یا گلاب کی اعلیٰ خوشبو مجبوراً عام سیاہی بھی استعمال کر سکتے ہیں۔ نقش لکھتے ہوئے صندل اگربتی روشن کریں۔ اب مثال سے نقش بنانے کا طریقہ واضح کرتا ہوں مثلاً آپ نے شفاء کیلئے سورۃ فاتحہ کا خالی البطن نقش بنانا ہے۔ نقش صرف اُردو و ہندسوں میں لکھیں۔ سورۃ فاتحہ کے اعداد 9359 میں بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اعداد 786 بھی شامل کئے تو کل اعداد 10145 ملے انہیں 12 پر تقسیم کیا تو 845 آیا اور باقی قسمت 5 بچا اب نقش یوں پُر کریں گے۔ 845 کو خانہ پانچ تک مسلسل جمع کرتے جائیں گے خانہ 6 سے خارج قیمت ہر بار جمع ہوگا۔ تقسیم پر باقی قیمت صفر ہونے پر پھر کوئی عدد جمع نہیں ہوگا۔ سورۃ فاتحہ بمعہ بسم اللہ کا میزان بنائے گئے نقش کے خانوں سے 10145 چیک کرلیں تبھی بنایا گیا نقش درست ہوگا۔ نقش کے خانے میں خالی جگہ مریض کا نام لکھیں، بنائے گئے نقش مریض کو پانی یا دودھ میں گھول کر پلانے کے علاوہ گلے میں بھی ڈال سکتے ہیں۔ سورۃ فاتحہ اپنے اندر بے پناہ شفاء کی تاثیر رکھتی ہے۔ ابن مسعودؓ سے روایت ہے کہ امام حسنؓ اور امام حسینؓ جب کبھی بیمار ہوتے تھے تو سرکار دو عالم سورۃ فاتحہ سے اپنے نواسوں کا علاج فرماتے اور انہیں شفاء ہوجاتی تھی۔ امام ششم جعفر صادقؒ فرماتے ہیں کہ سورۃ فاتحہ میں اس قدر شفاء ہے کہ 70 مرتبہ اگر پڑھ کر کسی مردے پر پھونکی جائے تو بعید نہیں کہ وہ اُٹھ کر زندہ ہوجائے۔ یاد رکھیں کہ جس طرح گلشن سے آنیوالی ہوا پھولوں کی مہک سے متاثر کرتی ہے اسی طرح قرآن جس زبان سے پڑھا جائے اس زبان سے پھونکی گئی ہوا (دم) اور قلم سے کاغذ پر بنایا گیا نقش سو فیصد کام کرتے ہیں۔ بشرط یقین کامل ہو اور آپ آداب عملیات سے قدرے واقف ہوں۔ اگر آپ کا کسی روحانی سلسلہ سے تمسک قائم ہے تو آپکا فیض روحانی خلق خدا کیلئے بڑھ بھی سکتا ہے۔ خاندان زنجانیہ عالیہ کے در سے آج تک دربار مصطفائی کا روحانی فیض جاری ہے۔ (خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی بیعت میں بھی آسکتے ہیں) روحانی فیض پاکر میرے والد بزرگوار الحاج سید ناظر حسین شاہ زنجانی دادا محترم سید جیون شاہ زنجانی کی روح کو ایصال ثواب پہنچائیں۔ بزرگوار کا سالانہ عرس ہر سال 11,10 ربیع الاول کو منایا جاتا ہے عرس کا مقام درگاہ شاہ زنجانی بھماں جھگیاں براستہ عامر روڈ، شادباغ لاہور مزید تفصیلات کیلئے کتاب مصباح العملیات، بیاض نظامی کا مطالعہ کریں۔

۳	۸	۱
۷	چال نقش	۵
۲	۴	۶

۷۸۶

۲۵۳۵	۶۷۶۵	۸۴۵
۵۹۲۰	یہاں مقصد لکھیں	۴۲۲۵
۱۶۹۰	۳۳۸۰	۵۰۷۵

اسم اعظم سے فیض یابی کا آسان طریقہ یوں ہے کہ اپنی شرعی ضرورت کے تحت 99 اسمائے عظائم سے اسم اعظم تلاش کر کے نماز فجر یا کسی نماز کے بعد اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر اسے بلاناغہ مقصد حل ہونے تک نوچندی جمعرات سے پڑھنا شروع کر دیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نقشہ اسمائے باری تعالیٰ مع اعداد قمری خواص جلالی و جمالی

یا احد اے ایک جلالی 13	یاواجد اے غنی بے پرواہ جلالی 14	یا وھاب اے بے عوض دینے والے جلالی 14	یا حیی اے زندہ جلالی 18	یا واحد اے اپنی ذات میں یکتا جلالی 19	یا ودود اے بہت دوست رکھنے والے جمالی 20	یا ھادی اے راہ دکھانیوالے جمالی 20	یا اول اے سب سے پہلے جلالی 37	یا ولی اے دوست جمالی 46
یا والی اے مالک کارساز جمالی 47	یا ماجد اے صاحب بزرگ جلالی 48	یا مجیب اے دعا قبول کرنیوالے جلالی 55	یا مبدی اے پیدا کرنیوالے جلالی 56	یا مجید اے بزرگ جمالی 57	یا محی اے جلانیوالے جلالی 58	یا باطن اے وہم وخیال سے پوشیدہ جمالی 62	یا حمید اے تعریف کرنیوالے جمالی 62	یا اللہ اے معبود جلالی 66
یاوکیل اے بندوں کے کارساز جمالی 66	یا حکم اے حکم دینے والے جمالی 68	یا باسط اے کھولنے والے جلالی 72	یا جلیل اے بزرگ قدر جمالی 73	یا حکیم اے حکمت والے جمالی 78	یا حسیب اے حساب کرنیوالے جمالی 80	یا بدیع اے چیزوں کے پیدا کرنیوالے جلالی 86	یا حلیم اے بردباری کرنیوالے جمالی 88	یا ملک اے ظاہر و باطن کے بادشاہ جمالی 90
یا عزیز اے غالب جمالی 94	یا عدل اے انصاف کرنیوالے جلالی 104	یا حق اے ثابت جلالی 108	یا علی اے بلند رتبہ جلالی 110	یا باقی اے ہمیشہ رہنے والے جلالی 113	یاجامع اے جمع کرنیوالے جلالی 114	یا قوی اے قوت والے جلالی 116	یا معز اے عزت دینے والے جمالی 117	یا معید اے دوبارہ پیدا کرنیوالے جمالی 124
یا لطیف اے باریک بین جمالی 129	یا سلام اے سلامت رکھنے والے جمالی 131	یا صمد اے بے پرواہ جمالی 134	یا مومن اے امن دینے والے جمالی 136	یا واسع اے وسعت دینے والے جلالی 137	یا مھیمن اے نگہبان جمالی 145	یا محصی اے احاطہ کرنیوالے جلالی 148	یا علیم اے ہر چیز جاننے والے جمالی 150	یا عفو اے معاف کرنیوالے جلالی 156
یا قیوم اے قائم رہنے والے جلالی 156	یا مانع اے منع کرنیوالے جلالی 161	یاقدوس اے بہت پاک جمالی 170	یاسمیع اے دعا کو سننے والے جلالی 180	یامقدم اے آگے رکھنے والے جلالی 184	یانافع اے نفع پہنچانے والے جلالی 201	یا بر اے نیکوکار جلالی 202	یاجبار اے نقصان پورا کرنیوالے جلالی 206	یامقسط اے انصاف کرنیوالے جلالی 209
یامالک الملک اے دونوں جہانوں کے مالک جلالی 212	یاباری اے خلق پیدا کرنیوالے جلالی 213	یا کبیر اے سب سے بڑے جمالی 232	یامصور اے خلق کی صورت بنانے والے جلالی 236	یا نور اے روشنی بخشنے والے جمالی 256	یا رحیم اے بہت مہربان جمالی 258	یا کریم اے نیکوکار جمالی 270	یا رؤف اے مہربان جلالی 286	یا رحمٰن اے بخشنے والے جلالی 298
یا صبور اے بردبار کرنیوالے جلالی 298	یابصیر اے دیکھنے والے جمالی 302	یا قادر اے قدرت رکھنے والے جلالی 305	یاقھار اے ہر چیز پر غالب جمالی 306	یارزاق اے روزی دینے والے جمالی 308	یا رقیب اے نگاہ رکھنے والے جمالی 312	یا شھید اے حاضر جمالی 319	یا رافع اے بلند کرنے والے جمالی 351	یاتواب اے توبہ قبول کرنیوالے جلالی 409
یاممیت اے مارنے والے جلالی 455	یافتاح اے کھولنے والے جمالی 489	یامتین اے مضبوط جمالی 500	یا رشید اے راہنمائی والے جمالی 514	یاشکور اے شکر کرنیوالے جمالی 526	یامقیت اے قوت دینے والے جلالی 550	یامتعالی اے بہت بلند جلالی 551	یا باعث اے اٹھانے والے جمالی 573	یامنتقم اے بدلہ لینے والے جمالی 630
یامتکبر اے بزرگ عظمت والے جلالی 662	یا وارث اے دینے والے جمالی 707	یاخالق اے پیدا کرنیوالے جمالی 731	یامقتدر اے قدرت والے جلالی 744	یا مذل اے خوار کرنیوالے جلالی 770	یا آخر اے سب سے پیچھے جلالی 801	یاخبیر اے خبردار ہر چیز کے جلالی 812	یا مؤخر اے پیچھے ڈالنے والے جلالی 846	یا قابض اے قبض کرنیوالے جلالی 903
یاحافظ اے پست کرنیوالے جمالی 989	یا ضار اے ضرر پہنچانے والے جلالی 1001	یاعظیم اے ذات و صفات میں بزرگ جمالی 1020	یاغنی اے بے پرواہ جلالی 1060	یاذوالجلال والاکرام اے بخشش اور بزرگی والے جلالی 1100	یامغنی اے پرواہ کرنیوالے جمالی 1100	یاظاھر اے ظاہر کرنیوالے جلالی 1106	یاغفار اے بخشنے والے جمالی 1281	یاغفور اے بخشنے والے جلالی 1286

عید غدیر کے دن روزہ رکھنا ساٹھ سال کے گناہوں کا کفارہ ہے (امام جعفر صادق علیہ السلام)

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ فاتحہ	9359	شفاء کے لئے
سورۃ بقرہ	947609	حصول خیر وبرکت کیلئے
سورۃ آل عمران	184956	حصول اولاد صالح
سورۃ نساء	1139293	زوجین میں محبت
سورۃ مائدۃ	848546	جدائی منافقین کیلئے
سورۃ انعام	935319	حصول جاہ ومرتبہ
سورۃ اعراف	253592	شیطانی شر سے بچنے کیلئے
سورۃ انفال	412375	رہائی کے لئے
سورۃ توبۃ	703615	تجارتی ترقی کے لئے
سورۃ یونس	550108	اختلاج قلب کے لئے
سورۃ ہود	514851	خطرات سے بچنے کے لئے
سورۃ یوسف	503980	محبت کے لئے
سورۃ رعد	244692	قائم حملکے لئے
سورۃ ابراھیم	225818	رجعت نظر بد وجادو کیلئے
سورۃ حجر	176709	تجارت میں نفع کے لئے
سورۃ النحل	520188	مسخر دشمن کے لئے
سورۃ بنی اسرائیل	38613	حفاظت حاسدین
سورۃ کھف	505517	ہر مشکل کے لئے
سورۃ مریم	289644	واسطے حمل کے
سورۃ طٰہٰ	399283	لڑکیوں کے نصیب کشائی
سورۃ الانبیاء	382219	اولاد نرینہ کے لئے
سورۃ الحج	382344	حفاظت جان ومال
سورۃ مومنون	351714	غفلت نماز کے لئے
سورۃ نور	402457	بندش احتلام کے لئے
سورۃ فرقان	209575	تباہی ظالم کے لئے
سورۃ شعراء	201339	غلبہ سرکشوں کے لئے
سورۃ النمل	340962	ہر بھلائی کے لئے
سورۃ قصص	305120	حافظہ کی تیزی کے لئے
سورۃ عنکبوت	275297	رجعت مصیبت کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ روم	270377	مابین موافقت کے لئے
سورۃ لقمن	15900	بھاگے ہوئے کو بلانے کیلئے
سورۃ سجدۃ	113332	نشوونما کے لئے
سورۃ احزاب	355258	پیغام نکاح کے لئے
سورۃ سباء	253419	ناگہانی آفات سے بچنے
سورۃ فاطر	242773	حصول مراد حاکم کے لئے
سورۃ یٰسین	215653	ہر کام کے لئے
سورۃ الصّٰفّٰت	264754	رجعت آسیب کے لئے
سورۃ صٓ	229337	تسخیر خلائق
سورۃ زمر	306585	بلندی مرتبہ کے لئے
سورۃ مومن	368524	امراض چشم کے لئے
سورۃ حٰم السجدۃ	245837	مہربانی حکام بالا کے لئے
سورۃ شوریٰ	201339	زیادتی رزق کے لئے
سورۃ زخرف	260697	حفاظت شر حیوانات
سورۃ دخان	97793	درد شکم کے واسطے
سورۃ جاثیۃ	150153	حفاظت امراض کے لئے
سورۃ احقاف	73774	ہر شر سے بچنے کے لئے
سورۃ محمد	180655	عزت وعظمت کے لئے
سورۃ فتح	188828	فتح ونصرت کے لئے
سورۃ الحجرات	102892	زیادہ شیر مادہ کے لئے
سورۃ قٓ	109736	عجیب وغریب فوائد کے لئے
سورۃ الذّٰریٰت	119544	آسانی وضع حمل کے لئے
سورۃ طور	94183	حفاظت سفر کے لئے
سورۃ النجم	94183	حاجت روائی کے لئے
سورۃ قمر	114374	آسانی مشکلات کے لئے
سورۃ الرحمٰن	120450	تسخیر خلائق کے لئے
سورۃ واقعۃ	102965	فراوانی رزق کے لئے
سورۃ حدید	198924	حفاظت جنگ کے لئے
سورۃ مجادلۃ	34237	غلبہ دشمنوں کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ حشر	133461	ترقی و کامیابی کے لئے
سورۃ ممتحنۃ	101350	آسانی شادی کے لئے
سورۃ صف	59060	نافرمان اولاد کے لئے
سورۃ جمعۃ	61525	روشن ضمیری کے لئے
سورۃ المنفقون	53256	دشمنوں کی زبان بندی کیلئے
سورۃ تغابن	7741	ناخوشگواری سے بچنے کیلئے
سورۃ طلاق	818012	نجات غم کے لئے
سورۃ تحریم	49232	ادائیگی قرض کے لئے
سورۃ ملک	99594	سلامتی کے لئے
سورۃ قلم	93708	رجعت نظر بد کیلئے
سورۃ حاقۃ	81719	بچے کے رونے ضد کیلئے
سورۃ معارج	73525	نجات وسواس شیطانی
سورۃ نوح	60633	حفاظت حیرانی و پریشانی
سورۃ جن	60633	نفع حصول جن وانس کیلئے
سورۃ المزمل	68466	کشادگی رزق کے لئے
سورۃ مدثر	92355	جلد خوشحالی کے لئے
سورۃ القیٰمۃ	54607	تسخیر خلائق و حاکم کیلئے
سورۃ دھر	77588	فوائد کے لئے
سورۃ المرسلت	70634	غائب کو بلانے کے لئے
سورۃ نبا	52656	تیزی بصارت کے لئے
سورۃ نازعات	67253	غلبہ حاسدین کے لئے
سورۃ عبس	51318	رجعت سحر و جادو کے لئے
سورۃ تکویر	38299	دفعہ بلیات کے لئے
سورۃ انفطار	36745	ترقی دولت عزت مرتبہ
سورۃ مطففین	48707	حفاظت اناج کے لئے
سورۃ انشقاق	28846	بچوں کو نظر بد سے بچانے
سورۃ بروج	32155	شفاء جلدی امراض کیلئے
سورۃ طارق	17765	گمشدہ کو بلانے کے لئے
سورۃ اعلیٰ	17704	حفاظت سفر کے لئے

نام سورۃ	اعداد	حاجت
سورۃ غاشیۃ	36457	حفاظت وبائی امراض
سورۃ فجر	89092	اطمینان و سکون کے لئے
سورۃ بلد	24283	عزت و توقیر کے لئے
سورۃ شمس	19499	خاتمہ مشکلات کے لئے
سورۃ الیل	29666	حفاظت مال کے لئے
سورۃ ضحیٰ	13422	حاضری غائب کے لئے
سورۃ الم نشرح	12416	برکت مال و دولت
سورۃ تین	10228	آسانی مہم کے لئے
سورۃ علق	22541	سچائی کا بول بالا
سورۃ قدر	8311	وسعت حلقہ احباب
سورۃ بینۃ	31223	حفاظت برص و یرقان
سورۃ زلزال	19966	شفائے مرض لقوہ
سورۃ عادیات	13354	سہولت ادائیگی قرض
سورۃ قارعۃ	9763	فراخی رزق کے لئے
سورۃ التکاثر	10425	دماغی امراض کے لئے
سورۃ عصر	4748	حفاظت مال کے لئے
سورۃ ھمزہ	5948	حفاظت خطرات کیلئے
سورۃ فیل	5470	زیر دشمن کے لئے
سورۃ قریش	5656	محتاجی دور کرنے کیلئے
سورۃ ماعون	9217	حفاظت نئی اشیاء
سورۃ کوثر	2763	غلبہ حاسدین کے لئے
سورۃ کافرون	3828	پاکیزگی قلب کے لئے
سورۃ نصر	6123	دوری فکر و افلاس
سورۃ لھب	5431	تباہی ظالم کے لئے
سورۃ اخلاص	1002	مفادات کے لئے
سورۃ فلق	8675	دفعہ جن و آسیب
سورۃ الناس	4901	فوائد قدرت کے لئے

نظر ثانی:۔ یاد رہے! یہ میری محنت ہے جس کی توفیق مجھے اللہ، مولاؑ نے دی اور سید افتخار حسین شاہ زنجانی اور اہل بیت رسولؐ کی محبت اور تعلق خدا کی خیر کے لئے اور خصوصاً خوشنودیٔ محمدؐ و آل محمدؐ کے لئے اشاعت ہو رہی ہے۔ نہ کہ کسی کی قلب شکنی کے لئے۔ **نوٹ:۔** قارئین! ہر سورۃ کی ابتداء بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سے ہے۔ ماسوائے سورۃ توبہ کے، اس لئے ہر سورۃ کے اعداد میں بسم اللہ کے اعداد **786** ضرور کریں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم یغنیھم اللہ من فضلہ (اللہ اپنے فضل سے غنی کر دے)

جو شخص فاضل مال اس لیے طلب کرتا ہے کہ اپنے اہل و عیال کی عزت محفوظ رکھ سکے تو اس کا اجر اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کہیں برتر ہے (ارشاد امام علی رضاؑ)

LUCKY NUMBERS PRIZE BONDS 2019

کس کا دل نہیں چاہتا کہ اس کا پرائز بانڈ نکل آئے، مگر دولت زندگی میں اتنی ہی ملتی ہے جتنی لوحِ محفوظ میں لکھی ہو۔ مگر دعاؤں، قرآنی وظائف، صدقات و جواہرات سے لوحِ محو و اثبات سے دولت بڑھائی جاسکتی ہے۔ مگر کسی کو اس کا علم و آگاہی نہیں ہے، جو ذرہ جہاں ہے، آفتاب ہے۔ ہر شخص کی خداوند نے اس دنیا میں ایک ڈیوٹی لگائی جو وہ جانتے ہوئے یا انجانے میں پوری کر رہا ہے۔ جیسے ہر شخص ڈاکٹر، انجینئر، لوہار، سنار، وزیر، صدر نہیں بن سکتا ہے۔ بے علم دیر سے اور صاحب علم جلد منزلِ مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔ ہم اہل ایمان مسلمان خوش قسمت ہیں کہ ہم اُمت محمدی ﷺ ہیں۔ انبیاء، چہاردہ معصومین علیہم السلام انتخاب اللہ ہیں۔ اسی طرح آلِ نبی ﷺ اولادِ علیؑ ہونا بھی اسی کا انتخاب ہے۔ اسی نسبت سے سادات اکرام کی دنیا بھر میں اہل ایمان عزت کرتے ہیں۔ ہم سادات پر بھی واجب (ڈیوٹی) ہے کہ اپنے نانا محمد ﷺ کی سنت پر عمل کرتے ہوئے ضرورت مند بہن بھائیوں کے لیے دعائیں کریں۔ اس ضمن میں جانشین خاندانِ زنجانیہ عالیہ شہزادہ حافظ سید محسن علی زنجانی کی روحانی ریاضت، آگاہی علوم باطنی جاننے کے سلسلے کے ابتداء میں ہی التماس کی گئی ہے (جنہوں نے رمضان المبارک کے تمام شب و روز عبادات الٰہیہ میں گزارے) کہ پریشان حال بہن بھائیوں کی کشادگی رزق کے لیے دعائیں کرنا معمول بنالیں جسے انہوں نے تسلیم کر لیا ہے۔ ایسے بہن بھائی جو کشادگی رزق خصوصاً پرائز بانڈز سے حصولِ دولت کے متمنی ہوں، وہ 5,12,14,66,72 یا پھر 99 مختلف مالیت کے پرائز بانڈز حسب توفیق خرید کر اصل اپنے پاس رکھیں اور ان کی فوٹو کاپی بمعہ نام والدین (تاریخ پیدائش، وقت و مقام اور پتہ) کے ہمراہ دعا کے لیے بالمشافہ یا بذریعہ ڈاک روانہ کر سکتے ہیں۔

تعبیر قسمت کی آگاہی بھی مفت معلوم کر سکتے ہیں۔ وظائف دعاؤں کی مدت آپ کے لیے 3 ماہ تا 3 سال ہو سکتی ہے۔ اس دوران یقیناً آپ کی قسمت یاوری کرے گی اور آپ کے خریدے ہوئے پرائز بانڈز پر انعام نکل آئے تو یہ کرشمہ دعا ہی ہوگا۔ فسٹ انعام نکل آنے پر نصف شہزادہ صاحب کو ہدیہ، سیکنڈ انعام نکل آنے پر 25% شہزادہ صاحب کو دینا واجب ہوگا۔ شہزادہ حافظ محسن علی زنجانی آپ کے اس پیسے کو کلی اختیار کے تحت دینی، روحانی و ذاتی کاموں کے استعمال میں لائیں گے، تیسرا انعام آپ ہی کا سو فیصد ہوگا۔ خواہاں بہن بھائی شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی سے بالمشافہ بروز جمعہ 10 بجے تا 12 بجے دن کاشانہ زنجانی D-125، گلبرگ 2، لاہور (حافظ صاحب کے موبائل کا نمبر 0300-4303429 ہے) مل کر فیض یاب ہو سکتے ہیں۔ غیر مقامی بہن بھائی پہلے جوابی لفافہ بھیج کر روحانی فارم مفت طلب کریں، پھر اس کے مطابق تفصیلات لف کر کے رجسٹری ڈاک سے روانہ کریں۔

فسٹ سیکنڈ پیکٹ متوقع پرائز بانڈ 2019

0	1	2	3	4	5	6	7	8	9
005	128	208	317	409	528	601	719	826	904
038	154	235	334	428	531	629	738	831	921
062	160	261	359	441	540	634	750	869	948
089	179	273	370	459	586	679	768	870	962
095	181	294	386	487	597	683	792	891	991

جن لوگوں نے پچھلے سال شہزادہ حافظ سید محسن علی شاہ زنجانی کو بسلسلہ دعا پرائز بانڈز کی فوٹو کاپیاں ارسال کی تھیں، ان میں سے بہت سے خوش نصیبوں کے بڑے تو نہیں البتہ چھوٹے انعام ضرور نکلے۔ یہ کرشمہ دعا ہی کا نتیجہ تھا کہ ان لوگوں کی قسمت میں جتنا انعام لکھا تھا، انہیں ملا۔ شہزادہ سید منور علی زنجانی شائقین لکی نمبرز کے لیے "انعام لکی نمبرز آئینہ قسمت میں" کے اب تک مسلسل 14 ایڈیشن نکال چکے ہیں۔ اس کتاب کا نیا ایڈیشن 2019ء ہمراہ البیرونی تقویم 2019ء انشاء اللہ جنوری 2019ء میں پیش کر دیا جائے گا۔ جس میں حکومتی پرائز بانڈز جن کی مالیت 100,200,750,1500,7500,15000,25000 اور 40000 روپے ہے، کے متوقع لکی نمبرز نکالنے کے لیے مثالوں کے ساتھ مستند طریقے دیئے جائیں گے۔ اس کتاب کا مطالعہ آپ کو انعام کے بہت قریب گویا آپ کی قسمت سنوار دے گا۔ معمولی پڑھا لکھا بھی اس سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ یہ کتاب اپنے قریبی بکسٹال سے طلب کریں یا پھر دفتر مکتبہ آئینہ قسمت سے براہ راست طلب کریں۔ اس کے علاوہ شوقین دوستوں کے لیے پرانے ایڈیشن بھی دستیاب ہیں۔

کاشانۂ زنجانی D-125، حضرت سید میراں حسین شاہ زنجانی روڈ، نزد مین مارکیٹ، گلبرگ 2، لاہور کے پتے پر روانہ کریں۔

صدقہ سے شفا

اَلصَّدَقَۃُ تَدۡفَعُ الۡبَلَاءَ (الحدیث) (صدقہ مصیبتوں کو ٹالتا ہے)

قرآن پاک سورۃ توبہ میں ارشادِ باری تعالیٰ ہے: آپ ﷺ ان کے اموال کی زکوۃ لے لیا کیجیے جس کے ذریعہ سے آپ ﷺ انھیں 1 پاک کر دیجیے اور انھیں برکت بھی دیجیے اور اُن کے لیے دعائے خیر و رحمت بھی فرمایے۔ یقیناً آپ کی دعائے خیر و برکت اُن کے لیے باعث تسکین و راحت ہوگی۔ (کیونکہ) یہ حقیقت ہے کہ اللہ (آپ ﷺ کی دعائیں) سننے والا اور (آپ ﷺ کے مرتبے کو) خوب جاننے والا ہے۔ (103) کیا انھیں معلوم نہیں کہ اللہ ہی تو ہے جو اپنے بندوں کی توبہ کو قبول کرتا ہے اور ان کی زکوۃ و خیرات کو بھی لے کر قبول کر لیتا ہے۔ (یہ اِس لیے ہے) کہ اللہ بہت معاف کرنے والا اور بڑا رحم کرنے والا ہے۔ (یعنی اُس کو تمھارے اموال کی کوئی ضرورت نہیں مگر صرف اِس لیے کہ تمھارے گناہ معاف فرمائے اور تم پر رحم فرمائے وہ تمھاری خیراتوں کو وصول فرماتا ہے۔ (104)

صدقہ کی فضیلت

حدیث! مومن جب صدقہ دیتا ہے تو یہ چیز شیطان پر گراں گزرتی ہے۔ جبکہ صدقہ مستحق کے ہاتھ میں پہنچنے سے پہلے ہی اللہ کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔

☆ انسان کو بُری موت سے بچاتا ہے۔ ☆ صدقہ سے روزی میں اضافہ ہوتا ہے۔ ☆ قرض ادا ہو جاتا ہے۔ ☆ عمر میں اضافہ ہوتا ہے۔ اور ستر قسم کی بُری اموات سے بچاتا ہے۔ ☆ اللہ تعالیٰ اس کے عوض دس سے لیکر ایک لاکھ تک گناہ معاف کرتا ہے۔ ☆ جو شخص صبح کو صدقہ دے اس دن وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر وہ رات کے پہلے پہر میں صدقہ دے۔ تو اُس رات وہ آسمانی بلاؤں سے محفوظ رہتا ہے۔ ☆ مال کی زیادتی کا سبب بنتا ہے۔ ☆ مریض کا علاج صدقہ سے ہوتا ہے۔ اور اگر کوئی شخص ایک مسلمان گھرانے کی کفالت کرے اور اسکے کھانے پینے اور لباس کا اہتمام کرے اور عزت و آبرو بچائے تو ستر حج سے زیادہ کا ثواب ملتا ہے۔ یاد رہے کہ انسان کا سینہ جتنا زیادہ کشادہ ہوگا۔ اُس کی قبر بھی اُتنی ہی کشادہ ہوگی۔

کہتے ہیں کہ اگر دُنیا میں ایک روپیہ راہِ خدا میں خرچ کیا جائے تو دس گناہ دُنیا میں اور 70 آخرت میں ملیں گے۔ لیکن اگر کوئی شخص اپنے مردہ کی طرف سے صدقہ کرے۔ تو مرنے والے کو 700 نیکیاں ملیں گی۔ اور جب وہ انسان خود دوسرے جہان جائے گا۔ تو اُس کو عالمِ برزخ میں 7000 نیکیاں ملیں گی۔ یہ جان لیں کہ یہ اللہ کا قانون ہے۔ اس میں تبدیلی نہیں پاؤ گے۔ لہٰذا اپنا اور خصوصاً اپنے والدین کا صدقہ ضرور دیا کریں۔ اسلئے کہ دونوں جہانوں میں آپکا ہی فائدہ ہے۔

صدقہ کا فائدہ

جانے والوں کے لئے بھی صدقہ کرنا چاہیے۔ حدیث میں ہے! دُنیا میں ایک دیں۔ تو آخرت میں اُس کا ثواب (ستر گنا) ملتا ہے۔ لیکن اگر آپ کے عزیز جو اگلے جہاں چلے گئے ہیں۔ اُن کے نام کا صدقہ کیا جائے۔ تو اُن کو سات سو گنا ملتا ہے۔ اور جب دینے والا اگلے جہاں خود پہنچ جائے گا، تو اُس کو سات ہزار گنا ثواب ملے گا۔

آپکا صدقہ 2019 بمعہ ذاتی نافع الخوراک اور خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیارگان

حمل ♈	ثور ♉	جوزا ♊	سرطان ♋	اسد ♌	سنبلہ ♍	میزان ♎	عقرب ♏	قوس ♐	جدی ♑	دلو ♒	حوت ♓

ارشاد رسول اکرمؐ ہے کہ صدقہ حاجت مند کے ہاتھ میں جانے سے پہلے خدا کے ہاتھ میں پہنچتا ہے۔ دوسری حدیث میں بھی امام سجادؑ سے منقول ہے کہ صدقہ بندے کے ہاتھ میں اس وقت تک نہیں پہنچتا جب تک کہ پہلے پروردگار کے ہاتھ میں نہ جائے۔ دیگر ایک تیسری روایت میں ہے کہ اس بندے کے تمام اعمال فرشتے اپنی تحویل میں لے لیتے ہیں سوائے صدقہ کے جو براہ راست خدا کے ہاتھ میں جاتا ہے۔ سورۃ توبہ آیت نمبر 103 اس کی بہترین تشریح ہے۔ تمام ذی روح مخلوق خدا ہیں، انسانوں کے ساتھ جانوروں سے صلہ رحمی (صدقہ) بھی بے حد حسن عمل ہے۔ برسہا برس کی تحقیق کے بعد زنجانی جنتری کیلئے میں نے صدقات کا چارٹ بنایا ہے جن بہن بھائیوں نے ان پر عمل کیا ان کی مشکلات اسرار غیبی سے دور ہو جائیں گی، پریشانیوں کے بادل چھٹ کر خوشیاں انکا مقدر بن جائیں گی۔ 2018ء میں ذاتی نافع الخوراک کو بھی شامل کیا جا رہا ہے، یہ علم نجوم کا پہلو اب تک پوشیدہ رہا۔

خصوصی عزیمت رجعت ونحوست سیّارگان

اول آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا بھی درود شریف پڑھ لیں بچوں کے والدین بھی پڑھ سکتے ہیں

یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا حَافِظُ یَا نَاصِرُ یَا مُعِیْنُ یَا شَافِیُ یَا کَافِیُ یَا قَادِرُ یَا کَرِیْمُ بِحَقِّ کٓھٰیٰعٓصٓ بِحَقِّ حٰمٓعٓسٓقٓ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ اَحْفِظْنِیْ مِنَ النَّحُوْسَتُ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرِ وَالْمُشْتَرِی وَالزُحَلِ وَالزُھرَہ وَالعَطَارَد وَالمَرِیْخ وَالرَاس وَالذَنب بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ یَا لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ بِرَحْمَتِکَ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ٥

خصوصی نوٹ اگر آپ مندرجہ بالا عزیمت کو صرف 9 بار روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالیں تو پھر کسی سیارے کی نحوست آپ کے قریب نہ آئے گی۔ میری طرف سے آپ کو اس عمل کی اجازت ہے۔ خواہاں ہوں تو خصوصی اجازت (حضرت منجم اعظم الحاج سید ناظر حسین زنجانی) بانی ادارہ آئینہ قسمت وخاندان زنجانیہ عالیہ کے بزرگوں کی ارواح کو ایصال ثواب ہدیہ کر کے بھی لے سکتے ہیں۔ جوابی لفافہ یا فون: 042-35872277
موبائل: 0300-9483758 دعا گو: شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی

آنسوؤں کا خشک ہو جانا دل کا سخت ہونا ہے اور دل کا سخت ہونا گناہوں کی وجہ سے ہوتا ہے (حضرت علیؑ)

برج	نشانات بروج	ہر قسم کی نحوست، پریشانی کیلئے صدقہ	نافع الخوراک	معاش، کاروباری ترقی، حصول انعامات کے لئے صدقہ یا پرورش
حمل	♈	مچھلیوں کو سمندر، دریا یا جھیل میں اجناس ڈالیں۔ دن پیر	کلونجی اور شہد روزانہ مناسب مقدار	کیڑے مکوڑوں کو شکر یا چینی ڈالیں (دن جمعہ) گھر میں کوئل نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
ثور	♉	آبی جانوروں کو کالی دال یا چنا ڈالیں دن ہفتہ	کلونجی اور دودھ	طوطوں کو گھر میں سبز مرچ کھلائیں (دن بدھ) گھر میں طوطے نر و مادہ کی پرورش نیک ہے۔
جوزا	♊	مچھلیوں یا آبی جانوروں کو ملے جلے اجناس ڈالیں دن جمعرات	شہد اور دودھ	سمندری مخلوق خصوصاً کچھوے، کیکڑوں کو عام خوراک ڈالیں دن پیر گھر میں نر و مادہ بکری، خرگوش یا چوپائے جانوروں کی پرورش نیک ہے۔
سرطان	♋	کالا بکرا، گوشت جانوروں کو ڈالیں دن منگل	سیب یا تربوز اور دودھ	شیر یا چیتا (چڑیا گھر جاکر) گوشت کھلائیں دن اتوار گھر میں نر و مادہ بلی کی پرورش نیک ہے
اسد	♌	کبوتروں کو باجرہ ڈالیں دن جمعرات، جمعہ	سبز الائچی ملا دودھ	چڑیوں کو دانہ ڈالنا دن بدھ۔ گھر میں غیر ملکی یا آسٹریلین نر مادہ طوطوں کی پرورش نیک ہے
سنبلہ	♍	گائے، بھینس کو سبز چارہ یا پالک کھلائیں دن بدھ	ناشپاتی یا سیب یا پھر انگور دودھ	طوطوں کو سبز مرچ یا دانہ کھلائیں دن بدھ گھر میں نر مادہ چکور کی پرورش نیک ہے
میزان	♎	آبی مخلوق مچھلیوں کو اناج ڈالیں دن پیر	دودھ اور شہد	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو ترش اشیاء دن منگل گھر میں نر و مادہ تیتر یا بٹیر کی پرورش نیک ہے
عقرب	♏	ہاتھی شیر یا چیتا کو چڑیا گھر میں پسندیدہ خوراک دن اتوار	سیب، شہد دودھ	کبوتروں کو دانہ یا چیلوں کو گوشت دن جمعرات گھر میں اعلیٰ نسل کا گھوڑا یا نر مادہ کبوتروں کی پرورش نیک ہے
قوس	♐	چڑیوں کے غولوں کو دانہ ڈالیں دن بدھ	بادام، شہد دودھ	بکریوں کے ریوڑ کو چارہ ڈالیں دن ہفتہ گھر میں نر مادہ بکری یا مچھلیوں کی پرورش نیک ہے
جدی	♑	کوؤں کو جلیبیاں یا انڈے گائے کو پالک کھلائیں دن جمعہ	شہد، سبز الائچی دودھ	متفرق پرندوں کو گھر کی چھت یا میدان میں دانہ ڈالیں۔ دن ہفتہ گھر میں آبی جانوروں ہر قسم کی پرورش نیک ہے۔
دلو	♒	حشرات الارض، کیڑے مکوڑوں کو خشک میوہ جات ڈالیں دن منگل	پھلوں کے رس اور دودھ	آبی مخلوق کو اجناس ہر قسم ڈالیں دن جمعرات گھر میں مچھلیوں کی پرورش نیک ہے۔
حوت	♓	چیل، باز، کبوتروں کو پسندیدہ خوراک ڈالیں دن جمعرات	مصری الائچی دودھ	گائے، بھینس، بلی، کتے کو پسندیدہ خوراک دن منگل گھر میں پسندیدہ چوپائے جانوروں کی پرورش

نام سے برج معلوم کرنے کا طریقہ

ساعات کی ترتیب آپ کے شہر کے طلوعِ آفتاب سے شروع ہوتی ہے

شمار	پہلی								دوسری								تیسری								چوتھی
دن	۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴
اتوار	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
پیر	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
منگل	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
بدھ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
جمعرات	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
ہفتہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ

حروف ابجد قمری

ا	ب	ج	د	ہ	و	ز	ح	ط	ی
1	2	3	4	5	6	7	8	9	10
ک	ل	م	ن	س	ع	ف	ص	ق	ر
20	30	40	50	60	70	80	90	100	200
ش	ت	ث	خ	ذ	ض	ظ	غ		
300	400	500	600	700	800	900	1000		

جن قارئین کو اپنی صحیح تاریخ پیدائش یاد نہیں وہ برج دو طرح سے معلوم کر سکتے ہیں۔ ایک نام کے پہلے حرف سے اور دوسرا حروفِ ابجد سے۔ پھر تحقیق کریں کہ برج کا احوال اُن پر صحیح بیٹھتا ہے۔

پہلا طریقہ آپ کے نام نامی میں جو پہلا حرف ہے اسی سے برج بنتا ہے۔ ذیل میں دیے گئے بارہ بروج میں سے اپنے نام کا پہلا حرف تلاش کر کے پہلے برج معلوم کیجیے۔ پھر اسی برج کے تحت نیک و بد سالانہ حالات ملاحظہ فرمائیں۔ ساتھ ہی اپنا ستارہ اور برج معلوم کر کے ادارہ آئینہ قسمت سے مفت مشورہ بذریعہ کو پن لے کر نگینہ پہنیں۔ صفحہ نمبر 193 ملاحظہ کریں۔

دوسرا طریقہ اگر خدانخواستہ نام برج سے آپ کے حالات درست نہ آتے ہوں تو اس طریقہ سے اپنا نام کا برج معلوم کیجیے۔ اپنا مکمل نام اور اپنی والدہ کے نام کے حروفِ ابجد قمری سے اعداد نکالیں اور ان کو بارہ پر تقسیم کیجیے۔ اگر باقی 1 بچے تو برج حمل ہے۔ اگر 2 باقی بچے تو ثور۔ 3 بچے تو جوزا۔ 4 بچے تو سرطان۔ 5 بچے تو اسد۔ 6 بچے تو سنبلہ۔ 7 بچے تو میزان۔ 8 بچے تو عقرب۔ 9 بچے تو قوس۔ 10 بچے تو جدی۔ 11 بچے تو دلو اور اگر 0 باقی بچے تو برج حوت ہوگا۔

نوٹ صحیح تاریخ پیدائش معلوم ہو تو ان قواعد کو نظر انداز کر دیں۔

حمل ♈ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

ثور ♉ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جوزا ♊ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سرطان ♋ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

اسد ♌ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

سنبلہ ♍ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

میزان ♎ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

عقرب ♏ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

قوس ♐ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

جدی ♑ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

دلو ♒ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

حوت ♓ ۷۸۶

۱۱۱	۳۰۶	۳۷
۲۶۹	الله رسول محمد	۱۸۵
۷۴	۱۴۸	۲۳۲

نقش نوروز عالم افروز شائقین و قارئین زنجانی جنتری کیلئے نقش مہر نبوت اور طلسم ہر برج و ستارے کا صفحہ نمبر 90-91 پر پیش خدمت ہے، یہ خاندانِ زنجانیہ عالیہ کی طرف سے آپ کیلئے روحانی تحفہ ہے۔ جو بہن بھائی اعمال نوروز 2019ء کریں اور جونہ بھی کریں۔ وہ بوقت نوروز یا پھر اُسی دن اپنے

برج کا نقش نوروز کاٹ کر لیمینیشن کروا کر اپنے والٹ (پرس) میں یا پھر چاندی یا چمڑے میں مڑوا کر دو نفل حاجت ادا کر کے باپرہیز دائیں بازو یا پھر گلے میں بھی پہن سکتے ہیں۔ بفضلِ تعالیٰ جس جائز مقصد کیلئے پہنیں گے، اُس مقصد میں جلد آسانیاں پائیں گے۔ **دعاگو شاہ زنجانی**

خوشخبری ان لوگوں کیلئے جو مساجد کو اپنا گھر بنالیں، خوشخبری ان کیلئے اپنے گھر میں طہارت کرتے ہیں، میرے گھر میں میری زیارت کرتے ہیں۔ حدیث قدسی

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ يَعْقِلُونَ۔

ترجمہ: ہم نے رات اور دن، سورج اور قمر اور تمام کواکب کو خاص احکام کا پابند کر دیا، درحقیقت عقل مند قوموں کے لیے ان میں نشانیاں ہیں۔ (سورۃ النحل۔ آیت 12)

NASA

اللہ رب العزت نے کسی بھی سیّارے کو سعد یا منحوس نہیں بنایا

فطرتی نجوم الارض اللہ کے مطابق ناسا کی ویب سائٹ کے مطابق ہماری زمین نارتھ پول سے 24 درجے سرک چکی ہے۔ جبکہ بارہ منطقۃ البروج کے کل درجہ 360 ہیں۔ یونانی Tropical فطرتی نجوم یا ویدک نجوم (VEDIC) حسابات ناسا کی تحقیق کے مطابق ہماری زمین کے مطابق کونسے درجات درست ہیں۔ اس حقیقت کو جاننے کے سبب پوری دنیا میں منجمین یونانی نجوم سے ویدک نجوم کی طرف تیزی سے منتقل ہو چکے ہیں اور ہو رہے ہیں۔ پاکستان بھر میں تمام جنتریاں یونانی تقویم سیّارگان کے مطابق چھپتی ہیں۔ اس کی ایک وجہ ہندو پاک کی آپس میں تین جنگیں یا ہندو مسلم دشمنی بھی ہو سکتی ہے۔ جبکہ دیکھنے میں آیا ہے کہ تقریباً 90% منجمین ویدک نجوم کی ذاتی پریکٹس کرتے ہیں۔ لہٰذا ضروری ہوتا جا رہا ہے کہ اساتذہ نجوم، شائقین نجوم، طالب علم نجوم سے رائے طلب کی جائے کہ آئندہ آنے والے سالوں میں جنتری کو ویدک نجوم پر منتقل کر دیا جائے؟ مولا علیؑ کا ارشاد ہے کہ علم مومن کی میراث ہے جہاں سے ملے، اُسے لے لینا چاہیے۔ علم نجوم کے ہر شعبہ سے دلچسپی رکھنے والے بہن بھائیوں سے مشاورت طلب کی جا رہی ہے۔ ہمیں اپنی قیمتی رائے سے مطلع کریں تا کہ زنجانی جنتری 2020ء کی ترتیب و تیاری میں تبدیلی و بہتری ہو سکے۔ آپ کی آراء کا منتظر:

شہزادہ سیّد مصوّر علی زنجانی (ایڈیٹر ماہنامہ آئینہ قسمت، زنجانی جنتری، 12 امامیہ جنتری)

علم نجوم کا تیسرا اہم جز سیارگان ہیں، ویدک سسٹم میں ہم شمس، قمر، مریخ، عطارد، مشتری، زہرہ، زحل اور راہو، کیتو کو سیارے کی حیثیت دیتے ہیں۔ حالانکہ راہو کیتو درحقیقت سیارے نہیں ہیں بلکہ "پرچھائیں سیارے" ہیں، شمس اور قمر "نیّرین" ہیں اور کسی بھی زائچے میں صرف ایک برج پر حکمران ہیں جبکہ دیگر سیارگان بہ یک وقت دو برجوں کی حکمرانی کا فریضہ ادا کرتے ہیں جن میں سے ایک ان کا بنیادی برج ہوتا ہے چونکہ نو دریافت شدہ سیارگان پلوٹو، نیپچون، یورانس اور چیرون یا کیرون تادمِ تحریر تحقیقاتی مراحل میں ہیں ان کے برجوں کے بارے میں ویدک سسٹم ابھی تک پوری طرح مطمئن نہیں ہے۔ لہٰذا اس سسٹم میں انھیں کسی بھی برج کی حاکمیت حاصل نہیں ہے، نہ ہی ویدک پیریڈ سسٹم میں ان کا کوئی مقام ہے۔ لہٰذا انھیں قابل غور نہیں سمجھا جاتا، البتہ دنیاوی علم نجوم میں ان کی پوزیشن اور نظرات کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔

THE AMERICAN EPHEMERIS for the 21st CENTURY

NASA ناسا کی تحقیق یونانی اور ویدک نجوم کا فرق

جنوری 2019ء تک یہ فرق بڑھ کر 23.26.08 (درجے دقیقے ثانیے) ہو چکا ہے جبکہ ایک برج کے کل 30 درجے ہیں منجمین ویدک نجوم میں اس فرق کو (**لھری** نے 22 مارچ 0285ء میں 50.27 ثانیہ) (**کرشنا مورتی** نے یکم جنوری 0291ء میں 50.238 ثانیہ) (**رامن** نے یکم جنوری 0397ء میں 50.33 ثانیہ) (**یکتیشور** نے 0499ء میں 53.99 ثانیہ) اور (**فاگن بریڈلے** نے یکم جنوری 0221ء میں 50.25 ثانیہ) اپنی اپنی تحقیق کے مطابق رائج کیا۔

Astro Data
1 JANUARY 2019
Julian Day # 43465
Galactic Ctr 27♐06.9
SVP 04♓59'55"
Obliquity 23°26'08"
⚷ Chiron 28♓08.0
☽ Mean ☊ 27♋34.0

نوٹ:۔ دراصل ہماری زمین ناسا کے مطابق 50. ثانیہ اپنے ایکسل (نارتھ پول) سے سرک جاتی ہے۔ زمین گول ہے اس کے جیومیٹریکل 360 درجے ہیں۔ ایک درجے میں 60 دقیقہ اور ایک دقیقہ میں 60 ثانیہ ہوتے ہیں۔ یوں 360*60 =21600 دقیقے *60 =1296000 ثانیے تقسیم سالانہ فرق 50. ثانیہ =25920 سال میں ہماری زمین NASA کے مطابق نارتھ پول سے نارتھ پول گھوم جاتی ہے۔ سائنس کے مطابق یوں دنیا تباہ ہو کر پھر سے آباد ہونا شروع ہو جاتی ہے۔ اہل ہند منجمین 25920 سالوں کو ایک **یگ** قرار دیتی ہے۔

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نورو حانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ "رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ" 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء ابتداء سال میں تمام ستارے افق پر ہونے کے ساتھ تین اہم ستارے طالع کا حاکم مریخ یکم تا 14 فروری طالع میں اور نویں نصیب کا حاکم ستارہ مشتری 2 دسمبر تک اپنے ہی گھر میں طاقتور رہتے ہوئے آپ کا نصیب یاوری کروادے گا۔ ایسے حملی بہن بھائی جو عرصہ دراز سے اپنی خوش بختی کے طالب ہیں۔ ان کیلئے خوش بختی ہے کہ 2019ء اِن کیلئے بے پناہ خوش بختیاں لے کر آرہا ہے۔ ان کی روحانیت میں اضافہ نہ صرف بلکہ اندرون اور بیرونِ ملک سفروں کی تعداد اچانک بڑھ جائے۔ حج وعمرہ زیاراتِ مقدسہ بیرونِ ملک حصول امیگریشن اور قانونی اور اخلاقی میدان میں آپکو یکے بعد دیگرے کامیابیاں نصیب ہونگی۔ نظر بندی یا ہسپتال میں زیر علاج افراد شفا یابی کے بعد اپنے گھر کو رونق بخشیں۔ سب سے بڑھ کر آپ کے کیریئر اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 17 دسمبر 2020ء تک کیریئر کے گھر میں اور پھر 17 دسمبر 2020ء تا 7 مارچ 2023ء تک بیت الامید کے گھر میں رہتے ہوئے آپ کی زندگی کے آئندہ 5 سال اپنے اندر بے پناہ خوش بختیاں لئے ہوئے آرہا ہے۔ ستارہ زحل جو کہ عروج وزوال اور عدل وانصاف کا حاکم ہونے کے ساتھ ساتھ ایک شفیق اور بزرگ معلم ستارہ ہے۔ جو اپنی سعادت کے زمانہ میں لامتنائی کامیابیوں کا سلسلہ آپ کو عطا کرسکتا ہے۔ وہ حملی افراد جو اپنے مستقبل کو درخشاں کرنے کیلئے اپنے کیریئر میں کمال ترقیاں، بلندیاں، عزت ومرتبہ کو چھونا چاہتے ہیں تو آپ پر اخلاقی طور سے لازم ہوگا کہ اپنے مستقبل کے کاموں کی بنیاد صدق خلوص اور سچائی پر رکھیں۔ تجربات کرنے کے بجائے اپنی تیز طبع کو قابو رکھتے ہوئے بزرگوں اور مخلصین کے تجربات سے فائدہ اٹھائیں۔ یقین جانیں اگر آپ اوسط درجہ سے بھی تعلق رکھتے ہیں تو آپ کا درخشاں مستقبل آپکا منتظر ہے۔

آپ کی شخصیت:۔ 2019ء آپ کی حیثیت وشخصیت نیک نامی عزت شجاعت خود اعتمادی میں بے پناہ اضافہ ہوگا۔ اس کا سبب آپ کے حاکم مریخ کا یکم جنوری تا 14 فروری طالع میں رہنے کے سبب آپ کے اندر ابتداء سال سے ہی کارہائے نمایاں انجام دینے کی خواہش اور تڑپ بڑھے گی۔ تعمیر و ترقی کے ایسے کام جو پہلے ممکن نہ تھے اور آپ اب بطور چیلنج اسے قبول کرتے ہوئے بآسانی انجام دینے کی پوزیشن میں ہونگے۔ آپ کے نصیب کا حاکم ستارہ مشتری بارہ سال بعد اپنے ہی گھر عروج یافتہ رہتے ہوئے اپنے دوست آپ کے طالع کے حاکم مریخ سے 23 تا 27 جنوری نظر تثلیث بننے سے تب آپ کی حیثیت وشخصیت سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔ عزت وتوقیر شہرت ودولت الغرض ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے حملی افراد اپنی تھوڑی محنت کا زیادہ صلہ پائیں گے۔ آپ کا تعلق کاروبار یا سیاست سے اگر ہے تب تو آپ کی شخصیت کا دبدبہ اور تسخیر خلائق کے مراحل نہایت آسان ہوں گے۔ آپ کی کہی ہوئی ہر بات مدِ مقابل کیلئے نہایت اہم ہوگی۔ دیگر مریخ مشتری تثلیث 24 تا 27 جولائی اور تسدیس 10 تا 15 نومبر بننے سے آپ اپنے مقاصد میں نمایاں مقام پاسکتے ہیں۔ تاہم مریخ مشتری نحس نظرات 7 مئی اور 10 تا 14 ستمبر بننے سے تب غیر اخلاقی کاموں میں حصہ نہ لیں اور دوسروں پر اندھا اعتماد اور بھروسہ کرنا بھی مناسب نہ ہوگا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2019ء ابتداء سال میں زہرہ کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب اگرچہ خاطر خواہ مالی فوائد حسبِ منشاء نہ

ہوسکیں تاہم جیسے ہی خانہ مال کا حاکم زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ ہوتے ہوئے عین 17,18 اپریل شرفی درجات سے گزرے گا تو ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوششیں بارآور ثابت ہوں اور رُکے ہوئے مالی اسباب و وسائل میں بھی بتدریج بہتری آنے لگے۔ زہرہ مریخ سعد نظرات 16 تا 21 جنوری، 13 تا 16 مئی اور 2 تا 5 دسمبر بننے سے مشترکہ مادی وسائل اور خاندان میں اضافہ ہوسکے گا۔ جزوقتی یا طویل المیعاد سرمایہ کاری کیلئے اپریل اور جون کے مہینے بہتر جبکہ جنوری ستمبر اور نومبر کے مہینے احتیاط طلب ہونگے خصوصاً 27,28 جنوری، 11,12 ستمبر اور 18,19 نومبر زہرہ ہبوط اور حضیض کے کمزور درجات سے گزرے گا تب نئے پُرکشش مالی معاملات میں مشاورت سے حصہ لیں۔ تاکہ کسی ممکنہ نقصان سے تحفظ پائیں۔ زہرہ مریخ تربیع 19,20,21,22,23 مارچ بننے سے جنسِ مخالف کے دامِ فریب میں آکر اپنا قیمتی سرمایہ اور محنت خراب نہ کریں۔ ان ایام میں صدقہ اور خیرات جی کھول کر دیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد یکم جنوری تا 20 مئی مجموعی طور پر کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب عزیز و اقارب، بہن بھائی اور ہمسائیوں کی جانب سے ذمہ داریاں اور فرمائشوں کی شرح میں اضافہ ہو تب اپنے جذبات دبا کر ان کے جذبات کا خیال رکھیں تو ممکنہ ان کی جانب سے کسی الجھن پریشانی یا الزام سے بچا جاسکتا ہے۔ 21 مئی تا 4 جون اور 29 اگست تا 14 ستمبر عطارد اوج و شرف کے گھر میں رہتے ہوئے عزیز و اقارب، بہن بھائیوں سے تعلقات میں خوشگواری آئے گی۔ ناراض بہن بھائی عزیز و اقارب میں صلح و تجدید مراسم ہوسکیں گے۔ 2019ء میں متعدد خوشگوار اندرونِ ملک سفر پیش آئیں گے۔ عطارد مریخ تربیع 7,8,9 جنوری جبکہ عطارد مریخ قران 17,18,19,20 جون، 7,8,9,10 جولائی اور 3,4 ستمبر بنیں تب غیر ذمہ دارانہ رویہ کسی پریشانی کا باعث بن سکتا ہے۔ نیز جلد بازی اور تیز رفتاری سے ٹریفک حادثات کا اندیشہ۔ اپنے جذباتی پن غم و غصہ پر قابو رکھیں ورنہ دوسروں سے الجھنے کے سبب بلاوجہ کی پریشانیوں سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ جبکہ 2019ء میں عطارد مریخ تسدیس اور سعد ایام 7,8,9 فروری۔ 17,18 مارچ۔ 30 اپریل۔ یکم 2 مئی اور خصوصاً ایام شرف عطارد 5,6 ستمبر۔ اوج عطارد 6,7 اکتوبر بننے سے آپ اپنی ذہانت سے عزیز و اقارب کے مابین ہونے والی رنجشوں کو ثالثی کردار ادا کرتے ہوئے بآسانی اپنے قریبی رشتوں میں پیار و محبت کی فضاء قائم کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ 2019ء ابتداء سال میں وتد الارض کا حاکم ستارہ قمر آٹھویں نحس گھر میں ہبوط یافتہ قمر درعقرب کی پوزیشن میں ہونے کے سبب آپ کے خانگی کاروباری جائیداد اور خاندان سے متعلقہ اہم معاملات میں پسندیدہ یا ناپسندیدہ متعدد تبدیلیاں پیش آسکتی ہیں۔ خصوصاً راہو 5 مئی 2020ء تک وتد الارض رہتے ہوئے خانگی اور خاندانی معاملات کسی تلخی یا بدمزگی سے لازم بچنے کی کوشش کریں ورنہ آپ کی اچھی شخصیت کو دوسروں کی نظر میں بدنام کرنے کی ناکام کوشش کی جاسکتی ہے۔ راہو کی چوتھے موجودگی خانگی اور خاندانی معاملات میں اہم تبدیلیوں کا سبب بھی بنے۔ آپ کسی غیر متوقع جیسی صورتحال کیلئے پہلے سے تیار رہیں۔ خصوصاً بزرگوں اور والدہ کی صحت کا خاص خیال رکھیں۔ راس 5 مئی 2020ء جب برج تبدیل کرے گا تبھی کچھ آسودگی ملے۔ 2019ء خاندان اور فیملی سے خوشگوار تعلقات کیلئے ایک غیر معمولی سال ہے آپ آپس میں اپنی قربتیں بڑھا سکتے ہیں۔ زمین جائیداد کی خرید و فروخت پسندیدہ سواری کے حصول زراعت باغبانی کے کاموں میں آپ کی پسندیدہ دلچسپیاں بڑھیں یوں تو وتد الارض کا حاکم ستارہ قمر ہر ماہ اپنے شرفی اور اوجی گھروں سے گزرتے ہوئے مجموعی طور پر سعادت عطا کرتا ہے۔ 2019ء کی سعد تواریخ آپ کیلئے یوں ہے۔ 14,15,16 اور 19,20,21 جنوری، 13,14,15,16,17 فروری، 13,14,15,16,17 مارچ، 9,10,11,12,13 اپریل، 6,7,8,9,10 مئی، 2,3,4,5,6,30 جون، یکم 2,4,5، 6 جولائی، 22,23,24,25,26,27 اگست، 20,21,22,23,24 ستمبر، 17,18,19,20,21 اکتوبر، 13,14,15,16,17 نومبر، 11,12,13,14,15 دسمبر۔ یہ سبھی ایام سعد ہیں جن میں زراعت حصول ذاتی سواری اور خانگی و خاندانی سکھ کو ذرا سی تدبیر کرکے بڑھایا جاسکتا ہے۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ 2019ء اولاد کی نگہداشت تعلیم و تربیت اور معاملات عشق و محبت اور خصوصاً انعامات کیلئے یہ سال نہایت اہم دکھائی دیتا ہے۔ پانچویں کا حاکم ستارہ شمس 2019ء میں ان ایام میں نہایت سعد ہوگا۔ 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ۔ 21 جون تا 22 جولائی اوج یافتہ

اور 23 جولائی تا 22 اگست عروج یافتہ۔ 22 نومبر تا 21 دسمبر حالتِ فرح میں رہتے ہوئے آپ کو عجیب و غریب طریقے سے چھوٹی چھوٹی خوش بختیاں عطا کرے گا۔ آپ میں جدت پسندی کا غلبہ بڑھے گا۔ 9,8 اپریل اور 12,11 جولائی شمس عین شرفی اور اوجی درجات سے گزرتے ہوئے سیر و سیاحت موسیقی انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید حصول علم کا شوق نہ صرف بڑھے بلکہ جنسِ مخالف اور حصول انعامات کی جانب بھی رغبت اور لگاؤ اچانک بڑھ سکتی ہے۔ شمس عطارد تسدیس 25 فروری تا 3 مارچ بننے سے صاحب اولاد اپنے بچوں کے حصول علم اور مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے جدید پلاننگ و منصوبہ بندی فیملی یا فیملی فرینڈز کی مشاورت سے کر سکیں۔ معاملات عشق و محبت اور پسندیدہ شادی کیلئے مندرجہ بالا سبھی ایام میں کوشش بار آور ثابت ہوں۔ 2019ء احتیاط طلب ایام 20 جنوری تا 19 فروری۔ 23 ستمبر تا 23 اکتوبر ہیں۔ ان ایام میں جی کھول کر صدقے و خیرات بھی دیں۔ پرائز بانڈز اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے والے افراد 16, 17, 18, 19, 20, 21 جنوری، 17, 18, 19 فروری، 12, 13, 14, 15, 16 مارچ، 11, 12, 13 اپریل، 10, 11, 12, 13, 14, 15, 16 اور 31 مئی، یکم جون، حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ شرف شمس 9,8 اپریل اور اوج شمس 12,11 جولائی بھی نہایت اہم تواریخ ہیں۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2019ء صحت و تندرستی بیماری سے شفا پانے کیلئے ایک نہایت اہم سال ہے۔ پابند صوم و صلوٰۃ حملی افراد کی صحت مجموعی طور پر بہتر رہے۔ تاہم 40 سے زیادہ عمر کے حملی افراد یکم جنوری تا 14 فروری، 29 اگست تا 14 ستمبر اپنی صحت جسمانی کا خصوصاً خیال رکھیں۔ آسانی ہو تو اپنا میڈیکل چیک اَپ کروا کر معالج سے مشورہ لے کر شفایابی کی قوت کو مزید بہتر بنا سکتے ہیں۔ ہلکی پھلکی ورزش، چہل قدمی صبح کی سیر سے نہ صرف صحت بہتر ہو بلکہ آپ کی خود اعتمادی میں بھی اضافہ ہو۔ ترقی اور اعلیٰ ملازمت کے حصول کیلئے سارا سال وقفہ وقفہ سے سعد مواقع ملتے رہیں۔ خصوصاً 21 مئی تا 4 جون، 29 اگست تا 14 ستمبر۔ کے ایام اور خصوصاً 6,5 ستمبر اور 7,6 اکتوبر ان سعد ایام میں اپنی ترقی روزگار کیرئیر کیلئے کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہوں۔ 2019ء کے سعد ایام 9,8,7 فروری، 18,17 مارچ، 30 اپریل، یکم 2 مئی، 20,19,18,17 جون، 10,9,8,7 جولائی، 4,3 ستمبر بننے سے مستقل مزاجی سے افسران بالا و حکام کے تعاون سے ترقی و مراعات کا حصول آسان ہو۔ بے روزگار افراد کیلئے یوں تو سارا سال ہی بہتر مگر خصوصاً یہ ایام مزید سعادت و بہتری لائیں۔ صبر و تحمل اور خود اعتمادی سے آپ بآسانی کیرئیر اور روزگار میں وہ مقام حاصل کر سکتے ہیں۔ جو پہلے کسی سبب آپ کو مشکل سا لگتا ہو۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات بھی سارا سال وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ 2019ء بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ آسانی کونسل پر نہایت سریع الرفتار تیز رہتے ہوئے بارہ بروج میں سے چار بروج عقرب قوس جدی دلو میں سال میں دو مرتبہ قیام کرتے ہوئے آپ کو زندگی کی رنگینیوں سے نوازے۔ آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی دوسروں کیلئے کشش محبت خوشی اور شادمانی کا باعث بنے۔ ایسے جواں سال لڑکے لڑکیاں جو اپنی شادی اور خصوصاً عقد ثانی جیسی نیک خواہش کیلئے رشتہ کی تلاش میں سرگرداں ہیں۔ ان کی شادی یا منگنی اس سال سعادت مریخ و مشتری زحل و زہرہ ملنے سے بآسانی ممکن ہو سکے۔ ستارہ زہرہ 20 اپریل تا 15 مئی طالع، 14 ستمبر تا 8 اکتوبر ساتویں میں عروج یافتہ رہنے سے آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل دوسروں سے حصول مفادات کسی جذباتی تعلق کا رشتہ ازدواج شادی خانہ آبادی میں بدلنے جیسے عجیب و غریب رومانٹک سعد واقعات غیر متوقع ممکن ہو سکتے ہیں۔ خصوصاً 27 مارچ تا 20 اپریل، 15 مئی تا 9 جون، 14 ستمبر تا 8 اکتوبر کے ایام نہایت سعد اور خصوصاً 18,17 اپریل اور 27,26 جون تواریخیں نہایت سعد ثابت ہوں۔ جذباتی اور شادی جیسے معاملات کے علاوہ تب مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کام بھی پھلے پھولیں۔ 2019ء میں مریخ زہرہ مشتری سعد نظرات 27,26,25,24,23,22,21,18,17,16 جنوری، 22,20 مارچ، 16,15,14,13,10,9 مئی، 27,26,25,24 جولائی، 26,25,24,23,9,8 اگست، 30,29,28 ستمبر، 25,24,23,15,14,13,12,11,10 نومبر، 5,4,3,2 دسمبر۔ شادی، شراکت، تعلقات دوسروں سے معاملات طے کرنے کیلئے اور دوسروں کی قسمت

اپنے ساتھ ملا لینے سے ہر طرح کے دنیاوی روحانی مادی فوائد بآسانی مل سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ آپ کا مقدر کوئی حاسد اپنے بد ارادے سے نہیں چھین سکتا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 14 فروری طالع میں طاقتور مشتری اور زحل کی سارا سال اچھی پوزیشن ہونے کے سبب آپ کے پیچیدہ دیرینہ وراثتی معاملات بآسانی قانونی یا پنچائتی طریقے سے حسبِ منشا حل ہوسکیں گے۔ 2019ء میں انشورنس کلیم لاٹری سے کوئی بڑا مالی فائدہ بھی ممکن ہے۔ مشترکہ مفادات بھی رنگ لائیں۔ 2019ء وراثتی جھگڑوں کا اختتامی سال دکھائی دیتا ہے بشرط آپ اس سلسلہ میں کوئی سنجیدہ کوشش فرمائیں۔ 2019ء میں مریخ مشتری سعد نظرات 27,26,25,24,23 جنوری، 27,26,25,24 جولائی، 15,14,13,12,11,10 نومبر، بننے سے آپ کو وراثتی شراکتی معاملات میں وہ سب کچھ بآسانی مل سکے جس کی آپ کو عرصہ سے تمنا ہے۔ تاہم 21,6 جنوری، 7 مئی، 17,3 جولائی، 15,14,13,12,11,10 ستمبر۔ احتیاط طلب تاریخیں ہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرونِ ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر نصیب کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد اپنے ہی گھر 2 دسمبر تک باقوت رہتے ہوئے آپ کا نصیب یاوری کروادے گا اپنی قسمت سے بلاوجہ شاکی اُداس اور غمگین رہنے والے جملی افراد کا بھی نصیب یاوری کروادے گا۔ مضبوط قوت فیصلہ سے آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے ہر معاملے کا روشن پہلو جان سکیں گے اور اپنے مستقبل کی مشاورت سے محفوظ پلاننگ کرسکیں گے۔ بیرون ملک کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے متعدد کامیاب سفر پیش آئیں۔ ماضی کے قانونی مسائل و پریشانیاں بھی اس سال بآسانی حل ہوسکیں قانونی یا پنچائتی فتح نصیب ہو حج وعمرہ زیارات مقدسہ کی تمنا رکھنے والے افراد کا مقدر بھی جاگ جائے ان کے پاس سفر مقدس کیلئے زادراہ ہو یا نہ ہو۔ بس ارادہ کرلینے سے بھی غیب سے وسائل مل جائیں۔ 10 اپریل تا 11 اگست رجعت مشتری میں کام قدرے سست ہوں تو مایوس ہرگز نہ ہوں اس کے علاوہ 7 مئی مشتری مریخ مقابلہ جبکہ تربیع 10 تا 12 ستمبر بننے سے تب بھی اہم سفر یا قانونی امور نظر ثانی کے طالب ہونگے۔ ان ایام میں حسب توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔ مریخ مشتری تثلیث 27,26,25,24,23,22 جنوری اور 27,26,25,24 جولائی جبکہ تسدیس 15,14,13,12,11,10 نومبر بننے سے آپ اپنے اندر ایک نئی روح توانائی محسوس کریں خود اعتمادی از خود یا مشاورت سے آپ اپنے مستقبل اور نصیب کو بدلنے کے لئے اہم فیصلے کر پائیں گے۔ سعد ایام اہم کئے گئے فیصلے آپ نہ صرف اپنا بلکہ بہت ساروں قریبی احباب کا بھی مقدر سنور سکیں گے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کیرئیر اور بیت الامید کا مشترکہ حاکم زحل 27 سال بعد گزشتہ سال سے ہی اپنے ذاتی گھر میں اوج یافتہ چلا آرہا ہے۔ گزشتہ سال سے حالات میں بہتری مثبت تبدیلیوں کا جو سلسلہ شروع ہوچکا ہے وہ اس سال بھی تسلسل سے جاری رہیگا۔ کامیابیاں پانے کے لئے فطرتی جلد بازی کی بجائے آپ مستقل مزاجی اپنائیں تو آپ محسوس کرنے لگیں گے کامیابیاں خود بخود چل کر آپ کے پاس آرہی ہیں۔ آپ کا تعلق کسی بھی شعبہ زندگی سے کیوں نہ ہو۔ آپ حکام بالا اور دوسروں کو اپنے بارے میں مہربان پائیں گے۔ سماجی سیاسی تعلقات میں اچانک اضافہ ہو اور اگر آپ کا سیاست سے تعلق ہے تو پھر آپ کی نہ صرف عزت مقبولیت میں اضافہ ہو کاروباری وسعت اور مزید سرمایہ کاری کیلئے فضا سازگار دیکھیں تو اپنے بزنس میں مزید سرمایہ کاری ضرور کریں حکام افسران بالا کے تعاون سے ترقی مراعات کا حصول یقینی طور سے ممکن ہوسکے گا۔ 2019ء میں زحل مریخ سعد نظرات 17,16,15,14,13 مارچ، 12,11,10,9,8,7 ستمبر اور 21,20,19,18,17 دسمبر نظم وضبط بردباری سے آپ وہ خوشیاں بھی پالیں گے جنہیں آپ بھول چکے تھے۔ غیر محسوس طریقے سے کاروباری اسباب وسائل میں اضافہ، خود اعتمادی بڑھنے سے آپ اجتماعی طور سے دوسروں کے مفادات کو بھی تحفظ دے پائیں گے۔ دسویں گھر زحل کے ہمراہ کیتو بھی گزشتہ سال سے یہاں مقیم ہے زحل کیتو قرانات 19 اپریل تا 20 جون، 17,4 جولائی، 16 ستمبر تا 7 اکتوبر آپ کی زندگی میں احساس ذمہ داری محسوس کرنے کیلئے ٹرننگ پوائنٹ ثابت ہونگے۔ آج کی احساس ذمہ داری آپ کی فیملی کے روشن مستقبل کی نوید ثابت ہوسکتی ہے بشرط آپ بروقت اور بہتر فیصلے کریں۔ یہ ایام کاروبار میں انتظامی تبدیلی اور وسعت کے لحاظ سے بھی اہم ہے۔ از خود یا مشاورت سے بھی کئے گئے فیصلے آپ کو اپنی منزل کے قریب پہنچا سکتے ہیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم زحل تمام سال دسویں گھر میں رہتے ہوئے دوست احباب آپ کی جانب سے کچھ زیادہ توقعات وابستہ رکھیں گے۔ آپ کو بھی مشورہ ہے کہ آپ اُن کی توقعات پر پورے اُترنے کی کوشش کریں۔ 2020,2019ء آپ کی زندگی کے کچھ اہم سال ہیں۔ جبکہ کئی پرانے لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں اور نئے لوگ آپ کی زندگی میں شامل ہوسکیں۔ زحل مریخ تربیع 23,22,21,20,19 جنوری بننے سے دوستوں کی آزمائش پر پورے اُترنے کی کوشش کریں۔ زحل مریخ تثلیث 16,15,14,13,12 مارچ بننے سے تب دوست آپ کے لئے مفید ثابت ہونگے۔ قریبی دوست احباب کا خاص خیال رکھیں تب انہیں آپ کی مدد اور بہترین مشاورت کی ضرورت ہوگی۔ ستارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت میں رہے تب دوسروں سے لین دین اور خصوصاً اجنبی افراد پر زیادہ بھروسہ کرنا کسی آزمائش یا تکلیف کا باعث بن سکتا ہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعلم کا حاکم ستارہ مشتری 20 دسمبر تک نویں بارہویں کا مشترکہ حاکم ہوکر نویں نہایت طاقتور سعد پوزیشن میں رہے۔ وہ حملی افراد جو بیرونِ ملک حصول امیگریشن کیلئے ارادہ رکھتے ہیں۔ انہیں مشورہ ہے کہ وہ امیگریشن اپلائی کرنے میں ایک دن کی بھی دیر نہ کریں۔ قدرت ان پر مہربان ہے اس کے علاوہ شوقِ روحانیات چلہ کشی عبادت و ریاضت جیسے روحانی لمحات آپ کو سکون قلبی اور اپنی ریاضت میں کامیابی کے قریب لے جائیں گے آپ اس سال اپنے علاوہ دوسروں کے لئے جو بھی دعائیں کریں گے و یقیناً مستجاب ہونگی۔ ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت میں ہونے کے سبب کچھ حاسد اپنے بدارادے کے تحت آپ کو نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کرسکیں ہیں۔ کسی مرشد کامل اور بزرگ روحانی سے آپ کو فیض روحانی مل سکے گا۔ 2019ء ستارہ مشتری مریخ نیپچون سعد نظرات 23 تا 27 جنوری، 9 تا 12 مارچ، 12 تا 16 جون، 24 تا 27 جولائی، 10 تا 15 نومبر اور 12 تا 15 دسمبر۔ بننے سے ذہنی سکون اور اعتدال پسندی بڑھنے سے آپ اپنی روحانیت میں بہ آسانی اضافہ کرپائیں۔ نماز کی پابندی کرنے والے بہن بھائی کچھ زیادہ ہی سکون اور مستی میں رہیں۔ انہی ایام میں آپ اپنے بڑھتے ہوئے ناگہانی اخراجات مسائل و پریشانیوں سے بھی بآسانی نبٹ سکتے ہیں۔ مشتری مریخ نیپچون نحس نظرات 8 تا 20 جنوری، 26 تا 29 اپریل، 7 مئی، 9 اور 16 تا 24 جون، 4 تا 12 ستمبر، 15,14 اور 21 تا 28 ستمبر۔ بننے سے آپ تصوراتی دُنیا سے نکل کر حقائق اور مذہب قرآن شناسی سے آشنائی آپ کی زندگی میں پیدا ہونے والی وقفہ وقفہ سے بے چینی کو دُور کرنے میں ایک روحانی اور غیبی مدد کو پاسکتے ہیں۔ سچائی سے گریز کرنے والے حملی افراد اندیشہ ہے کہ ان ایام میں بے راہ روی کا شکار ہوسکتے ہیں۔ تب صدقہ و خیرات جی کھول کر دیں۔ بزرگوں مخلصین سے وقفہ وقفہ سے دُعائیں بھی لیتے رہیں۔ اپنے جذباتی مسائل اور راز کسی مخلص کو بتانے سے پہلے اس کا خلوص اور اعتماد ور چیک کرلیں۔ صدقہ و خیرات سارا سال وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔

حملی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 6 جنوری سورج گرہن کیئر کے گھر میں لگنے سے اپنے کاروبار عزت ساکھ اور صحتِ جسمانی کا خصوصی خیال رکھیں۔ 21 جنوری پانچویں چاند گرہن معاملات عشق و محبت اور جذباتی معاملات میں آزمائش و پریشانی اور خصوصاً صاحبِ اولاد افراد کو اپنی اولاد کی آزمائش سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ 3 جولائی سورج گرہن چوتھے لگنے سے ٹریفک حادثات اور خاندان میں مسائل و پریشانیاں کسی بزرگ کی جدائی کا صدمہ پیش آسکتا ہے۔ 17 جولائی چاند گرہن اور پھر 26 دسمبر دسویں سورج گرہن لگنے سے آپ کی بڑھتی ہوئی تجارتی کاروباری عزت و ساکھ حاسدین و مخالفت کسی سازش کے تحت متاثر کرسکتے ہیں خصوصاً سیاسی لوگوں کو احتیاط کا مشورہ ہے۔ حسبِ توفیق صدقہ و خیرات جی کھول کر سارا سال اور ان ایام میں ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ 31,25,18,7,2 جنوری، 28,20,16,15,13,8,5 فروری، یکم، 30,20,16,14,6 مارچ، 28,18,14,4 اپریل، یکم، 27,22,17,14,12,3 مئی، یکم، 29,24,18,14,10 جون، 28,25,23,16,8 جولائی، 28,21,11,6 اگست، 24,19,9,8,3 ستمبر، 31,22,18,7,2 اکتوبر، 29,20,15,12 نومبر، 28,22,19,18,16,14,13,4,3 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 26,20,13,8,5 جنوری، 24,17,11,7,3,2 فروری، 25,18,11,3 مارچ، یکم، 30,22,16,9 اپریل، 29,21,9,8 مئی، 27,19,12,5 جون، 26,22,18,11,9,4 جولائی، 30,24,16,8,2 اگست، 28,21,14,12,6,2 ستمبر، 27,20,13,4 اکتوبر، 24,18,10,5,2 نومبر، یکم، 30,23,8 دسمبر۔

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نورو حانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء شمسی زائچہ میں سبھی ستاروں کی پُراسرار عجیب و غریب اور کمزور نشست سال کی ابتداء کسی خوشگواری کے برعکس ملے جُلے انداز سے ہوگی۔ 2019ء حصول کامیابی کیلئے اپنی روحانیت و دنیاوی کاموں کو بڑھانے کیلئے سارا سال صدقہ وخیرات خصوصاً سردار الیوم جمعۃ المبارک کو صدقہ وخیرات جی کھول کر دیتے رہیں۔ اس کے علاوہ 2019ء میں نت نئے تجربات کرنے کے بجائے اپنے بزرگوں اساتذہ سینئر بزرگوں مخلصین سے اہم کاموں میں مشاورت کریں۔ یقیناً ایسا کرنے سے ذہنی دباؤ ڈپریشن سے بچے رہیں۔ اور اہم کاروباری شراکتی خانگی اور سماجی سیاسی کاموں میں بھی اپنی عزت اور ساکھ کو بحال رکھ پائیں۔ 2019ء کسی خوش فہمی میں مبتلا ہوئے بغیر حقائق پسندی اپنانے سے مستقبل قریب کے مسائل و پریشانیوں سے بچا جا سکتا ہے۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 20 دسمبر تک بیت الخوف میں عروج یافتہ رہے۔ 2019ء مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینے سے آپ دوسروں کے نصیب سے مالی اور مادی فوائد پا سکتے ہیں۔ کاروباری حضرات اپنے شریک کار یا شریک حیات کے نصیب سے نفع پا سکتے ہیں۔ اور وہ لوگ جن کا توکل یقیناً اپنے ربّ پر مضبوط ہے وہ اپنے مال کا صدقہ خیرات دے کر یا اپنے ربّ کے ساتھ ملکر تجارت کر کے بھی غیر متوقع نفع پا سکتے ہیں۔ 2019ء صاحبِ نصیب لوگوں سے ملکر یا اپنے ربّ سے ملکر نفع بخش سال ثابت ہوسکتا ہے۔ وہ ثوری افراد جو انتھک محنت اور مشقت سے اپنا رزق اور دولت کمانے کی صلاحیت رکھتے ہیں انہیں مخلصانہ مشورہ ہے کہ وہ آسمانی کونسل پر ستاروں کی آگاہی دینے والی پوزیشن سے نفع پائیں۔ ستاروں کی بات پر عمل نہ کرنے والے سال کے آخر میں وہ ہماری بات کی اُسوقت تائید کریں جب پُل کے نیچے بہت سارا پانی بہہ گیا ہو۔ تاہم یہ سال حصول وراثت اور بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے نہایت نیک سال ہے۔

آپ کی شخصیت: آپ کا حاکم ستارہ زہرہ جو خوبصورتی کشش سحر انگیزی اور جذبات ومحبت پر حکمران ہے ہر جنگ کا انجام صلح ومحبت ہی ہے۔ تو پھر کیوں نہ 2019ء کو صبر وتحمل بردباری سے ہم بہتر سے بہتر بنا سکتے ہیں۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ۔ 15 مئی تا 9 جون اور 14 ستمبر تا 8 اکتوبر اوج وعروج یافتہ رہے گا۔ 2019ء ستاروں کی مجموعی طور پر ملی جُلی نشست کے سبب مندرجہ بالا یہ سبھی ایام اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے اپنی حیثیت وشخصیت میں نکھار اور بہتری کیلئے سوشل سماجی سیاسی روحانی معاونت میں ان ایام میں کوشش فرمائیں۔ تو بآسانی بہتری پا سکتے ہیں۔ ستارہ زہرہ یکم تا 7 جنوری، 20 اپریل تا 15 مئی، 8 اکتوبر تا یکم نومبر کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب ان ایام میں اہم فیصلے کرنے میں احتیاط سے کام لیں۔ 2019ء زہرہ مریخ زحل سعد نظرات 21,18,17,16 جنوری، 19,18,17 فروری، 16,15,14,13,12 مارچ، 14,13,12,11 اپریل، 31,16,15,14,13 مئی، یکم جون، 26,25,24,23 اگست، یکم,2,7,8,9,10 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، 21,20,19,18,17,12,11,10,5,4,3,2 دسمبر بننے سے اپنے وہ اہم کام جنہیں آپ انجام دینا چاہتے ہیں ان ایام کو مشاورت کے ساتھ ترجیح دیں۔ تبھی یقینی طور پر مفادات کا حصول بآسانی ممکن ہو سکے گا تاہم نحس نظرات 23,22,21,19 جنوری، 23,22,21,20,19 مارچ، 8,7,6 مئی، 15,14,13 جون، 18 تا 26 جولائی، 26,25 ستمبر، 29,28,27,26,17 اکتوبر۔ ان ایام کو اپنے اہم کاموں میں ریڈ مارک

رکھیں۔ اور خصوصاً اپنی صحت وسلامتی اور اپنے روزمرہ کام اور مسلسل کام میں اپنے آرام کا مناسب وقفہ بھی لازم رکھیں۔ یاد رہے جان ہے تو جہان ہے اور بس یہی ہماری گزارش یاد رکھیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں کمزور پوزیشن ہونے کے سبب تاہم مشترکہ مفادات میں یقیناً فائدہ دے۔ 21 مئی تا 4 جون عروج 29 اگست تا 14 ستمبر شرف اور 14 ستمبر تا 9 دسمبر اوج ہونے سے یہ سبھی ایام ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے کی گئی کوشش بارآور ثابت ہوں۔ سماجی سیاسی اور خاندانی تقریبات آپ کی شرکت سے آپ کی عزت اور ساکھ میں اضافہ ہوگا۔ فنانشل مشاورت و پلاننگ کرنے کیلئے جب عطارد زہرہ کی سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 26,25,24 جولائی، 11 تا 15 ستمبر، 31,30 اکتوبر کو بنیں۔ تب طویل المیعاد معاشی پروگرام پر عمل درآمد کرنا مستقبل کی محفوظ سرمایہ کاری کیلئے ایک نہایت ہی اچھا وقت ہوگا۔ مخلصین اور ہم خیال دوستوں کے تجربات سے بھی فائدہ اُٹھایا جاسکتا ہے۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم چندرماں (قمر) ہر ماہ برج سرطان اور برج سنبلہ میں سعد اثرات جبکہ عقرب اور جدی میں ناقص اثرات کا باعث بنتا ہے۔ قمر کی بارہ برجوں میں تواریخ کا چارٹ جنتری ہذا میں شامل ہے۔ چاند کی بروج میں نشست آپ ہر ماہ کی سعد اور نحس تواریخ نکال سکتے ہیں تیسرے کے مقابل نویں زحل سارا سال رہنے سے عزیز واقارب بہن بھائیوں کی جانب سے وقتاً فوقتاً فرمائشوں کا سلسلہ جاری رہے۔ اِن کی فرمائش پوری نہ کرنے کے سبب خانگی خاندانی عارضی مسائل و پریشانی کا باعث بن سکتی ہیں۔ 2019ء اس سلسلہ میں اہم ہے آپ عزیز و اقارب کا خیال رکھنے کے ساتھ ساتھ اندرون اور بیرونِ ملک غیر ضروری سفر کرنے سے اجتناب برتیں۔ بعض احباب کو اچانک قانونی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔ چوتھے سعد گھر کا حاکم ستارہ شمس 20 جنوری تا 20 مارچ، 21 جون تا 23 اگست سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب اندرون ملک سفر ہجرت، کاروباری اغراض ومقاصد کیلئے سفر کرنا وسیلہ ظفر ثابت ہوگا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ شمس ابتداء سال میں ہی چوتھے چھٹے نصیب کے گھر میں نویں دسویں کے مشترکہ زحل سے حالتِ قران میں ہوتو خانگی خاندانی گھریلو معاملات کے علاوہ زمین جائیداد و پراپرٹی میں سرمایہ کاری کیلئے بھی احتیاط طلب وقت ہو جبکہ والدہ کی ناراضگی کو ان کی شفقت سمجھ کر خدمت میں کمی نہ آنے دیں۔ جبکہ 21 مارچ تا 20 اپریل اور 21 مئی تا 23 اگست شمس کی سعد نشست سے ثوری احباب کو پراپرٹی میں سرمایہ کاری کا حصول ممکن رہے۔ تب خانگی سکھ اور والدہ کی دُعاؤں سے گھر سواری کا سکھ نصیب ہو۔ شمس زہرہ قران 10 تا 18 اگست پانچویں ہونے سے جائیداد اور سواری کی خرید وفروخت کے سلسلہ میں لین دین کرتے وقت محتاط رہیں۔ 21 مارچ تا 20 اپریل، 23 جولائی تا 23 اگست زمین جائیداد کی خرید وفروخت زراعت باغبانی خانگی اور خاندانی سبھی اُمور حسبِ منشاء حل ہوسکیں گے۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ اس گھر کا اہم ستارہ عطارد تمام سال سریع الرفتار ہونے کے سبب صاحبِ اولاد اپنے بچوں کے مستقبل کو درخشاں بنانے میں کوشاں رہیں۔ انہیں اپنے بچوں سے خاطر خواہ خوشیاں ملیں۔ بچوں کی صحت اور تعلیم کا معیار خاطر خواہ رہے۔ معاملات الفت ومحبت میں ناراض دوستوں سے تجدید مراسم ہوسکیں۔ عطارد زہرہ قرانات 25 جولائی۔ 15,14,13,12,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر، سال کے وہ ایام جن میں تجدید مراسم بآسانی ہوسکیں۔ 21 مئی تا 5 جون، 29 اگست تا 14 ستمبر عطارد عروج اور شرف کی حالت میں رہتے ہوئے پسند کی منگنی یا شادی کیلئے کی گئی کوششیں کامیاب اور اولاد کی تعلیم وتربیت کے اہم مواقع ملیں۔ انعامی اسکیموں میں نصیب یاوری کرا سکے۔ بلکہ ایسے ثوری افراد جو انٹرنیشنل لاٹریوں یا پرائز بانڈز میں دلچسپی رکھتے ہوں تو وہ ان سعد تواریخ میں 23,22,21 جنوری، 28,4,3 فروری، 22,21,20 مارچ، 10,9,3,2 مئی، 25,24 جولائی، 22,21,9,8 اگست، 30,29,28,27,26,25,24,15,14,13,12,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر اور 25,24,23 نومبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ ان کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی

آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ شمسی زائچہ کے چھٹے حاکم زہرہ 2019ء میں سبھی ستاروں کی ابتداء سال میں کمزور نشست کے سبب اس بات کا اشارہ ہے کہ اپنی صحتِ جسمانی کا خاص طور پر خیال رکھیں۔ ابتداء سال میں زہرہ وبال یافتہ اور قمر در عقرب۔ عطارد بھی وبال، مشتری آٹھویں نحس گھر، زحل غروب اور مریخ کا بارہویں طاقتور ہونا ایسے غیبی اشارے ہیں کہ آپ کی صحتِ جسمانی اپنا خیال نہ رکھنے کے سبب لمبے عرصہ کیلئے متاثر ہوسکتی ہے۔ کچھ احباب شک و وہم یا اس یقین میں مبتلا ہوسکتے ہیں کہ کسی حاسدین مخالفین نے ان پر یا ان کے گھر پر سخت جادو ٹونہ یا بندش کردی ہے۔ اپنے خدشات اور یقین کو خیر و برکت میں بدلنے کیلئے 40 دن تک سورۃ بقرہ کی تلاوت اپنے گھر آفس یا کاروبار کی جگہ پر کروائیں۔ دُعائیں کرنے کے بعد دم شدہ پانی سب گھر والوں کو پلائیں۔ خود پینے کے ساتھ ساتھ سب کو پلائیں اور دم شدہ پانی کا گھر آفس اور خصوصاً اپنی گاڑی میں سپرے بھی کرتے رہیں اس عمل کی خیر و برکت سے آپ نہ صرف نظر بد جادو ٹونے سے محفوظ رہیں بلکہ علم الٰہی خیر و امن الٰہی بھی پائیں۔ زہرہ عطارد زحل کی سعد نظرات 13, 14 جنوری، 17,18,19,20,21,22,28 فروری، 19,20,21,22 مارچ، 6,7,8,11,12,13 اپریل، 17,18,31 مئی، یکم جون، 24,25 جولائی، یکم ,2,5,6,11,12,13,15 ستمبر، 13,14,15,19,20,21,30,31 اکتوبر، 13,14,29,30 نومبر، یکم ,10,11,12 دسمبر۔ بننے سے کیرئیر اور ملازمت کے بہتر مواقع میسر آسکیں۔ اگر آپ نے محنت اور آگے بڑھنے کا جذبہ ہے تو ان ایام میں جس بھی کیرئیر کا آغاز کریں اس میں آگے چل کر بہتری کے مواقع میسر آئیں۔ ان ایام میں اپنا مکمل میڈیکل چیک اَپ کروائیں تاہم اچھا معالج بھی مِل سکے اور سیر و تفریح کھیل کود میں بھی کچھ وقت دیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ 2019ء بیت الزوج اور بارہویں کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ یکم تا 14 فروری بارہویں گھر میں طاقتور ہونے کے سبب آپ اپنی شریک کار یا شریک حیات کی صحت کی جانب سے خاصے متفکر اور پریشان ہوسکتے ہیں۔ 14 فروری تا 30 مارچ۔ 16 مئی تا یکم جولائی، مریخ کی کمزور نشست سے اس دوران کوئی بھی مشترکہ مفادات کے کاموں کا آغاز کرنا مناسب نہ ہوگا۔ تاہم ازدواجی مسائل کے حل کیلئے بزرگوں اور مخلصین کے تعاون کی ضرورت کو نظر انداز نہ کریں اور معاملات کو درگزر کرکے صلح وصفائی کی طرف چلیں۔ ابتداء سال میں زہرہ ساتویں اور 8 اکتوبر تا یکم نومبر پھر سے زہرہ کی ساتویں نشست سے تب ناراض ٹوری زوجین میں صلح وصفائی اور عقد کے خواہاں افراد کیلئے بھی خوشخبری۔ شریکِ کار کے ساتھ مشترکہ مفادات کے معاملات میں درپیش پریشانیوں کا خاتمہ ممکنات میں سے کرسکیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری 20 دسمبر تک آٹھویں سے دوسرے گھر کو ناظر رہنے سے خاندان میں اضافہ خواہاں لڑکے و لڑکیوں کی منگنی یا شادی کچھ رکاوٹوں کے بعد طے پا جائے۔ ایسے ٹوری جو اس سال رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے جارہے ہیں ان سے گزارش ہے کہ وہ مضبوط اور خوشگوار ازدواجی بندھن کیلئے کسی منجم سے اپنا نیک وقت نکاح کا تعین ضرور کروائیں۔ تا کہ ان کا ازدواجی بندھن مضبوط رہے۔ سماجی وسیاسی ورکر تمام سال اپنے حاسدین مخالفین کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے چوکنا رہیں۔ 2019ء بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ آپ کے طالع کے حاکم زہرہ کے علاوہ مشتری سے سعد نظرات بنائے گا۔ 16,18,21,22,23,25,26,27 جنوری، 20,21,22 مارچ، 9,10,13,14,15,16 مئی، 24,25,27 جولائی، 8,9,23,24,26 اگست، 28,29,30 ستمبر، 10,12,15,23,24,25 نومبر، 2,3,4,5 دسمبر بننے سے آپ کی حیثیت وشخصیت سحر انگیزی میں اضافہ۔ آپ کا عزت و وقار بڑھے۔ دوسری شادی کے خواہاں افراد بھی اس سعد وقت میں دولہا بن سکتے ہیں۔ یہ سبھی ایام آپسی تعلقات کو بہتر بنانے اور ناراض قریبی ساتھیوں میں صلح وصفائی کیلئے نیک ہے۔ 2019ء میں کوئی نیکی کا وہ کام جو آپ بآسانی کرسکیں اس کا موقع نہ جانے دیں۔ صدقے دینے یا صدقہ جاریہ کے کاموں میں حصہ لینے اور دوسروں یا بزرگوں کی دعائیں لینے سے آپ کی تقدیر بدل سکتی ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف اور گیارہویں کا حاکم ستارہ مشتری اپنے ہی گھر میں 20 دسمبر تک نہایت سعد اور طاقتور پوزیشن میں

ہونے کے سبب 2019ء میں آپ کو مفت کی دولت یا وراثت بآسانی مل سکتی ہے۔ مشترکہ مفادات کے کاموں میں فوائد کوئی بڑا انشورنس کلیم، یا انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے سے کوئی بڑا جیک پاٹ بھی لگ سکتا ہے۔ 2019ء اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ آپ کے دیرینہ وراثتی جھگڑے بآسانی حل ہو سکتے ہیں اور آپ کی عزت و بھرم اور وقار میں اضافہ ہو۔ 2019ء مشتری زہرہ زحل سعد نظرات 23,22,21 جنوری، 19,18,17 فروری، 22,21,20 مارچ، 13,12,11 اپریل، 31,10,9 مئی، یکم جون، 9,8 اگست، یکم 2,28,29,30 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، 25,24,23 نومبر، 12,11,10 دسمبر بننے سے آپ کے مجموعی طور سے بھی شراکتی مالی معاملات عزت و وقار کے ساتھ آگے بڑھیں۔ ان ایام میں ٹھوس سرمایہ کاری اپنی ملنے والی وراثت کو آپ اپنے آنے والی نسلوں میں بآسانی منتقل کریں تو یہ آپ کیلئے بہترین عمل ہوگا۔ وہ احباب جن کا کاروبار کمزور چل رہا ہے۔ وہ کسی بھی خوش بخت شخص کی شراکت یا اپنے شریک حیات کی زبانی یا تحریری شراکت اپنے کاروبار میں کر کے اپنے بگڑے کاموں کو اس تدبیر سے نہ صرف سنوار سکتے ہیں بلکہ دوسروں کا نصیب اپنے ساتھ جوڑنے سے بھی بہتری و نیکی بآسانی پا سکتے ہیں۔ صدقہ جاریہ کا کوئی ایسا کام جو آپ کے ساتھ اچانک ہو سکتا ہے جس سے آپ روحانی سکون و سکھ پائیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 27 سال کے بعد 17 دسمبر 2020ء تک اپنے ہی گھر میں طاقتور رہتے ہوئے دانشمندانہ طریقے سے آپ کا نصیب یاوری کروائے گا۔ آپ اپنے منصب میں عزت و توقیر و ترقی کیلئے اس عرصہ میں جو بھی کوشش کریں گے ان میں کامیابی آپ کا مقدر بنے گی۔ کاروباری اغراض و مقاصد کے تحت متعدد ملکی و غیر ملکی سفر پیش آئیں۔ فلسفیانہ نقطہ نظر اور اعلیٰ رتبہ کے حصول کیلئے آپ جو بھی کوششیں فرمائیں۔ ان میں کامیابیاں نصیب ہوں۔ گزشتہ سال جن قانونی مسائل پریشانیوں سے آپ کو واسطہ رہ چکا ہے اب یہ مسائل و پریشانیاں آبرومندانہ طریقے سے قانونی پنچائتی طریقے سے حل ہو جائیں۔ بیرون ملک خوشگوار سفر خصوصاً حج و زیارات مقدسہ خواہاں ثوری افراد کا مقدر بنے۔ 2019ء زحل زہرہ سعد نظرات 19,18,17 فروری، 13,12,11 اپریل، 31,8,7,6 مئی، یکم جون، یکم 2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، 12,11,10 دسمبر، بننے سے بیرونِ ملک کاروباری اغراض و مقاصد اعلیٰ تعلیم کے حصول کے خواہاں طلبہ اپنے سبھی ایجوکیشنل کاموں میں ترقی و کامیابی پائیں۔ تاہم زحل مریخ نحس نظرات 8,7,6 مئی، 17,16 جولائی، 26,25,20 ستمبر بننے سے ان ایام میں لمبا بیرونِ ملک سفر کرتے ہوئے آپ کا سامان چوری چکاری یا کھو سکتا ہے۔ نقل و حمل میں دوسرے لوگ آپ کو دھوکہ دینے کی کوشش کر سکتے ہیں ایسے میں شریر لوگوں سے محتاط رہیں۔ حسب توفیق صدقہ و خیرات ضرور دیتے رہیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت و وقار:۔ شمسی زائچہ میں وتد السماء کیرئیر اور نویں نصیب کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل سال کی ابتداء سے ہی نویں غروب رہتے ہوئے اجنبی افراد سے محتاط اور کاروباری معاملات میں حاضر دماغی کی ضرورت رہے۔ مخلص احباب کا تعاون رکھیں اور نت نئے تجربات کی بجائے تجربہ شدہ افراد کے مشوروں پر عمل مفید رہے۔ صبر و تحمل و حوصلہ مندی سے کام لیں۔ زہرہ عطارد زحل نحس نظرات 2 مارچ، 30 اپریل، یکم 8,7,6,2 مئی، 17,16 جون، 26,25,23,22 ستمبر بننے سے سازشی افراد سے محتاط رہیں تب کاروباری معاہدے احتیاط سے کریں اور لین دین میں دوسروں پر بھروسہ زبانی کلامی کی بجائے تحریری شکل میں کریں۔ ہم مزاج افراد سے مشاورت ضرور کریں اور صدقہ وقفہ وقفہ سے ان ایام میں ضرور کریں۔ جبکہ زہرہ عطارد زحل سعد نظرات 14,13 جنوری، 28,22,20,19,18,17 فروری، 22,20,19 مارچ، 13,12,11,8,7,6 اپریل، 31,17,16 مئی، یکم جون، 25,24 جولائی، یکم 15,13,11,6,5,2 ستمبر، 31,30,21,20,19,15,14,13 اکتوبر، 30,29,14,13 نومبر اور 12,11,10 دسمبر۔ بننے سے روزگار میں بہتری کے مواقع ملیں اور کیرئیر کاروبار میں ترقی اور کام کو آگے بڑھانے کے وسائل مل سکیں۔ تب کاروباری معاہدے بھی مفید ثابت ہوں اور بیرون ملک سفر بھی کاروباری اغراض و مقاصد کیلئے کریں۔ تو کامیابی مل سکے۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم مشتری 2 دسمبر 2019ء تک آٹھویں رہتے ہوئے خانہ مال،

وتد السماء اور وتد الارض کو ناظر رہتے ہوئے زمین جائیداد اور سواری کی خرید و فروخت میں بزرگوں اور مخلصین سے مشاورت ضرور کریں جبکہ حلقہ احباب اور سیاسی و سماجی اُمور بھی حسبِ منشاء نتائج نہ دے سکیں تو مایوس نہ ہوں بلکہ اپنے ظرف کے مطابق ایسے کم ظرف اور ناعاقبت اندیش لوگوں سے محتاط رہیں۔ 2019ء زہرہ مشتری نحس نظرات 16,15 اپریل، 24,23,21 جون، 3,2 ستمبر بننے سے دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہونے پر پریشان نہ ہوں بلکہ ایسے افراد سے محتاط رہیں جو اپنے مقاصد کیلئے آپ کو استعمال کر سکتے ہیں۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 23,22,21 جنوری، 22,21,20 مارچ، 10,9 مئی، 9,8 اگست، 30,29,28 ستمبر، 25,24,23 نومبر بننے سے یہ ایام مجموعی طور پر آپ کی حیثیت و شخصیت میں اضافہ، دوسروں کی نظروں میں عزت و وقار بڑھے۔ کئی ایک رُکے کام اور دیرینہ خواہشات ان ایام میں کوشش کرنے سے پوری ہو سکیں۔ اور حلقہ احباب میں جو لوگ شامل ہوں وہ مستقبل قریب میں آپ کیلئے خاص اہمیت کے حامل ہوں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداء بارہویں کا حاکم مریخ یکم جنوری تا 14 فروری حالتِ عروج بارہویں میں رہتے ہوئے حاسدین مخالفین کو ان کے بد ارادوں میں زیر کرے لیکن ساتھ ساتھ اخراجات میں اضافہ بھی لائے جبکہ بیرونِ ملک امیگریشن کے خواہشمند افراد اس دوران اپلائی کریں تو حسبِ منشاء خواہش کا حصول ممکن ہو سکے۔ 16 مئی تا یکم جولائی مریخ کمزور و ناقص پوزیشن میں رہتے ہوئے تب آپ کو صدقہ و خیرات کی اور خفیہ حاسدین و دشمن سے بچنے کی ضرورت رہے۔ صحتِ جسمانی کا خاص خیال رکھیں اور ورزش کو روزمرہ معمولات کا حصہ بنائیں ورنہ بیماریوں کا اندیشہ۔ جبکہ زہرہ زحل سعد نظرات 19,18,17 فروری، 13.12.11 اپریل، 31 مئی، یکم جون، یکم ,2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر اور 12,11,10 دسمبر بننے سے کئی ایک مسائل و مشکلات بآسانی حل کر سکیں اور حل المشکلات کیلئے ان ایام میں بزرگوں و مخلصین کا تعاون رہ سکے جبکہ اخراجات کیلئے بھی پلاننگ احسن طریقے سے انجام دیں اور مسائل پر قابو پایا جا سکے۔

ثوری مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 6 جنوری سورج گرہن نویں لگنے سے تعلیم، بیرونِ ملک سفر میں خواہ مخواہ کی تاخیر و رکاوٹ بالخصوص روحانی خلائق و چلہ کشی میں ناکامی۔ 21 جنوری چوتھے چاند گرہن خانگی خاندانی سواری سے متعلقہ معاملات میں خاص احتیاط اور میڈیکل چیک اَپ میں کوتاہی نہ برتیں۔ 3 جولائی سورج گرہن تیسرے گھر ہونے سے بہن بھائی عزیز و اقارب رشتے دار اور ہمسایوں سے وابستہ توقعات میں مایوسی جبکہ ہمت و حوصلہ کیلئے بزرگوں سے مشاورت رکھیں اور سفر اشد ضروری ہو تو صدقے دے کر کریں۔ 17 جولائی چاند گرہن اور 26 دسمبر سورج گرہن نویں لگنے سے بیرونِ ملک سفر پر جاتے وقت صدقے دیں اپنے سامان کا خیال جبکہ اجنبی افراد سے محتاط رہیں۔ طلبہ تعلیم کیلئے بیرونِ ملک نہ جا سکیں تو مایوس نہ ہوں بلکہ صدقات دیں اور نیک ایام میں دوبارہ سے اپلائی کریں۔ ان نحس ایام میں جی کھول کر صدقے دیں۔

سعد تواریخ:۔ 2, 13, 22, 31 جنوری، 6, 11, 21, 25 فروری، 8, 13, 22 مارچ، 2, 7, 12, 21 اپریل، 2,9,12,14,18,22,27,31 مئی، 2,3,6,11,21,27,28 جون، 2,6,8,11,18,21,25,27 جولائی، یکم,5,9,10,14,21,26,30 اگست، یکم,4,7,9,13,20,25,29 ستمبر، 4,9,20,22,25,29,31 اکتوبر، 3,9,19,24,28 نومبر، 3,4,9,11,13,19,24,29 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 6,10,21,24 جنوری، 9,16,23 فروری، 11,21,23,25,27 مارچ، 10,13,15,16,24,27 اپریل، 7,10,17,24 مئی، 9,16,24 جون، 3,16,17,24 جولائی، 2,7,15,24 اگست، 2,6,15,23,26 ستمبر، یکم,7,13,15,23 اکتوبر، 6,14,22 نومبر، 7,18,21,22,26 دسمبر۔

حروف: ق ی ک

جوزا

GEMINI

22 مئی تا 21 جون

عطارد

حاکم سیارہ: عطارد	نشان: جڑواں بچے
ذاتی عقیدہ: میں سوچتا ہوں	مثبت اور مذکر برج
عنصر: ہوا (Air)	توانائی: تغیر پذیر
نفسیاتی ٹائپ: سوچنا (Thinking)	رنگ: پیلا، نیلا، اسکائی بلیو
اعضائے جسمانی: ہاتھ، سانس	دھات: پارہ، پلاٹینم اور ایلومینیم
پتھر: فیروزہ اور زمرد یا جیڈ	پھول: لیونڈر، بنفشہ، سوسن، آس
درخت: ناریل، کھجور	بائیوکیمک سالٹ: کالی میور

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نور و حانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء ایک غیر معمولی اور اہم سال آپ مختلف آزمائشوں سے نکلتے ہوئے بتدریج اپنے حالات کو اپنی پہلی سہ ماہی کے بعد بہتر کر پائیں گے۔شروع سال میں اہم کواکب قمر زہرہ شمس زحل اور کیتو کمزور اور خراب گھروں میں ہونگے تاہم اتنے ستاروں کی ابتداء سال میں کمزوری کے باوجود سعد اکبر ستارہ ساتویں رہتے ہوئے پہلے تیسرے ساتویں اور گیارہویں گھروں کو سعد ناظر رہنے سے آپ کے اندر ایک ہمت حوصلہ اور کامیابی کی اُمید اور دنیاوی زندگی کو کامیاب بنانے کے ڈھنگ اور حالات کے تحت خود کو تبدیل کر لینے کی صلاحیت کا جذبہ ہی آپ کو کامیابیوں سے ہمکنار کر پائے۔اِدھر یکم جنوری تا 14 فروری ستارہ مریخ اُمید کے گھر میں طاقتور ہونے سے آپ اپنے مخلصین ومعاونین سے مسلسل رابطے میں رہیں ان کی مشاورت آپ کو مضبوط قوت فیصلہ ہر معاملے کا روشن پہلو دیکھنے کی صلاحیت اُجاگر کرے جس سے آپ کے اندر شجاعت وخود اعتمادی بڑھنے سے آپ اپنے کو ناتواں مسائل کو اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے حل کرنے میں کامیابی کے انداز دیکھ اور پاسکتے ہیں۔2019ء صدقات کی ادائیگی کا بھرپور سال ہے۔آپ کم از کم 800 گرام کالے تل 500 گرام سبز مونگ اور 1500 گرام چینی ملا کر دو مٹھیاں حشرات الارض کو ڈالنا روزانہ معمول بنالیں۔آپ کا حاکم ستارہ عطارد 2019ء میں تین مرتبہ رجعت پذیر 5 تا 28 مارچ، 9 جولائی تا یکم اگست، 31 اکتوبر تا 21 نومبر ان ایام کے علاوہ عطارد 10 فروری تا 17 اپریل ہبوط، 6 تا 21 مئی حضیض، 14 ستمبر تا 12 اکتوبر طرح، 9 تا 31 دسمبر وبال میں ہونے سے ان ایام میں عرض کردہ صدقات ضرور دیں۔اپنے ہاتھ میں زمرد، فیروزہ یا اونکس لے کر پہننا آپ کی شخصیت میں خود اعتمادی کا باعث ہے۔2019ء کے سعد ایام 17 اپریل تا 6 مئی، 21 مئی تا 29 اگست عروج، 29 اگست تا 14 ستمبر شرف جبکہ 3 اکتوبر تا 9 دسمبر اوج یافتہ رہے۔اِن ایام میں سبھی حل المشکلات اور بگڑے کام سنوارے جاسکتے ہیں۔آپ کا برج جوزا بارہ منقطقہ البروج میں سے ایک ممتاز شخصیت کی نشاندہی کرتا ہے کہ آپ ستارہ عطارد کے مالک ہیں حاضر دماغی اور اپنی خداداد فہم و فراست سے بھی اپنے کم وسائل میں بھی اپنے حالات کو بہتر کرنے کی خداداد صلاحیت رکھتے ہیں۔2019ء بے مقصد اور غیر ضروری کاموں میں حصہ لینے سے ممکنہ گریز کریں۔ٹیلیفون موبائل تحریر وتقریر انٹرنیٹ کا استعمال احتیاط سے کریں۔خصوصاً مندرجہ بالا سعد ایام مجموعی طور پر 2019ء میں کامیابیوں سے ہمکنار کرتے ہوئے آپ کی ہمت وکاوشوں کا صِلہ ملے اور حالات میں بہتری سے آپ کے اندر ہمت وحوصلہ اور اطمینان کی کیفیت مزید بڑھے۔

آپ کی شخصیت:۔2019ء ایک غیر معمولی اور اہم سال جو آپکی شخصیت میں تعمیر وترقی کیلئے اہم فیصلے لاسکتا ہے۔اپنے اندر بے چینی اُداسی اور مایوسی کو کسی بھی وقت جگہ نہ دیں۔17 اپریل تا 6 مئی۔29 اگست تا 9 دسمبر ستاروں کی سعد پوزیشن آپ کی حیثیت وشخصیت میں بہتری آئے اور آپ ذرا سی ہمت اور کوشش سے اپنے محدود وسائل میں بھی کامیابیاں پاسکتے ہیں۔شمسی زائچہ کے چاروں اوتار کے حاکم ستارہ عطارد ومشتری کی سعد نظرات 4,3 فروری، 25,24 ستمبر، 3,2 مئی، 22,21 اگست بننے سے آپ ذمہ داری اور فرض شناسی سے اپنے اور دوسروں کیلئے اجتماعی اچھے اور اہم فیصلے کرنے کی پوزیشن میں

ہونگے۔اپنی مثبت اور تخلیقی صلاحیتوں کے سبب ہمیشہ دوسروں کو کچھ نہ کچھ سکھلانے کے جنون میں کسی حد تک کامیاب رہیں۔2019ء کی وہ تواریخ جو احتیاط طلب۔23,22 فروری،17,16,15 مئی،13,12,11 اگست،7,6,5 ستمبر اور 30 مئی تا 6 جون نہایت احتیاط طلب ایام ان ایام میں دوسروں سے بحث مباحثہ اپنے فیصلے دوسروں پر مسلط کرنے کے علاوہ حکام اور بزرگوں کی ناراضگی سے بچنے کیلئے اپنے جذباتی پن غم وغصہ پر قابو رکھیں۔عرض کردہ صدقات کی سارا سال ادائیگی سے آپ کی عزت و بھرم تسلسل سے قائم و بحال رہے گا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔خانہ مال کا حاکم ستارہ قمر ابتداء سال میں قمر درعقرب اور کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب اس بات کا اشارہ ہے کہ آپ 2019ء میں غیر ضروری اخراجات سے ممکنہ بچنے کیلئے ابتداء سال میں ہی کوئی پلاننگ کرلیں۔2019ء وسعتِ رزق حصول خیر و برکت میں اضافہ کیلئے آپ اپنے مالک حقیقی سے تجارت کرتے ہوئے روزانہ حسبِ توفیق غرباء کو صدقہ وخیرات دیں۔آپ کا یہ حسن عمل آپ کے رزق میں آپ کیلئے غیر متوقع وسائل واسباب لے کر آئے ستارہ قمر ہر ماہ ڈھائی دن کیلئے جب برج سرطان میں آئے تب آپ کیلئے مستقبل کے ماہانہ فیصلے یا پروگرام بنانے مالی وسعت میں بہتری کیلئے نگینہ موتی یا دُرِ نجف ہاتھ میں پہننا نیک اس کے علاوہ زحل 2020,2019ء شراکت شریک کار یا شریک حیات کے خانہ مال میں رہے ان دو سالوں میں شراکتی کاروباری یا پھر بااعتماد ساتھی سے ملکر کسی بھی قسم کے مشترکہ مفادات کے کاموں میں حصہ لینے سے ذرائع آمدن میں اضافہ کا باعث بنے۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ شمس آپ کے حاکم عطارد کا فطرتی ساتھی اور دوست ستارہ جو آپ کو ہر آڑے وقت میں ہمت وحوصلہ دلانے کے ساتھ ساتھ آپ کو دانشمندی اور درست فیصلے کرانے میں مدد دیتا ہے۔ستارہ شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ، 20 اپریل تا 21 جون تا 23 جولائی اوج یافتہ، 23 جولائی تا 23 ستمبر ترفع یا عروج یافتہ اور پھر 22 نومبر تا 22 دسمبر حالت فرح میں رہے۔ان ایام میں اندرون ملک کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔صلہ رحمی اپنے عزیز واقارب اور خصوصاً سفید پوش اور کم گو عزیز واقارب اور پڑوسیوں کا خیال رکھیں یہ عمل آپ کیلئے بہترین صدقہ اپنے عزیز واقارب بہن بھائیوں سے ان ایام میں تجدیدِ مراسم ہوسکیں۔2019ء جس کسی بھی قریبی عزیز سے ملاقات ہو خصوصاً بزرگوں سے دُعا کیلئے بھرپور درخواست کریں۔دُعا کا اگرچہ کوئی رنگ نہیں ہوتا لیکن وہ آپ کی زندگی میں رنگ لگانے کیلئے کافی ہے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔وتد الارض اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 2019ء میں اپنی تیز رفتاری سے آپ کو عجیب وغریب طریقے سے متعدد سعادتیں عطا کرے خصوصاً 17 اپریل تا 6 مئی فرح، 21 مئی تا 5 جون ترفع، 29 اگست تا 14 ستمبر شرف، 3 اکتوبر تا 9 دسمبر اوج میں رہتے ہوئے آپ کی عزت اور توقیر اور ساکھ میں اضافہ مخلصین اور بزرگوں کا تعاون خصوصاً زمین جائیداد کی خرید وفروخت زراعت باغبانی خاندانی اور خانگی حالات ومعاملات میں ان ایام میں بہتری اور خصوصاً مشتری کی سعد نظرات 4,3 فروری، 3,2 مئی، 26,25,24 ستمبر ان ایام میں سعادت وخوش بختی اور مستقبل کے اہم فیصلے نیک اور ناراض افراد میں دوستی اور صلح جیسی اہم ذمہ داریاں نبھا کر روحانی خوشی پائیں۔تاہم 10 فروری تا 17 اپریل ہبوط، 9 تا 31 دسمبر وبال یافتہ ہونے کے علاوہ خصوصاً عطارد مشتری تربیعات اور مقابلہ 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 7,6,5 ستمبر، 30 مئی تا 9 جون بننے سے ان ایام میں خانگی خاندانی مسائل ٹریفک حادثات اور نظر بد جادو جیسی کیفیت محسوس کریں تو ممکنہ ہر قسم کی پریشانیوں سے بچنے کیلئے 11 مرتبہ آیت الکرسی اوّل وآخر 11,11 مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے اوپر دم کریں دم شدہ پانی پئیں اور گھر کی دیواروں اور کاروباری جگہ پر بھی سپرے کریں۔2019ء پانچ جوڑے سبزی مائل آسٹریلین طوطے اپنے گھر یا کاروباری جگہ پر پالیں اور ان کی نگرانی کریں تو بھی آپ کے معاملات میں خیر وبرکت نمایاں رہے۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔بیت اولاد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں 6 جنوری تک نحس چھٹے ہمراہ قمر درعقرب ہونے سے اولاد کی جانب سے فکر وپریشانی، غیر متوقع کسی پریشانی کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں۔صاحب اولاد حضرات اپنے بچوں کی تعلیم وتربیت نگہداشت ان کے روز وشب کو یوں چیک رکھیں جیسے آپ کے اپنے والدین بچپن میں آپ کی ہر اچھی بری شے کا خیال رکھتے تھے۔2019ء کی اہم سعد تواریخ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف، 9 جون

تا 28 جولائی اوج، 28 جولائی تا 21 جون فرح میں رہے۔ مجموعی طور پر یہ سبھی ایام آپ کیلئے اولاد محبت انعامات کیلئے سعد وہ جوزوی جن کے بچے ماشاء اللہ جوان ہیں آپ ان کی منگنی یا شادی کی خوشیاں بھی دیکھ پائیں۔ زہرہ عطارد سعد نظرات 22 تا 28 فروری، 25,24 جولائی، 15,14,13,12,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر بننے سے مجموعی طور پر ان گھر سے متعلقہ سبھی امور بخیر و خوبی انجام پائیں۔ ایسے افراد جو حصول انعامات کے شائق ہیں 2019ء میں پرائز بانڈز، انٹرنیشنل لاٹریوں میں دلچسپی کیلئے سعد تواریخ 21,18,17,16 جنوری، 28,27 فروری، 18,17 مارچ، 30 اپریل، یکم ,16,15,14,13,2 مئی، 20,19,18,17 جون، 25,24,10,9,8,7 جولائی، 26,25,24,23 اگست، 15,14,13,12,11,4,3 ستمبر، 31,30 اکتوبر، 5,4,3,2 دسمبر کی سعد تواریخ نوٹ فرمالیں۔ ان تواریخ میں حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 14 فروری گیارہویں گھر میں رہتے ہوئے دوسرے پانچویں اور چھٹے گھر کو ناظر ہونے اور ابتداء سال میں عطارد شمس زحل اور کیتو کی کمزوری کے سبب جوزوی افراد کیلئے 2019ء اپنی صحت و سلامتی کا ایک اہم سال معلوم ہوتا ہے۔ آپ کا تعلق عمر کے کسی بھی حصہ سے کیوں نہ ہو آپ کو یہ بات ہدیہ نصیحت ہے کہ اپنا جنرل میڈیکل چیک اَپ یا خصوصاً وہ جسمانی تکلیف جس کا آپ کو پہلے سے علم ہے اس کی اغذیہ اور ادویہ پرہیز اور علاج سے غفلت نہ برتیں۔ اپنے ڈاکٹر کی بتائی ہوئی ہدایت پر عمل کرنے کے علاوہ صبح کی سیر ہلکی پھلکی ورزش کو معمول بنالیں یا پھر 2019ء میں ذہنی دباؤ و تفکرات ڈپریشن اور جذباتی پن غم و غصہ سے بچنے کیلئے نماز اور تلاوت کلام پاک بھی چند آیات کی روزانہ پابندی آپ کی روح کو حیرت انگیز طریقے سے توانا و بحال رکھنے میں مددگار ثابت ہو۔ ہم اشرف المخلوق اسی سبب ہیں کہ ہماری روح کا روحانیت کے سبب اپنے مالک سے جتنا مضبوط رشتہ بنا رہے۔ ہماری روح طاقتور ہونے سے ذہنی و جسمانی سکھ اور آرام و خوشی کا باعث بنتی ہے۔ خصوصاً مریخ و عطارد کی نحس نظرات 9,8,7 جنوری بنیں تب اپنا میڈیکل چیک اَپ اور صدقہ و خیرات ضرور دیں اور ٹریفک میں جلد بازی سے بھی اعتراض کریں۔ مریخ عطارد سعد نظرات 9,8,7 فروری، 18,17 مارچ، 30 اپریل، یکم 2 مئی، 20,19,18,17 جون، 10,9,8,7 جولائی، 4,3 ستمبر بننے سے اپنا میڈیکل چیک اَپ ان ایام میں کروانے سے آپ کو معمولی رائے سے بھی جلد افاقہ ملے۔ دیرینہ امراض میں مبتلا افراد کو کوئی اچھا ڈاکٹر میسر آجائے۔ صحتِ جسمانی میں خصوصاً ذہنی تفکرات اپنا گلہ، معدہ، اور جگر سے متعلقہ امراض کا ضرور خیال رکھیں۔ اپنے جسم میں توانائی کے تسلسل کیلئے پانی اور دودھ کا استعمال مناسب رکھیں ان ہی ایام میں کیریئر اور ملازمت سے متعلقہ پیشہ ورانہ خوش خبریاں ملیں۔ بے روزگار افراد کو روزگار کے اچھے مواقع اور ترقی تبدیلی ملازمت کے خصوصاً بیرونِ ملک حصول روزگار کیلئے جانے والے افراد کیلئے بہتر مواقع بآسانی میسر آسکتے ہیں۔ رزق اور صحت کیلئے 2019ء میں صدقات کا تسلسل قائم رکھیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ شمسی زائچہ کا ساتواں گھر بیت الزوج اور دسویں کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 20 دسمبر تک ساتویں گھر میں عروج یافتہ اور بارہ سال کے بعد نہایت طاقتور پوزیشن میں ہونے کے سبب 2 دسمبر تک یہاں رہتے ہوئے خانگی، خاندانی، شراکتی ازدواجی خوشیوں میں اضافہ کا سبب بنے۔ 2019ء ان جواں سال خواہاں لڑکے لڑکیوں کیلئے نہایت خوش بخت سال ہے کہ ان کی شادی میں متوقع رکاوٹیں سبھی دور ہوں اور ان کا رشتہ حسبِ منشاء کسی اچھی جگہ طے پائے۔ عقد ثانی کرنے کے خواہاں اور خصوصاً بڑی عمر کے جوزوی افراد جو ابھی تک اپنی شادی نہ ہونے کے سبب پریشان چلے آرہے ہیں ان کیلئے خوش بختی ہے کہ اس سال ان کی شادی خانہ آبادی بآسانی ہوجائے گی۔ 2019ء اگرچہ بہت سارے معاملات کیلئے احتیاط طلب لیکن شادی بیاہ اور مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں کیلئے نہایت اہم اور خوش بخت سال دکھائی دیتا ہے۔ اور جو لوگ خفیہ طور سے بھی شادی کرنے کا پلان بنا رہے ہیں وہ بھی اپنے مقصد میں کامیاب ہوسکیں اور ناراض زوجین کے مابین مقدمات خواہ عدالت میں علیحدگی اور طلاق جیسی نازک صورتحال پر پہنچ چکے ہیں۔ ان کیلئے خوشخبری ہے کہ اگر وہ اپنا گھر دوبارہ سے بسانا چاہیں تو ذرا سی کوشش سے ناراض زوجین کے مابین صلح ہو

جائے بزرگوں کا فرمانا ہے کہ شادی کرنا کوئی کمال نہیں مگر اس خوبصورت بندھن کو زندگی میں آخر تک نبھانا ہی زندگی کی کمال خوبصورتی ہے۔ اسی سبب کائنات کی خلقت آدم وحوا کی تخلیق سے ہوئی۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف وراثت اور مشترکہ مفادات کا حاکم ستارہ زحل 17 دسمبر 2020ء تک اپنے گھر میں عروج یافتہ رہے۔ 2019ء اور 2020ء حصول وراثت اور شراکتی معاملات کے علاوہ انشورنس کلیم کے حصول کیلئے انتہائی سعد سال ہے۔ وجوزوی افراد جن کا حصول وراثت کیلئے اپنے وراثتی شراکت داروں سے کوئی پنچائتی قانونی تقاضہ چلا رہا ہے ان کا تصفیہ ذرا سی کوشش مخلصین اور بزرگوں کی مشاورت سے پنچائتی یا قانونی طریقے سے بآسانی حل ہو سکے گا۔ ذہ جوزوی افراد جو کبھی غیب سے بغیر محنت کے دولت ملنے کے خواب دیکھتے ہیں ان کے خواب 2019ء میں سچ ثابت ہو سکتے ہیں۔ ستارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر جب رجعت میں ہوگا تب اپنے جذباتی پن اور غم وغصہ اپنے اوپر غالب نہ آنے دیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر اور بیت الخوف کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل تمام سال نویں سے بارہویں رہے۔ 2019ء بیرونِ ملک سفر کاروبار سیاحت حج وزیارات اور عمرہ کی سعادت جیسی خواہشات رکھنے والے افراد اپنے حصول مقاصد کیلئے مستقل مزاجی سے کاربند رہیں گے۔ انہیں انجام کار کامیابی مل سکتی ہے۔ خصوصاً قانونی معاملات بھی مشاورت اور توجہ کے طالب ہونگے۔ غیر مستقل جوزوی افراد کو ہمدردانہ مشورہ ہے کہ وہ اپنے مقاصد کے حصول کیلئے کیا ہی اچھا ہو کہ 2019ء مستقل مزاجی صبر وتحمل بردباری سے اپنے حصول مقاصد کیلئے کوشاں رہیں۔ زحل عطارد سعد نظرات 14,13 جنوری، 20,19 فروری، 21,20,19 مارچ، 7,6 اپریل، 15,14,13 اکتوبر، 30,29,14,13 دسمبر بننے سے ان سعد ایام میں آپ کو غیر متوقع طور پر کامیابیاں نصیب ہوں۔ مستقبل کی منصوبہ بندی اور بیرونِ ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا بھی نیک رہے۔ قانونی معاملات میں نظر ثانی فرمائیں۔ عطارد زحل نحس نظرات 2 مارچ، 30 اپریل، یکم، 2 مئی، 16 جون، 23,22 ستمبر دوسروں کے دام فریب میں آنے سے بچیں اور جلد بازی میں کوئی غلط فیصلہ نہ کریں۔ اور صدقہ خیرات پورا سال تسلسل سے دینا نہ بھولیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت اور کیرئیر کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری شمسی زائچہ کے دسویں سے دسویں یعنی ساتویں گھر میں 20 دسمبر تک رہتے ہوئے کاروباری عزت وتوقیر میں بڑھاوا آئے گا۔ آپ کی بڑھتی ہوئی کاروباری عزت وساکھ اور نام آوری میں اضافہ، دیگر آزمائش طلب حالات کے باوجود کاروباری معاملات میں بہتری رہے۔ 2019ء نئے کاروبار کے آغاز یا کاروبار میں تبدیلی بہتری یا مزید سرمایہ کاری کرنے کیلئے یہ سال نہایت اہم ثابت ہوگا۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ اپنی محنت کے ثمرات بآسانی پا سکتے ہیں۔ ملازمت پیشہ افراد بھی اپنے کیرئیر میں بہتری پائیں گے۔ ذمہ دار فرائض منصبی کی ادائیگی سے ترقی کا عنصر غالب رہے۔ 2019ء سماجی سیاسی دلچسپی رکھنے والے جوزوی افراد کیلئے یہ سال نہایت اہم ہے۔ آپ کی کم محنت اور کوشش بھی آپ کو معاشرے میں خصوصاً حکام اور بااثر افراد کی نظروں میں عزت وتوقیر دلا سکتے ہیں۔ 2019ء میں اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے آپ جتنی بھی محنت سے مشاورت و پلاننگ کریں ان کے ثمرات آپ کو حیرت انگیز طریقے سے ملیں۔ عطارد مشتری سعد نظرات 4,3 فروری، 3,2 مئی، 22,21 اگست، 26,25,24 ستمبر بننے سے غیر متوقع اسباب ووسائل بنیں خوش بختی نیک نامی آپ کی حیثیت وشخصیت میں اضافہ، درخشاں مستقبل کیلئے کوشش کرنا اور بڑے کاروباری پیشہ ورانہ معاہدے کرنا نیک ثابت ہوں۔ اگرچہ 2019ء کاروباری حضرات اور کیرئیر میں آگے بڑھنے کیلئے انتہائی نیک ہے تاہم ان ایام میں قدرے محتاط رہیں۔ ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت میں رہے اور عطارد مشتری نحس نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 30 مئی، 8 جون اور 7,6,5 ستمبر بننے سے اپنے حاسدین ومخالفین سے محتاط رہیں وہ آپ کی بڑھتی ہوئی عزت وساکھ کے خلاف ناکام سازشیں کر سکتے ہیں۔ تقریر وتحریر میں بھی محتاط رہیں۔ بزرگوں سے مشاورت اور صدقات کی ادائیگی سے ممکنہ نحوستوں سے بچا جا سکتا ہے۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ یکم تا 14 فروری اپنے ہی گھر میں تمام سال مستقیم رہتے

ہوئے نہایت طاقتور رہے۔ چونکہ یہ چھٹے کا بھی مالک ہے۔ اگر چہ اس ایام میں آپ کو زمین جائیداد کی لین دین اور ماضی میں ایسے آرگنائز کئے گئے کاموں سے غیر متوقع طور پر مالی فوائد ملیں۔ اس کے علاوہ ستارہ مریخ 2 جولائی تا 18 اگست اوج، 18 اگست تا 14 اکتوبر فرح، 19 نومبر تا 21 دسمبر حالت ترفع۔ مجموعی طور پر سال کے یہ سبھی ایام ان جوزوی افراد کیلئے نہایت اہم ہیں جو اپنے تعلقات پبلک ریلیشنز سے فائدہ اُٹھانا چاہیں۔ مریخ عطارد سعد نظرات 9,8,7 فروری، 18,17 مارچ، 30 اپریل، یکم، 2 مئی، 20,19,18,17 جون، 10,9,8,7 جولائی، 4,3 ستمبر بننے سے سماجی سیاسی مصروفیات عزت وتوقیر میں اضافہ پائیں۔ ستارہ مریخ 14 فروری تا 2 جولائی اور 4 اکتوبر تا 19 نومبر کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب اور خصوصاً مریخ عطارد تربیع 9,8,7 جنوری، بننے سے جہاں حاسدین مخالفین کی تعداد میں اضافہ ممکن ہے۔ سعد اکبر مشتری کی سعد نشست کے سبب آپ کے تمام حاسدین مخالفین اپنے بد ارادے کے تحت آپ کا کچھ نہ بگاڑ سکیں لیکن آ بیل مجھے مار والے مشہور زمانہ محاورہ پر ہرگز ہرگز عمل نہ کریں تا کہ ممکنہ نحس ایام کی کسی نحوست سے بلاوجہ پالا نہ پڑ جائے۔ 2019ء میں پرانے دوست بھی آپ کی زندگی سے نکل سکتے ہیں تاہم آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی بہت سارے نئے دوستوں کو آپ کے قریب لائیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بارہویں پانچویں کا مشترکہ حاکم ستارہ زہرہ شروع سال میں چھٹے کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب سال کا آغاز حاسدین مخالفین زیر اور اخراجات کنٹرول میں رہیں اگر آپ نے شروع سال میں کوئی پلاننگ کر لی تو سال میں ستارہ زہرہ کے بدلتے بارہ گھروں میں ملی جلی غیر متوقع مسائل و پریشانیوں سے شروع سال میں کی گئی پلاننگ سے بچا جا سکتا ہے۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف، 15 مئی تا 9 جون عروج، 9 جون تا 28 جولائی اوج کی سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب آپ کو بڑھتے ہوئے ناگہانی اخراجات و مسائل حاسدین کے شر سے آگاہی رکھے۔ ان ہی ایام میں بیرون ملک حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا بھی نیک ان ایام میں اپنے بچوں کی ایجوکیشن شادی بیاہ پر اخراجات کرنے بھی نیک ثابت ہوں۔ ستارہ زہرہ 20 اپریل تا 15 مئی وبال، 21 اگست تا 14 ستمبر ہبوط اور 8 اکتوبر تا 2 نومبر پھر وبال میں رہے جوزوی افراد کیلئے یہ ایام کچھ زیادہ خوش کن نہیں اگر کسی قسم کا کوئی نقصان ہو تو ایسا آپ کی غفلت لاپرواہی یا حد سے بڑھی ہوئی خود اعتمادی کے سبب ہوسکتا ہے۔ ستارہ عطارد 5 تا 28 مارچ، 8 جولائی تا یکم اگست اور 31 اکتوبر تا 21 نومبر رجعت میں ہونے کے سبب غفلت و لاپرواہی سے ناگہانی مسائل و پریشانیاں اور نقصانات حاسدین کی شر انگیزیوں سے واسطہ پڑ سکتا ہے۔ ان ایام میں محتاط رہتے ہوئے صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

جوزوی مرد و زن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2019ء مجموعی طور پر اس سال پانچ گرہن لگیں۔ 6 جنوری سورج، 17 جولائی چاند اور 26 دسمبر پھر سورج گرہن۔ یہ سبھی گرہن آپ کے آٹھویں گھر میں لگنے سے مشترکہ مفادات کے کام متاثر ہوں اور حصول وراثت کے معاملات حل ہوتے ہوتے ان ایام میں کسی سبب رکاوٹ یا التواء کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ان ایام میں خصوصاً محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ خوب صدقہ وخیرات دیں۔ 21 جنوری تیسرے گھر چاند گرہن لگنے سے عزیز واقارب بہن بھائیوں کی جانب سے صدمات یا شکوے شکایات کا سامنا کرنا پڑے۔ 3 جولائی خانہ مال میں سورج گرہن کا لگنا مالی اندرونِ و بیرونِ ملک کاروباری نقصانات عظیم کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں۔ اپنے سامان کی انشورنس ضرور کروائیں۔ صدقات دینے کے علاوہ ایام گرہن میں نماز کسوف (کسوف) اور نمازِ خسوف (قمر) کی ادائیگی اور دعاؤں سے نحوستوں سے بچنے کا تعین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 30,25,18,14,10 جنوری، 16,11,10,8 فروری، 29,24,18,12,8,2 مارچ، 27,13,8,3 اپریل، 30,24,18,17,16,13,3 مئی، 30,14,9,4 جون، 31,27,22,21,13 جولائی، 30,19,4 اگست، 25,20,9,5,4,3 ستمبر، 29,21,10,5 اکتوبر، 30,13,11,10,8,3 نومبر، 31,25,16,5 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 21,13,8,6 جنوری، 28,20,14 فروری، 26,20,14 مارچ، 24,10 اپریل، 27,21,11 مئی، 12 جون، 24,17,10,3 جولائی، 22,14,6 اگست، 15,6 ستمبر، 23,7 اکتوبر، 18,15,5 نومبر، 26,18,11,2 دسمبر۔

حاکم سیارہ: قمر
نشان: کیکڑا
حروف: ح ج ہ
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)
ذاتی عقیدہ: احساس (I Feel)
منسوب پتھر: سچا موتی، مون اسٹون
عنصر: پانی (Water)
نفسیاتی ٹائپ: حساسیت
اعضائے جسمانی: سینہ اور شکم
منسوب دھات: چاندی
درخت: کوئی خاص نہیں
پھول: سوسن، کنول، یاسمین
غذا: ڈیری کی غذائیں، مچھلی
منفی، مؤنث برج
بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یا فلور

سرطان
قمر
CANCER
22 جون تا 21 جولائی
FAHAD MUSTAFA

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نورو حانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء سال کی ابتداء طالع کا حاکم قمر درعقرب میں ہونے سے ملے جُلے انداز سے ہوگی لیکن جیسے جیسے ایام گزریں گے حالات کو بتدریج موافق کرنے کیلئے کوشاں رہیں۔ چار اہم کواکب طالع میں راہو، مشتری چھٹے زحل اور کیتو ساتویں سارا سال ان ہی گھروں میں رہتے ہوئے آپ کے جذبات وخیالات واحساسات میں ایک ہیجانی کیفیت رہ سکتی ہے جس سے آپ عدم تحفظ کا احساس کر سکتے ہیں آپ کی روزمرہ کارکردگی متاثر ہو سکتی ہے۔ شراکتی ازدواجی تعلقات کے گھر ساتویں دواہم ستارے زحل اور کیتو کا یکجا ہونا شراکتی اور ازدواجی معاملات 2019ء میں نہایت آزمائش اور احتیاط کے طالب ہونگے۔ حاسدین کے سبب مسائل و پریشانیاں پیش آنے کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں۔ ایسے سرطانی افراد کسی دوسرے کے سبب بھی حکومتی احتسابی مسائل و پریشانیوں سے دوچار ہوسکتے ہیں۔ راہو طالع اور مشتری چھٹے آپ کی نیند یکسوئی خدانخواستہ بالخصوص 40 سال سے بڑی عمر کے افراد کی صحتِ جسمانی متاثر ہونے کا اندیشہ ہے۔ اپنی سالگرہ کے قریب اپنا میڈیکل چیک اَپ خصوصاً بلڈ پریشر، ذیابطیس، کولیسٹرول، یورک ایسڈ کے ٹیسٹ ضرور کروائیں۔ 2019ء غیر ضروری لمبے یا بیرونِ ملک سفر سے بھی اجتناب برتیں۔ ضروری ہو تو دورانِ سفر اپنے سامان کی حفاظت اور سفری دستاویز کی خصوصی طور پر حفاظت کریں۔ سماجی وسیاسی مصروفیات اگرچہ اس سال خاصی اچانک بڑھ سکتی ہیں۔ مریخ یکم جنوری تا 14 فروری وتدالسماء پر اپنے گھر پر طاقتور ہونے کے سبب تدبیر سے تقدیر بدلنے کے مواقع خود اعتمادی کے ساتھ حاضر دماغ رہنے سے آپ اپنے حاسدین مخالفین اور دوستوں میں تمیز کر پائیں گے۔ قریبی دوست نما دشمن بے نقاب ہوں۔ دشمنوں پر فتح مندی غلبہ اپنی حاضر دماغی سے پاسکتے ہیں۔ 2019ء قرض مرض ناگہانی آفات وبلیات گوناں گوں قسم کی پریشانیاں جسمانی بیماریوں نظرِ بد جادوٹونے جیسے اثرات سے تحفظ کیلئے گندم یا چاول یا ثابت اناج (سات اناج) صدقہ روزانہ حسبِ توفیق اور خصوصاً پیر کے دن دینا بہت مفید رہے گا۔ 2019ء شراکتی ازدواجی تعلقات کو خوبصورتی سے نبھانے کیلئے درگزر اور صبر وتحمل سے کام لینا ہوگا۔ بے عیب صرف اللہ تعالیٰ کی ذات ہے دوسروں کی خامیاں تلاش کرنے کے بجائے اپنے اندر کوتاہیاں تلاش کریں۔ گو یہ عمل بظاہر آسان نہیں لیکن ایسا کرنے سے آپ کا توکل بڑھے۔ سکون قلب اور اطمینان بھی نصیب ہو۔ 2019ء ایک ایسا سال ہے جسے صدقات اور دُعاؤں سے مزید سنوارا جاسکتا ہے۔ حاسدین کے علاوہ ہر جاننے والے مخلصین اور بزرگوں سے دُعائیں لیتے رہیں۔ دُعا کا رنگ نہیں ہوتا لیکن جب لگتی ہیں تو زندگی میں رنگ لگا دیتی ہیں۔

آپ کی شخصیت:۔ 2019ء کی ملی جُلی سعد اور نحس نشست اِس بات کی عکاسی کرتی ہے اگر آپ ہمت اور حوصلہ اور اُمید کا دامن نہ چھوڑیں تو پھر آپ کی مثبت کوشش اِس سال کو آپ کیلئے بتدریج بہتر بنا سکتی ہیں۔ یکم جنوری تا 14 فروری ستارہ مریخ آپ ممکنہ وسائل ہمت اور حوصلہ عطا کرے گا کہ آپ اپنی تمام حل المشکلات پر قابو پانے کیلئے کوئی مثبت پلاننگ کر پائیں سال میں جب ذہنی دباؤ یا ڈپریشن اور ناپسندیدہ واقعات اور حاسدین کی جانب سے

مخالفت مخاصمت چیلنج پسندانہ رویہ ملے تو دلبرداشتہ ہونے کے بجائے عبادت وریاضت کسی اسمِ اعظم یا کسی بھی درود پاک کو کثرت سے پڑھنا معمول بنالیں تاکہ ناعاقبت اندیش لوگوں کی سازشوں سے بچے رہیں۔ ستارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر ساتویں گھر اور ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت چھٹے گھر کے سبب اپنی زندگی کے اہم معاملات اور خصوصاً صحت کے معاملات میں اپنے ڈاکٹر اور مخلصین سے ضرور مشورہ لیں۔ 2019ء میں روزانہ یا وقفہ وقفہ سے سات اناج ملا کر ان کا صدقہ پرندوں کو ڈالنا نہایت موزوں اور مبارک رہے گا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا مالک شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف 21 جون تا 23 جولائی اوج۔ 23 جولائی تا 23 اگست ترفع اور 22 نومبر تا 22 دسمبر فرح میں رہتے ہوئے آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے یہ ایام نہایت سعد رہیں۔ اس دوران پلاننگ سے کئے گئے کام اور سرمایہ کاری آمدن میں اضافہ کا باعث بنے۔ مشترکہ مفادات اور ماتحت کام کرنے والوں کی کاوش بھی آپ کے ذرائع آمدن میں اضافہ کا باعث بن سکتی ہیں۔ شمس مشتری زہرہ سعد نظرات 23,22,21 جنوری۔ 9,8,7 فروری۔ 9,8,7,6 اگست۔ 30,29,28 ستمبر۔ 15,14,13,12 اکتوبر اور 25,24,23 نومبر سعد تواریخ نئے وسائل ملنے اور ذرائع آمدن کیلئے کی گئی کوشش بارآور ثابت ہوں۔ نحس تواریخ 15,14,13 مارچ۔ 16,15 اپریل۔ 9 تا 14 جون۔ 21 تا 24 جون۔ 2 تا 9 ستمبر میں جلد بازی سے نقصان یا دھوکہ دہی کا اندیشہ۔ غیر قانونی مالی فوائد کے حصول سے اعتراض کریں ورنہ رسوائی اور پریشانی کے خدشات پیش آسکتے ہیں۔

عزیز واقارب اور اندرون ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ عطارد 17 اپریل تا 6 مئی فرح۔ 21 مئی تا 5 جون ترفع۔ 29 اگست تا 14 ستمبر شرف۔ 3 اکتوبر تا 9 دسمبر اوج میں ہونے سے بہن بھائی عزیز واقارب اور پڑوسیوں سے تجدید مراسم تعلقات میں خوشگواری اور بہتری آئے تب ان ایام میں اندرون ملک کئے گئے سفر بھی وسیلہ ظفر ثابت ہوں۔ 2019ء ایسا سال نہیں کہ آپ اپنے اہم تعلقات کو پینڈنگ میں ڈالیں اور انہیں اپنی موجودگی کا احساس دلائیں۔ 10 فروری تا 17 اپریل ہبوط۔ 6 مئی تا 21 مئی حضیض۔ 14 ستمبر تا 3 اکتوبر طرح اور 9 تا 29 دسمبر وبال میں ہونے سے ان ایام میں قریبی احباب سے تعلقات میں محتاط رہیں۔ مخلصین بزرگوں سے مشاورت وتعلقات میں خلوص اور سچائی سے جو مشاورت لیں ان پر عمل بھی کریں۔ تب حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی دینا باعث برکت ثابت ہو۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ ستارہ زہرہ جو آپ کے شمسی زائچہ کے چوتھے اور گیارہویں کا مشترکہ حاکم 2019ء میں یکم تا 19 اپریل۔ 9 جون تا 20 اگست سعد پوزیشن میں ہونے کے سبب آپ کو عجیب وغریب طریقے سے فوائد دلائے رہائشی تزئین وآرائش تبدیلی گھر اور نئے گھر کی خرید وفروخت جیسے اہم اُمور بھی خوش اسلوبی سے طے پائیں۔ 2019ء زہرہ مریخ زحل کی سعد نظرات 18,17,16 جنوری۔ 19,18,17 فروری۔ 16,15,14,13,12 مارچ۔ 13,12,11 اپریل۔ 31,16,15,14,13 مئی۔ یکم جون۔ 26,25,24,23 اگست۔ یکم، 10,9,8,7,2 ستمبر۔ 21,20,19 اکتوبر۔ 21,20,19,18,17,12,11,10,5,4,3,2 دسمبر۔ تواریخ نہایت سعد ہونے کے سبب آپ اپنے پینڈنگ خاندانی وخانگی کام بآسانی انجام دے سکیں۔ آپ کے اندر ایک نیا جذبہ ہمت وحوصلہ بحال رہے۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زہرہ یکم جنوری تا 4 فروری۔ 20 اپریل تا 14 مئی۔ 21 اگست تا 13 ستمبر۔ 8 اکتوبر تا یکم نومبر انتہائی کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب خصوصاً پہلے گھر راہو ساتویں زحل کیتو ہونے کے سبب مندرجہ بالا مجموعی طور پر سبھی ایام احتیاط اور مشاورت کے طالب ہیں۔ خاندانی مسائل وپریشانیاں بزرگوں خصوصاً والدہ کی صحتِ جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ زمین جائیداد کی خرید وفروخت زراعت اور باغبانی میں دلچسپی لینے والے سرطانی افراد کسی آزمائش وپریشانی سے بچنے کیلئے 11 مرتبہ آیت الکرسی کی اپنے ہاں تلاوت کر کے دعائیں دم شدہ پانی پینے کے علاوہ اپنی کاروباری اور خانگی اہم جگہوں پر دم شدہ پانی کا سپرے کرنا بھی باعث برکت رہے گا۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد اور بیت العزت کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک عروج یافتہ رہتے ہوئے اگرچہ مسائل

کو آپ سے دور رکھے۔ تاہم 2019ء مجموعی طور پر خانگی و خاندانی مسائل و پریشانیاں آپ کو گھیر سکتی ہیں۔ خصوصاً بچوں کی تعلیم و تربیت صحت و خوراک کے معاملات توجہ طلب رہیں۔ 2019ء آپ سے زیادہ آپ کے بچوں کے ستارے باقوت رہیں۔ ایسے افراد جن کے بچے جوان ہو کر اعلیٰ تعلیم یا کاروباری معاملات میں دلچسپی لے رہے ہیں۔ انہیں اپنے بچوں پر مکمل اعتماد کرتے ہوئے انہیں اپنے کاروباری اور تعلیمی مستقبل کو بہتر بنانے کیلئے آپ کی حوصلہ افزائی اور مشاورت کی ضرورت پیش آئے تو اپنے آپ کو محدود اور کنجوس پن سے بچیں۔ وسعت قلبی سخاوت و صدقات آپ کو بہت ساری چھوٹے بچوں سے متعلق پریشانیوں سے دور رکھے۔ محبت اور انعامی وسائل کے آسان حصول کیلئے صدقات کے ساتھ ساتھ بزرگ مرد و زن خصوصاً اپنے والدین یا قریبی بزرگ لوگوں کی خدمت صلہ رحمی اور دعائیں ملنے سے آپ اپنے مقاصد کو پا سکتے ہیں۔ جواں سال لڑکے اور لڑکیاں مستقبل میں شادی کے لالچ میں آ کر اپنا قیمتی وقت فضول گفتگو اور تعلقات میں ضائع نہ کریں۔ 2019ء عشق و محبت میں ناکامی مایوسی اور رسوائی جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں عقلمند کو اشارہ ہی کافی ہے۔ ستارہ مریخ یکم جنوری تا 14 فروری عروج۔ 2 جولائی تا 17 اگست اوج اور 18 اگست تا 14 اکتوبر فرح میں رہتے ہوئے آپ کو خود اعتمادی دانشمندی اور اپنے جذباتی اخلاقی مسائل و پریشانیوں کو باعزت آبرومندانہ طریقے سے حل کروانے کیلئے معاونت اور سہولت عطا کرے۔ آپ کی شائستگی خوش مزاجی اور اخلاقی اقتدار میں اضافہ ہو۔ اسٹاک شیئرز پرائز بانڈز اور انٹرنیشنل لاٹریوں میں دلچسپی رکھنے والے سرطانی افراد ان ایام میں پرائز بانڈز جیسی اسکیموں میں 16,17,18,19,20,21 جنوری۔ 25,26,27,28 فروری۔ 3 مارچ۔ 13,14,15,16 مئی۔ 23,24,25,26,27,28,29,30 اگست۔ 2,3,4,5 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس ان تواریخ میں حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپ کو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ مشتری 2 دسمبر تک اپنے ہی گھر میں باقوت رہے۔ بے روزگار افراد کو اس سال یقینی طور پر کوئی اچھا روزگار ملے۔ تبدیلی ملازمت کے خواہاں افراد کو بھی بہتر سے بہتر ملازمت کی آفر ملے۔ افسران بالا مہربان ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت میں ہونے کے سبب آپ کی صحتِ جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ غیر ذمہ داری اور لاپرواہی سے سرطانی افراد پیچیدہ امراض خصوصاً ذہنی تفکرات کولیسٹرول اور احتیاط نہ کرنے کے سبب وزن بڑھنے سے مستقبل میں امراض کو دعوت دے سکتے ہیں۔ مشتری مریخ سعد نظرات 23,24,25,26,27 جنوری۔ 24,25,26,27 جولائی۔ 10,11,12,13,14,15 نومبر بننے سے خود اعتمادی بڑھنے سے صحت و تندرستی میں بحالی بہتری صحت کو بحال رکھنے کیلئے ہلکی پھلکی جسمانی ورزش اور جسمانی کھیلوں میں آپ کی دلچسپیاں بڑھیں۔ آپ اپنے اندر ایک نئی روح اور توانائی محسوس کریں۔ مشتری مریخ نحس نظرات 7 مئی اور 10,11,12,13,14 ستمبر بننے سے قانونی مسائل و پریشانیاں اور مقدمات میں الجھنے سے پرہیز کریں۔ اپنے حاسدین و مخالفین سے بھی محتاط رہیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم زحل 27 سال بعد بدستور سارا سال اپنے ہی گھر ساتویں ہمراہ کیتو اور مقابل راہو یہ کواکب شادی تعلقات اور شراکت میں اہم مگر منفی کردار ادا کر سکتے ہیں۔ 2019ء مندرجہ ذیل ایام میں کوئی غلطی نہ کریں۔ غیر شادی شدہ لڑکے لڑکیوں اور بڑی عمر کے لڑکے لڑکیوں کی شادی میں قائم رکاوٹیں کوشش فرمانے سے دور ہو سکتی ہیں۔ دوسرے خاندانوں میں رشتہ کرنے میں جلد بازی سے کام نہ لیں خصوصاً ستارہ زحل 30 اپریل تا 10 ستمبر رجعت میں رہے اس کے علاوہ زحل کیتو قران ساتویں گھر میں 19 اپریل تا 20 جون۔ 4 تا 17 جولائی۔ 16 ستمبر تا 7 اکتوبر ان ایام میں نئی شادی میں بگاڑ اور پرانی شادیوں میں ازدواجی تعلقات میں شکوک و شبہات سے بچنا اپنے اوپر لازم قرار دیں۔ جن سرطانی افراد نے خفیہ شادی یا تعلقات قائم کر رکھے ہیں انہیں غیر متوقع طور پر حالات کے ظاہر ہونے پر اخلاقی جذباتی مسائل و پریشانیاں پیش آ سکتی ہیں۔ آپ کی راہ میں حائل متوقع رکاوٹوں پر قابو پانے کیلئے اپنے مخلصین اور بزرگوں سے مشاورت ضرور لیں اور

ان پر عمل بھی کریں تاکہ آپ تازہ پُرجوش زندگی کے ساتھ آگے بڑھیں اور کسی متوقع جذباتی الجھاؤ سے بچ سکیں۔ 3 دسمبر ستارہ مشتری آئندہ سال بھر کیلئے ساتویں آجائے گا۔ تب ناراض زوجین میں صلح یا علیحدگی کے بعد پھر سے ملاپ کی صورت بن سکتی ہے۔ شراکتی کاروباری تعلقات 2019ء میں نہایت اہم رُخ اختیار کرسکتے ہیں۔ پرانے تعلقات ختم ہوکر انکی جگہ نئے تعلقات جنم لے سکتے ہیں ذاتی نصیب کی بجائے یہ سال دوسروں سے جوڑے رہ کر کمانے کا ہے۔ پیوستہ رہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھو والا مقولہ غالباً کسی نے آپ کے لئے سال 2019ء کیلئے ہدیہ کیا ہے۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ ساتویں آٹھویں کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل آٹھویں سے بارہویں سارا سال رہے آپ کے خاندانی وراثت جھگڑا بلاوجہ طول پکڑ سکتے ہیں۔ صبروتحمل بردباری سے انکو حل کرنے میں ہی دانشمندی ہوگی۔ خواہ اس میں آپ کو کوئی خسارہ ہی برداشت کرنا پڑے تو اسے خوش دلی سے تسلیم کرلیں۔ قدرت کا دینے اور نوازنے کا انداز الگ ہے اس بھروسہ اور یقین کے ساتھ معاملات کو حل کرلینے میں ہی بہتوں کا اور آپکا بھی بھلا ہوگا کر بھلا تو ہو بھلا۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کا حاکم ستارہ مشتری 2 دسمبر تک چھٹے اور پھر سال بھر کے لئے ساتویں آجائیگا۔ بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے سلسلے میں کئے گئے سفر خاطر خواہ نفع بخش ثابت نہ ہونگے۔ خصوصاً ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست جب رجعت میں ہوگا۔ تب بلا سوچے سمجھے سفر نہ کریں دوران سفر اپنے سامان اور ضروری کاغذات کرنسی کا بھی خیال رکھیں چوری چکاری کا خدشہ بعید از قیاس نہیں قانونی مشاورت خواہ یہ فیصلے پنچائتی ہوں یا عدالتی جاری مقدمات کو آبرومندانہ طور سے حل کرنے کیلئے ضروری ہوگا۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے لئے بیرون ملک جانے والے طلبہ کے لئے جنوری، جولائی، نومبر کے مہینے نیک انہیں فل یا ہاف سکالرشپ بھی مل سکتا ہے۔ بشرط پہلے سی اعلیٰ تعلیم پلان اساتذہ سینئر بزرگوں کی مشاورت سے کیا گیا ہو۔ روحانی ریاضت ارتکاز توجہ بڑھانے حج وزیارات مقدسہ کے پروگرام بنانے بھی انہی مہینوں میں نیک ثابت ہونگے۔ قانونی مقدمات 2018ء الجھاؤ کا شکار رہ سکتے ہیں تاہم مشتری مریخ سعد نظرات 23, 24, 25, 26, 27 جنوری۔ 24, 25, 26, 27 جولائی اور 15,14,13,12,11,10 ستمبر بننے سے کوئی کیا گیا تحریری معاہدہ قانونی پریشانیوں کا باعث بن سکتا ہے۔ منتشر الخیالی خواہ مخواہ کے متوقع مسائل و پریشانیوں تفکرات بچنے کیلئے جو سرطانی افراد عبادت وریاضت میں روزانہ کچھ وقت گذاریں گے۔ انکا دل آرام پائے اور ذہنی سکون بھی میسر آئے سارا سال وقفہ وقفہ سے حسبِ توفیق صدقہ وخیرات بھی دیتے رہیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت کیرئیر کا حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک بیت العزت میں رہتے ہوئے آپکی عزت کاروباری ساکھ میں اضافہ کا باعث بنے کیرئیر کے حاکم ستارہ مریخ کو 2019ء میں رجعت نہ ہوگی۔ اور یہ یکے بعد دیگر برج حمل تا برج عقرب آٹھ بروج میں سیر کناں ہوگا۔ سرطانی افراد کے لئے 2019ء ایک غیر معمولی سال ثابت ہوگا۔ آپکا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ کے پھلنے پھولنے کاروباری وسعت سرمایہ کاری یا پھر نئے کاروبار کا آغاز کرنے کے لئے مجموعی طور سے یکم جنوری تا 13 فروری۔ 2 جولائی تا 17 اگست اور 18 نومبر تا 13 دسمبر ہیں انہیں گرین مارک کرلیں۔ سال 2019ء کاروبای شراکتی لحاظ سے دوسروں کے نصیب یا مشترکہ مفادات 2019ء کیرئیر کاروباری وسعت بااثر سماجی سیاسی شخصیات سے حصول مفادات کیلئے 2019ء میں مریخ شمس زحل بننے والی سعد نظرات کے سعد ایام کچھ یوں ہیں۔ 28,27,26,25 فروری۔ 3 تا 16 مارچ۔ 12,11,10 مئی۔ 10,9,8,7,6 ستمبر۔ 10,9,8,7 نومبر۔ 19,18,17 دسمبر۔ جبکہ نحس نظرات سیارگان 11,10,9 اپریل۔ 13 تا 27 جون۔ 30 اگست تا 2 ستمبر۔ 28,27,26,17,9,8,7,6 اکتوبر بھی ایام احتیاط طلب ہیں۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے صدقات ضرور دیتے رہیں۔

دوست احباب، خواھشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف 15 مئی تا 8 جون 14 ستمبر تا 8 اکتوبر عروج 9 جون تا 3 جولائی اوج یافتہ رہے۔ سماجی سیاسی مصروفیات تب اچانک بڑھ جائیں۔ 2019ء طالع ساتویں راہو کیتو اور زحل کی نشست کے اعتبار سے کچھ پرانے لوگ آپکی زندگی سے نکل جائیں اور انکی جگہ اچھے باشعور نیک دوستوں کی شمولیت آپ وآپکی فیملی کے لئے خوشگوار ثمرات لائے جبکہ 20 اپریل تا 15 مئی اور 8 اکتوبر تا 2 نومبر وبال خصوصاً 21 اگست تا 13 ستمبر ستارہ زہرہ ہبوط یافتہ رہیگا۔ تب بھروسہ اعتبار کو بعض قریبی لوگ ٹھیس پہنچا سکتے ہیں۔ محتاط طرز فکر اپنائیں سینئر بزرگوں مخلصین سے مشاورت کرنے سے وسائل کے اندر رہتے ہوئے سوشل مسائل کا حل نکال سکیں 2019ء میں دوستوں احباب کی پھولوں جیسی شخصیت کی افزائش کے لئے پھل پھول پودے لگانا بھی نیک فال خوشی شادمانی لائے گا۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء 5 جنوری تک اور پھر 10 فروری تا 17 اپریل اور 9 تا 29 دسمبر کمزور پوزیشن کے سبب حاسدین مخالفین زیر رہیں 2019ء ایک ایسا سال ہے جبکہ حاسدین مخالفین سے ہمہ وقت محتاط رہیں خیر و برکت کا ستارہ مشتری 2 دسمبر تک چھپے رہتے ہوئے بارہویں گھر کو مکمل ناظر ہونے حصول امیگریشن اپلائی کرنے کے لئے وقفہ وقفہ سے سارا سال سعد مواقع ملیں حج وعمرہ زیارات مقدسہ کوئی عمل چلہ کشی یا عبادت میں خشوع وخضوع کے حصول کے لئے عبادات میں روحانی سکون ولطف پائیں ستارہ عطارد 21 مئی تا 4 جون عروج جبکہ 29 اگست تا 14 ستمبر شرف یافتہ ہونے سے خود اعتمادی بہت بڑھے اور آپ خطرات یا چیلنجز کا مقابلہ کر پائیں۔ تب بڑھتے ہوئے اخراجات پر بہ آسانی قابو پایا جاسکتا ہے۔ پینڈنگ کام جنگی عدم تکمیل سے جرمانہ یا نقصان متوقع ہو اسکی تکمیل بھی بہ آسانی کر پائیں۔

سرطانی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2019ء میں پانچ میں سے تین گرہن بے حد اہم ناقص ثمرات کے حامل معلوم ہوتے ہیں۔ 6 جنوری طالع کے مقابل سورج گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی سوشل یا سماجی تعلقات قریبی احباب یا دوسروں سے بلاوجہ متاثر ہوسکتے ہیں۔ قبل ازیں پلاننگ سے ان کے بداثرات سے بچا جاسکتا ہے۔ 21 جنوری چاند گرہن خانہ مال میں لگنے سے خاندانی صدمات اور ناگہانی مالی اخراجات عارضی طور سے پریشانی کا باعث بن سکتے ہیں۔ 30 جولائی سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپکی حیثیت وشخصیت نیک نامی صحت جسمانی متاثر ہونے کے خدشات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ قبل ازیں ہی خوب حسب توفیق صدقات دیں۔ 17 جولائی کو چاند گرہن ساتویں اور پھر 26 دسمبر سورج گرہن بھی اس گھر میں لگے گا۔ آپکا شریک کار یا جیون ساتھی آپ سے روٹھ کر الگ ہوسکتا ہے۔ چند روزہ زندگی میں خانگی شراکتی ازدواجی خوشیوں کو کم نہ ہونے دیں۔ درگذر صدقات وخیرات سے متوقع نحوستوں بلاؤں کو رد کریں۔

سعد تواریخ:۔ 20,19,17,16,15 جنوری، 17,16,15,13,12,11 فروری، 17,16,15,12,11,10 مارچ، 13,12,11,9,8,7 اپریل، 31,10,9,8,6,5,4 مئی، یکم ,29,28,27,6,5,4,2 جون، 30,29,28,27,26,25,4,2 جولائی، 28,27,26,23,22,21 اگست، 24,23,22,19,18,17 ستمبر، 21,20,19,17,16,15 اکتوبر، 17,16,15,13,12,11 نومبر، 15,1413,10,9,8 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 29,28,27,21,6,5,4 جنوری، یکم ,26,25,24,3,2 فروری، 29,28,27,25,24,23 مارچ، 26,25,24,21,20,19 اپریل، 23,22,21,19,18,17 مئی، 20,19,18,15,14,13 جون، 17,16,15,12,11,10,3 جولائی، 13,12,11,9,8,7 اگست، 30,9,8,7,5,4,3 ستمبر، یکم ,22,21,20,7,6,5,2 اکتوبر، یکم ,30,29,28,26,25,24,3,2 نومبر، 28,27,26,24,23,22 دسمبر۔

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نوروحانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنيَا حَسَنَةً وَفِي الآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء اہم ستاروں کی نشست خصوصاً ستارہ مشتری زحل اور راہو کیتو کی پوزیشن شمسی زائچہ کے پہلے 9,5 ویں ستارہ زحل 12,8,6,3 ویں گھر جبکہ راہو 8,6,4 کیتو 12,10,2 ویں گھروں کو متاثر کریں۔ سعادت مشتری کے سبب جہاں یہ سال اچھائیاں لیکر طلوع ہورہا ہے وہاں زحل اور راہو کیتو کے کمزور ناقص اثرات زندگی کے اہم کام خصوصاً کاروبار کیریئر گھر بار کی تبدیلی ذرائع آمدن میں کمی بلند اخراجات کے سبب آپ کو اپنے بڑھتے ہوئے اخراجات میں توازن قائم کرنے کی ضرورت پر غور وفکر کرنا اشد ضروری بزرگوں مخلصین کی مشاورت بھی ضرور لیں۔ 2019ء اس لحاظ سے نہایت اہم سال ہے کہ آپ کی سماجی سیاسی حیثیت وشخصیت میں اضافہ خصوصاً سیاست سے تعلق رکھنے والوں کی عزت و پذیرائی انکی توقع سے بھی بڑھ جائے گی۔ نصیحت ہدیہ ہے قدرت کی مہربانی اور ستاروں کے سعد اثرات کے سبب عزت پالینا کوئی کمال نہیں ہے۔ عزت و وقار کے تسلسل کو قائم رکھنا ہی انسانیت کی معراج کا کمال ہے۔ بڑے لوگ ایک بھی بڑی غلطی کریں تو اس کا خمیازہ پورے خاندان یا حلقہ احباب کو بھگتنا پڑتا ہے۔ 2019ء ممکنہ غلطیوں کوتاہیوں سے بچنے کے لئے فیصلے جلد بازی میں نہ کریں۔ اور مسلسل سارا سال صدقہ وخیرات بھی دیتے رہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں پرائز بانڈز اور اس قسم کی انعامی اسکیموں میں آپ کی دلچسپیاں سارا سال رہیں اور وہ خوش قسمت اسدی جو ذکر و عبادت میں مصروف رہتے ہیں انکی دعائیں اپنے اور اپنی فیملی کے حق میں مستجاب ہوں اور یہ انعامی رقم یا کوئی غیبی امداد بھی پاسکتے ہیں۔ اور وہ اسدی جو مصروفیات کے سبب کوئی ورد یا وظیفہ نہیں کرتے انہیں بھی یقیناً کچھ نہ کچھ فوائد ضرور ملیں بچوں کی جانب سے ان کی تعلیمی کامیابیوں یا انکی شادی بیاہ منگنی رشتہ طے ہونے پر بھی مسرت اطمینان کا اظہار محسوس کریں۔ 2019ء محبت و پذیرائی کا سال ہے۔ ہر عمر کے اسدی افراد محبت یا عزت کی منزل پاسکتے ہیں۔ دوسروں کے اعتماد اور بھروسہ کو قائم رکھنے میں ممکنہ کوتاہی نہ کریں۔ ستارہ زحل کی سعادت کے سبب کیریئر روزگار کے متعدد مواقع سارا سال ملیں۔ بہتر ملازمت یا تبدیلی ملازمت کے لئے اندرون یا بیرون ملک بہ آسانی جاسکیں گے۔ زحل کے ہمراہ کیتو کی نشست کے سبب ابتداء سال کے اولین فرصت کے لمحات میں اپنا میڈیکل چیک اَپ بھی کروالیں ایسے اسدی جو بلڈ پریشر کے مریض ہیں ان سے گذارش ہے کہ وہ اپنے مکمل ٹیسٹ شوگر کولیسٹرول یورک ایسڈ اور خصوصاً بدن کے مختلف حصوں میں بننے والی چربی کی وہ معمولی گلٹیاں جنہیں آپ عرصہ سے نظر انداز کئے ہوئے ہیں۔ روزانہ کے معمولات میں ایکسائز ورزش کے ساتھ ساتھ مطالعہ کا شوق بڑھائیں 2019 تخلیقی شعوری ادراک فہم وفراست میں بلندی کے حصول کیلئے اہم سال ہے۔ دنیاوی مطالعہ کے ساتھ ساتھ قرآن فہمی دینی کتب کا ذوق وشوق آپکو اطمینان قلب ذہنی سکون پاکیزگی روحانی بزرگوں سے کسب فیض یابی کا حصول یقیناً نصیب ہوسکے گا۔ حج وعمرہ زیارات مقدسہ کی آپ کی دیرینہ خواہش بھی برآئے گی۔ خانگی خاندانی امن وسکون کے صدقات کے ساتھ اپنے گھر میں ممکن ہو تو آسٹریلین طوطے یا کبوتر یا گھریلو چوپائے پالنے نیک

ہیں۔فلسفہ قربانی کے تحت جانور کی متوقع مصیبت آنے سے قبل اپنی جان کی قربانی دیکر اپنے مالک کی حفاظت کرتے ہیں۔وہ اسدی جو کالے بکرے کا وقتاً فوقتاً صدقہ دیتے رہتے ہیں صدقہ کا بہترین دن بروز منگل ہے۔

آپ کی شخصیت:۔آپ کے حاکم شمس بادشاہ فلک 2019ء میں اپنے اندر بے پناہ سعادتیں لیکر سعد اکبر ستارہ مشتری کے ساتھ طلوع ہورہا ہے۔شمس اور مشتری کی سعادت آپکی زندگی میں رنگ بھر دے گی۔بارہ سال بعد مشتری کا پانچویں محبت،انعام،اولاد،روحانیات میں دلچسپی سے سکون قلب حلقہ احباب میں آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں آپکا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو۔ستارہ شمس 21 مارچ تا 20 اپریل شرف، 21 مئی تا 22 جولائی اوج اور 23 جولائی تا 23 اگست عروج میں ہونے کے سبب آپکی زندگی دیرینہ اینڈنگ کاموں کی تکمیل کے سبب عزت،سکھ،حیثیت وشخصیت میں اضافہ ہوگا۔انہی ایام میں مستقبل کی پلاننگ نیک،تاہم 20 جنوری تا 19 فروری، 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس کمزور پوزیشن وبال وہبوط میں ہونے سے بہت احتیاط برتیں صدقہ وخیرات سے بھی بلائیں رد کریں۔حسب توفیق وقفہ وقفہ سے صدقہ ضرور دیتے رہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔خانہ مال کا حاکم عطارد ابتداء سال سعد گھر کے سعد ستارے سعد اکبر ستارہ مشتری کے ساتھ ہوگا۔2019ء اس لحاظ سے اہم ہے کہ آپ ذرائع آمدن بڑھانے اور اپنے روزمرہ ذاتی یا فیملی اخراجات کیلئے جو پلاننگ کریں گے اس میں آپکو خاطر خواہ کامیابی ملے۔2019ء کا سب سے اہم سعد وقت 21 مئی تا 4 جون اور 29 اگست تا 14 ستمبر ہے۔عطارد مشتری سعد نظرات 4,3 فروری، 4,3 مئی 25,24,22,21 اگست بنیں گی۔ان ایام کی سعادت سے بھرپور فائدہ اُٹھائیں۔جبکہ عطارد مشتری ناقص نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 30 مئی، 8 جون، 7,6,5 ستمبر۔لین دین تحریر وتقریر میں خصوصی احتیاط برتیں۔2019ء کا بہترین صدقہ چند غرباء کو روزانہ یا ہفتے یا پھر مہینے میں کھانا کھلانا بہترین صدقہ ہے اس کے علاوہ ہر بدھ 5 گرین ٹافیاں حشرات الارض کو ڈالیں دیگر کسی غریب طالب علم کی فیس کتب یا یونیفارم کسی بھی قسم کی مدد کرنا نہایت افضل صدقات ہیں۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔بیت اقرباء تیسرے کا حاکم ستارہ زہرہ آسانی کونسل پر نہایت سیر الرفتار رہتے ہوئے سال 2019ء آپ کی زندگی کا ایک مصروف اور بھرپور سال ثابت ہوگا۔اندرون ملک کاروباری اور عزیز واقارب سے ملنے تقریبات میں شرکت کی خاطر متعدد سفر پیش آئیں گے۔خصوصاً 27 مارچ تا 20 اپریل شرف 15 مئی تا 9 جون 14 ستمبر تا 8 اکتوبر عروج جبکہ 9 جون تا 3 جولائی یہ اوج میں رہے گا۔ مجموعی طور سے یہ سبھی عرصہ نیک زہرہ عطارد سعد نظرات 22, 28 فروری، 24, 25 جولائی، 15,14,13,12,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر بننے سے پڑوسیوں رشتہ داروں بہن بھائیوں سے تعلقات مضبوط استوار ہوسکیں گے تجدید مراسم اور آپس کے گلے شکوے بھی دور ہوسکیں گے۔

خاندان، جائیداد، سواری اورزراعت:۔ابتداء سال سکون وسکھ کے گھر میں قمر در عقرب اور شمس کا چھٹے نحس گھر میں ہمراہ زحل کیتو کمزور ہونا اس بات کا اشارہ ہے کہ سال 2019ء کچھ حوالوں سے آزمائش طلب سال ثابت ہوسکتا ہے۔چوتھے نویں کا مشترکہ حاکم مریخ 14 فروری تک نویں عروج یافتہ رہے گا۔ابتداء سال ہی میں اگر پلاننگ کرلی گئی تو بہت ساری متوقع پریشانیوں سے بچا جاسکتا ہے۔ستارہ مریخ 16 مئی تا 2 جولائی ہبوط یافتہ نہایت کمزور پوزیشن میں ہونے سے تب ہر قسم کی ٹریفک کے امور میں محتاط رہیں فروری، مارچ، اپریل اور جولائی، اگست، ستمبر زراعت باغبانی اوران کی خرید وفروخت کیلئے مجموعی طور سے نیک ماہ ہیں۔خصوصاً مریخ شمس سعد نظرات

28,27,26,25 فروری، 3 مارچ، 30 اگست، یکم 5,4,3,2 ستمبر جائیداد سواری کی خرید و فروخت تزئین و آرائش یا زراعت باغبانی کی ازسرِنو ترتیب پلاننگ کرنا نیک ثابت ہو۔ ذاتی گھر سواری خریدنے کی آرزو بھی اس سال برآئیگی۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ 2019ء بیت الاولاد پانچویں کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 2 دسمبر تک اپنے ذاتی گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے آپکو انعامی اسکیموں کی طرف ابھارے اس سال آپکا کوئی بڑا انعام یا انٹرنیشنل لاٹری سے کوئی جیک پاٹ لگ جائے تو بعید از قیاس نہ ہوگا۔ اولاد کے خواہاں افراد کے ہاں خوش بخت اولاد متولد ہو بچوں کی اعلیٰ تعلیم تعلیمی سرگرمیوں انکی شادی بیاہ کے معاملات خوش اسلوبی سے حل ہوں معاملات عشق و محبت میں دلچسپیاں بڑھیں آپکی محبت کی منتہیٰ شادی پر ہوسکتی ہے۔ شعور آگاہی علم و فضل میں اضافہ سوشل میڈیا یا مفید کتب کے مطالعہ کے شوق جنون میں خصوصی لگاؤ دلچسپیاں بڑھیں۔ بہترین اساتذہ سینئر کی آپ سے شفقت بڑھے علمی ادبی حلقوں میں عزت پذیرائی پائیں۔ انعامی اسکیموں میں دلچسپی لینے والے اسدی 9,8,7,4,3 فروری، 15,14,13 اپریل، 3,2 مئی، 22,21,8,7,6 اگست، 25,24 ستمبر، 15,14,13,12 اکتوبر حصہ لیں تو امکانات ہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ ان تواریخ میں حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل سارا سال اپنے ہی گھر رہتے ہوئے بیروزگار اسدی افراد کو روزگار کے اعلیٰ مواقع عطا کر کے تبدیلی ملازمت ترقی اور آگے بڑھنے کے متعدد مواقع ملیں۔ 2019ء ذمہ دارانہ فرائض کی انجام دہی سے ترقی مراعات عزت پذیرائی جیسی متعدد خوشیاں اس سال آپکا مقدر ہونگی۔ اپنے احباب قریبی لوگوں کو نیک مشاورت دفاعی تدبیرا پنے تجربات مشاہدات سے آگاہ کرسکیں۔ سیارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت میں ہونے سے تب لگا ہوا روزگار نہ چھوڑیں جب تک اگلے روزگار کا یقین نہ ہوجائے زحل شمس زہرہ سعد نظرات 10,9,8 مارچ، 13,12,11 اپریل، 31,12,11,10 مئی، یکم جون، یکم 8,7,6,2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، 10,9,8,7 نومبر، 12,11,10 دسمبر بنیں گی۔ اس دوران کیرئیر کے لئے کئے گئے سبھی کاموں میں بہتری پائیں خصوصاً کیرئیر کے حوالہ سے مستقبل کی پلاننگ 2019ء میں ضرور کرلیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج چھٹے ساتویں کا مشترکہ حاکم زحل تمام سال ساتویں سے بارہویں رہیگا۔ دوسروں سے تعلقات میں حد فاصل رکھیں آپکی مثبت باتوں کو بھی دوسرے غلط سمجھ سکتے ہیں۔ شریک کار یا شریک حیات سے تعلقات میں جذبہ ایثار و قربانی اُجاگر رکھیں۔ 2019ء اس حوالہ سے ایک غیر معمولی سال ہے۔ دوسروں سے تعلقات میں ایسا بھی ممکن ہوسکتا ہے۔ ''کہ ذراسی بات پر برسوں کے یارانے گئے'' خصوصاً زوجین (میاں بیوی) آپس میں اپنے رویوں پر نظرثانی کریں۔ کہیں آپکی وجہ سے آپ کا جیون ساتھی آپ سے ناخوش تو نہیں؟ اگر آپ کو یہ بات اپیل کرے تو آپ کے ذرا سے طرز انداز ے محبت کے سبب خانگی ازدواجی خوشیاں دوبارہ لوٹ سکتی ہیں۔ ازدواجی خوشیوں کا ستارہ زہرہ یکم تا 26 مارچ ساتویں اور پھر 27 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ 15 مئی تا 9 جون اور 14 ستمبر تا 8 اکتوبر عروج یافتہ رہتے ہوئے متعدد سعادتوں سے نوازے خواہاں اسدی افراد کی منگنی شادی بیاہ ان ایام اور خصوصاً زحل زہرہ کی سعد نظرات 19,18,17 فروری، 13,12,11 اپریل، 31 مئی، یکم جون، یکم 2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر اور 11,10 دسمبر۔ تواریخ حصول خانگی ازدواجی سماجی سیاسی خوشیوں کے لئے نہایت نیک تواریخ ہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف کا حاکم ستارہ مشتری بارہ سال بعد آٹھویں سے دسویں یعنی پانچویں گھر 2 دسمبر تک نہایت سعد

پوزیشن میں ماسوائے 30 اپریل تا 18 ستمبر جب یہ رجعت میں ہوگا۔ پورا سال وقفہ وقفہ سے آپکی عجیب وغریب طریقے سے مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں سے نفع دلائے گا۔ دوسرے آپ کے نصیب اور وہ آپ کے نصیب سے کمائیں گے۔ خاندانی وراثت جھگڑے عدالتی یا پنچایتی طریقے سے بہ آسانی حل ہوسکیں گے۔ کوئی ڈوبی ہوئی رقم یا بڑا متوقع انشورنس کلیم بہ آسانی مل سکے۔ انٹرنیشنل لاٹریوں میں حصہ لینے سے بھی غیر متوقع انعامی دولت پاسکتے ہیں۔ مشتری شمس سعد نظرات 9,8,7 فروری، 15,14,13 اپریل، 8,7,6 اگست، 15,14,13,12 اکتوبر غیر متوقع حصول نفع یا مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں خوب نفع پاسکیں گے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کا حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ ہونے سے 2019ء بیرون ملک اعلیٰ تعلیم، کاروبار تفریح سفر کے علاوہ خصوصاً حج و زیارات مقدسہ کے سفر پروگراموں کے لئے نہایت اہم سال ثابت ہوگا۔ مریخ مشتری سعد نظرات 27,26,25,24,23 جنوری ہونے آپ کا نصیب یاوری کر جائے آپکا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہوں آپ اپنے مشکل سے مشکل کاموں کو بھی ذرا سی کوشش سے بہ آسانی تکمیل پاتے دیکھیں سعد اکبر ستارہ مشتری 2 دسمبر تک کیلئے 11,9,5 ویں گھروں کو سعد ناظر رہنے سے اپنی تقدیر کی بندش کا گلہ کرنے والے اسدی افراد اپنی تقدیر بدلتے اور اپنی ذات کے اندر خود حیران ہوتے ہوئے اپنے آپ کو محسوس کریں۔ سب طرف سے اگر اچھا ہونے کی نوید ملنے لگے تو یقین جانیے گا کہ قدرت آپ پر مہربان ہے شکر کے کلمہ دُعاؤں کا اپنے روزمرہ نماز وصلوٰۃ میں اضافہ کریں یقیناً شکر سے نعمتوں میں اضافہ ہوتا ہے۔ دیگر 2019ء کی مزید سعد تواریخ 26,25,9,8,7 فروری، 3 مارچ، 15,14,13 اپریل، 27,26,25,24 جولائی، 8,7,6 اگست بھی نہایت سعد ایام ہیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ دسویں وتد السماء عزت کیرئیر کے گھر کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں اپنے گھر سے مقابل سیر الرفتار اور عدم رجعت کے سبب 2019ء آپکی پیشہ ورانہ کاروباری زندگی میں انقلابی تبدیلیاں اپنے اندر لئے ہوئے طلوع ہوگا۔ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ 15 مئی تا 3 جولائی عروج واوج یافتہ اور پھر 14 ستمبر تا 8 اکتوبر عروج رہنے سے آپ ان ایام میں اپنے مستقبل کیرئیر میں بڑھاؤ کیلئے کام کی ابتداء کریں جاری کام میں مزید سرمایہ کاری جیسے سبھی مفید کام انجام دے سکتے ہیں۔ جبکہ زہرہ 20 اپریل تا 14 مئی اور 8 اکتوبر تا یکم نومبر وبال اور 21 اگست تا 14 ستمبر ہبوط یافتہ رہنے سے یہ سبھی ایام احتیاط طلب ہیں۔ 2019ء میں زہرہ مشتری عطارد سعد نظرات 23,22,21 جنوری، 3,4,23,24 فروری، 20,21 مارچ، 2,3,9,10 مئی، 25,24 جولائی، 8,9,21,22 اگست، 30,29,28,25,24,15,13,12,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر، اور 25,24,23 نومبر بنے آپ کی اندرون بیرون ملک کاروباری ساکھ عزت میں اضافہ ہو سکے گا۔ مشترکہ فیملی بزنس کو بھی آپ آگے بڑھا سکیں گے۔ تاہم 2019ء کے چند ناقص ایام 22 فروری، 17,16,15 مارچ، 16,15,13,12,11 اپریل، 30 مئی، 24,23,21,8 جون، 7,6,5,3,2 ستمبر محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ ان ایام میں حسب توفیق صدقہ وخیرات دینا بھی نیک رہیگا۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم عطارد ابتداء سال سعد اکبر مشتری کے ہمراہ تمام سال وقفہ وقفہ سے سعادتیں دینے سے حلقہ احباب میں وسعت لائے گا کچھ پرانے لوگ زندگی سے اگر نکل گئے تو انکی جگہ نئے مخلص دوستوں کی تعداد میں اضافہ سماجی سیاسی فیملی مصروفیات سارا سال وقفہ وقفہ سے جاری رہیں گی۔ 2019ء کی 21 مئی تا 5 جون اور 29 اگست تا 24 ستمبر نہایت سعد تواریخ ہیں۔ جب آپکی دیرینہ خواہشات کی تکمیل آسانی سے ہو سکے۔ علمی ادبی سماجی سیاسی

حلقوں میں آپکی عزت وتکریم میں اضافہ ہوسکے گا۔ جائیداد کی خرید وفروخت سے بھی نفع پائیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری کی سعادت 2 دسمبر تک مسلسل آپکو ملتی رہے۔ آپ کا عزت و مرتبہ بلند ہو آپکی دلچسپ شخصیت، شخصیت کی سحر انگیزی سے دوسروں کے دل میں آپ جگہ بنانے میں آسانی سے کامیاب ہوسکیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ 2019ء ایک اہم سایہ یا ستارہ راہو تمام سال زائچہ کے بارہویں مقابل کیتو اور زحل کی مکمل نظر بھی اس گھر پر رہیگی۔ آپ کے رجحانات وخیالات میں تبدیلیاں آئیں جو اسدی روحانیات سے دوری اختیار کریں وہ نظر بد یا سحر جادوٹونہ کے بداثرات سے متاثر ہوسکتے ہیں۔ اگر آپ خرابی صحت، ڈر خوف، ڈپریشن جیسی کسی کیفیت کو محسوس کریں تو کسی ڈاکٹر کے پاس جانے سے پہلے اپنا صدقہ وخیرات دیں اور اپنی نظر اُتاریں۔ نظر بد اتارنے کے لئے 9 سرخ مرچ سر سے وار کر جلائیں دیگر پانی کی سبیل یا سر سے اناج وار کر مچھلیوں کو دریا یا سمندر میں صدقہ ڈالیں۔ روزانہ آیت الکرسی پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرنا بھی بہترین روحانی علاج ہے۔ دواء کی بجائے دُعا صدقات خیرات سے آپ جلد آفاقہ محسوس کریں۔ کوئی چلّہ یا عمل کسی بزرگ روحانی کی اجازت راہنمائی کے بغیر نہ کریں ورنہ رجعت کا اندیشہ ہے۔ غیر اخلاقی کام یا دوسروں کے کاموں میں مداخلت کرنا مناسب نہ ہوگا۔ امیگریشن اپلائی کرنے والے اپنے تمام کاغذات درست رکھیں ورنہ انہیں حصول امیگریشن میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے جی کھول کر صدقہ خیرات کریں۔ تاکہ ممکنہ نحوستوں نظر بد حادثات سے محفوظ رہیں۔

اسدی مردوزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ 2019ء گرہنوں کے بداثرات سے محفوظ رہنے کیلئے مندرجہ ذیل گرہنوں کی تواریخ اور ممکنہ اثرات نوٹ فرمالیں۔ 6 جنوری چھٹے سورج گرہن لگنے سے حادثات، خرابی صحت کے علاوہ غیر ذمہ دارانہ فرائض سے ملازمتی اچانک تنزلی یا فراغت پا جانے کا اندیشہ ہونے کے سبب محتاط رہیں۔ 21 جنوری چاند گرہن طالع میں لگنے سے خرابی صحت ذہنی دباؤ ڈپریشن آپکی حیثیت وشخصیت کے متاثر ہونے رسوائی کے خدشات رہیں۔ 3 جولائی چاند گرہن بارہویں لگنے سے خفیہ دشمن زیر وآشکار ہوں۔ بڑھتے ہوئے اخراجات پر قابو پایا جاسکے۔ 17 جولائی چاند گرہن اور پھر 26 دسمبر سورج گرہن چھٹے لگے یہ گرہن اپنے بداثرات کے نتیجہ میں روزگار معاش کی فکر وپریشانی صحت کو متاثر کرسکتا ہے۔ صدقات وخیرات سے متوقع نحوستوں کو دور کریں۔ ایام گرہن دونفل نماز خسوف (چاند گرہن) دونفل نماز کسوف (سورج گرہن) جیسے نماز آیات بھی کہا جاتا ہے۔ بوقت گرہن ضرور ادا کرکے دُعاؤں کی قبولیت کا یقین کیا جاسکتا ہے۔ ہر یوم گرہن صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

سعد تواریخ:۔ یکم، 6، 11، 16، 25 جنوری۔ 5، 10، 15، 24 فروری۔ یکم، 6، 12، 16، 25، 31 مارچ۔ 5، 9، 15، 24، 29 اپریل۔ 5، 9، 14، 24، 29 مئی۔ 3، 8، 12، 22، 28 جون۔ 3، 7، 12، 27 جولائی۔ یکم، 5، 10، 21، 26، 30 اگست۔ 3، 8، 19، 24، 28 ستمبر۔ 3، 8، 19، 24، 28 اکتوبر۔ 2، 7، 17، 22، 26 نومبر۔ یکم، 7، 17، 21، 26، 31 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 14، 21، 28 جنوری۔ 13، 26 فروری۔ 14، 2، 28 مرچ۔ 13، 19، 27 اپریل۔ 12، 19، 26 مئی۔ 10، 17، 25 جون۔ 9، 17، 25 جولائی۔ 7، 15، 23 اگست۔ 6، 14، 22 ستمبر۔ 5، 13، 21 اکتوبر۔ 4، 12، 20 نومبر۔ 4، 12، 19 دسمبر

حروف: پ ج
سنبلہ VIRGO
عطارد 24 اگست تا 22 ستمبر

نشان: دوشیزہ
حاکم سیارہ: عطارد
ذاتی عقیدہ: میں تجزیہ کرتا ہوں (I Analiaz) عنصر: خاک (Earth)
نفسیاتی ٹائپ: ادارک
خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)
منفی اور مونث برج
منسوب رنگ: ہرا، نیلا، بھورا، ملے جلے رنگ
منسوب پھول: چنبیلی
اعضائے جسمانی: پیٹ کا نچلا حصہ
منسوب درخت: برگد
منسوب پتھر: زمرد، فیروزہ، پیری ڈوٹ
بائیو کیمک سالٹ: کالی سلف
منسوب دھات: پلاٹینم اور المونیم

SHAHBAZ AHMED

حالات و واقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نور وحانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ "رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ "313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء آسمانی کونسل پر ستارے کا راج یوگ بنا کر طلوع ہو رہے ہیں آپکے شمسی زائچہ میں ستارہ عطارد آپ کی طالع اور دسویں جبکہ ستارہ مشتری چوتھے ساتویں کا مشترکہ حاکم دونوں ستارے ہی چاروں اوتار اور سعد گھروں کے مالک ہیں۔ انکی ابتداء سال میں وتد الارض چوتھے انتہائی اہم سعد گھر میں اکٹھا ہو کر راج یوگ خوش بختی کی شکل اختیار کرنا اس بات کا ضامن ہے کہ یہ سال سنبلی افراد کے لئے بے پناہ سعادتیں اور کامیابیاں لئے طلوع ہوا ہے۔ ایسے سنبلی جو عرصہ دراز سے اپنے روزمرہ یا اہم کاموں میں رکاوٹیں محسوس کررہے تھے انکا مقدر یاوری کروائے گا اور انکے سبھی رُکے ہوئے کاموں میں کشادگی ہوسکے گی خاندانی خانگی مصروفیات بڑھیں اندرون خانہ مہمانوں کی آمدورفت سے متفکر پریشان نہ ہوں۔ ہر آنے والا اپنا رزق ساتھ لاتا ہے۔ گزشتہ پیدا شدہ خاندانی مسائل و پریشانیاں بزرگوں کی باہم مشاورت سے حل کی جاسکیں گی۔ زمین جائیداد کی خرید وفروخت حسب حیثیت سواری کا حصول بہ آسانی ممکن ہوسکے گا۔ ایسے سنبلی جوابتک شادی نہ ہوسکنے کے باعث کبھی کبھار اپنے آپ کو بدقسمت تصور کرنے لگتے ہیں۔ 2019ء اس لحاظ سے خوش آئند ہے کہ اس سال انکی شادی یقیناً ہوسکے گی۔ خواہ انکی عمر کتنی ہی ہوچکی ہے۔ عقد ثانی کے خواہاں اور ناراض زوجین کے مابین بھی یہ صلح صفائی کا سال ہے۔ ستارہ مریخ کی آٹھویں نشست ان نئے شادی شدہ جوڑوں کو ایک دوسرے کے نصیب جوڑنے سے مالی وسعت دے گی۔ کچھ سنبلی افراد کو وراثت سے بھی غیر متوقع مال و زر مل سکے گا۔ آئندہ سال 2019ء کی مضبوط پلاننگ کر کے مستقبل کو درخشاں بنانے کیلئے مفید و مددگار سال بنا سکتے ہیں۔ پیشہ ورانہ کاروباری سرگرمیاں بھی اس سال بڑھیں آپ کے ذمہ دارانہ اعلیٰ کردار کے باعث آپکی عزت و تکریم میں اضافہ ہوگا۔ ملازمتی ترقی یا اعلیٰ ملازمت کے حصول کے خواہاں سنبلی طلبہ اعلیٰ تعلیم کے لئے بہ آسانی بیرون ملک جا سکیں گے۔ اندرون ملک خصوصاً بیرون ملک بھی بسلسلہ روزگار کاروبار کے خواہاں افراد کو اپنے وسائل کے اندر رہتے ہوئے بہترین مواقع ملیں گے۔ مشترکہ مفادات کے تحت کے گئے کام بھی پھلیں پھولیں گے آپ کے ہاتھ سے متعدد صدقہ جاریہ کے کام بھی انجام پائیں گے۔ دوسروں کی مشکلات کو کم کرنے کیلئے آپ انکی مالی اخلاقی مدد بھی کرسکیں گے۔

آپ کی شخصیت:۔ آپ کی شخصیت (طالع) اور عزت (دسویں) کا مشترکہ حاکم ستارہ 2019ء کی ابتداء سے ہی خوش بختی کے یوگ بنانے کے سبب آپ کی عزت و تکریم میں اضافہ کرے گا عطارد 21 مئی تا 5 جون اور 29 اگست تا 14 ستمبر عروج و شرف یافتہ 14 ستمبر تا 19 اکتوبر اوج یافتہ ہونے سے آپ کی حیثیت و شخصیت میں یقیناً اضافہ ہوسکے گا۔ ایسے سنبلی جن میں آگے بڑھنے کا جذبہ و جنون ہے وہ اس سال غیر متوقع کامیابیاں حاصل کرنے میں کامیاب ہوسکیں گے۔ سعد ایام میں آپ اپنے مستقبل کی پلاننگ اور اپنا اور اپنی فیملی کا مستقبل درخشاں بنانے کیلئے جو کوششیں فرمائیں گے وہ بارآور ثابت ہوگی۔ آپکی دور اندیش اور علمی تخلیقی عزت خیالات و صلاحیتوں کو پذیرائی ملے

گی۔ آپکی بڑھتی ہوئی ساکھ کو دیکھ کر کچھ حاسدین مخالفین اپنے بدارادے کے تحت آپ کے خلاف سازشیں بھی کر سکتے ہیں۔ خصوصاً ستارہ عطارد 5 تا 28 مارچ 8 جولائی تا یکم اگست 31 اکتوبر تا 21 نومبر جب رجعت میں ہوگا تب حاسدین کی سازشوں اور جذباتی فیصلوں سے بچیں حسب توفیق صدقہ وخیرات بھی ان ایام میں ضرور دیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ مالی وخاندانی وسعت کا ستارہ زہرہ امسال 2019ء میں نہایت سیر الرفتار ہوا اور اسے رجعت (اُلٹا) بھی نہ ہوگی۔ قدرت کی طرف سے آپ کے لئے یہ تحفہ ہے۔ اس سال آپ ذرائع آمدن بڑھانے کے لئے جتنی محنت کریں گے اور آپکو اس کا دوگنا چوگنا صلہ ملے گا۔ وہ افراد جو پہلے عدم تعاون سے پیش آتے تھے اب مائل بہ کرم ہونگے۔ خصوصاً ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف 15 مئی تا 8 جون عروج 9 جون تا 3 جولائی اوج 14 ستمبر تا 8 اکتوبر پھر عروج یافتہ ہوگا۔ مجموعی طور سے یہ سبھی زمانہ اہم ونیک ثابت ہوگا۔ آمدن میں اضافہ کے ساتھ ساتھ اخراجات بھی بلند رہیں۔ مالی مادی خوشیاں آپکا مقدر ہوں۔ تاہم زہرہ 20 اپریل تا 15 مئی اور 8 اکتوبر تا 2 نومبر وبال یافتہ جبکہ 21 اگست تا 14 ستمبر ہبوط یافتہ ہونے سے ٹھوس سرمایہ کاری کی طرف توجہ دیں جلد بازی میں سرمایہ کاری دوسروں پر بھروسہ کرنا ہرگز نیک فعال نہ ہوگا۔ البتہ انشورنس پلان یا نیشنل سیونگ بچت اسکیموں میں حصہ لینا نیک رہے خصوصاً زہرہ عطارد سعد نظرات 22,23,24,25,26,27,28 فروری، 25 جولائی، 11,12,13,14,15 ستمبر، 30,31 اکتوبر، بنے ان ایام میں ذرائع آمدن کاروباری مالی وسائل میں وسعت بہ آسانی مل سکے گی۔

عزیز واقارب واندرون ملک سفر:۔ اندرون ملک سفر بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 14 فروری اور 19 نومبر تا 31 دسمبر عروج جبکہ 2 جولائی تا 18 اگست اوج یافتہ رہنے سے آپکی اپنے عزیز واقارب بہن بھائیوں میں نمایاں پوزیشن رہے ناراض رشتہ داروں میں اتفاق رائے باہم محبت وایثار کے جذبات اُجاگر کر کے آپ ان میں دوبارہ ملاپ کروا سکتے ہیں۔ اندرون ملک متعدد تفریح سیر وسیاحت مطالعاتی عزیز واقارب بہن بھائیوں سے میل ملاقات کے سلسلے میں سفر پیش آئیں گے۔ ستارہ مریخ 16 مئی تا یکم جولائی 4 اکتوبر تا 19 نومبر کمزور پوزیشن میں ہونے کے سبب ٹریفک میں جلد بازی سے کام نہ لیں۔ ورنہ حادثات کے خدشات چوٹ وغیرہ لگ سکتی ہے۔ اِن ایام میں صدقہ وخیرات مسلسل جاری رکھیں۔ مریخ عطارد نحس نظرات 7,8,9 جنوری بنیں۔ ان ایام میں خاص احتیاط برتیں۔ دیگر مریخ عطارد سعد نظرات وقفہ وقفہ سے سارا سال بنیں۔ 7,8,9 فروری، 17,18 مارچ، 30 اپریل، یکم,2 مئی، 17,18,19,20 جون، 7,8,9,10 جولائی، 3,4 ستمبر، بنیں ان ایام میں آپ کو اپنے اقرباء میں ایک ممتاز پوزیشن مل سکے گی۔ تب آپ کے ہاتھوں سے صدقہ جاریہ کے کئی ایک کام انجام پائیں گے۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض (چوتھے) اور وتد الزوج (ساتویں) کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 2 دسمبر تک یہاں رہیگا۔ یہ 4,8,10,12 ویں گھروں پر سعد نظرات ڈالے سنبلی افراد کے لئے 2019ء زندگی کا ایک بہترین سال ثابت ہوگا۔ زمین جائیداد سواری کی حسب حیثیت خرید وفروخت زراعت باغبانی میں طرز تبدیلی سے نفع بخش وسائل میں اضافہ حصول وراثت بھی پنچائتی طریقے سے آبرومندانہ طور سے طے پا جائیں۔ خانگی خاندانی مصروفیات میں اضافہ اندرون خانہ مہمانوں کی آمد ورفت سارا سال جاری رہے۔ آپکی خاندانی عزت وتکریم میں اضافہ ہوگا۔ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے خاندان میں وسعت بہتری کیلئے بزرگوں کی مشاورت سے جو بھی اقدامات اُٹھائیں گے انکا جلد یا مستقبل میں نیک صلہ پائیں مشتری عطارد سعد نظرات 3,4 فروری، 2,3 مئی، 21,22 اگست، 24,25,26 ستمبر اپنے پینڈنگ اُمور کو اِن ایام میں انجام دینا نیک رہے۔ جبکہ مشتری عطارد نحس

نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 30 مئی، 8 جون، 7,6,5 ستمبر کے ایام نہایت احتیاط طلب ہیں۔ اس دوران صدقہ وخیرات ضرور دیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد یعنی پانچویں کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد تمام سال اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے بچوں کی نگہداشت تعلیم وتربیت انکی شادی بیاہ اور انعامی اسکیموں کی طرف زیادہ دھیان اور توجہ کی ضرورت ہوگی۔اس کا سبب زحل کے ہمراہ کیتو کا بھی یہاں قیام سبھی سنجیدہ نوعیت کے معاملات میں عجیب وغریب صورتحال کا سامنا کرنا پڑے۔زحل کیتو اپنی سست رفتاری کے سبب لمبے عرصہ تک حالت قران میں رہیں گے۔19 اپریل تا 20 جون، 17 جولائی تا 17 اکتوبر کا دورانیہ سخت احتیاط طلب ہے۔اپنے بچوں کے روز و شب بے راہ روی سے انہیں بچائیں بازاری قسم کی محبت سے بچیں ورنہ مالی دل تفکرات جنسی امراض کا شکار ہو سکتے ہیں۔سٹاک شیئرز کا کام کرنے والے گرتے ہوئے شیئرز خریدیں۔بہت زیادہ سرمایہ کاری تخمین بازی سے بچیں ورنہ دیوالیہ پن کا اندیشہ ہے۔زندگی کے بعض حقائق سے گریز نہیں کیا جا سکتا مگر محتاط رویہ منفی نتائج تکلیف میں کمی لا سکتا ہے۔انعامی اسکیموں انٹرنیشنل لاٹریوں میں دلچسپی رکھنے والے سنبلی دوستوں کو مشورہ ہے کہ وہ اس سال کچھ زیادہ ہی محتاط رہیں ایسی انعامی اسکیموں میں حصہ لیں جس میں نقصان کے امکانات کم ہوں مثلاً جیسے نیشنل پرائز بانڈز۔تاہم ان سعد تواریخ میں محتاط حصہ لیا جا سکتا ہے۔14,13 جنوری، 28,22,21,20,19,18,17 فروری، 22,21,20,19 مارچ، 13,12,11,8,7,6 اپریل، 31,17,16 مئی، یکم جون، 25,24 جولائی، یکم، 12,11,10 دسمبر ایسے سنبلی جو عبادت وریاضت بجا لاتے رہتے ہیں وہ ممکنہ کسی پریشانی سے محفوظ رہیں گے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زحل بدستور سارا سال چھٹے سے بارہویں رہیگا۔ادھر آٹھویں نحس گھر کا مالک بھی 14 فروری تک یہاں رہتے ہوئے نحوست میں اضافہ کر سکتا ہے۔آپ کی عمر کچھ بھی ہو اپنا میڈیکل چیک اپ ضرور کروائیں خصوصاً 40 سال سے بڑے افراد اپنے بلڈ پریشر، ذیابیطس، کولیسٹرول، یورک ایسڈ کے علاوہ اپنے بلڈ کا بھی مکمل ٹیسٹ کروائیں۔ یقیناً ایسا کرنے سے آپ متوقع امراض سے محفوظ رہیں۔اپنے ماموں بزرگوں بھانجے بھانجیوں کی ضروریات اور انکی صحت کا بھی ممکن ہو تو انہیں خاص خیال رکھنے کا مشورہ دیں۔زحل کو رجعت 30 اپریل تا 18 ستمبر ہو تب اپنے کیرئیر روزگار یا ملازمتی فرائض کی ذمہ داری سے غافل نہ ہوں ورنہ ملازمت کے جانے اور تنزلی کا خدشہ رہیگا۔2019-2020 ایسے دو سال ہیں جب صدقہ وخیرات کی وقفہ وقفہ سے ادائیگی آپکی جان ومال کو محفوظ رکھے اور کئی طرح کی ناگہانی آفات وبلیات سے آپ محفوظ رہیں۔زحل عطارد سعد نظرات 13 جنوری، 20 فروری، 20 مارچ، 7 اپریل، 17 مئی، 5 ستمبر، 14 اکتوبر، 13 اور 30 نومبر اِن سعد ایام میں اپنے کیرئیر کو آگے بڑھانے بہتر روزگار کے لئے کوشش تبدیلی ملازمت جیسے سبھی کام کرنے نیک ہیں۔بزرگوں مخلصین کی مشاورت سے پیدا شدہ مشکلات دور کی جا سکیں گی۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مشتری تمام سال وتد الارض میں رہتے ہوئے شادی کی عمر کو پہنچنے والے سنبلی افراد کو خانگی ازدواجی خوشیاں عطا کرے گا۔ناراض زوجین کے مابین صلح وصفائی یقینی طور سے ہو خواہ ان کے مقدمات کسی عدالت یا پنچائیت میں علیحدگی کی انتہاء تک ہی کیوں نا پہنچ گئے ہوں۔ستارہ مشتری کی سعد نظرات 12,10,8 گھروں پر ہونے سے اس سال جن سنبلی جوڑوں کی شادی ہوگی انہیں اپنے شریک حیات کے نصیب سے معاشرتی عزت دولت ملے شادی کے بعد بیرون ملک سفر بھی نصیب ہو۔2019ء مشتری عطارد زہرہ سعد نظرات 23,22,21 جنوری، 4,3 فروری، 28,23,22,21,20 مارچ، 10,9,8,3,2 مئی، 25,24 جولائی، 22,21,9,8 اگست، 30,29,28,25,24,15,13,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر اور

25,24,23 نومبر نہایت اہم اور مبارک تواریخ شادی شراکت دینی دُنیاوی روابط بڑھانے سماجی سیاسی کاموں میں حصہ لینے سے آپکی عزت وتوقیر میں اضافہ ہوگا۔ مشتری عطارد نحس نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 30 مئی، 8 جون، 7,6,5 ستمبر نہایت احتیاط طلب تواریخ تب دوسروں پر حد سے زیادہ بھروسہ کرنا نقصان دے ثابت ہوسکتا ہے۔ حسب توفیق صدقہ و خیرات بھی وقفہ وقفہ سے ضرور دیتے رہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ وراثت یا بیت الخوف کا حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک حسن اتفاق سے اپنے ہی گھر رہتے ہوئے خوش آئند ہے کہ آپ کے دیرینہ وراثتی مشترکہ مفادات کے کام خصوصاً کوئی بڑا انشورنس کلیم آپ کو بہ آسانی مل سکے گا۔ اس کے علاوہ سعد اکبر ستارہ مشتری 2 دسمبر تک آٹھویں گھر کو سعد ناظر رہنے سے 2019ء میں مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے سبھی کاموں میں ممکنہ فوائد ہوں اپنے ہم خیال ہم مزاج ہم عمر اور بزرگوں مخلصین کی مشاورت مدد شامل حال رہے عین ممکن ہے کہ آپ کو کوئی دفینہ یا بڑا انعام کسی حوالے سے مل جائے از قسم وراثت یا بغیر محنت کے دولت بھی ہاتھ لگ سکتی ہے۔ 2 جولائی تا 18 اگست 19 نومبر تا 31 دسمبر کے مشترکہ ایام بھی نیک ثابت ہونگے۔ 18 اگست، 19 ستمبر مریخ طالع دوسرے ہونے سے جلد بازی یا جذباتی فیصلوں کا حصہ نہ بنیں ورنہ وقت روپیہ پیسے کا نقصان ہوسکتا ہے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر یا نصیب کا حاکم ستارہ زہرہ بارہ منطقۃ البروج میں سارا سال گردش کرتے ہوئے تمام سال مستقیم رہتے ہوئے سنبلی افراد کو 27 مارچ تا 20 اپریل شرف 15 مئی تا 3 جولائی اور 14 ستمبر تا 8 اکتوبر عروج واوج یافتہ رہتے ہوئے آپکو بھرپور فوائد عطا کرے۔ اعلیٰ تعلیم کے حصول کے شائقین طلبہ اپنے مقاصد کو پالیں۔ زہرہ کے ساتھ مشتری کی سعادت ملنے سے قانونی مسائل و پریشانیاں بھی حل ہوں۔ جاری مقدمات کے فیصلے آبرومندانہ طریقے سے انجام پائیں۔ حج وعمرہ زیارات مقدسہ کا ارادہ ہوا تو مقدس سفر آپکا مقدر اور سفر مقدس سے آپکا نصیب یاوری کر جائیگا۔ اساتذہ بزرگوں مخلصین کی مشاورت و معاونت شامل حال رہے گی۔ تاہم 20 اپریل، 14 مئی، 8 اکتوبر تا 2 نومبر کے ایام قدرے احتیاط طلب صدقہ وخیرات کے طالب ہیں یقیناً صدقہ دینا رد بلا ثابت ہوگا۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ کیریئر اور طالع کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 2019ء میں آپ کو متعدد سعادتیں عطا کرے تاہم سعد اکبر ستارہ مشتری 2 دسمبر تک کیریئر کے گھر کو اپنی شفاء بخش کرنوں سے منور کرے گا۔ آپ کے اندر ایثار قربانی کا جذبہ مضبوط قوت فیصلہ کے سبب عزت شہرت کاروباری وسعت کے لئے حالات وسائل میں اضافہ ہوگا۔ ستارہ عطارد 21 تا 30 مئی، 14 ستمبر تا 9 اکتوبر عروج واوج اور 29 اگست تا 14 ستمبر شرف یافتہ رہیگا۔ مجموعی طور سے یہ سبھی ایام نہایت سعد ثابت ہونگے جبکہ عطارد 10 فروری تا 17 اپریل، 9 اکتوبر تا 29 دسمبر کمزور ہونے کے سبب یہ ایام اہم کاموں کی تکمیل کے لئے احتیاط طلب ہونگے۔ 2019ء میں عطارد مشتری زہرہ سعد نظرات 23,22,21 جنوری، 28,22,4,3 فروری، 22,21,20 مارچ، 10,9,3,2 مئی، 25,24 جولائی، 23,21,9,8 اگست، 30,29,28,25,24,15,13,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر، 24,23 نومبر بننے سے ان ایام میں خوشی شادمانی کیریئر میں بڑھاؤ عزت توقیر ترقی اور نئے نئے کاروباری اندرون وبیرون ملک وسائل ملیں گے۔ عطارد مشتری زہرہ نحس نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 16,15,13,12,11 اپریل، 24,23,21,8 جون، 7,6,5,3,2 ستمبر بنیں تب اہم کاموں کی تکمیل احتیاط طلب مالی لین دین تحریر و تقریر میں سخت محتاط رہیں۔ حسب توفیق صدقہ وخیرات دینا بھی نیک رہے گا۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ تکمیل خواہشات دوستوں یا دوسروں سے وابستہ اُمید کے اس گھر کو ستارہ زحل

11,7,2 گھروں کو مکمل ناظر رہنے کے سبب 2019ء غیر معمولی احتیاط کا سال ہے کئی پرانے لوگ آپکی زندگی سے نکل جائیں گے۔ اور انکی جگہ نئے اچھے دوستوں کی تعداد میں اضافہ آپ کے نیک اعمال کے سبب ہوگا۔ مشتری کی سعادت کے سبب اپنے بد ارادے کے تحت حاسدین آپ کو نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ 2019ء ستارہ قمر کے سعد ایام 20,19,16,15,11,10 جنوری، 16,15,13,12,11 فروری، 16,15,11,10 مارچ، 12,11,8,7,6 اپریل، 10,9,8,5,4 اور 31 مئی، 29,28,27,6,5,4 جون، 30,29,26,25,3,2 جولائی، 27,26,22,21 اگست، 23,22,19,18,17 ستمبر، 20,19,16,15,14 اکتوبر، 17,16,15,12,11 اکتوبر، 17,16,15,12,11 نومبر، 14,13,9,8 دسمبر جبکہ نحس ایام 28,27,24,23 جنوری، یکم ,28,24,23,2 فروری، 29,28,27,24,23 مارچ، 25,24,20,19 اپریل، 22,21,18,17 مئی، 19,18,17,14,13 جون، 16,15,11,10 جولائی، 12,11,8,7,6 اگست، 9,8,7,4,3 ستمبر، یکم ,29,28,6,5,4 اکتوبر، یکم ,25,24,2 نومبر، 27,26,22,21 دسمبر کے ایام احتیاط طلب نوٹ فرمالیں۔ تب تب حاسدین سے محتاط رہنے کے ساتھ ساتھ حسب توفیق صدقہ وخیرات بھی ضرور دیں۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد خفیہ دشمنوں کا ستارہ شمس 2019ء میں 23 جولائی تا 23 اگست اپنے ہی گھر میں رہے گا۔ تب حاسدین سے محتاط رہیں۔ ناگہانی اخراجات کی پلاننگ پہلے سے کرلیں البتہ حصول امیگریشن عبادت وریاضت چلہ کشی کے لئے یہ سعد وقت یوں بھی سعد اکبر ستارہ مشتری اس گھر کو سارا سال ناظر رہے گا۔ ایسے سنبلی جو بیرون ملک ہجرت یا باہر سے واپسی کرنے کیلئے سوچ رہے ہیں 2019ء ان کے لئے نہایت معاون سال ثابت ہوگا۔ قرض مرض سے ممکنہ نجات مل سکے گی۔ ذاتی یا بینک سے لیا گیا قرض ادا کرنے کی پوزیشن میں ہوں گے تو فوراً قرض ادا کردینا ہی نیک ثابت ہوگا۔

سنبلی مرد وزن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2019ء میں پانچ گرہن لگیں گے۔ پہلا سورج گرہن 9 جنوری، 6 جون پانچویں گھر لگنے سے صاحب اولاد بچوں کے شب وروز کی مصروفیت اور انکی صحت سے غافل نہ رہے۔ محبت میں دھوکے کا اندیشہ 21 جنوری بارہویں چاند گرہن لگنا حصول امیگریشن میں مشکلات البتہ خفیہ دشمن آشکار اور ذلیل وخوار ہوں 3 جولائی گیارہویں سورج گرہن لگنے سے دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوں دوستوں کی بے وفائی کا صدمہ بھی برداشت کرنا پڑ سکتا ہے۔ 17 جولائی چاند گرہن پانچویں لگنے سے تعلیمی سرگرمیاں متاثر ہوسکتی ہیں۔ بچوں کی نگہداشت تعلیم وتربیت کی جانب سے فکر و پریشانی رہے گی۔ 26 دسمبر سورج گرہن پانچویں لگنے سے جذبات میں غلطیاں کرسکتے ہیں۔ جنس مخالف سے بے وقوف بننے سے بچیں بچوں کی تعلیم وتربیت صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں۔

سعد تواریخ:۔ 30,25,18,14,10 جنوری، 16,11,10,8 فروری، 29,24,18,12,8,2 مارچ، 27,13,8,3 اپریل، 30,24,18,17,16,13,3 مئی، 30,14,9,4 جون، 31,27,22,21,13 جولائی، 30,19,4 اگست، 25,20,9,5,4,3 ستمبر، 29,21,10,5 اکتوبر، 30,13,11,10,8,3 نومبر، 31,25,16,5 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 21,13,8,6 جنوری، 28,20,14 فروری، 26,20,14 مارچ، 24,10 اپریل، 27,21,11 مئی، 12 جون، 24,17,10,3 جولائی، 22,14,6 اگست، 15,6 ستمبر، 23,7 اکتوبر، 18,15,5 نومبر، 26,18,11,2 دسمبر۔

حاکم سیارہ: زہرہ
نشان: ترازو
ذاتی عقیدہ: توازن (I Balance) عنصر: ہوا (Air)
خاصہ: تغیر پذیر (منقلب)
نفسیاتی ٹائپ: خیالی اور تصوراتی
منسوبی رنگ: سفید نیلا
اعضائے جسمانی: گردے
منسوبی پھول: بڑے گلاب
منسوب پتھر: ڈائمنڈ، وہائٹ ٹوپاز
منسوبی غذا: دلیہ، بیشتر پھل
منسوب درخت: سفیدہ اور دیودار
مثبت اور مذکر برج
بائیوکیمک سالٹ: نیٹرم فاس

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نوروحانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء ابتداء سال میں آسمانی کونسل ستاروں کی نشست نہایت مستحکم اور طاقتور دکھائی دیتی ہے۔ تین اہم کواکب ستارہ مشتری 12 سال بعد تیسرے بیت الاقرباء کے گھر میں اپنے ہی گھر کا مالک ہو کر نہایت طاقتور رہے گا۔ عزیز واقارب بہن بھائی اور دوست احباب پڑوسیوں اور آشنا لوگوں کی آپ سے توقعات بہت زیادہ رہیں گی اور آپ بھی ان پر پورا اُترنے کی ممکنہ کوشش کریں گے۔ علمی ادبی انفارمیشن ٹیکنالوجی جیسی جدت زمانہ جیسی صلاحیتوں سے خود بھی فیض یاب ہوں اور اپنے قریبی احباب کیلئے بھی آپ بہت کچھ صدقہ جاریہ جیسے کام آپ کے ہاتھ سے غیر ارادی اور غیر محسوس طریقے سے انجام پائیں نیکی اور خیر وبرکت کا تسلسل جاری رکھیں۔ آپ کو ان کے مادی اور روحانی فوائد بے پناہ دعاؤں کی شکل میں واپس ملیں۔ 2019ء آپکی عمر دراز ہو۔ ناگہانی آفات وبلیات سے آپ دور رہیں۔ ستارہ مشتری کی مکمل سعد نظر شمسی زائچہ کے ساتویں نویں اور گیارہویں گھر پر بھی اپنی نوازشات بڑھائے شادی کے خواہاں میزانی افراد کیلئے کئی من پسند رشتے میسر آئیں محبت یا پسند کے رشتے اگرچہ فوری طے پاسکتے ہیں۔ باہم بزرگوں اور اپنے خاندان کو شامل کر کے شادی کرنا۔ خانہ آبادی اور خوشیوں کا باعث بنے۔ کورٹ میرج یا کسی غیر قانونی غیر شرعی رشتے سے اعتراض کریں۔ وتد الارض چوتھے کا مالک ستارہ زحل سارا سال اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہنے سے زمین جائیداد کی خرید وفروخت ذاتی گھر بنانے میں دلچسپی بڑھے۔ دیرینہ خواہش بآسانی پوری ہو سکے۔ زراعت سے متعلقہ و میزانی افراد سائنسی بنیادوں پر زرعی اُصولوں کو اپنانے سے گزشتہ سے زیادہ نفع پائیں۔ زراعت کے ہمراہ باغبانی ڈیری فارمنگ کے شعبہ ہائے میں سرمایہ کاری اور محنت نفع بخش ثابت ہو۔ خاندان میں وسعت ہوسکے اندرون خانہ مہمانوں کی آمد و رفت وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہے پسندیدہ روزگار کے مواقع ملیں۔ البتہ کیریئر اور آپ کی بڑھتی ہوئی ساکھ کو دیکھ کر حاسدین آپ کے خلاف سازش کر سکتے ہیں۔ آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے آپ اپنے کیریئر کو دانشمندانہ طریقے سے آگے بڑھانے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ دوسروں کی امداد اور حوصلہ آپ کی روح کیلئے تازگی کا باعث بنے۔ ستارہ مریخ 14 فروری تک زائچہ کے ساتویں گھر میں شراکتی ازدواجی تعلقات میں بعض ایسی فرمائشیں بھی آپ کو پوری کرنی پڑیں۔ جس کیلئے آپ چاہے پہلے تیار نہ ہوں۔ قربانی اور ایثار سے جنوری فروری مارچ بخیر گزر گئے تو سال کا انجام بھی انشاء اللہ بخیر ہوگا۔

آپ کی شخصیت: ۔ 7 جنوری کے بعد پورا سال نہ ختم ہونے والی خوش بختیاں جاری رہیں گی آپکی حیثیت وشخصیت سے دوسرے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ، 15 مئی تا 3 جولائی اور 14 ستمبر تا 8 اکتوبر عروج

و اوج یافتہ رہنے سے یہ سال کا بہترین عرصہ دکھائی دیتا ہے جس میں آپ اپنے درخشاں مستقبل کی نہ صرف پلاننگ کر سکیں بلکہ کئی پینڈنگ شدہ کام بھی انجام پائیں۔ آپ کی ذہنی و تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہو۔ اور پُر اعتماد رہتے ہوئے آپ مستقبل کی باآسانی پلاننگ کر سکیں۔ 20 اپریل تا 14 مئی، 8 اکتوبر تا یکم نومبر زہرہ وبال یافتہ جبکہ 21 اگست تا 13 ستمبر زہرہ ہبوط یافتہ رہنے سے سال کے یہ سبھی ایام نہایت ناقص دکھائی دیتے ہیں۔ دوسروں سے وابستہ توقعات حسبِ منشاء پوری نہ ہو سکیں اور حاسدین مخالفین آپ کی عزت اور ساکھ کو متاثر کرنے کیلئے سازشیں کر سکتے ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ خانہ مال کا حاکم مریخ 2 جولائی تا 17 اگست اوج یافتہ اور 19 نومبر تا اختتام سال عروج یافتہ رہے تو یہ وہ سعد ایام کہ جن میں ذرائع آمدن کو بڑھانے کے متعدد مواقع ملیں اور پہلے سے درپیش مالی مشکلات کو احسن طور پر سلجھا سکیں۔ زہرہ مریخ سعد نظرات 21,20,19,18,17,16 جنوری، 16,15,14,13 فروری، 26,25,24,23 اگست اور 5,4,3,2 دسمبر بننے سے مالی و کاروباری لین دین اور نئے کاروباری معاہدے کرنے کیلئے سال کے یہ ایام نہایت سعد ثابت ہوں گے۔ زہرہ مریخ نحس نظرات 23,22,21,20,19 مارچ بننے سے ان ایام میں کسی بھی نئے کام کی شروعات سے گریز کریں۔ اور حاسدین مخالفین کے شر سے محفوظ رہنے کیلئے خاص احتیاط برتیں اور ان ایام میں صدقات بھی دیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری ابتداء سال سے یکم دسمبر تک اپنے ذاتی گھر رہتے ہوئے عزیز و اقارب ورشتے داروں ہمسائیوں اور بہن بھائی کئی ایک اُمور میں آپ سے تعاون کریں۔ جبکہ اس دوران غلط فہمیوں کا خاتمہ اور تجدید مراسم بھی ہو سکے۔ اندرون ملک متعدد سفر وسیلہ ظفر ثابت ہوں اور سفر نصیب یاوری کرائے۔ 10 اپریل تا 10 اگست رجعتِ مشتری کے زمانہ میں دوسروں کی فرمائشوں کیلئے اگر ذاتی ضروریات پر سمجھوتہ کرنا پڑے تو ذہنی طور پر تیار رہیں ورنہ انکی ناراضگی مول لینی پڑ سکتی ہے۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 23,22,21 جنوری، 22,21,20 مارچ، 10,9 مئی، 9,8 اگست، 30,29,28 ستمبر، 25,24,23 نومبر بننے سے متعدد سفر پیش آ سکیں اور تجدید مراسم کے ساتھ ساتھ عزیز و اقارب و بہن بھائیوں سے خوشگوار تعلقات قائم رہیں۔ زہرہ مشتری نحس نظرات 16,15 اپریل، 24,23,22,21 جون اور 3,2 ستمبر بننے سے دوران سفر اپنی اشیاء کی حفاظت اور بغیر صدقہ دیئے سفر سے اجتناب اور قابل بھروسہ افراد کے ساتھ سفر کو ترجیح دیں۔ اس دوران سفر میں بنائے گئے دوستوں پر بھروسہ مت کریں اور احتیاط برتیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ بیت الارض کا حاکم ستارہ زحل امسال بھی چوتھے اپنے ذاتی گھر رہنے سے خانگی سکھ سواری و زمین جائیداد کی خرید و فروخت سے مالی فوائد کا حصول، زراعت و باغبانی کا شوق بڑھے۔ کچھ میزانی افراد اس شعبہ میں کاروبار کا آغاز کریں تو کامیابی سے ہمکنار ہوں۔ رجعت زحل 30 اپریل تا 19 ستمبر کے ایام میں خاندانی افراد کی خواہشات کا احترام کریں اور ان کیلئے وقت ضرور نکالیں۔ زہرہ زحل سعد نظرات 19,18,17 فروری، 13,12,11 اپریل، 31 مئی، یکم جون، یکم 2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، 12,11,10 دسمبر بننے سے سال کے یہ سعد ایام ثمرات کے حامل ہوں۔ تب خانگی سکھ اور مستقبل کیلئے کئے گئے اقدامات نیک نتائج کے حامل ہوں۔ زہرہ زحل نحس نظرات 8,7,6 مئی، 17,16 جولائی، 26,25 ستمبر بننے سے ان ایام میں بغیر

مشاورت کے فیصلوں سے گریز اور حسبِ توفیق صدقات دیں۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد پانچویں میں 20 جنوری تا 18 فروری ستارہ شمس اور 24 جنوری تا 9 فروری عطارد رہتے ہوئے بچوں کی تعلیم و تربیت کیلئے بروقت کئے گئے اقدامات بچوں کے مستقبل کیلئے مثبت نتائج دلا سکیں۔ جبکہ حاکم ستارہ زحل تمام سال اپنے گھر سے بارہویں رہتے ہوئے رومانوی و محبت کے اُمور میں خواہشات کی بھرمار اور دوسروں کے بے جا عمل دخل کے باعث حالات میں حساسیت رہے بالخصوص 30 اپریل تا 19 ستمبر رجعت زحل کے ایام میں اولاد کے روز و شب پر خاص نگاہ رکھیں اور اس دوران صدقات بھی دیتے رہیں۔ اسٹاک ایکسچینج یا کسی بھی انعامی اسکیم میں حصہ لیں تو بساط سے زیادہ سرمایہ کاری سے گریز بالخصوص دوسروں سے قرض لے کر کام نہ کریں بصورت دیگر پریشانی کا اندیشہ رہے۔ جو لوگ ان دنوں 16, 17, 18, 21 جنوری، 17, 18, 19, 25, 26, 27, 28 فروری، 3, 8, 9, 10, 11, 12, 14, 15, 16 مارچ، 11, 12, 13 اپریل، 10, 11, 12, 13, 14, 15, 16, 31 مئی، یکم, 14 جون، 23, 24, 25, 26, 27, 28, 29 اگست، یکم, 2, 7, 19, 20, 21 اکتوبر، 7, 8, 9, 10 نومبر، یکم, 2, 7, 10, 11, 12, 17, 19, 20, 21 دسمبر۔ انعامی اسکیموں میں حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ ان تواریخ میں حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض چھٹے کا حاکم ستارہ مشتری یکم جنوری تا 2 دسمبر اپنے ذاتی گھر رہتے ہوئے 2019ء میں ملازمت کا حصول ذرا سی کوشش سے یقینی بنائے جبکہ ایسے تمام افراد کو جو پہلے سے برسرِ روزگار ہیں اور کیرئیر میں آگے بڑھنے کیلئے ملازمت کی تبدیلی کیلئے کی گئی کوششیں کامیابی سے ہمکنار ہوں لیکن اپنے فرائض کی انجام دہی ذمہ دارانہ طور سے کریں آپکو محنت سے عزت و توقیر کا حصول یقیناً ممکن ہو سکے۔ حاسدین اپنے بد ارادوں میں کامیاب نہ ہوں جبکہ ایسے میزانی افراد جو حصول ملازمت کیلئے بیرونِ ملک جانے کے خواہشمند ہوں تو اس سال کوشش کرنے سے یہ خواہش پوری ہو سکے۔ زہرہ مشتری سعد نظرات 21,22,23 جنوری، 20,21,22 مارچ، 9,10 مئی، 8,9 اگست، 28,29,30 ستمبر، 23,24,25 نومبر بننے سے افسران بالا و حکام کا تعاون، صحت جسمانی میں بہتری اور سفر وسیلہ ظفر رہے۔ زہرہ مشتری نحس نظرات 15,16 اپریل، 21,23,24 جون، 2,3 ستمبر بننے سے ان ایام میں ملازمتی ذمہ داریوں میں کوتاہی نہ برتیں اور میڈیکل چیک اَپ کے علاوہ خوراک میں احتیاط اور ہلکی پھلکی ورزش بھی معمولات میں شامل کریں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ مریخ یکم جنوری تا 14 فروری ساتویں حالت عروج میں ہونے کے سبب ان ایام میں شریکِ کار اور شریکِ حیات سے تعلقات میں درپیش غلط فہمیوں کا ازالہ ہونے سے تعلقات میں مضبوطی آسکے جبکہ 16 مئی تا 2 جولائی مریخ ہبوط یافتہ رہے تو تب الفاظ کا چناؤ سوچ سمجھ کر کریں اور شریکِ حیات کے ساتھ نرم لہجہ اور صبر و تحمل برداشت سے کام لیں ورنہ شدید گھریلو اختلافات جنم لے سکتے ہیں۔ طبیعت میں بے چینی سے شراکتی اُمور بھی متاثر ہونے کا خدشہ، حالات پر کنٹرول کیلئے اس دوران صدقات دیں اور بزرگوں سے مشاورت ضرور کرتے رہیں۔ زہرہ مریخ سعد

نظرات 21,20,19,18,17,16 جنوری، 16,15,14,13 مئی، 26,25,24,23 اگست اور 5,4,3,2 دسمبر بننے سے یہ تواریخ ازدواجی سکھ اور خانگی پریشانیوں کو حل کرنے کیلئے نیک رہیں جبکہ شادی کے خواہشمند میزانی افراد بھی کوشش کرنے سے رشتہ ازدواج میں بندھ سکیں۔ زہرہ مریخ نحس نظرات 23,22,21,20,19 مارچ بننے سے تب شریکِ کار اور شریکِ حیات سے ذومعنی جملوں والفاظ کا استعمال نہ کریں اور بحث کے بجائے درگزر سے کام لیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ 2019ء میں طالع اور بیت الخوف کا حاکم ستارہ زہرہ اپنی سریع الرفتاری کے باعث اس سال بارہ منطقۃ البروج کے علاوہ مزید تین بروج میں اپنا سفر کرے جبکہ اس سال اسے رجعت بھی نہ ہو تو یہ سال آپ کیلئے انشورنس کلیم اور وراثتی اُمور میں نہایت اہم کردار ادا کرے اور پیدا شدہ مسائل کا حل کرنے میں مثبت کردار رہے جبکہ مشترکہ مفادات کے کاموں میں بھی مالی مسائل کا خاتمہ کرے۔ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف، 15 مئی تا 3 جولائی عروج اور اوج یافتہ رہتے ہوئے ان ایام میں زیر التواء کام مکمل ہوں۔ وراثتی جھگڑے احسن طریقے سے نمٹ سکیں جبکہ سال 2019ء اپریل، مئی، جون کے ماہ خاص اہمیت کے حامل رہیں اور اس دوران مشترکہ مفادات کے شروع کئے گئے کام بھی فائدہ مند رہیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت و اعلیٰ تعلیم:۔ نویں بارہویں کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد 21 مئی تا 5 جون عروج، 29 اگست تا 3 اکتوبر شرف اور اوج میں رہتے ہوئے بیرون ملک حج وزیارات کی خواہش رکھنے والے میزانی افراد کی خواہش پوری ہو سکے۔ جبکہ ایسے میزانی طلبہ وطالبات جو اعلیٰ تعلیم کے حصول کیلئے بیرونِ ملک سفر کرنا چاہیں تو وہ بھی ان ایام میں کوشش کر سکیں۔ زہرہ عطارد سعد نظرات 22, 23, 24, 25, 26, 27, 29 فروری، 24, 25 جولائی، 15,14,13,12,11 ستمبر، 31,30 اکتوبر بننے سے ان نیک ایام میں بیرونِ ملک کاروباری وتعلیمی سفر میں آسانیاں جبکہ روحانی ریاضت میں متعدد کامیابیاں۔ رجعت عطارد 5 تا 28 مارچ، 8 جولائی تا یکم اگست۔ اس زمانے میں دوران سفر اپنے سامان کی حفاظت، اجنبی افراد پر ضرورت سے زیادہ بھروسہ اور گفتگو میں منفی پہلو نظر انداز نہ کریں۔ بغیر صدقہ سفر نہ کریں۔

کیریئر، کاروبار، عزت ووقار:۔ بیت العزت یا وتد السماء کا حاکم قمر (چندرماں) تمام سال ہر ماہ اپنی تیز رفتار کے سبب سعدو نحس ایام میں عزت وتوقیر بڑھے جبکہ نحس ایام میں محتاط رہیں۔ 2019ء کے سعد ایام 20,19,16,15,14 جنوری، 16,15,12,11 فروری، 16,15,11,10 مارچ، 12,11,8,7,6 اپریل، 31,9,8,5,4 مئی، 29,28,27,6,5,4 جون، 30,29,26,25,3,2 جولائی، 27,26,22,21 اگست، 23,22,19,18,17 ستمبر، 20,19,16,15,14 اکتوبر، 17,16,15,12,11 نومبر، 14,13,9,8 دسمبر۔ نوٹ کرلیں ان ایام کیریئر کو آگے بڑھانے کے اقدامات مثبت اور سرمایہ کاری فائدہ مند جبکہ قمری نحس ایام 28,27,6,5,4 جنوری، یکم، 28,25,24,23,2 فروری، 28,27,24,23 مارچ، 25,24,20,19 اپریل، 22,21,18,17 مئی، 19,18,17,14,13 جون، 16,15,11,10 جولائی، 12,11,8,7,6 اگست، 30,9,8,7,4,3 ستمبر، 29,28,6,5,4 اکتوبر، یکم، 29,28,25,24,2 نومبر، 27,26,22,21 دسمبر۔ بھی نوٹ کرلیں ان ایام میں صدقات دیں اور کسی بھی نئے کام کی شروعات سے گریز کریں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ شمس 2019ء میں بارہ منقطۃ البروج میں سے گزرتے ہوئے آپ کو متعدد دیرینہ خواہشات کی تکمیل کے علاوہ حلقہ احباب سے بھی متعدد فوائد دلائے۔ 21 مارچ تا 20 اپریل شمس حالت شرف، 21 جون تا 23 اگست اوج اور عروج یافتہ رہتے ہوئے سیاسی وسماجی حلقوں میں عزت وتوقیر بڑھے۔ ہم خیال دوست تعاون کریں اور 18,17,16,15,14,10 اگست زہرہ شمس قران سے ان ایام میں کئے گئے معاہدے واقدامات سے بھرپور فوائد ملیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری کی دسمبر تک تیسرے گھر نشست جس سے مشتری کی نویں نظر آپ کو سارا سال وقفہ وقفہ سے روحانی عزت وتوقیر ملتی رہے اور مخلص احباب زندگی میں شامل ہوسکیں۔ 20 جنوری تا 19 فروری اور 23 ستمبر تا 23 اکتوبر شمس کی کمزور نشست کے سبب یہ ایام نوٹ کرلیں اور ان ایام میں دوسروں سے توقعات وابستہ نہ کریں ورنہ مایوسی کا اندیشہ رہے۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ عطارد 21 مئی تا 5 جون عروج 29 اگست تا 3 اکتوبر شرف اور اوج میں رہتے ہوئے ان سعد ایام میں حصول امیگریشن کیلئے اپلائی کرنا نیک بالخصوص اخراجات میں کمی کیلئے کی گئی پلاننگز مثبت ثابت ہوں۔ جبکہ 10 فروری تا 17 اپریل اور 9 اکتوبر تا 29 دسمبر عطارد کی کمزور نشست سے صحت کی خرابی کا اندیشہ۔ اپنے معالج سے مشورہ کرتے رہیں اور اپنے میڈیکل ٹیسٹ بھی لازمی کروائیں۔ ناگہانی اخراجات کا اندیشہ اور اس دوران قرض سے اجتناب برتیں ورنہ ادائیگی ممکن نہ ہوسکے گی۔ بالخصوص رجعت عطارد کا زمانہ نوٹ کرلیں اور اس دوران بھی احتیاط برتیں۔ 5 تا 28 مارچ، 8 جولائی تا یکم اگست ان ایام میں صدقات دینا نیک اور حصول امیگریشن کیلئے ان ایام کا انتخاب دانشمندی نہ ہوگی۔

میزانی مرد وزن پر گرہنوں کے اثرات:۔ اس سال پانچ گرہن لگیں گے۔ پہلا سورج گرہن 6 جنوری چوتھے لگنے خاندانی مسائل وپریشانیاں، جلد بازی سے حادثات کا اندیشہ 21 جنوری چاند گرہن گیارہویں لگنے سے دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوسکیں گی۔ 3 جولائی دسویں چاند گرہن لگنے سے کاروباری مسائل وپریشانیاں نقصانات کا اندیشہ 17 جولائی چاند اور 26 دسمبر سورج گرہن چوتھے لگنے سے اندرون خانہ مسائل وپریشانیاں والدین خصوصاً والدہ کی صحت کا خاص طور سے خیال رکھیں۔ ایام گرہن میں صدقہ کے ساتھ دونفل نماز کسوف (سورج گرہن) دونفل نماز خسوف (چاند گرہن) پڑھ کر دعا سے نحوست دور ہونے کا یقین کرسکتے ہیں۔

سعد تواریخ:۔ 2, 13, 22, 31 جنوری، 6, 11, 21, 25 فروری، 8, 13, 22 مارچ، 2, 7, 12, 21 اپریل، 2, 9, 12, 14, 18, 22, 27, 31 مئی، 2, 3, 6, 11, 21, 27, 28 جون، 2, 6, 8, 11, 18, 21, 25, 27 جولائی، یکم, 5, 9, 10, 14, 21, 26, 30 اگست، یکم, 4, 7, 9, 13, 20, 25, 29 ستمبر، 4, 9, 20, 22, 25, 29, 31 اکتوبر، 3, 9, 19, 24, 28 نومبر، 3, 4, 9, 11, 13, 19, 24, 29 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 6, 10, 21, 24 جنوری، 9, 16, 23 فروری، 11, 21, 23, 25, 27 مارچ، 10, 13, 15, 16, 24, 27 اپریل، 7, 10, 17, 24 مئی، 9, 16, 24 جون، 3, 16, 17, 24 جولائی، 2, 7, 15, 24 اگست، 2, 6, 15, 23, 26 ستمبر، یکم, 7, 13, 15, 23 اکتوبر، 6, 14, 22 نومبر، 7, 18, 21, 22, 26 دسمبر۔

حاکم سیارہ: پلوٹو
ذاتی عقیدہ: تخلیق (I Create)
نشان: بچھو، عقاب اور ققنس
عنصر: پانی (Water)
خاصہ: غیر تغیر پذیر (ثابت)
نفسیاتی ٹائپ: احساس
منسوب رنگ: گہرا سرخ
اعضائے جسمانی: تناسلی اعضا
منسوب پتھر: تیز سرخ یاقوت
منسوب درخت: خاردار قسم کے
منسوب پھول: سرخ پھول
منسوب غذا: تیز خوشبو والی
منفی اور مونث برج
بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یا سلف

MARYAM NAWAZ

حروف ن ی
عقرب
SCORPIO
24 اکتوبر تا 22 نومبر
پلوٹو

حالات و واقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نور و حانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء سال کی ابتداء طالع میں قمر در عقرب سے ہو رہی ہے۔ قمر آپ کے نصیب کا حاکم اور زہرہ 12 ویں خفیہ دشمنوں کا حاکم بھی طالع میں ادھر چھٹے نحس گھر میں مریخ 14 فروری تک رہے گا۔ سال کی ابتداء اگرچہ کچھ اچھی نہ ہوگی۔ تاہم وسط فروری کے بعد حالات میں بتدریج بہتری آنے لگے گی۔ 2019ء آپکی زندگی کا ایک اہم سال معلوم ہوتا ہے۔ دو اہم کواکب ستارہ مشتری بارہ سال بعد خانہ مال کا حاکم ہو کر 2 دسمبر تک مال میں رہتے ہوئے خانہ مال واسباب کے بہترین مواقع عطا کرے گا۔ اعلیٰ ملازمت یا تبدیلی ملازمت کے خواہاں عقربی افراد کو حسب منشاء اندرون ملک یا بیرون ملک روزگار کے مواقع مل سکیں گے۔ وراثتی شراکتی یا پھر انشورنس کلیم کے دیرینہ پیچیدہ سبھی مسائل بہ آسانی حسب منشاء حل ہوسکیں گے۔ کاروباری عزت ساکھ میں بے پناہ اضافہ خصوصاً نئے کاروبار یا جاری کاروباری میں سرمایہ کاری کرنا پھلنے پھولنے کا باعث بنے بااثر افراد کی مدد و نصرت مالی اخلاقی سیاسی بھرپور امداد و مشاورت ملے گی۔ آپکی بڑھتی ہوئی ساکھ کو دیکھتے ہوئے کچھ لوگ آپ کے مد مقابل آکر نقصان پہنچانے کی ناکام کوشش کر سکتے ہیں مگر وہ اپنے بدارادے کے تحت آپ کو کوئی نقصان پہنچانے میں ناکام ہی رہیں گے۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے صدقہ خیرات کرتے رہیں۔ ستارہ زحل 30 سال بعد تیسرے بیت الاقرباء کے گھر سارا سال رہے گا۔ یہ 9,5,3 اور 12 ویں گھروں کے منسوبات کو اُبھارے گا۔ عزیز و اقارب بہن بھائیوں کے اسی گھر میں زحل کے ساتھ کیتو اور مقابل راہو بھی رہے گا۔ زحل کیتو 19 اپریل تا 20 جون اور 4 تا 17 جولائی اور 16 ستمبر تا 17 اکتوبر حالت قران میں رہیں گے۔ تب بہن بھائیوں رشتہ داروں پڑوسیوں سے خواہ مخواہ کے اختلافات شدت اختیار کر سکتے ہیں۔ آپ چاہیں یا نہ چاہیں پھر بھی کسی بدمزگی یا پھر کسی کی ضمانت یا مروت میں قرضہ دینا پڑسکتا ہے۔ ایسے دیئے گئے قرضوں کی واپسی ممکن نہ ہو سکے گی۔ ٹریفک حادثات گاڑی چلاتے ہوئے یا عجلت میں یا پیدل سڑک پار کرتے ہوئے بھی سخت احتیاط سے کام لیں۔ 2019ء صدقات کا سال ہے۔ پورا سال اپنا اور اپنی فیملی پیاروں کا صدقہ بھی دیتے رہیں۔ زحل سارا سال بارہویں اپنے شرفی گھر کو ناظر رہے گا۔ حصول امیگریشن کیلئے کی گئی کوشش کامیابی سے ہمکنار ہونگی۔ روحانی ریاضت چلہ کشی کے لئے نصف سال سے آئندہ سال وسط تک کا عرصہ نہایت سازگار رخاندان میں اضافہ غیر متوقع ذرائع آمدن از قسم انعامی اسکیموں میں حصہ لینے سے بھی انعامات کا حصول مل جائے تو یہ بعید از قیاس نہ ہوگا۔

آپ کی شخصیت:۔ 2019ء ستاروں کی نشست کے اعتبار سے ایک ذمہ دارانہ سال ہے۔ جہاں پھونک پھونک کر قدم اُٹھائیں یا نہ اُٹھائیں تاہم اہم فیصلے جلد بازی میں مشاورت کے بغیر نہ کریں۔ اتنی سی ہی گذارش پر عمل کرنے سے بہتر نتائج نکلیں اور آپ ممکنہ کئی نقصانات سے بچ سکتے ہیں۔ مستقبل کی منصوبہ بندی از بس ضروری ہوگی۔ ورنہ بلاوجہ وقت روپیہ اور دوسروں کا آپ پر بھروسہ کم ہوسکتا ہے۔ مریخ مشتری شمس کی سعد

نظرات 27,26,25,24,23 جنوری، 28,25,9,8,7 فروری، یکم،2،3 مارچ، 15,14,13 اپریل، 27,26,25,24 جولائی، 8,7,6 اگست، 15,13,12 اکتوبر، 15,12,10 نومبر، یہ سبھی ایام تعمیر و ترقی پینڈنگ کاموں کو مکمل کرنے آپ اپنے اندر ایک نئی روح تازگی محسوس کریں گے۔ جبکہ نحس نظرات 13، 15,14 مارچ، 7 مئی، 14,13,12,11,10,9 جون، 14,12,10,9,8,7,5,2 ستمبر کے ایام انتہائی احتیاط طلب ہیں۔ تب آپ کے بھروسے کو دوسرے ٹھیس پہنچا سکتے ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔خانہ مال کا حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 2 دسمبر تک اس گھر میں عروج یافتہ رہتے ہوئے 10,8,6,2 گھروں کے منسوبات کو اُبھارے گا گویا کاروباری وسائل تعلقات میں اضافہ اپنے جاری کاروبار میں وسعت یا پھر کسی نے کام کی ابتداء کرنا بھی نیک رہے گا۔ ذرائع آمدن میں اضافہ اور غیر متوقع آمدن بڑھانے کے مواقع بھی ملیں آپ اپنے سرمایہ کو کسی مفید کاروبار یا ٹھوس سرمایہ کاری میں لگا کر بہ آسانی نفع پا سکیں گے۔ مشتری مریخ سعد نظرات 27,26,25,24,23 جنوری، 27,26,25,24 جولائی، 15,14,13,12,11,10 نومبر نہایت سعد نفع بخش تواریخ ہیں۔ تاہم احتیاط طلب تواریخ 7 مئی، 14,13,12,11,10 ستمبر ہیں۔ تبھی صدقہ و خیرات بھی ضرور دیں۔

عزیز و اقارب اور اندرون ملک سفر:۔تیسرے بیت الاقرباء کا مالک ستارہ زحل بدستور 2019ء میں بھی سارا سال یہاں رہے گا۔ زحل کی 27 سال بعد یہ نشست اس گھر کے منسوبات کیلئے نہایت اہم سنجیدہ نوعیت کے راز و نیاز عزیز و اقارب سے جذباتی تعلقات استوار ہو سکتے ہیں۔ ستارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت میں رہنے کے سبب حاسدین ان پاکیزہ تعلقات کو غلط رنگ بھی دے سکتے ہیں۔ عقربی افراد کی جنسی کشش مشہور زمانہ ہے۔ 2019ء میں آپ اندرون ملک دوران سفر بعض ایسے کارہائے نمایاں بھی انجام دے سکیں گے جن کا پہلے آپ کو بھی کبھی تجربہ نہ ہو۔ سیر و سیاحت تفریحی مطالعاتی عزیز و اقارب سے میل ملاقات ان کی خوشیوں میں شرکت کے لئے سارا سال وقفہ وقفہ سے اندرون ملک سفر کا سلسلہ جاری رہے گا۔ کئی ایک سفر آپ کے لئے وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔ زحل مریخ نحس نظرات 23,22,21,20,19 جنوری، 16,14,13 جون، 29,28,27,26,17 اکتوبر کے ایام میں سفر سے اجتناب برتیں اگر اشد ضروری ہو تو صدقہ و خیرات دیکر اپنے سفر کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کریں امام ضامن بھی بندھوا کر سفر کرنا تحفظ کا باعث بنے گا۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔شمسی زائچہ کا نہایت اہم گھر وتد الارض کا مالک ستارہ زحل امسال بھی سارا سال اپنے گھر سے بارہویں یعنی تیسرے گھر رہے گا۔ یوں 2019ء نہایت ذمہ دارانہ سال معلوم ہوتا ہے۔ اہل خاندان کے لڑائی جھگڑوں میں صلح و صفائی کے لئے آپ کو اہم کردار ادا کرنا پڑ سکتا ہے۔ ستارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب گھر سے لمبے عرصہ کے لئے باہر جاتے ہوئے اپنے قیمتی سامان کی حفاظت کا بندوبست بھی کر کے جائیں ورنہ چوری چکاری سے نقصان کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں اسی طرح اپنی گاڑی یا موٹر سائیکل کی حفاظت کو بھی یقینی بنائیں۔ زحل مریخ ناقص ناظرات سیارگان 23,22,21,20,19 جنوری، (خصوصاً قران نحس زحل مریخ 30 مارچ تا 2 اپریل) 29,28,26,17 اکتوبر سال کے یہ سبھی ایام نہایت احتیاط طلب ہیں۔ بگڑے حالات کو سنوارنے کے لئے قدرت کاملہ سے آسمانی کونسل پر سعد نظرات زحل مریخ 16,15,14,13,12 مارچ، 10,9,8,7 ستمبر، 21,20,19,18,17 دسمبر بنیں رہائش تزئین و آرائش تبدیلی رہائش

زمین جائیداد کی خرید وفروخت کرنا نیک اور سکھ میں اضافہ ہوگا۔

اولاد، انعامات و محبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مشتری 2 دسمبر تک پانچویں سے دسویں یعنی دوسرے گھر نہایت طاقتور رہے گا۔ 2019ء اس لحاظ سے ایک نہایت اہم سال ہے آپ نے اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم و تربیت انکی منگنی شادی کیلئے جو جو پلان سوچ رکھے ہیں۔ ان کی ممکنہ تکمیل ہو سکے گی۔ اولاد کے خواہاں عقربی افراد کے گھر اولاد کی خوشی میسر آئے اور محبت کی شادی کرنے والوں کو اپنے بزرگوں والدین کی رضامندی میسر آئے گی۔ ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت پذیر رہے گا۔ تب کچھ افراد کو محبت میں ناکامی کا صدمہ بھی پیش آ سکتا ہے۔ ایسے عقربی جو ملکی یا انٹرنیشنل لاٹریوں کی انعامی اسکیموں دلچسپی رکھتے ہیں۔ وہ ان تواریخ 23,22,21 جنوری، 3 ,4 ,22 ,28 فروری، 20 ,21 ,22 مارچ، 2 ,3 ,9 ,10 مئی، 24 ,25 جولائی، 8 ,9 ,21 ,22 اگست، 11,13,15,24,25,26,27,28,29,30 ستمبر، 23,24,25 نومبر، میں حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر:۔ 2019ء طالع اور چھٹے کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک اپنے ہی گھر رہے گا۔ سال کے شروع میں یہ ایک اچھا اتفاق ہے۔ آپ اپنی صحت جسمانی کو بہتر محسوس کریں اپنا میڈیکل چیک اَپ ممکن ہو تو آئندہ حفاظتی تدابیر کے لئے ضرور کروالیں۔ صبح کی سیر و ہلکی پھلکی ورزش کو معمول بنالیں۔ کیریئر حصول ملازمت یا ترقی کے لئے مواقع ملیں افسران بالا کی نظر میں آپکی عزت بڑھے اپنی صحت جسمانی کو قائم رکھنے کے لئے صبح نیم گرم پانی میں شہد ملا کر پینا نیک جبکہ بزرگ عقربی افراد اپنے خوراک میں دودھ دہی مکھن تازہ پھلوں کے رس کو ضرور شامل کرلیں۔

تعلقات، شراکتی و ازدواجی مراسم، شادی:۔ بیت الزوج کا حاکم ستارہ زہرہ 2019ء میں اپنی تیز رفتاری کے سبب بارہ منطقۃ البروج میں سیر کناں رہتے ہوئے مریخ مشتری سے متعدد سعد نظرات بنائے گا۔ یوں بھی سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد 2 دسمبر تک دوسرے خاندان میں اضافہ بڑھاؤ کے گھر میں رہتے ہوئے جواں سال عقربی افراد کی خوش قسمتی کو دستک دے گا۔ شادی کے خواہاں عقربی کو متعدد پسندیدہ رشتے ملیں گے رشتہ میں اگرچہ آپ کی پسند کا دخل بھی ہو مگر انتخاب رشتہ کے لئے بزرگوں والدین ہی کو موقع دیں۔ ناراض زوجین کے مابین خلیج صفائی بزرگوں کی کوشش سے بہ آسانی ہو سکے گی۔ شراکتی تعلقات میں اضافہ سماجی سیاسی مصروفیات بھی خوب رہیں گی۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف 15 مئی تا 3 جولائی اور 14 ستمبر تا 8 اکتوبر بروج واوج یافتہ رہنے کے سبب آپ کی شخصیت میں سحر انگیزی خوش مزاجی حلقہ احباب میں عزت مقبولیت نمایاں مقام و پوزیشن میں اچانک اضافہ ہو حاسدین مخالفین بھی زیر رہیں گے۔ زہرہ مریخ سعد نظرات 16 تا 21 جنوری، 16,15,14,13 مئی، 26,25,24,23 اگست اور 5,4,3,2 دسمبر نہایت سعد ایام جبکہ 23,22,20,19 مارچ دوسروں کے دام فریب میں آنے سے محتاط رہیں۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ بیت الخوف بیت الامید کا مشترکہ حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں کمزور ہونے کے سبب مشترکہ مفادات کے تحت کئے گئے کاموں میں احتیاط کا اشارہ ہے۔ عطارد سال میں دو مرتبہ رجعت پذیر ہوگا۔ 5 تا 28 مارچ، 8 جولائی تا یکم اگست تب شراکتی ازدواجی لین دین میں احتیاط برتیں ایسے وعدے نہ کریں جن کو آپ پورا نہ کرسکیں سعد اکبر ستارہ

مشتری 2 دسمبر تک آٹھویں گھر کو سعد ناظر رہتے ہوئے آپ کو غیر متوقع طور سے شراکتی نفع حصول وراثت کوئی بڑا انشورنس کلیم یا انٹرنیشنل لاٹری سے جیک پاٹ اچانک لگ جائے تو بعید از قیاس نہ ہوگا۔ عطارد مریخ مشتری سعد نظرات 25 جنوری، 8,4 فروری، 18 مارچ، یکم ,3,2 مئی، 18 جون، 25,9 جولائی، 21 اگست، 26,25,3 ستمبر اور 13,12,11 نومبر بننے سے غیر متوقع مالی مادی فوائد کا حصول ہو سکے گا۔ 2019ء کی ناقص تواریخ 8 جنوری، 23 فروری، 16 مارچ، 2 مئی، 8 جون، 13,12,7,6 ستمبر کے ایام احتیاط اور صدقات وخیرات کے طالب ہونگے۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کے گھر اہم ستارہ راہو اپنے نظریات وخیالات دوران سفر یا مستقبل کی منصوبہ بندی کرتے وقت دوسروں پر مسلط نہ کریں لمبے سفر میں یوں احتیاط برتیں کہ اپنے ہمراہوں کا درست فیصلہ کریں ورنہ ہمراہی آپ کو بلاوجہ چھوڑ سکتے ہیں خصوصاً سیاسی وسماجی شعبہ سے تعلق رکھنے والے دوستوں کو نصیحت ہے کہ وہ تنقید برداشت کریں ورنہ خواہ مخواہ کی قانونی پیچیدگیوں سے واسطہ پڑسکتا ہے۔ زحل اور کیتو بیرون ملک سفر میں وقتی رکاوٹیں ڈال سکتے ہیں۔ سفید اشیاء کا صدقہ وقفہ وقفہ سے دیتے رہنے سے پیدا شدہ رکاوٹیں بتدریج دور ہوتی رہیں گی۔ البتہ نیک مقاصد کے سفر حج وعمرہ زیارات مقدسہ خواہاں عقربی افراد کی آرزو برآئے گی۔ بیرون ملک حصول امیگریشن کے لئے کاغذات کی تیاری کے لئے کسی ماہر سے مشاورت لیں۔ 2019ء میں مستقبل کی منصوبہ بندی بنا کر اس پر نظر ثانی کر لینے میں کوئی مضائقہ نہیں۔ اہم ستارے شمس 21 جون تا 23 جولائی عطارد 5 تا 27 جون اور 19 جولائی تا 12 اگست زہرہ 3 تا 28 جولائی مریخ 16 مئی تا 2 جولائی نویں گھر سے گزاریں گے جب راہو پہلے سے ہی یہاں موجود ہونے سے سبھی ستاروں کے ساتھ قرانات آپ کے مقدر میں خاصی تبدیلیاں لائیں گے۔ بلاوجہ دوسروں سے الجھنے کی بجائے اپنے منصوبوں اور پروگراموں کو راز میں ہی رکھیں اور مناسب وقت انتظار کریں۔ دسمبر میں سعد اکبر ستارہ مشتری کی بروجی تبدیلی آپ کا مقدر سنوار دے گی اور سبھی رُکے ہوئے کام آئندہ سال 2020ء میں بہ آسانی انجام پا جائیں گے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ وتد السماء بیت العزت کا حاکم ستارہ شمس بادشاہ فلک ہر سال آپ کے کیرئیر کو بڑھاوا دینے ضرور آتا ہے۔ تاہم دیگر اہم ستاروں میں کوئی ستارہ موافق ہو تو پھر کم محنت کے زیادہ ثمرات یقیناً ملتے ہیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری خانہ مال میں 2 دسمبر تک رہتے ہوئے کیرئیر کے گھر کو سعد ناظر رہے گا۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو آپ کو اپنے کیرئیر میں آگے بڑھنے کے کئی ایک مواقع ملیں گے۔ کسی نئے کاروبار کی ابتداء یا جاری کاروبار میں مزید سرمایہ کاری کرنی نیک رہے گی۔ آپ کے پیشہ وارانہ شعور وادراک میں اضافہ ہوگا ایسے نئے آئیڈیاز بھی آئیں گے جو اس سے قبل آپ یا آپ کے ساتھیوں کے فہم وفراست میں بھی نہ ہونگے۔ ستارہ شمس 21 مارچ تا 2 اپریل شرف 21 مئی تا 23 اگست اوج وعروج میں رہنے سے متعدد نئے کاروباری معاہدے کاروباری سفر سے نئے مزید کاروباری وسائل بہ آسانی تلاش کر لئے جائیں گے۔ تاہم شمس 20 جنوری تا 19 فروری 15,14,13 اپریل، 8,7,6 اگست، 16,15,14,13,12 اکتوبر بننے سے آپ کی حیثیت وشخصیت عزت مرتبہ میں اضافہ بااثر افراد سے تعلقات اور فوائد ملیں۔

دوست احباب، خواہشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں سعد اکبر ستارہ مشتری کے خانہ مال میں ہونے کے سبب آپ کی دیرینہ مالی کاروباری آمدن میں اضافہ کی آرزو پوری ہو سکے گی ستارہ عطارد یوں تو پورے سال وقفہ

وقفہ سے آپ کی متعدد دیرینہ خواہشات کی تکمیل کرائے گا تاہم اسے دو مرتبہ رجعت 5 تا 28 مارچ اور 8 جولائی تا یکم اگست ہوگی اس عرصہ میں دوسروں سے وابستہ توقعات پوری نہ ہوسکیں اور دوستوں کو دیا گیا قرض بھی واپس نہ مل سکے گا۔ 2019ء میں کچھ لوگ آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے اور انکی جگہ نئے لوگ لے لیں گے۔ ستارہ عطارد 21 مئی تا 5 جون عروج 29 ستمبر تا 19 اکتوبر شرف و اوج کی حالت میں رہنے سے آپ کی سماجی سیاسی مصروفیات اور آپکی عزت پذیرائی میں اضافہ آپ اپنے حصول مقاصد کی تکمیل کے لئے کوشاں رہیں گے۔ ستارہ عطارد یکم تا 5 جنوری 10 فروری تا 17 اپریل اور 9 اکتوبر تا 29 دسمبر کمزور رہے گا۔ تب بھی اہم فیصلے بزرگوں کی مشاورت سے ہی طے کریں۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے سبز اشیاء کا صدقہ دینا حصول تکمیل خواہشات کا باعث بنے گا اور ذہنی سکون و سکھ نصیب ہوگا۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد کا حاکم ستارہ زہرہ سال کی ابتداء میں ہی طالع ہمراہ قمر درعقرب ہونا نیک شگون نہیں یوں معلوم ہوتا ہے کہ آپ کو بدنظری جادو ٹونہ اور سازشوں میں الجھائے جانے کی کوئی حاسد دشمن سازش کرسکتا ہے۔ احتیاط برتیں اور محتاط روی اختیار کریں۔ خصوصاً ستارہ زہرہ 14 ستمبر تا 17 اکتوبر بارہویں اور پھر 8 اکتوبر تا 2 نومبر طالع میں رہے گا۔ یہ عرصہ زیادہ احتیاط طلب ہوگا۔ تاہم بیرون ملک حصول امیگریشن کا انتظار ختم ہوکر اچھی خوشخبری ملے گی۔ 2019ء میں جواں سال عقربی بے راہ روی کا شکار ہوں تو کچھ عقربی اچھے ماحول کی ترتیب کے سبب حصول روحانیات عبادت و ریاضت میں بھی سکھ اور چین پائیں۔ برج میزان زحل کا شرفی گھر بھی ہے زحل کی مکمل نظر اس گھر پر سارا سال رہنے سے بعض عقربی جو اپنے گناہوں کی معافی پروردگار سے مانگ لیں تو ایسی معافی کی مثال چوروں قطب بننے جیسی ہوسکتی ہے؟

عقربی مرد و زن پر گرھنوں کے اثرات:۔ 2019ء میں پانچ گرہن لگیں گے پہلا سورج گرہن 6 جنوری تیسرے لگنے سے عزیز و اقارب بہن بھائیوں کی جانب سے فکر و پریشانی انکی جانب سے ذمہ داریوں اور فرمائشوں کا مطالبہ ممکن ہے جسے پورا نہ کرنے سے انکی ناراضگی مول لینی پڑسکتی ہے۔ 21 جنوری چاند گرہن دسویں عزت اور کیریئر کے گھر لگنے سے آپ کی بڑھتی ہوئی عزت حاسدین اپنے بد ارادے سے گھٹانے کی سازشیں کرسکتے ہیں۔ 3 جولائی سورج گرہن نویں لگنے سے بیرون ملک سفر میں رکاوٹ یا کوئی قانونی پریشانی آسکتی ہے۔ 17 جولائی چاند گرہن تیسرے لگنے سے اندرون ملک سفر میں رکاوٹیں حادثات بہن بھائیوں پڑوسیوں سے اختلافات کا اندیشہ محتاط رہیں۔ 26 دسمبر پھر اس گھر میں گرہن لگنا نیک شگون نہیں۔ اپنے ناراض بہن بھائیوں پڑوسیوں کو مزید ناراض نہ کریں حسب توفیق صدقہ و خیرات سبھی ایام گرہن میں دیتے رہیں۔ بہترین صدقہ ٹوٹا چاول اور گندم یا باجرہ اور پانی کا ہے۔

سعد تواریخ:۔ 2,7,18,25,31 جنوری، 5,8,13,15,16,20,28 فروری، یکم ,6,14,16,20,30 مارچ، 4,14,18,28 اپریل، یکم ,3,12,14,17,22,27 مئی، یکم ,10,14,18,24,29 جون، 8,16,23,25,28 جولائی، 6,11,21,28 اگست، 3,8,9,19,24 ستمبر، 2,7,18,22,31 اکتوبر، 12,15,20,29 نومبر، 3,4,13,14,16,18,19,22,28 دسمبر۔

نحس تواریخ:۔ 5,8,13,20,26 جنوری، 2,3,7,11,17,24 فروری، 3,11,18,25 مارچ، یکم ,9,16,22,30 اپریل، 8,9,21,29 مئی، 5,12,19,27 جون، 4,9,11,18,22,26 جولائی، 2,8,16,24,30 اگست، 2,6,12,14,21,28 ستمبر، 4,13,20,27 اکتوبر، 2,5,10,18,24 نومبر، یکم ,8,23,30 دسمبر۔

SAGITTARIUS

حروف: ف

قوس
مشتری

23 نومبر
تا
21 دسمبر

4

حاکم سیارہ: مشتری
نشان: تیر انداز
ذاتی عقیدہ: میں دیکھتا ہوں (I See) عنصر: آگ (Fire)
خاصہ: تغیر پذیر (ذوجسدین)
نفسیاتی ٹائپ: وجدانی
منسوب رنگ: ارغوانی، گہرا پیلا
اعضائے جسمانی:: رانیں اور جگر
منسوب پتھر: پیلا پکھراج
منسوب درخت: برگد، انجیر، ایش
منسوب پھول: ہلکے گلابی
منسوب غذا: کشمش اور پیاز کی قسم
مثبت اور مذکر برج
بائیو کیمک سالٹ: سلیشیا

حالات وواقعات کی روشنی میں

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نورو روحانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء آپ کی زندگی کا بہترین سال ثابت ہوگا آسمانی کونسل کا نقشہ آپ کے لئے اس قدر مہربان ہے کہ ستارہ زحل کی شمسی ساڑھ ستی (نحوستوں رکاوٹوں کا 7,1/2 سالہ دور) جو ابھی بھرپور انداز سے جاری ہے۔سعد اکبر ستارہ مشتری 2 دسمبر تک طالع اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ اور 12 سال بعد طاقتور پوزیشن میں قیام کے سبب جاری ساڑھ ستی میں بھی آپ کے متعدد ذاتی اجتماعی یا پھر سرکاری غیر سرکاری طور سے رُکے ہوئے کام انجام پائیں گے۔ستارہ مشتری طالع کے حاکم کا بارہ سال بعد طالع میں آنا ایک نہایت ہی اچھا شگون ہے۔مشتری طالع کے علاوہ 7,5 اور 9 ویں گھروں کے سعد منسوبات کو اُجاگر کرے گا۔آپ کی حیثیت و شخصیت میں اضافہ صحت و تندرستی دوسرے آپ کی شخصیت کی سحر انگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں۔2019ء مضبوط قوت فیصلہ سے آپ اپنی ذات سے ہٹ کر اجتماعی تعمیر و ترقی کے کاموں میں مصروف عمل رہتے ہوئے دوسروں کو فائدہ پہنچائیں گے۔آپکا تعلق اگر سیاست یا سماجی کاموں سے ہوا تو پھر آپ کی عزت و شہرت میں بھی مزید اضافہ ہو سکے گا۔صاحب اولاد اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت اور انکی شادی یا بزنس پر خصوصی توجہ دیں گے۔جواں سال قوسی افراد کی زندگی میں کوئی محبت کا جونکا آیا تو جلد ہی اس کی منتہیٰ شادی خانہ آبادی یا منگنی پر ہو سکے گی۔شادی کے خواہاں قوسی لڑکے لڑکیاں جو بڑی عمر کو بھی پہنچ چکے ہیں ان کیلئے خوشخبری ہے کہ 2019ء انکی نصیب کشائی شادی کے لئے نہایت اہم سال ہے۔عقد ثانی کرنے والوں کی آرزو بھی پوری ہو سکے گی۔قانونی مسائل اور پریشانیوں میں الجھے ہوئے قوسی افراد بھی راحت پائیں انکے تصفیہ طلب امور حسبِ منشاء حل ہو سکیں خواہاں بیرون ملک اعلیٰ تعلیم کیلئے طلبہ فل یا ہاف سکالرشپ حاصل کرنے میں کامیاب ہو سکیں گے آپکی حج و عمرہ زیارات مقدسہ کی دیرینہ خواہش یقینی پوری ہو سکے گی۔بشرط آپ سہولت سے اپنے صالح ارادے پر قائم ہوں۔2 دسمبر کے بعد ستارہ مشتری بارہ سال بعد ایک سال کے لئے خانہ مال میں چلا جائے گا ذرائع آمدن میں اضافہ کیلئے آپ جو کوشش کریں گے ان کے ثمرات آپکو 2020ء میں بہ آسانی مل سکیں گے۔ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت (اُلٹا) میں ہونے سے جلد بازی یا جذباتی فیصلوں سے اعتراض کریں۔2019ء میں آپ کو بزرگوں مخلصین کی بہترین مشاورت بھی مل سے گی۔اہم فیصلے ان سے مشاورت کر کے کرنے میں یقیناً آپ اور آپ کی فیملی احباب کے لئے نفع بخش وسائل ملیں گے۔2019ء وسائل یکجا کرنے عملی اقدامات سے اس سال اور آنے والے سالوں میں یقیناً غیر متوقع ثمرات و فوائد پائیں گے۔

آپ کی شخصیت :۔آپ کا حاکم ستارہ مشتری بارہ سال بعد 2019ء میں یوں تو سارا سال طالع میں ہی رہے گا۔یہ سال آپ کیلئے زبردست خوش بختیاں لئے ہوئے طلوع ہو رہا ہے۔آپ کی طبیعت میں مخیرانہ پن کی بدولت آپ اپنی ذات سے ہٹ کر اجتماعی طور

سے سبھی کو ساتھ لیکر چلنے کی نیک کوشش کریں گے آپ کی طبیعت میں مودبانہ پن نیک نیکتی کے سبب آپ کو بے پناہ احباب بزرگوں کی دعائیں بھی ملیں گی۔عزت شہرت میں اضافہ سے دوسرے آپکی شخصیت کی سحر انگیزی سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔مشتری عطارد سعد نظرات 4,3 فروری، 3,2 مئی، 21 اگست، 25,24 ستمبران ایام میں آپ کو متعدد کامیابیاں ملیں پینڈنگ کاموں کی تکمیل بھی بہ آسانی ہو سکے گی۔مشتری عطارد نحس نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 30 مئی، 8 جون، 7,6,5 ستمبر بنے سے اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں۔جلد بازی میں کوئی ایسا فیصلہ نہ کریں جس سے آپ کی عزت پر کوئی حرف آسکے۔دوسروں پر تنقید وتبصرہ سے بھی اعتراض برتیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔خوش قسمتی سے خانہ مال کا حاکم ستارہ زحل گزشتہ سال سے یہاں چلا آرہا ہے 27 سال بعد آپ کے خانہ مال میں اور 2019ء سارا سال یہاں رہے گا۔ذرائع آمدن اور معاشی امور کی انجام دہی کی صلاحیتوں کو اُجاگر کرے تاہم ایک اور اہم ستارہ کیتو بھی اتفاق سے اس گھر میں 7 جنوری کو آکر سارا سال رہے گا۔زحل اور کیتو کا قران خانہ مال میں 19 اپریل، 2 جون پھر 4 تا 17 جولائی اور 16 ستمبر تا 7 اکتوبر تک رہے گا۔زحل کیتو کا قران خانہ مال میں ہونے سے خاندانی اور مالی صدمات پیش آسکتے ہیں۔آپ کو نقصان عظیم ساری زندگی کی جمع کسی فراڈ دھوکہ دہی سے جاسکتی ہے۔یا چوری چکاری کے صدمات کا اندیشہ اپنے مالی معاملات کا تحفظ آپ کے لئے 2019ء میں اولین ہوگا۔حسب توفیق صدقہ وخیرات دینا بھی رد بلا ثابت ہوگا۔بلا ناغہ 313 مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھیں اور ہر تسبیح میں وقفہ کر کے دعائیں کرنا معمول بنالیں اس روحانی تدارک کی بدولت آپ کے شعور ادراک میں اضافہ ہو اور آپ کسی بڑی مصیبت سے بچے رہیں۔

عزیز واقارب اوراندرون ملک سفر:۔بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ زحل سارا سال بدستور اپنے گھر سے بارہویں رہے ادھر 7 جنوری کیتو بھی سال بھر کے لئے اس سے آن ملے ان ہر دو کا اب کا یکجا ہونا عزیز و اقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں کی جانب سے نت نئی فرمائشوں کا سلسلہ جاری رہے اور اگر آپ انکی بات ماننے میں تاخیر کریں تو کم ظرف رشتہ داروں کی جانب سے ناراضگی اور سازشوں کا لامتناہی سلسلہ پورا سال آپ کو وقفہ وقفہ سے الجھائے رکھے گا۔کسی نے کیا خوب کہا تھا کہ ''اپنوں کو اپنا بنانا بہت مشکل ہے۔جبکہ غیروں کو اپنا بنانا آسان ہے''۔بہرحال مشتری کی سعد پوزیشن کے سبب آپ کے ناقدین حاسدین آپکا بگاڑ تو کچھ نہیں سکتے مگر آپ کو وقفہ وقفہ سے کچھ نہ کچھ پریشان کر سکتے ہیں۔خصوصاً اپریل، مئی، جون، جولائی، ستمبر، اکتوبر کے چھ ماہ قدرے ذہانت سے گذارنے کی ضرورت ہے۔آپ صبر وتحمل بربادی اور خوبصورت الفاظ بول کر بھی حالات کو ناموافق ہونے سے بچاسکتے ہیں۔ان مہینوں میں حسب توفیق سرخ اور کالی اشیاء کا صدقہ وخیرات کرنا بھی نیک رہے گا۔اور غیر ضروری سفر سے اجتناب برتیں جلد بازی سے ٹریفک حادثات کا اندیشہ رہے گا۔

خاندان، جائیداد، سواری اورزراعت:۔وتدالارض اور طالع کا مشترکہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری بارہ سال بعد طالع میں 2 دسمبر تک رہے گا۔ستارہ مشتری طالع چوتھے کا مشترکہ حاکم شمس زائچہ کے اوتار یعنی طالع میں ہونے کے سبب خاندان میں اضافہ زمین جائیداد کی خرید وفروخت حسب منشاء ہو سکے گی۔زراعت باغبانی کا شوق بھی احسن طریقے سے پورا ہوتا رہے گا۔کاشت کاری، ڈیری فارمنگ، پھولوں اور پھلوں کے درخت لگانے نفع بخش ثابت ہونگے۔حسب حیثیت سواری کا حصول رہائشی تزئین وآرائش باغبانی گھر میں

پھولوں کی سجاوٹ تبدیلی ملک یا شہر کی تبدیلی بھی راس آئے گی۔ گھر کی خیر و برکت کے لئے ہر نوچندی جمعرات قرآن خوانی یا 41 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دعائیں کرنا دم شدہ پانی یا عرق گلاب کا سپرے کرنا نیکی سکون وسکھ میں اضافہ کا باعث بنے مشتری عطارد سعد نظرات 4,3 فروری، 3,2 مئی، 22,21 اگست، 25,24 ستمبر بننے سے غیر متوقع خانگی خاندانی خوشیاں ملیں۔ جبکہ مشتری عطارد نحس نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 30 مئی، 8 جون، 7,6,5 ستمبر بنیں تب دوسروں کو اپنے خانگی خاندانی معاملات میں دخل اندازی کا موقع نہ دیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک اپنے گھر رہتے ہوئے طالع کے حاکم مشتری سے 25,24,23 جنوری اور 27,26,25,24 جولائی بنظر تثلیث بنائے گا۔ آپ پر عزم حوصلہ مندی سے اپنے اور دوسروں کے کام آسکیں گے۔ دوسروں کی خدمت آپ کے لئے صدقہ جاریہ ہوگی ستارہ مریخ 2 جولائی تا 18 اگست اور 19 نومبر تا 31 دسمبر اوج وعروج یافتہ رہتے ہوئے اولاد اور انعام کا سکھ عطا کرے گا۔ جواں سال قوسی افراد جلد بازی میں کوئی عشق اور پھر اچانک شادی کر سکتے ہیں۔ 15 فروری تا 31 مارچ اور 4 اکتوبر تا 19 نومبر احتیاط طلب وقت ہوگا۔ عشق ومحبت جذباتی تعلقات شک وشبہ سے کمزور پڑ سکتے ہیں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے قوسی 16, 18, 21, 22, 23, 25, 27 جنوری، 20, 21, 22 مارچ، 16,14,13,10,9 مئی، 27,25,24 جولائی، 26,24,23,9,8 اگست، 30,29,28 ستمبر، 25,24,23 نومبر، 5,4,3,2 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپ کا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام لکی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال بارہویں نحس گھر اور کمزور پوزیشن میں ہونے سے ابتداء سال میں اپنی صحت جسمانی کا خاص طور سے خیال رکھیں ممکن ہو تو جنوری میں ہی اپنا میڈیکل چیک کروا کے ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق عمل کریں۔ خصوصاً اپنا وزن، بلڈ پریشر، کولیسٹرول، یورک ایسڈ، ذیابیطس، جوڑوں کے درد وغیرہ میں اپنا طرز زندگی بدلنے سے آپ شفاء کاملہ پا سکتے ہیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری سارا سال آپ کے طالع میں رہ کر آپ کو بہترین صحت خوشی شادمانی عطا کرے گا۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل 15 مئی تا 9 جون 28 جولائی تا 21 اگست شرف اوج وعروج یافتہ ہونے سے ملازمتی کیرئیر میں ترقی بڑھاؤ بہتر ملازمتی تبدیلی بیروزگار افراد کو اندرون وبیرون ملک حسب منشاء ملازمت کے مواقع ملیں۔ سعد اکبر ستارہ مشتری کے سبب آپ اپنے علم وفن میں 2019ء میں چاہیں تو یکتا کمال ماہرانہ پیشہ وارانہ معراج کو چھو سکتے ہیں۔ ماتحت افراد کا تعاون افسران بالا با اثر افراد کے تعاون کے سبب خیر وبرکت عزت کا تسلسل وقفہ وقفہ سے سارا سال جاری رہے گا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔ ابتداء سال میں بیت الزوج کا حاکم ستارہ عطارد طالع میں مشتری کے ہمراہ ہونے سے اور سارا سال سعد اکبر ستارہ مشتری کی ساتویں گھر سعد نظر کی بدولت آپ کے شراکتی کاروباری تعلقات میں اضافہ ہو سکے گا۔ ناراض زوجین کے مابین صلح وصفائی اور شادی ہونے میں بڑی سے بڑی رکاوٹ بندش جادو ٹونہ سب نحوستیں دور ہو جائیں گی۔ کسی مرشد کامل یا بزرگوں مخلصین کے تعاون دعا سے شادی کی عمر کو پہنچنے والے خواہ بڑی عمر کے قوسی سبھی لڑکے لڑکیوں کی شادی خانہ آبادی ہو

سکے گی۔ عطارد مشتری سعد نظرات 4,3 فروری، 3,2 مئی، 22,21 اگست اور 25,24 ستمبر بننے سے ان ایام میں غیر متوقع خوشیاں نصیب ہوسکیں گی۔ جبکہ نحس نظرات 23,22 فروری، 17,16,15 مارچ، 13,12,11 اپریل، 30 مئی، 8 جون، 7,6,5 ستمبر کی تواریخ نہایت احتیاط طلب ہیں تب اپنے حاسدین سے محتاط رہیں دوسروں کو اپنی نجی خانگی ازدواجی زندگی میں مداخلت کا موقعہ نہ دیں۔ تب حسب توفیق صدقہ وخیرات دینا بھی نیک رہے گا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ شمسی زائچہ کے گھر بیت الخوف کو سارا سال دوسرے بیٹھا ستارہ زحل مکمل ناظر رہے اور ادھر 7 جنوری ستارہ راہو بھی سال بھر کے لئے یہاں آجائے گا۔ ہر دو ستارے اس گھر کے منسوبات میں ہلچل پیدا کرادیں گے۔ حصول وراثت کے لئے آپ اپنے جس جائز حق کے لئے کوشاں ہیں یا چلے آرہے ہیں یہ تصفیہ طلب معاملات کو مزید پیچیدہ بنا سکتا ہے۔ اپنے موقف پر قائم رہتے ہوئے دانشمندی حکمت عملی اور بھرپور قانونی مشاورت سے کام لیں۔ 2019ء زحل کیتو دوسرے گھر قران کرتے ہوئے (اپریل، مئی، جون، جولائی، ستمبر، اکتوبر) ان چھ ماہ میں وراثتی امور خصوصاً کسی بڑے انشورنس کلیم کے حصول کیلئے بھی آپ کو سخت محنت کرنی پڑے گی۔ نیز 2019ء میں شراکتی کاموں سے اجتناب برتیں اشد ضروری ہو تو ہر چیز تحریر میں لائیں ورنہ بعدازں کسی پریشانی کا اندیشہ بعیداز قیاس نہ ہوگا۔ ڈپریشن محسوس کریں تو ڈاکٹری علاج کے ساتھ ساتھ اپنا روحانی علاج بھی ضرور کروائیں۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔ بیت السفر کا حاکم ستارہ شمس یوں تو سال میں عموماً ہر سال 21 مارچ تا 20 اپریل 21 مئی تا 23 اگست اوج وعروج یافتہ ہونے سے آپکا نصیب سنوار دے گا۔ خصوصاً آپکا ذاتی ستارہ سعد اکبر ستارہ مشتری 2 دسمبر تک اپنی سعد کرنوں کے سبب نویں گھر کو ناظر رہے گا۔ اس دوران آپ اپنے مستقبل کو درخشاں بنانے کے لئے جو بھی مثبت منصوبہ بندی کریں گے اس کے ثمرات پائیں گے۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو۔ آپ اپنے مثبت ارادوں میں کامیاب ہوسکیں گے آپ کا نصیب یاوری کرجائے گا خواہاں طلبہ اعلیٰ تعلیم کی غرض سے بیرون ملک بہ آسانی جاسکیں گے۔ عین ممکن ہے کہ انہیں کوئی اچھا سا سکالرشپ بھی مل جائے۔ بیرون ملک سیاحتی مطالعاتی سفر کے علاوہ حج و زیارات عمرہ کے لئے بھی خواہاں قوی افراد کو سفر پیش آئیں گے۔ قانونی مسائل وپریشانیاں بھی ممکنہ حل ہوسکیں بزرگوں ماہرین قانون کی بھرپور مشاورت رہے گی۔ مشتری شمس سعد نظرات 9,8,7 فروری، 15,14,13 اپریل، 8,7,6 اگست، 15,14,13,12 اکتوبر بننے سے مجموعی طور سے سبھی اہم کاموں کی انجام دہی کے لئے یہ نیک ایام ہیں۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔ وتد السماء کیرئیر کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال سعد اکبر ستارہ مشتری کے ساتھ طالع میں رہتے ہوئے اس سال بھی راج یوگ کی خوش بختی عطا کررہا ہے۔ شمسی ساڑھ ستی کے باوجود خصوصاً اوتار کے مالکان عطارد مشتری کا اکٹھا ہونا نیک شگون ہے 2019ء کیرئیر کاروبار کے لئے پھلنے پھولنے کے متعدد مواقع ملیں گے۔ اندرون اور بیرون ملک کاروباری اغراض ومقاصد کے تحت کئے گئے سفر وسیلہ ظفر ثابت ہونگے۔ نئے کاروباری وسائل ملیں گے۔ آپ کی پیشہ وارانہ عزت ساکھ میں اضافہ ہوگا۔ تاہم زحل اور کیتو کی خانہ مال لین دین میں قرانات (اپریل، مئی، جون، جولائی، ستمبر، اکتوبر) کوئی زبانی معاہدہ نہ کریں ورنہ مقابل لوگ اپنی باتوں سے منحرف ہوکر آپ کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ خصوصاً رجعت عطارد 5 تا 2 مارچ اور 8 جولائی تا یکم اگست رہے۔ تحریری یا زبانی معاہدے نہ

کریں۔ جنہیں آپ پورا نہ کر سکیں۔ شمس مشتری سعد نظرات 9,8,7 فروری، 15,14,13 اپریل، 8,7,6 اگست، 15,13,12 اکتوبر بننے سے ان ایام میں کیریئر کو آگے بڑھانے میں با اثر افراد بزرگوں سے مشاورت اور نیک وسائل ملیں گے۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں 12 ویں نحس گھر وبال یافتہ قمر درعقرب کے ہمراہ ہونے سے سال کی ابتداء میں اندیشہ ہے کہ کچھ یار مار (دوست) آپ کو مالی اخلاقی نقصان نہ پہنچائیں۔ ایسے کم ظرف لوگوں سے جن کا آپ کو اندیشہ ہو محتاط رہیں۔ آسانی کونسل پر سعد اکبر ستارہ مشتری طالع میں ہونے کی بدولت قوی امکان ہے کہ حاسد لوگ اپنے بد ارادے کے تحت آپ کو کوئی نقصان نہ پہنچا سکیں گے۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ 15 مئی تا 9 جون اور 14 ستمبر تا یکم نومبر عروج واوج یافتہ رہے۔ ان ایام میں آپ کی دیرینہ خواہشات کی تکمیل بہ آسانی ہو سکے گی۔ حلقہ احباب میں وسعت 2019ء میں کئی پرانے دوست حالات کے سبب آپ کی زندگی سے نکل جائیں گے۔ اور انکی جگہ نئے مخلص دوستوں کی فہرست میں اضافہ ہوگا۔

خفیہ سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد (خفیہ دشمنوں) اور بیت الاولاد کا مشترکہ حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک پانچویں عروج یافتہ ہونے کے سبب امکان غالب ہے کہ بچوں کی نگہداشت تعلیم و تربیت شادی بیاہ پر بھاری اخراجات پیش آئیں ایسے ضروری اخراجات کیلئے ذہنی طور سے تیار رہیں۔ دانشمندی ہوگی کہ اپنی بساط کے اندر ہی اخراجات کریں۔ ممکنہ قرض لینے اور اپنے حاسدین کی نظر بد سے بھی بچیں 2019ء وقفہ وقفہ سے صدقہ خیرات بھی دیتے رہیں۔ چلہ کشی یا کسی روحانی ریاضت اور حصول امیگریشن کیلئے 2 جولائی تا 18 اگست اور 19 نومبر تا 31 دسمبر ستارہ مریخ اوج وعروج یافتہ ہونے سے سہولت آسانیاں عطا کرے گا۔

قوسی مرد وزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ امسال پانچ گرہن ہونگے۔ پہلا سورج گرہن 6 جنوری خانہ مال میں لگنے سے مالی کاروباری لین میں محتاط رہیں خاندان میں کوئی صدمہ پیش آنے کا بھی امکان ہے۔ 21 جنوری نویں چاند گرہن بیرون ملک کاروباری نجی سفر میں رکاوٹ کا اندیشہ غیر ضروری سفر خصوصاً کاروباری سفر سے اجتناب برتیں اشد ضروری ہو تو صدقہ وخیرات دیکر سفر کریں۔ 31 جولائی سورج گرہن آٹھویں لگنے سے مشترکہ مفادات کے کاموں حصول وراثت جیسے سبھی امور احتیاط طلب ہونگے۔ 17 جولائی چاند گرہن پھر خانہ مال میں لگے گا۔ ناگہانی مالی مسائل و پریشانیاں پیش آسکتی ہیں۔ دوسروں کو دیا گیا قرض واپس نہ مل سکے گا۔ 26 دسمبر سورج گرہن ایک مرتبہ خانہ مال میں لگے گا۔ مالی پریشانیاں لین دین میں سخت احتیاط برتیں ورنہ کسی عظیم مالی نقصان کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں ہے۔

سعد تواریخ:۔ 31،26،22،13،8،3 جنوری۔ 27،23،19،10،5 فروری۔ 27،22،18،9،4 مارچ۔ یکم، 19،15،6، 28،23 اپریل۔ 30،25،20،16،12،3 مئی۔ 26،21،17،12،8 جون۔ 23،18،14،9،5 جولائی۔ یکم، 29،20،15،10،5 اگست۔ 29،25،16،11،6،2 ستمبر۔ 31،27،23،14،8،4 اکتوبر۔ 28،24،20،10،5 نومبر۔ 31،26،22،17،8،3 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 24،18،11 جنوری۔ 21،15،7 فروری۔ 20،17،7 مارچ۔ 17،10،3 اپریل۔ یکم، 28،14،6 مئی۔ 10،3، 24 جون۔ یکم، 27،21،7 جولائی۔ 31،28،17،3 اگست۔ 27،21،13 ستمبر۔ 25،15،11 اکتوبر۔ 22،21،8 نومبر۔ 19،13،6 دسمبر

جدی
زحل

CAPRICORN

22 دسمبر تا 20 جنوری

حروف: ز، ژ، گ، س، خ، ج

ZAHOOR KAZMI

حاکم سیارہ: زحل
نشان: پہاڑی بکرا
ذاتی عقیدہ: میں کرتا ہوں (I Do)
عنصر: مٹی (Earth)
خاصہ: معتغیر (منقلب)
نفسیاتی ٹائپ: مادّی ادارکی
منسوب رنگ: سیاہ نیوی بلیو
منسوب پتھر: نیلم
اعضائے جسمانی: گھٹنا اور ہڈیاں
منسوب پھول: من سکھ
منسوب درخت: صنوبر، بید کا درخت
منسوب غذا: گوشت
بائیو کیمک سالٹ: کلکیر یافاس

حالات وواقعات کی روشنی میں منفی اور مؤنث برج

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نور روحانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ "رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ" 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء آپکا حاکم ستارہ زحل بدستور طالع میں سارا سال بنے ہوئے شمسی ساڑھ ستی کے اثرات قائم رکھے اس سال اہم کاموں کی تکمیل میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ کئی بنتے بنتے کام اچانک بگڑ سکتے ہیں۔ ساڑھ ستی زندگی کا ایک ایسا 7,1/2 سالہ دور ہوتا ہے جب یہ محسوس ہونے لگتا ہے کہ شائد کسی حاسد یا دشمن نے ہمارے کاموں میں بندش یا جادو ٹونہ نہ کر دیا ہو۔ بعض اوقات دوسروں سے وابستہ اُمیدوں میں تاخیر یا ناکامی خرابی صحت قرض مرض الغرض ایسے خواہ مخواہ کے نحس اسباب بننے لگتے ہیں۔ جس سے دل و دماغ عارضی طور سے پریشان ہوجاتا ہے۔ جیسے ہر عروج کو زوال اس طرح ستاروں کی نحوست بعض اوقات انسان کو دانہ دانہ کا محتاج بھی کر دیتی ہے۔ ہماری دعا ہے کہ آپ کے ساتھ کبھی ایسا نہ ہو۔ قصص الانبیاء کے قرآن پاک میں قصہ کہانی دراصل ہمارے لئے سبق و نصیحت ہیں سورہ یوسف میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ بادشاہ مصر نے خواب دیکھا کہ دریائے نیل سے سات کمزور گائے نکل کر ہٹی کٹی گائے کو کھا جاتی ہیں۔ حضرت یوسفؑ نے اس کی تعبیر سات سال خوشحالی اور پھر سات سال قحط سالی کے بتائے۔ یہ ساڑھ ستی۔ خواب کی تعبیر بادشاہ مصر اور روحانی تدارک سمجھنے کیلئے مفید مثال ہے۔ ایام ساڑھ ستی میں (دوست دشمن تجربات سے آشنا کرائے گا)

آپ کی شخصیت:۔ آپکے طالع کا حاکم ستارہ زحل 27 سال بعد اس سال بھی بدستور سارا سال یہاں رہتے ہوئے آپ کو اعلیٰ فنی قابلیت عطا کرے گا۔ آپ کا تعلق زندگی کے کسی بھی شعبہ سے کیوں نہ ہو۔ دوسرے آپ کی شخصیت قابلیت سے متاثر ہوئے بغیر نہ رہ سکیں گے۔ مستقل مزاجی بردباری آپکی شخصیت کا خاصہ بن جائیگی خود اعتمادی سے آپ 2019ء میں بعض ایسے کارہائے نمایاں انجام دے سکیں گے جن کا پہلے آپ کو گمان بھی نہ ہوگا۔ ستارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت میں ہونے کے سبب جلد بازی جذباتی پن غیر ذمہ داری کا مظاہرہ نہ کریں نیز ایک اور اہم ستارہ کیتو بھی 7 جنوری تا 31 دسمبر یہاں رہے گا۔ (اپریل، مئی، جون، جولائی، ستمبر، اکتوبر) تقریباً چھ ماہ یہ آپ کے حاکم زحل کے قریب نویں حالت قران میں رہے گا۔ آپ سے جذباتی غلطیاں غلط فیصلے دوسروں سے خواہ مخواہ لڑائی جھگڑے سے گریز کریں۔ ان مہینوں میں صدقہ و خیرات جی کھول کر دیں۔ سفید کپڑے کا صدقہ کسی فلاحی ادارے کو دینا بہترین صدقہ ہوگا۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ 2019ء طالع اور خانہ مال کا مشترکہ حاکم ستارہ زحل 22 مارچ 2020ء اور پھر رجعت استقامت کے سبب 17 دسمبر 2020ء کو 27 سال کے بعد خانہ مال میں ڈھائی سال کے لئے آجائے گا۔ ان دونوں یہ خانہ مال سے بارہویں طالع میں مقیم رہتے ہوئے آپ کو کئی غیر محفوظ مالی معاشی پروگراموں کی طرف اُبھارے گا۔ خصوصاً زحل کو رجعت 30 اپریل تا 19 ستمبر رہے گی۔ یہ عرصہ سخت معاشی بے چینی کا ہوسکتا ہے۔ آپ تخمین بازی یا کسی غلط جگہ سرمایہ کاری کر کے نقصان عظیم اُٹھا سکتے ہیں۔ نئی سرمایہ کاری کیلئے سعد وقت

2020ء تک کا انتظار کریں۔ لین دین میں احتیاط برتیں ورنہ بلا وجہ روزمرہ اخراجات یا یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی میں غفلت کے سبب مالی نقصانات ہو سکتے ہیں۔ کاروباری لین دین میں بھی محتاط رہیں بلا ناغہ یا بروز پیر چاول کا ٹوٹا حسب توفیق صدقہ خیرات دینے سے ممکنہ نحوستوں سے بچا جا سکتا ہے۔ 2019ء میں زحل زہرہ سعد نظرات 19,18,17 فروری، 13,12,11 اپریل، 31 مئی، یکم جون، یکم، 2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، کے ایام ذرائع آمدن میں اضافہ خیر و برکت کے دیگر کام کرنے کیلئے نیک ہیں۔ جبکہ نحس نظرات 8,7,6 مئی، 17,16 جولائی، 26,25 ستمبر بنیں گی۔ تب لین دین میں محتاط رہیں۔

عزیز و اقارب و اندرونِ ملک سفر: ۔ بیت الاقرباء کا حاکم ستارہ مشتری 2 دسمبر تک بارہویں نحس گھر میں رہنے سے آپ کو اپنے عزیز و اقارب بہن بھائیوں پڑوسیوں کی اضافی خدمات سے واسطہ پڑے گا۔ انہیں وقت کے ساتھ ان کی مالی اخلاقی مدد کیلئے بھی تیار رہیں۔ اگر وسائل ہوں تو انکی مدد سے گریز نہ کریں اور اگر وسائل نہ بھی ہوں تو انکی دل جوئی عبادت سمجھ کر بجا لائیں۔ ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست رجعت (اُلٹا) میں ہونے سے یہ ایام کچھ زیادہ ذمہ دارانہ دکھائی دیتے ہیں۔ اس دوران غیر ضروری سفر میں بھی اجتناب برتیں اشد ضروری ہو تو صدقہ و خیرات دیکر سفر کریں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت: ۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک حسن اتفاق سے اپنے ذاتی گھر میں رہے گا زمین جائیداد کی خرید و فروخت کے لئے سال کے یہ ابتداء ایام نہایت سعد ثابت ہونگے۔ آپ کو پراپرٹی ذرا سی کوشش سے سستے داموں بھی مل سکتی ہے۔ زراعت، کاشت کاری، باغبانی، نفع بخش درختوں کی افزائش، شجر کاری، سائنسی اصولوں پر کرنے سے مستقبل کی یہ بہترین سرمایہ کاری ثابت ہوگی۔ سعد اکبر ستارہ مشتری کی سعد نظر اس گھر پر تقریباً سارا سال رہے گی۔ رہائشی تزئین و آرائش تبدیلی گھر شہر یا بیرون ملک تبدیلی کے روشن امکانات جدوی افراد اپنے ہاں اجتماعی مقدس روحانی محافل کروانا پسند کریں گی۔ ستارہ مریخ 2 جولائی تا 18 اگست اور 19 نومبر تا 31 دسمبر اوج و عروج میں رہنے سے اہل خاندان احباب سے بہت ساری محبتیں توقعات پوری ہو سکیں اندرون خانہ مہمانوں کی آمد و رفت اور خاندان کے ناراض احباب کے درمیان آپ صلح و صفائی کروا سکیں گے۔ مشتری خاندانی کاموں میں حصہ لینے سے نفع بخش وسائل ملیں۔ جس طرح ایک بیج کی کاشت سے 70 دانے نکل آتے ہیں۔ نیک ہم خیال قریبی لوگوں کے ساتھ مشترکہ کی گئی خاندانی عزت و ساکھ کیلئے کئے گئے کام پھلیں پھولیں اور صدقہ جاریہ کے طور سے یاد رکھے جائیں۔ 2019ء میں مریخ زحل سعد نظرات 14,13,12 مارچ، 9,8,7 ستمبر، 21,20,19,18,17 دسمبر سبھی ایام اہل خاندان کی خوشیوں کو بڑھانے کیلئے نیک ہیں۔ جبکہ نحس نظرات 22,21,20,19 جنوری، 16,15,14 جون، 29,28,27,26 اکتوبر میں اپنے حاسدین مخالفین سے محتاط رہیں۔

اولاد، انعامات و محبت: ۔ بیت الاولاد کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں وبال یافتہ قمر درعقرب کے ہمراہ ہونے سے سال کا آغاز صاحب اولاد جدوی افراد کے لئے فکر مندی کا دکھائی دیتا ہے۔ ابتداء سال ہی میں کوئی مثبت پلاننگ کی گئی تو آپ کی فکر و پریشانیاں بتدریج دور ہونے لگے گی۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل شرف یافتہ 15 مئی تا 3 جولائی اور 14 ستمبر تا 8 اکتوبر عروج و اوج یافتہ رہنے سے بچوں کی تعلیم و تربیت نگہداشت آپ اور آپ کی فیملی کے معیار کے مطابق ہو سکے گی۔ سٹاک شیئرز کے کاروبار میں اِن ایام میں حصہ لینے سے کچھ نفع مل سکتا ہے۔ عشق و محبت جذباتی لگاؤ میں سنجیدگی اپنائیں اپنے محبوب کو دھوکہ نہ دیں ورنہ طالع میں کیتو کی نظر رسوائی بدنامی لا سکتی ہے۔ محبت ہو تو اسکی منتہیٰ کی فوری کوشش شادی کو ترجیح دیں تاکہ ممکنہ مندرجہ ذیل مہینوں اپریل مئی جون جولائی ستمبر اور اکتوبر سبھی رکاوٹوں سے بچا جا سکے۔ صاحب اولاد افراد اپنے جوان بچوں کے روز و شب سے غافل نہ رہیں۔ انہیں

زمانہ کا شعور بے راہ روی سے بچنے کی نصیحت پیار محبت سے کریں۔ انٹرنیشنل لاٹریوں انعامی اسکیموں میں دلچسپی لینے والے افراد 21,18,17,16 جنوری، 19,18,17 فروری، 16,15,14,13,12 مارچ، 13,12,11 اپریل، 31,16,15,14,13 مئی، یکم جون، یکم 2,3,2، 9,8,7,6,5,4,3,2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، یکم 21,20,19,18,17,16,15,14,13,12,11,10,5,4,3,2 دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔

صحت وامراض، ملازمتی کیرئیر:۔ابتداء سال اس گھر کا حاکم ستارہ عطارد بارہویں نحس گھر مشتری کے ہمراہ ہونے سے بیرون ملک بسلسلہ روزگار کیلئے جانے والے جدوی افراد کے لئے نیک اور اہم سال ہے۔اس سال دوستارے عطارد مشتری بارہویں اور طالع میں زحل کے ہمراہ کیتو ہونے اور انکا قران (اپریل، مئی، جون، جولائی، ستمبر، اکتوبر) میں ہونے سے آپ کی صحت جسمانی متاثر ہونے کے ساتھ ساتھ نظر بد جادو ٹونہ سے بھی واسطہ پڑسکتا ہے۔2019ء میں اپنا ضروری جسمانی میڈیکل چیک کروانے کے ساتھ ساتھ اپنا روحانی علاج بھی کسی مرشد کامل یا پھر بزرگ روحانی سے کروائیں صدقہ وخیرات بھی جی کھول کر دیتے رہیں۔ممکن ہو تو دن میں ہر پانی کے گلاس پر یا پھر کسی ایک گلاس پر سورہ فاتحہ دم کر کے پینا بھی روحانی شفاء یابی کا باعث بنے انسان کی روح پہلے اور جسم بعد میں بیمار ہوتا ہے۔آپ کی روح طاقتور ہوگی تو آپ ہر لحاظ سے کامیاب ہونگے۔50 سال سے بڑی عمر کے افراد کے لئے روزانہ صبح کی سیر یا ہلکی پھلکی ورزش بھی انہیں توانا رکھے گی۔اپنا طرز زندگی اور خوراک بدل کر بھی آپ بہتر لائف سٹائل اپنا سکتے ہیں۔ستارہ عطارد 5 تا 28 مارچ اور 8 جولائی یکم اگست اُلٹا (رجعت) میں ہونے سے ملازمتی فرائض کو ذمہ داری سے انجام دیں ورنہ تنزلی کا اندیشہ رہے گا۔2019ء کے بہترین ایام 21 مئی تا 5 جون 29 اگست تا 14 ستمبر اور 3 تا 9 اکتوبر ہیں۔اپنے کیریئر میں تبدیلی بہتری عزت کے لئے یہ سبھی ایام مجموعی طور سے بہتر ہیں۔بیروزگار افراد کو روزگار کے ان دنوں بہترین متعدد مواقع ملیں۔یوں بھی سعد اکبر ستارہ مشتری بھی سارا سال اس گھر کو سعد ناظر رہنے سے کیریئر میں عزت ترقی دینے کے ساتھ ساتھ بااثر احباب افسران بالا کا تعاون رہے گا۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی:۔یوں تو ساتویں کا مالک ستارہ قمر آپکو ہر ماہ ہی شراکتی ازدواجی خوشیاں عطا کرتا ہے لیکن یہ خوشیاں نظر بد یا ستاروں کی نحوست کے سبب ماند بھی پڑسکتی ہیں 2019ء اس لحاظ سے ایک غیر معمولی سال معلوم ہوتا ہے۔ایک اہم ستارہ راس یہاں سارا سال مقابل کیتو اور زحل رہیں گے۔آپ کی ازدواجی خانگی خوشیاں نظر بد دوسروں کی سازشوں سے ماند پڑسکتی ہیں۔زوجین میں بدمزگی چڑ چڑا پن خواہ مخواہ کے لڑائی جھگڑے ہونے اور بات علیحدگی خلع یا طلاق جیسی بدصورت بھی بن سکتی ہے۔مشترکہ شراکتی کاروبارا مور بھی غلط فہمی کا شکار ہو کر رشتہ اعتماد ٹوٹ سکتا ہے۔روزمرہ زندگی کے لئے اتنے ہی خطرات خدشات ہی کافی ہیں۔کیا ہی اچھا ہو آپ ابتداء سال سے ہی مخلص بزرگوں سے مشاورت رکھیں۔ بلاناغہ ٹوٹا چاول سوجی چینی ملا کر دو مٹھیاں بھر کر حشرات الارض کو ڈالنا معمول بنالیں۔کوئی سا کلمہ 313 مرتبہ ورد زبان رکھیں۔ان صدقات وظائف سے قدرت کاملہ آپکو ہر قسم کی نحوستوں سے دور رکھے گی۔جن جدوی افراد کی اس سال شادی خانہ آبادی ہونے جارہی ہے۔وہ تو ضرور کوئی بڑا صدقہ وخیرات کریں اور اپنی شادی خانہ آبادی کی کامیابی کے لئے کسی منجم سے نکاح کا نیک وقت ضرور نکلوالیں تاکہ آپکا ازدواجی بندھن مضبوط رہے۔2019ء میں ستارہ قمر آپ کو ان ایام میں سعادت دے گا۔20,19,16,15,14 جنوری، 17,16,15,13,12,11 فروری، 16,15,13,12,11 مارچ، 12,11,8,7,6 اپریل، 31,10,9,8,5,4 مئی، 29,28,27,6,5,4 جون، 30,29,24,23,22,3,2 جولائی، 27,26,22,21 اگست، 24,23,22,18,17 ستمبر، 20,19,18,17 اکتوبر،

17,16,15,12,11 نومبر، 15,14,13,9,8 دسمبر اپنے اہم کام ان دنوں انجام دیں تاہم ستاروں کی بدنظر سے تحفظ کے لئے صدقہ و خیرات بھی ان دنوں کرنا مزید تقویت نیکی کا باعث بنے گا۔

وراثت، انشورنس، کلیم:۔ستارہ شمس ابتداء سال زحل کیتو کے ہمراہ طالع میں ہونے سے 2019ء وراثتی حوالوں سے اہم دکھائی دیتا ہے۔شمسی ساڑھ ستی کا زور ابتداء سال سے ہی محسوس کرنے لگیں گے۔راہو بھی ساتویں رہتے ہوئے مشترکہ مفادات کے کاموں میں شکوک وشبہات بے چینی چڑ چڑا پن محسوس کریں تو پانی کا استعمال زیادہ کردیں۔تاکہ آپ کا دل دماغ ٹھنڈا رہے ورنہ خواہ مخواہ دوسروں سے سارا سال مشترکہ کاروباری لین دین اور وراثتی جھگڑوں میں گذر جائے گا تاہم سال کے سعد ایام 21 مارچ تا20 اپریل 21 جون تا23 اگست ان دنوں اپنی وراثت مشترکہ لین دین کسی انشورنس کلیم کی وصولی کے سلسلے میں کی گئی کوششیں بار آور ثابت ہونگی۔

مستقبل کی منصوبہ بندی، بیرون ملک سفر، قانونی مشاورت واعلیٰ تعلیم:۔نویں گھر کا حاکم عطارد ہمراہ مشتری سال کی ابتداء میں بارہویں ہونے سے ایک اچھا شگون یا یوگ بنا ہوا ہے۔جو بہن بھائی بیرون ملک حصول روزگار کاروباری یا پھر حصول امیگریشن کے لئے جانا چاہتے ہیں 4 دسمبر تک سعادت مشتری کے سبب ان کے لئے اپنے ضروری کاغذات کی تکمیل کے بعد بیرون ملک قیام کے نیک وسائل بتدریج بننے لگیں گے۔روحانی ریاضت چلّہ کشی کسی اسم اعظم کی سوا سوا لاکھ کی زکات ادا کرنا اور اپنی روحانی قوت روح کو باقوی کرنا کسی مرشد کامل یا پھر کسی بزرگ روحانی کی اجازت دعاؤں سے یقیناً فیض یاب ہوسکیں گے۔حج وعمرہ زیارات مقدسہ پر جانے کی نیک آرزو برآئے گی۔آپ ارادہ کریں مالی اسباب ووسائل خود بن جائیں گے۔2019ء قانونی مسائل و پریشانیوں کا سال معلوم ہوتا ہے۔آپ نے ابتداء سال میں اپنے قانونی ماہر مخلص سے مشاورت نہ کی تو خواہ مخواہ کی الجھاؤ پریشانیاں بڑھ سکتی ہیں۔ 2019ء کی عطارد زحل سعد نظرات 14,13 جنوری، 20,19 فروری، 22,21,20 مارچ، 8,7,6 اپریل، 17,16 مئی، 6,5 ستمبر، 15,14,13 اکتوبر، 30,29,14,13 نومبر، یکم دسمبر بننے سے اس دوران کی گئی کاوشیں حل المشکلات کے لئے نیک اور رنگ لائیں گی۔جبکہ عطارد زحل نحس نظرات 2 مارچ، 30 اپریل، یکم ,2 مئی، 16 جون، 23,22 ستمبر کے ایام نہایت احتیاط طلب خصوصاً ان ایام میں رد بلا کے لئے حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیں۔بہترین صدقہ 12 سال تک کے غریب طلبہ کی مدد کرنا ہے۔

کیرئیر، کاروبار، عزت ووقار:۔دسویں کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں وبال یافتہ ہمراہ قمر درعقرب ہونے سے اور طالع میں شمسی ساڑھ ستی زحل کے ہمراہ شمس کیتو ہونے سے کیرئیر کاروبار کے حوالہ سے 2019ء ایک آزمائش اور مشکل سال معلوم ہوتا ہے۔ادھر اخراجات نقصانات، خفیہ دشمنوں کا حاکم ستارہ مشتری بھی 4 دسمبر تک بارہویں قوی ہونے سے مشکلات میں کسی غفلت کے سبب کاروباری مالی عزت کی پریشانیاں بڑھ سکتی ہیں۔کاروبار میں ادھار دینے سے گریز کریں خدشہ ہے کہ دیئے گئے مال کے پیسے نہ مل سکیں اتنا ہی بھروسہ کریں جتنا آپ نقصان برداشت کرنے کی سکت رکھتے ہیں۔اپنے کاروباری معاہدے اور ایسے چیک دستخط نہ کریں جو چیک کسی وجہ سے کیش نہ ہونے کے سبب آپکو قانونی چارہ جوئی کا سامنا کرنا پڑے بااثر لوگ بھی عدم تعاون سے پیش آئیں۔ایسے مخلص جو آپ کی مدد کرنا چاہیں وہ بھی کسی سبب تاخیر کا شکار ہوتی رہے۔الغرض 2019ء ایسے حالات میں پھونک پھونک کر قدم رکھیں۔صدقہ وخیرات دیں نیز ادارہ سے اپنے ذاتی نام کا اسم اعظم معلوم کرکے اس کا ورد بلاناغہ کرنا معمول بنالیں۔جو جدوی افراد روحانیت میں دلچسپی رکھتے ہیں۔وہ قدرے کم رنجیدہ ہوں۔آزمائش طلب سال میں کچھ سعد ایام بھی نوٹ فرمالیں۔زہرہ زحل سعد نظرات 19,18,17 فروری، 13,12,11 اپریل، 31 مئی، یکم جون، یکم ,2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، 12,11,10 دسمبر بننے سے ان ایام میں کئے گئے کام اُمید ہے کہ آپ اور بزرگوں کی دعاؤں

سے پھلے پھولیں گے۔ 2019ء کے نحس ایام 8,7,6 مئی، 17,16 جولائی، 26,25 ستمبر نہایت احتیاط طلب تواریخ ہیں۔ پورا سال وقفہ وقفہ سے حسب توفیق صدقہ وخیرات ضرور دیتے رہیں۔ تاکہ ممکنہ بلاؤں پریشانیوں سے بچیں رہیں۔

دوست احباب، خواهشات، کاروباری فوائد:۔ بیت الامید کا حاکم ستارہ مریخ 14 فروری تک چوتھے عروج یافتہ ہو 10,7,4 اور 11 ویں گھروں کے منسوبات کو اُبھارے گا۔ 2019ء آپ کے حلقہ احباب دوستوں کے لئے نہایت اہم سال ہے۔ کئی پرانے اور مطلبی دوست زندگی سے نکل جائیں گے اور انکی جگہ نئے دوستوں سے آشنائی ممکن ہوسکے گی۔ قابل بھروسہ دوست کا انتخاب آپکی دانشمندی پر ہے۔ تعلقات میں اُتار چڑھاؤ سے مت گھبرائیں۔ طالع میں زحل کے سبب سماجی سیاسی لوگوں یا اپنے سے بڑی عمر کے دوستوں سے زیادہ فائدہ نیک مشاورت حوصلہ ہمت مل سکتی ہے۔ ستارہ مریخ یکم جنوری تا 14 فروری 2 جولائی تا 18 اگست اور 19 نومبر تا 31 دسمبر عجیب وغریب غیر متوقع طریقے سے نفع دے آپ کی دیرینہ معصوم خواہشات بڑی نہ سہی البتہ چھوٹی چھوٹی کئی ایک پوری ہوسکیں گی۔ مریخ زحل سعد نظرات 16,15,14,13,12 مارچ، 21,20,19,18,17,10,9 دسمبر میں اپنے یا اجتماعی طریقے سے دوستوں کے لئے نیک وسائل تلاش کرنا نیکی کا باعث بنے۔ نحس تواریخ 23,22,21,20,19 جنوری، 31,30 مارچ، یکم ,2 اپریل، 16,15,14,13 جون، 29,28,27,26,17 اکتوبر ہیں۔ ان ناقص ایام میں سخت احتیاط سے کام لیں۔ حسب توفیق صدقہ خیرات وقفہ وقفہ سے دیتے رہیں۔

خفیه سرگرمیاں، سازش، ماضی کے مسائل اور اخراجات، امیگریشن:۔ بیت الاعداد خفیہ دشمنوں کا ستارہ مشتری 4 دسمبر تک اپنے ہی گھر میں رہنے سے 2019ء میں جائز اخراجات از قسم بچوں کی تعلیم وتربیت ان کی شادی بیاہ بہن بھائیوں عزیز و اقارب یا پھر سماجی سیاسی کاموں پر سارا سال وقفہ وقفہ سے خرچ ہوتے رہیں گے۔ یہ سال چونکہ بلند اخراجات کا سال ہے۔ آپکی خدمت میں ایک حدیث پاک ہدیہ ہے۔ (اللہ کے دیئے گئے مال سے جو کچھ مرضی کھاؤ پیو مگر ان میں اسراف اور تکبر نہ ہو) اگر آپ نے یہ حدیث پاک ذہن میں رکھ کر اخراجات کئے تو غیر ضروری اور فضول خرچوں سے یقیناً بچ سکیں گے۔ شمسی ساڑھ ستی آپ کو بہکا سکتی ہے کہ آپ کسی کا مال لیکر اسے ڈبل کرنے کے چکر میں کسی کے دام فریب میں آسکتے ہیں۔ ایسے مکر باز سازشی لوگوں سے بچیں۔ 4 دسمبر مشتری جب نکل کر طالع میں سال بھر کے لئے آجائے گا تو تب آئندہ سال 2020ء کی پلاننگ بہ آسانی کرسکیں گے۔

جدوی مردوزن پر گرهنوں کے اثرات:۔ اس سال پانچ گرہن لگیں گے۔ 6 جنوری سورج گرہن طالع میں لگنے سے آپ کی حیثیت وشخصیت صحت جسمانی کے متاثر ہونے کا اندیشہ بعید از قیاس نہیں دوسروں کے ساتھ اپنا بھی خیال رکھیں۔ 21 جنوری آٹھویں چاند گرہن لگنے سے شراکتی ازدواجی لین دین میں شکوک وشبہات سے بچیں 3 جولائی ساتویں سورج گرہن سے شریک حیات یا شریک کار پر کیا گیا بھروسہ ٹوٹ سکتا ہے۔ ایسے میں ہرگز جذباتی نہ ہوں۔ 17 جولائی چاند گرہن اور 26 دسمبر سورج گرہن طالع میں لگے یوں 2019ء میں تین گرہن آپ کو ذاتی طور سے متاثر کریں صدقہ وخیرات ٹوٹا چاول باجرہ پانی حسب توفیق پرندوں کو ڈالیں نماز کسوف (سورج گرہن) نماز خسوف (چاند گرہن) اور صدقات کی ادائیگی سے نحوستوں کے دور ہونے کا یقین کیا جاسکتا ہے۔

سعد تواریخ:۔ یکم،5،11،15،24،28 جنوری۔2،7،12،20،25 فروری۔ یکم،7،11،20،24،29 مارچ۔3،8،17،21، 25،30 اپریل۔5،14،18،23،28 مئی۔ یکم،10،14،19،24،29 جون۔7،11،16،21،26 جولائی۔3،7،12،17،22،31 اگست۔4،8،13،18،27 ستمبر۔ یکم،6،11،16،25،29 اکتوبر۔2،7،12،21،25،30 نومبر۔5،10،23،27 دسمبر

نحس تواریخ:۔ 13،20،26 جنوری۔10،16،22 فروری۔9،18،22 مارچ۔5،12،19 اپریل۔3،10،16،30 مئی۔6،12، 26 جون۔2،9،23،30 جولائی۔5،20،30 اگست۔2،16،23،29 ستمبر۔13،20،27 اکتوبر۔10،17،23 نومبر۔7،18،21 دسمبر

آسمانی کونسل پر 2019ء جسکا مفرد نمبر 3 سعد اکبر ستارہ مشتری سے منسوب سال نور روحانیت کے ساتھ کشادگی خیر و برکت اور رزق روزی میں اضافے کا سال بن کر طلوع ہوگا۔ طلوع سال سے آپ ''رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ'' 313 مرتبہ یا کم از کم ایک تسبیح جو قارئین یا جو بہن بھائی اسے پڑھنا معمول بنالیں گے وہ اپنی تمام حل المشکلات کو دور ہوتے اور خیر و برکت کو آتے ہوئے محسوس کریں گے۔

2019ء آپ زندگی کے دوسرے اہم شمسی ساڑھ ستی کے سال میں داخل ہو رہے ہیں۔ یہ مجموعی طور سے احتیاط طلب دور آئندہ 14 فروری 2026ء تک رہے گا۔ قدرت کاملہ نے ہر عروج کا زوال رکھا ہے۔ سبھی افراد کی زندگی میں اُتار چڑھاؤ آتے رہتے ہیں۔ کلام پاک میں اس کی خوبصورت مثال قوم مصر (سورہ یوسف میں حضرت یوسفؑ) کے سات سال خشک سالی اور سات سال قحط سالی کا ذکر ہوا ہے۔ 2019ء طالع کا حاکم ستارہ زحل سارا سال بارہویں رہے گا اور اب تو اس کے 7 جنوری سے کیتو مقابل چھٹے راہو کے آجانے سے امکان غالب ہے کہ آپ اپنے جاری کاموں میں مزید رکاوٹیں محسوس کرنے لگیں کچھ دلوی نظر بد جادو ٹونہ جیسے اثرات اپنے اردگرد غیر محسوس طریقے سے ہوائی اشیاء محسوس کرسکتے ہیں۔ گردش حالات میں خوش بختی کی زبردست سعد کرنیں سعد اکبر ستارہ مشتری کے گیارہویں گھر سارا سال رہتے ہوئے 11,7,5,3 سبھی اچھے گھروں کی سعادت کو اُجاگر کرے۔ اچھے نیک مخلص مشیر دوست عطا کرے گا۔ جو آپ کو پریشانی میں حوصلہ دیں گے۔ جس سے آپ کا ذاتی ہمت حوصلہ بڑھے گا۔ شریک کار یا شریک حیات پر مایوسی بھی چھا سکتی ہے۔ قدرت نے ہر مرض کے پیدا کرنے سے پہلے اس کی شفاء رکھ دی ہے۔ علم نجوم ایک نہایت ہی پیارا لطیف علم ہے جو ہمیں مستقبل کے مسائل پریشانیوں سے آگاہی کے ساتھ ساتھ ان سے تحفظ کے لئے روحانی تدارک بھی عطا کرتا ہے۔ صدقات و خیرات اسم اعظم قرآنی آیات کی افادیت اپنی جگہ مسلم ہیں۔ ہر ذی روح کے گرد قدرت نے ہالہ نور (روح کے رنگ) بنایا ہے۔ جو ہمیں ننگی آنکھ سے دکھائی نہیں دیتا مگر اس کی حقیقت سے کوئی بھی انکار نہیں کرسکتا روح ایک خوشبو کی مانند ہے۔ بوقت پیدائش ستارے اپنے اثرات چھوڑ جاتے ہیں اور ہم ساری زندگی ان کے ردعمل سے گزرتے ہیں۔ بوقت پیدائش چاند جس برج میں ہو اس سے قبل (چاند) اور بعد کا برج جہاں چلت کا ستارہ زحل 2,1/2، 2,1/2، 2,1/2 سال ہر برج میں گردش کرتے ہوئے یوں 7,1/2 سال کا عرصہ نہایت احتیاط طلب ہوتا ہے۔ تب بنتے بنتے کام رکنے لگتے ہیں۔ الغرض ہر کام روزگار میں روپیہ پیسہ کے معاملات میں مشکلات پیش آسکتی ہیں۔ بارش میں جیسے چھتری کام کرتی ہے۔ اسی طرح سورہ رحمٰن میں ذکر کردہ جواہرات یاقوت اور مرجان موتی چاندی میں خواتین سونے میں 5 تا 10 قراٹ الگ الگ یا اکٹھی بنوا کر دو نفل شکرانے تحفظ نحوست ساڑھ ستی کی نیت سے پہن سکتے/سکتی ہیں۔

آپ کی شخصیت: ۔ 2019ء ستارہ زحل کی نشست کے اعتبار سے صبر و تحمل بردباری جوش کی بجائے ہوش سے کام لینے کا سال ہے۔ ہر منگل گوشت یا کلیجی پھیپھڑے کا صدقہ دینے کے ساتھ ساتھ یاقوت اور مرجان کی انگشتری ضرور اپنے ہاتھ میں پہنیں جو بہن بھائی مہنگے پتھر نہیں خرید سکتے وہ ادارہ آئینہ قسمت سے جنتری کے آخری صفحہ پر دیا گیا مفت کوپن برائے نگینہ بھیج کر کلمہ گو پتھر عقیق یمنی تحفۃً منگوا کر بھی پہن کر قدرے تحفظ حالات پا سکتے ہیں ستارہ زحل 30 اپریل تا 18 ستمبر رجعت (اُلٹا) میں ہونے کے سبب یہ ایام اہم کاموں کیلئے نہایت احتیاط طلب ہونگے 2019ء میں خوش بختی کی کرنیں (سعد اکبر ستارہ مشتری جو فطرتی طور سے روحانیات کا ستارہ ہے) جاری رہیں

گی۔ جو دلوی افراد صوم وصلوٰۃ کی پابندی صدقہ وخیرات درود شریف یا کسی اسم اعظم کا ورد بلا ناغہ کرتے رہیں گے وہ قدرے امان و سکون میں رہیں گے بے شک اللہ کے ذکر سے ہی دل آرام پاتے ہیں۔

معاشیات، مالی ذرائع آمدن:۔ دوسرے گیارہویں کا مشتر کہ حاکم سعد اکبر ستارہ مشتری 4 دسمبر تک بارہ سال بعد گیارہویں عروج یافتہ رہتے ہوئے اگرچہ نیک مالی وسائل عطا کرے گا۔ وہ دلوی بہن بھائی جو خیر وبرکت مالی وسعت کشادگی کے خواہ ہیں وہ اپنے ہاتھ میں 2019ء میں زرد عقیق یا زرد پکھراج پہن سکتے ہیں۔ اسم اعظم یَا وَھابُ 1100 مرتبہ روزانہ اوّل آخر گیارہ گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھ کر پڑھنا اور دعائیں کرنا معمول بنالیں۔ رزق کشادہ ہوتا رہے گا۔ اگرچہ ساڑھ ستی زحل کے بارہویں ہونے سے کچھ غلط کاروباری مالی لین دین تحریری ایسے معاہدے ہوسکتے ہیں۔ جنکی پاسداری آپ نہ کرسکیں خصوصاً ستارہ مشتری 10 اپریل تا 11 اگست جب رجعت میں ہوگا تب یہ وقت آسان نہ ہوگا۔ مالی معاملات میں پھونک پھونک کر قدم رکھیں۔ مخلص بزرگوں سے مشاورت راہنمائی اور تحفظ کا باعث بنے گی۔

عزیز واقارب واندرونِ ملک سفر:۔ بیت الاقرباء کا حاکم مریخ 14 فروری تک اپنے ہی گھر میں عروج یافتہ رہنے سے ہمت حوصلہ میں اضافہ آپ کے اندر مشکلات کے باوجود اپنے عزیز واقارب بہن بھائیوں کیلئے کارہائے نمایاں انجام دینے کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ ستارہ مشتری بھی 4 دسمبر تک یہاں سعد ناظر رہنے سے آپ کے ہاتھوں صدقہ جاریہ جیسے کئی ایک کام غیر محسوس طریقے سے انجام پائیں۔ ستارہ مریخ 2 جولائی تا 18 اگست اور 19 نومبر تا 31 دسمبر اوج وعروج یافتہ رہنے سے اندرون ملک کاروباری یا عزیز و اقارب سے تجدید مراسم کے لئے کئے گئے سفر نہایت سعد ومبارک ثابت ہونگے۔ سفر کے آغاز سے قبل صدقہ خیرات دیں ستارہ مریخ زحل کی سعد نظرات 14,13,12 مارچ، 10,9,8,7 ستمبر، 21,20,19,18,17 دسمبر بننے سے بہترین کام انجام دے سکیں گے۔ مستقل مزاجی مشاورات سے بعض صدقہ جاریہ کے کام آپکے ہاتھوں انجام پائیں۔ نحس نظرات 23,22,21,20,19 جنوری، 15,14,13 جون، 29,28,27,17 اکتوبر بننے سے اپنے حاسدین کا قریبی لوگوں کی سازشوں کا شکار ہونے سے قبل ان سے بچیں۔ سارا سال وقفہ وقفہ سے صدقہ وخیرات ضرور دیتے رہیں۔

خاندان، جائیداد، سواری اور زراعت:۔ وتد الارض کا حاکم ستارہ زہرہ ابتداء سال میں وبال یافتہ ہمراہ قمر درعقرب اور جاری ساڑھ ستی کا یہ زمانہ سال 2019ء ایک اہم مگر احتیاط طلب سال دکھائی دیتا ہے۔ اندرون خانہ مہمانوں کی آمد ورفت کے سبب اضافی اخراجات ہوسکتے ہیں۔ یاد رہے کہ مہمانوں پر ہونے والے اخراجات کبھی اسراف نہیں ہوتے جاری ساڑھ ستی کے زمانہ میں ممکن ہو تو اپنے ہاں ہر ہفتہ یا ہر مہینے مہمانوں کی دعوت ضرور کریں مہمان جاتے ہوئے روحانی طریقے سے متوقع نحوستوں بلاؤں کو آپ سے دور کرتے ہیں۔ ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل 15 مئی تا 3 جولائی 14 ستمبر تا 8 اکتوبر شرف عروج واوج یافتہ رہے اپنے پینڈنگ خانگی خاندانی کام اس عرصہ میں انجام دیں۔ تب تبدیلی رہائش زمین جائیداد اور سواری کی خرید وفروخت کے لئے بھی یہ عرصہ سازگار رہے گا۔ زہرہ زحل سعد نظرات 19,18,17 فروری، 13,12,11 اپریل، 31 مئی، یکم جون، یکم، 2 ستمبر، 21,20,19 اکتوبر، 11,10 دسمبر بننے سے اہل خاندان کے افراد کے مابین آپ پل کا کام کرتے ہوئے ان کی خوشیوں میں اضافہ کریں گے۔ والدہ صاحبہ یا ان کے رشتہ داروں کی اضافی خدمت ذمہ داریوں سے واسطہ پڑے گا۔ جیسے آپ خوش اسلوبی سے نبھا سکیں گے۔ زہرہ زحل نحس نظرات 8,7,6 مئی، 17,16 جولائی، 26,25 ستمبر تب جذباتی پن غم وغصہ اور دھوکہ دہی سے بچیں۔

اولاد، انعامات ومحبت:۔ آپ کے اس گھر کا حاکم ستارہ عطارد ابتداء سال میں وبال یافتہ تاہم سعد اکبر ستارہ مشتری کے ہمراہ

ہونے 2019ء کی متوقع التواء رکاوٹوں نحوستیں غیر محسوس غیر متوقع طریقے سے دور ہوتی رہیں گی۔ ستارہ عطارد منشی فلک سارا سال بادشاہ فلک کے ہمراہ بارہ منقطقہ بروج میں گردش کرتے ہوئے آپ کو زندگی میں پیار و محبت انعام اولاد کا سکھ عطا کرے گا۔ 2019ء میں آسمانی کونسل ساڑھ ستی کا نقشہ بنا ہوا ہے تاہم ایک بات اچھی ہے کہ سعد اکبر ستارہ مشتری پانچویں گھر کو 4 دسمبر تک مکمل سعد ناظر رہنے سے سعادتوں سے نوازے گا۔ صاحب اولاد اپنے بچوں کی اعلیٰ تعلیم و تربیت انکی شادی بیاہ بزنس کے لئے جو پروگرام بنائیں گے اس پر ممکنہ پورا عمل ہوتا ہوئے دیکھیں گے۔ سنجیدہ اور مخلص محبت کرنے والے ساتھیوں سے تعلق قائم ہو جنس مخالف سے محبت جلد ہی شادی پر منتہی ہو سکتی ہے۔ ستارہ عطارد 5 تا 28 مارچ اور پھر 8 جولائی تا یکم اگست رجعت (اُلٹا) میں رہنے سے اپنے کاموں میں جلد بازی جذباتی پن سے بچیں ورنہ آسان کام قدرے مشکل ہو سکتے ہیں۔ دوسروں کو سہولت دیں تا کہ قدرت آپ کے لئے بھی سہولت فراہم کردے انٹرنیشنل لاٹریوں انعامی اسکیموں میں حصہ لینے والے دوست ان تواریخ 15,14,13 جنوری، 20,19,4,3 فروری، 22,21,20,19 مارچ، 8,7,6 اپریل، 17,16,3,2 مئی، 22,21 اگست، 25,24,6,5 ستمبر، 15,14,13 اکتوبر، 30,29,28,27,14,13 نومبر، یکم دسمبر حصہ لیں تو بعید از قیاس نہیں کہ آپکا کوئی بڑا انعام نکل آئے۔ ان تواریخ میں حصول انعامات میں مزید راہنمائی کیلئے ادارہ کی ہر سال شائع ہونے والی کتاب ''انعام کی نمبرز'' آئینہ قسمت میں 2019ء کا مطالعہ بھی آپکو انعام کے قریب لے جائے۔

صحت و امراض، ملازمتی کیرئیر: ۔ بیت المرض کا حاکم ستارہ قمر سال کی ابتداء میں شفاء کے گھر قمر در عقرب ہمراہ وبال یافتہ زہرہ کے ہونے سے 2019ء صحت کے حوالہ سے ایک اہم سال معلوم ہوتا ہے۔ ابتداء سال سے 40 یا 50 سال کی عمر سے زیادہ تاہم کم عمر دلوی افراد بھی اپنی صحت جسمانی کی ضرورت کو نظر انداز نہ کرتے ہوئے اپنا میڈیکل چیک اپ یا پھر اپنے ڈاکٹر سے مشورہ ضرور کریں۔ ستارہ زحل ہمراہ کیتو تمام سال بارہویں اور چھٹے راہو رہنے سے 2019ء نظر بد لگ جانے سے جادو ٹونہ یا پھر ہوائی اشیاء کے اثرات جیسے خدشات بعید از قیاس نہیں ہے۔ اپنی جسمانی روحانی شفاء یابی کے لئے بزرگوں والدین خصوصاً اپنی والدہ ماجدہ صاحبہ سے مسلسل دعائیں کراتے رہیں۔ آسان روحانی علاج ہدیہ ہے کہ دن بھر 10 سے 12 گلاس پانی پئیں اور ہر پانی کے گلاس پر ایک بار سورہ فاتحہ پڑھ کر دم کریں۔ یا پھر اس کے علاوہ روزانہ 40 مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر دم شدہ پانی سب گھر والے پئیں اور گھر یا اپنی دوکان میں سپرے بھی کریں۔ ادارہ سے لوح محفوظ 150 حرز (دعاؤں) والا نقش بھی تحفۃً منگوا کر اپنے گلے یا دائیں بازو کے ساتھ تحفظ برکت کے لئے باپرہیز باندھ سکتے ہیں۔

تعلقات، شراکتی وازدواجی مراسم، شادی: ۔ بیت الزواج کا حاکم شمس سال کے ابتداء میں بارہویں زحل اور کیتو کے چنگل میں اور چھٹے راہو ہونے سے 2019ء میں شراکتی ازدواجی خانگی معاملات نہایت احتیاط طلب دکھائی دیتے ہیں۔ آپ کے اچھے تعلقات حاسدین کی نظر میں نہ بھائیں گے۔ وہ آپ کے خوشگوار تعلقات میں زہر گھولنے کیلئے آپ پر جادو ٹونہ نظر بد جیسی سازشیں کر سکتے ہیں۔ عام دلوی اور خصوصاً سماجی سیاسی تعلقات کے حامل افراد کو اپنے اردگرد ماحول اور اپنے دوست نما دشمنوں سے محتاط رہنے کی ضرورت سارا سال کسی بھی صورت نظر انداز نہیں کرنا چاہئے تمام گولڈن اشیاء مثلاً گندم یا باجرہ دال چنا وغیرہ شمس کے صدقات ہیں روزانہ حسب توفیق پرندوں کو صدقہ ڈالنا نیک عمل ہوگا۔ شادی کے خواہاں دلوی لڑکے لڑکیوں کے لئے اس سال کے اہم نیک اوقات 21 مارچ تا 20 اپریل 21 جون تا 23 اگست کا عرصہ بہت نیک ہے۔ ان مجموعی ایام کے علاوہ خوشیوں اور آپکے نصیب کا حاکم ستارہ زہرہ 27 مارچ تا 20 اپریل 15 مئی تا 9 جون 14 ستمبر تا 8 اکتوبر کے ایام کو بھی اپنے لئے سعد تصور کر سکتے ہیں۔ ناراض زوجین میں صلح صفائی اور اپنی خانگی ازدواجی تعلقات بڑھانے کے لئے آپس میں تحائف پھولوں کا تبادلہ کرنا باعث مسرت ثابت ہوگا۔

